RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ رجب ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۷ جنوری ۱۸۹۵ عیسوی | جلد

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳۱ دسمبر ۱۸۹۴ع

چونکہ ذات خاص کے متعلق بہت کام ایسے ہین جنکی نگرانی کا تعلق ایک معتبر آدمی کے سپرد ہونا چاہیے - ہم اپنے خیال مین محفوظ اللہ خانکو اس کام کے واسطے موزون پاتے ہین مناسب ہیکہ امورات مفصلہ ذیل اونکی نگرانی مین رہین - اصطبل یعنی فیلخانہ گاڑیخانہ متعلقہ سرکار آبدارخانہ خاص وعکاس خانہ - نیز کاہ اصطبل جو رو بہ پیر سواریان حاضر و آمادہ رہین - محفوظ اللہ خان کے عہدہ کا نام جائنٹ سکرٹری موسوم کیا جاوے -

فہرست مضامین

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل اس و بکا کی درج گزٹ کی جاسے۔

حکم اجلاس کامل - واقع ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن بھجن سنگہ ولد سمی سنگہ حوالدار پلٹن کمپنی یازدہم تعدادی مبلغ ساڑہے تین روپیہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ دسمبر ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن نجابت خان ولد ارادت خان نائیک حوالدار رینیڈ باجہ تعدادی مبلغ ساڑہے تین روپیہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے - مثل بنا بر

اجراے احکام ضابطہ باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ دسمبر ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن عبد المجید خان سپاہی پلٹن کمپنی دوم تعدادی ڈہائی روپیہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے - مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۲۹ دسمبر ۱۸۹۴ء

روبکار اجلاس صاحب اسسٹنٹ ریزیڈنٹ بہادر واقع ۳ر دسمبر سنہ ۱۸۹۴ع

بوصول تحریر انگریزی اجلاسی صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹیکل افسر نمبری ۱۰۹۹ مورخہ ۳ر دسمبر سنہ ۱۸۹۴ع منشی عابد حسین بعہدہ کلرکی دفتر صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹیکل افسر تنخواہ بیس روپیہ ماہوار تاریخ ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ع سے بجاے گیان سروپ کلرک متوفی ۵ر دسمبر سنہ ۱۸۹۴ع مقرر ہوئے —

حکم ہوا کہ

احکام تقرر منشی عابد حسین حسب تصریح صدر جاری ہون —

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۸۹۴ع

دیکھا جاتا ہے کہ یہان کی عدالتون مین جو کاغذات متمسکات و بیعنامجات وغیرہ وجہ ثبوت مین عدالتہاے دیوانی مین داخل ہوتے ہین وہ اصل کاغذات شامل مثل نہین ہوتے بلکہ نقول غیر مصدقہ مثل مین شامل کیے جاتے ہین اصل کاغذ فریق پیش کنندہ کو فورًا بعد ملاحظہ واپس کر دیا جاتا ہے یا یہ کہ اصل کاغذ پیش ہی نہین کیا جاتا صرف نقل پر کارروائی ہوتی ہے یہ طریقہ نامناسب ہے ہمیشہ جو کاغذات بنائے دعویٰ ہون یا ثبوت مین پیش کیے جاوین اصل داخل ہو کر شامل مثل ہونا چاہیے اور تا انقضاے میعاد اپیل اوسکا واپس ہونا نہین چاہیے لہذا —

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی جملہ عدالتہاے دیوانی مین بھیجی جاے کہ حسب صراحت مندرجہ بالا آیندہ کارروائی ہونا چاہیے اور ایک نقل درج گزٹ ہو

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲ر جنوری سنہ ۱۸۹۵ع

دیکھا جاتا ہے کہ عدالتہاے دیوانی مین جب کوئی مقدمہ عدالت اپیل سے بتنسیخ فیصلہ عدالت ماتحت اس واسطے تجویز ثانی کیا جاتا ہے تو عدالتہاے دیوانی مین بعد تحقیقات وغیرہ جب فیصلہ تجویز ثانی تحریر کیا جاتا ہے تو حکم مین یہ عبارت لکھی جاتی ہے (فیصلہ سابق بحال ہے) یہ بالکل بیجا ہے جب فیصلہ سابق جب عدالت اپیل سے منسوخ ہو چکا تو وہ کیسے بحال رہ سکتا ہے بعد حکم اپیل عدالت ماتحت سے جب دوسرا فیصلہ لکھا جاتا ہے تو وہ فیصلہ گویا تجویز جدید ہے فیصلہ سابق کی بحالی و غیر بحالی کی بحث کی کچھ ضرورت نہین ہے —

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی ہدایتاً جملہ عدالتہاے دیوانی مین مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو —

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو - ۲ جنوری ۱۸۹۵ء

روئداد کمیٹی مینوسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء

صاحبزادہ محمد سعادت یار خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ ملازمین

۱ عنایت علیخان عرائض نویس - ۲ لالہ گوری سہائے وصلباقی نویس ۳ محمد وصی الدین محرر صفائی -

شرکاء جلسہ غیر ملازمین

۱ لالہ چنی لال ممبر - ۲ محمد نیاز بہادر خان - ممبر ۳ شیخ ہدایت اللہ ممبر -

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱ - سوار خاص کی آبادی مین جو چاہ پختہ آبنوشی کا متصل مکانات برہمنان وغیرہ کے واقع ہے اوسکا چبچہ بہت خراب ہے اور گرد اوسکے کیچڑ اور پانی جمع رہکر باعث تعفن اور غلاظت کا ہوتا ہے جس سے نقصان آب و ہوا کا متصور ہے اسکا انتظام مناسب ہونا چاہیے -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی برہمنان و دیگر باشندگان محلہ پر تاکید شدید کرے کہ جلد اندر ایک ہفتہ کے چاہ پختہ کا چبچہ صاف و درست کرادین اور آئندہ کو خیال رکھین کہ کبھی گرد پیش چاہ مذکور کے کیچڑ اور پانی غلیظ جمع نہونے پاوے - صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رای کیا -
۲ - بمقام بازار پیٹھہ سوار چبوترہ ہاے قصابان جو واسطے دکانداری گوشت فروشی کے بجانب دکھن واقع ہین وہان پر اکثر استخوان وغیرہ متفرق پریشان پڑی رہتی ہین جس سے صورت غیر صفائی نمایان ہوتی ہے اسکا انتظام کیا جاوے -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی و جمعدار تحصیل قصابان گوشت فروش پر سخت تاکید کردین کہ وہ زیر چبوترہ ہاے دکانات خود با آئندہ بخوبی صفائی رکھین اور کبھی استخوان وغیرہ وہان ڈالکر صورت غلاظت نکرین ورنہ مستوجب سزا کے ہونگے - صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رای کیا
۳ - کاشی پور سوار مین مسمے کریما جولاہہ کی دیوار سر راہ حال مین گر گئی ہے کچھ راستہ تک اوسکی مٹی آپڑی ہے اسبارہ مین کچھ بندوبست ہونا چاہیے -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مسمے کریما جولاہہ کو معرفت محرر صفائی اور درست کے تاکید کیجاوے کہ وہ فوراً اندر دو یوم اپنی دیوار منہدمہ کی مٹی لب راہ سے ہٹا کر علیحدہ کرے ورنہ اوسپر مقدمہ قائم کیا جاویگا - صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رای کیا

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳۱ دسمبر ۱۸۹۴ء لغایت ۶ جنوری ۱۸۹۵ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش – مرد – مسلمان	مرد – ہنود	عورت – مسلمان	عورت – ہنود	میزان	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل فوتی – ۱ سال سے ۵ سال تک – مرد	۱ سال سے ۵ سال تک – عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	۱۳ سال سے زیادہ – مرد	۱۳ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل امراض – ہیضہ	چیچک	اسہال	بخار	میزان	کیفیت
شہر و حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۱۰	۶	۵	۵	۲۶	۱۵	۱۱	۶	۳	۰	۲	۶	۵	۱۲	۱۰	۳	۹	۰	۰	۰	۲۲	۲۲	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۱۰	۶	۵	۵	۲۶	۱۵	۱۱	۶	۳	۰	۲	۶	۵	۱۲	۱۰	۳	۹	۰	۰	۰	۲۲	۲۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳۱ دسمبر ۱۸۹۴ء لغایت ۶ جنوری ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	نقشہ نہیں آیا	۱۳اار	۱۴اار	۱۳۰اار	۱۴اار	۱۳اار	
نخود خالص	۰	۱۵اار	۱۰۰اار	۰	۱۵۰اار	۱۶اار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۹ار	۱۸اار	۱۷۰اار	۲۱اار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۱اار	۱۱۰اار	۹ار	۱۰اار	۱۰اار	
مونگ	۰	۱۲اار	۱۲اار	۰	۰	۱۱اار	
مکا	۰	۰	۱۹اار	۰	۱۹اار	۰	
بجرے	۰	۰	۱۸اار	۰	۲۲ار	۲۰اار	
گو بجرے	۰	۰	۱۸اار	۰	۱۸اار	۱۶اار	
عدس	۰	۰	۱۵اار	۱۶اار	۰	۱۸اار	
ارہر	۰	۰	۱۶اار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۱اار	۱۳ار	۱۰۰اار	۱۲اار	۱۱اار	
روغن زرد	۰	۱ار/اار	۱ار/ار	۱ار/اار	۱ار/ار	۱ار/ار	
روغن سیاہ	۰	۳۰۰ار	۳۰۰ار	۰	۳۰اار	۳۰اار	
روغن کنجد	۰	۰	۳ار	۳ار	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۰	۸ار	۹ار	۸ار	۸ار	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۶ار	۰	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰	۱۴اار	۱۲اار	۰	۱۲اار	۰	

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ رجب ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۴ جنوری سنہ ۱۸۹۵ع — جلد

فہرست مضامین

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۵ جنوری سنہ ۱۸۹۵ع

بدرپیشی عرضی احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل رخصت مزید یکماہ حسب انتظام سابقہ منظور کی گئی۔

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بهادر

رخصت

۷ جنوری سنه ۱۸۹۵ع

بر پیشی یادداشت محمد عطاء اسد خان صاحب جج عدالت خفیفه بر درخواست رخصت تجویز هوا که رخصت مع ابتدا سے ۳ لغایت ۳۱ جنوری سنه ۱۸۹۵ع منظور ہے — ایام رخصت صاحب جج عدالت خفیفه مین مفتی صاحب دیوانی معمولی کام عدالت خفیفه کا اپنے دستخط سے جاری رکهین گے اور معمولی احکام صادر کرین گے — انفصال مقدمات صاحب جج خفیفه بعد واپسی رخصت کرینگے —

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بهادر واقع ۹ جنوری سنه ۱۸۹۵ع

ملاحظه فهرست مقدمات چالانی پولس جو عدالتهاے مجسٹریٹان سے فیصل هوے واضح هوا که بعض مقدمات مین بعض مجسٹریٹان نے ایام حوالات کو سزا مین محسوب کیا هی اور بعض مقدمات مین صرف ایام حوالات کو سزا تصور کرکے ملزم کو چهوڑ دیا ہے یه امر بالکل بیقاعده اور نامناسب ہے که دوران مقدمه مین جسقدر ایام ملزم حوالات مین رہا وه سزا کافی سمجهی جاوے یا سزاے قید مین اوسکو محسوب کیا جاوے مجسٹریٹان سے سمجهی دریافت کیا که بابت کسی قاعده کے کی گئی تو کوئی جواب معقول نهین ملا اور مجسٹریٹان نے کسی قاعده یا قانون کا حواله دیا — مقدمات سرقه مین اکثر مجسٹریٹ قیمت مال مسروقه کی قلیل و خفیف سمجهکر صرف سزاے جرمانه دیتے هین اگرچه یه امر خلاف قانون نهین هی اور دفعه ۳۷۹ تعزیرات هند مین سزا قید یا سزاے جرمانه رکهی گئی ہے مگر اس امر پر غور کرنا چاهیے که جب ملزم کو بعلت سرقه خفیف جرمانه کرکے چهوڑ دیا جاویگا تو اوسکی جرات ارتکاب جرائم کی کیسی بڑهیگی اور رفته رفته وه چوری پیشه هو جاویگا مجسٹریٹان تجویز سزا مین بهت احتیاط کو کام کرین خفیف مالیت سرقه مین سزاے تازیانه بهی هوسکتی هی جسکی تعریف دفعه ۲ ایکٹ نمبر ۶ سنه ۱۸۶۴ع مین هی لهذا عدالتهاے فوجداری کو هدایت کیجاتی ہے که آینده ایام حوالات کی محسوبی سزا مین تجویز نه کیا کرین جو بالکل بیقاعده هی اور بنسبت تجویز سزا مقدمات سرقه مین احتیاط کو کام مین لانا چاہیے —

حکم هوا که

ایک ایک نقل اس روبکار کی جمله عدالتهاے فوجداری مین اور ایک نقل مطبع مین بنا بر اندراج گزٹ مرسل هوا اور ایک نقل اطلاعاً بخدمت صاحب سپرنڈنٹ پولس بهیجی جاوے —

دستخط

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چهپکر شائع هوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۷ لغایت ۱۳ جنوری ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	عورت	میزان — مرد	عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرقات	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۸	۳۱	۵	۲۳	۶۷	۱۳	۵۴	۳	۵	۲	۰	۳	۳	۸	۸	۶	۱۰	۰	۰	۱۶	۰	۱۶	۰
ملک	۹	۳	۹	۳	۲۴	۱۸	۶	۴	۳	۱	۱	۹	۶	۱۴	۱۰	۱۸	۶	۰	۰	۰	۲۴	۲۴	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۱۷	۳۴	۱۴	۲۶	۹۱	۳۱	۶۰	۷	۸	۳	۱	۱۳	۹	۲۲	۱۸	۲۴	۱۶	۰	۰	۱۶	۲۴	۴۰	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۷ لغایت ۱۳ جنوری ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ اار	۱۳ اار	۱۳ اار	۰	۱۳ اار	حضور تحصیل و بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۵ اار	۱۶ اار	۱۶ ار	۰	۱۶ اار	
نخود کستہ آمیز	۰	۱۷ ار	۱۹ ار	۱۸ اار	۰	۱۹ اار	
کسہ	۰	۰	۲۰ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ار	۱۰ اار	۱۰ اار	۰	۱۰ اار	
مونگ	۰	۱۴ اار	۱۲ ۰ ار	۰	۰	۱۱ ار	
مکا	۰	۱۶ اار	۱۷ ار	۱۷ اار	۰	۱۶ ار	
سبجے	۰	۰	۲۲ ار	۰	۰	۰	
کوسجے	۰	۰	۱۶ اار	۰	۰	۰	
عدس	۰	۰	۱۵ اار	۰	۰	۱۸ اار	
ارھر	۰	۰	۱۵ ار	۰	-	۱۸ اار	
برنج	۰	۰	۱۱ ۰ ار	۱۰ ۰ ار	۰	۱۰ اار	
روغن زرد	۰	۱ ۲ ۲ ار	۱ ۲ ار	۱۷ ار	۰	۱ ۲ ار	
روغن سیاه	۰	۲۲ ۰ ار	۳ ۰ ار	۳ ۲ ار	۰	۳ ۰ ار	
روغن کنجد	۰	۳ ار	۳ ار	۰	۰	۳ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاه	۰	۱۲ اار	۱۲ ار	۰	۰	۱۰ اار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ رجب ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۱ جنوری ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۱۴ جنوری ۱۸۹۵ء

احمد اللہ خان پیشکار حضور تحصیل کو رخصت پندرہ یوم بوجہ علالت بعوض نعمت اللہ خان کے دی گئی۔

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجینسی ریاست رامپور

نمبر — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ جنوری ۱۸۹۴ع مطابق ۱۴ رجب ۱۳۱۱ ہجری — جلد ۶

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقعہ ۸ جنوری ۱۸۹۴ع

چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا مورخہ ۱۸ دسمبر ۱۸۹۳ع نمبری ۴۳۱۲۱ بذریعہ چٹھی صاحب چیف سکرٹری بہادر گورنمنٹ مغربی و شمالی موسومہ صاحب ایجنٹ بہادر موصول ہو کر کونسل میں پیش ہوئی کپتان ایچ آے مسٹر ویڈر صاحب بہادر کا تقرر بعہدہ پرسنل اسسٹنٹ پریزیڈنٹ کونسل بجاے کپتان کرافورڈ صاحب بہ تنخواہ آٹھ سو روپیہ ماہواری علاوہ حق چند ہنپشن کونسل منظور کرتی ہے کپتان ایچ آے مسٹر ویڈر صاحب کو ۲۸ دسمبر ۱۸۹۳ع سے تنخواہ دیجاویگی۔

مثل باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام جاری ہون۔ بخشی فوج بھی مطلع ہون اور ایک نقل روئداد بہ اطلاع ہمت مین صاحب پرنسپل اسسٹنٹ بہادر کے اور دوسری برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

۱۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

درخواست منشی صادق حسین مینوسپل انجنیر وگرد او صفائی بذریعہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مشعر عطائے تنخواہ بحساب فی سال ایک ماہ و دست کشی از ملازمت کونسل مین پیش ہوکر تجویز ہوا کہ منشی صادق حسین نے اپنا کام بہت اچھی طرح اور نیک چلنی سے انجام دیا اور اب وہ دست کش ہونا چاہتے ہین لہذا روز علیحدگی خدمت تک اونکو تنخواہ معینہ دیجائے اور چھہ مہینے کی تنخواہ اصلی سوا الاونس کے دیکر رخصت کیا جاوے بجائے اونکے منشی عاشق حسین مقرر ہوں۔ مثل بغرض اجرائے احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشائے تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر
بارس الاونس

۹ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

منشی عبد الرحیم خان انسپکٹر مدارس کا دس روپیہ ماہوار بارس الاونس یکم جنوری سنہ حال سے مقرر کیا جاوے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱۱ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

عرضی محمد لطیف خان لفٹیننٹ پلٹن بشکایت اس امر کے کہ نصیر الدین خان ملازم ۶ نومبر سنہ ۱۸۹۳ء کو کسی مقدمہ مارپیٹ مین مقید حوالات ہوا اور ۱۷ دسمبر سنہ صدر کو بوقت شب حاضر لین آیا اور اوسنے بیان کیا کہ ضمانت پر عدالت سے مین چھوٹا ہون تا فیصلہ مقدمہ عدالت مین حاضر ہون گا بعد کو وہ شہر مین پھرتا رہا لیکن پلٹن مین نہین آیا نہ عدالت سے نہ پولس سے اوسکی بابت کوئی اطلاع مقیدی حوالات یا ضمانت پر رہا ہونے کی آئی اس بابت پیشکار اجلاس کو بتاریخ ۴ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء ہنگام پیشی عرضی مذکور ہدایت کی گئی تھی کہ عدالت سے مثل دیکھکر مفصل حال اوسکے مقدمہ کا بیان کرو اب بیان پیشکار سے واضح ہوا کہ مقدمہ بودنخان مدعی نصیر الدین خان مذکور عدالت فوجداری مین ماخوذ رہا اور بموجب فیصلہ ۲ جنوری سنہ حال عدالت سے بجرم بری ہوا اور بعد فیصلہ عدالت سے اب اوسکی بریت کی اطلاع دفتر جرنیلی مین آ گئی لیکن لفٹیننٹ پلٹن کو زیادہ تر شکایت عام اس بات کی پائی گئی کہ اکثر لوگ فوج و پولس عدالت وغیرہ مین ماخوذ ہوتے ہین اونکی اطلاع نہین ہوتی جو کہ یہ امر بالکل بیقاعدہ ہے اور سابق ہم تاکید کر چکے ہین کہ جب کبھی کوئی ملازم فوج کسی مقدمہ مین صیغہ پولس یا کسی عدالت مین حاضر رکھا جاوے فورًا اوسکی اطلاعی رپورٹ واسطے پیشی اجلاس کے جرنیلی مین آیا کرے اور افسر متعلقہ کو فورًا اطلاع بھیجا کرے لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پوری توجہ نہین ہوتی لہذا بالفعل برائے بندوبست معرفت اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر بنام اجلاس ہائے عدالت مین اطلاع دیجاوے کہ کسی عدالت سے ملازم فوج کی بابت عملدرآمد ماخوذی وغیرہ کسی قسم کی بھی جاری ہو تو اوسکی اطلاع واسطے اطلاع عہدہ دار افسر کے فورًا فوجی دفتر مین بھیجدیا کرین تاکہ پھر کسی افسر فوج کو اس اجلاس مین

اس طرح موقع پولس و عدالت کی شکایت کرنے کا نہ آوے لہذا۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار خدمت مین جوڈیشل ممبر بہادر کی مرسل ہو اصل مثل دفتر مین رہے

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

جملہ حکام عدالت فوجداری آیندہ خیال رکھین اور موافق منشا سے حکم تعمیل کرین ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جاے

۱۶ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء مثبتہ ناصبیہ عرضی شاہ محمد خان ... توپخانہ بحالت بازو جی

آج یہ کاغذات بحاضری نبی الحسن اصل چہرہ دار پیش ہوئے نبی الحسن ... ملاحظہ قابل خدمت توپخانہ کے نہین پایا گیا نامبردہ نے یہ بھی عرض کیا کہ مین اسکول مرادآباد مین انگریزی پڑھتا ہون اور معمولی اردو لکھنے پڑھنے مین بھی مہارت ہے تنخواہ بدستور رہے اور کوئی جگہہ دوسری عطا ہو اور ایک عرضی سایل نے اپنے ہاتھہ کی لکھی ہوئی پیش کی جس سے معلوم ہوا کہ سایل کا خط اچھا ہے اور قابل پرورش تحریر ہے جو کہ بالفعل بنسبت سایل یہ تجویز کیا گیا کہ پچاس روپیہ قیمت چہرہ کی بحبٹ توپخانہ سے مجرا ہو کر سائل کو دیدیئے جاوین اور توپخانہ سے نام خارج کردیا جاوے اور واسطے پرورش آیندہ کے سایل کا نام سب محکمجات مین درج کرلیا جاوے جس جگہہ کوئی اسامی کارتحریر کی سایل کے لایق خالی ہو اوسپر اسکی پرورش ہونا چاہیئے لہذا ایک ایک نقل اس حکم کی باجلاس صاحبان ممبران بہادر وصاحب جوڈیشل ممبر بہادر واسطے درج کرانے نام کے بھیجی جاوے اور نیز ایک نقل اطلاعًا درج گزٹ ہو تاکہ سب جگہہ محکمجات مین نام سایل بلحاظ پرورش آیندہ درج کرلیا جاوے اور احکام اخراج نام و دیئے روپیہ کے بعد درج کتاب آرڈر جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲ جنوری ۱۸۹۴ء

اکثر دیکھا جاتا ہی کہ جو دعوے بلادستاویز دایر ہوتے ہین اونمین بلفظ تخمینہ لکھا جاتا ہے وقوع معاملہ کی تاریخ عرضی دعوے مین درج تخمینہ کیجاتی یہ بات ہمارے نزدیک قابل توجہ ہے جبتک تاریخ وقوع معاملہ درج نہین ہوگی مدعا علیہ اوسکی تردید سے اگر کوئی خاص صورت ہو عاجز رہیگا لہذا

حکم ہوا کہ

صاحب جج بہادر اسطرف توجہ فرماکر اپنی راے سے اطلاع دین۔ فقط

راے صاحب سشن جج بہادر

میری راے مین حکم گشتی جاری ہونا چاہئے بغیر اندراج تاریخ وقوع مخاصمت کوئی عرضی دعوے نہ لیا جائے المرقوم ۶ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

احکام گشتی جاری ہون اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جاے۔ ۱۰ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر رخصت

۱۴ جنوری ۱۸۹۴ء

عرضی تحصیلدار بلاسپور بدرخواست عطاء رخصت مزید پنج یوم از ۱۴ جنوری سنہ حال لغایت ۱۸ ماہ مذکور بوجہ لقاء مرض پیش ہوکر منظور ہوئی۔

حکم اجلاس کامل واقع ۸ رجنوری سنہ ۱۸۹۴ء

آج کونسل مین قواعد مینوپلٹی شہر رامپور مرتبہ صاحب سشن جج بہادر پیش ہوکر بالاتفاق منظور کئے گئے گزٹ مین شائع کیا جاوے۔ مثل باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ایک نقل قواعد مینوپلٹی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے مع نقل حکم کونسل اور پچاس جلد علحدہ طبع ہوجانا چاہئین تاکہ ممبران کمیٹی مینوسپل بورڈ وغیرہ کو تقسیم کیجاوین منصرم مطبع بعد طبع کرانے کے اجلاس مین بھیجدین۔ ۱۱ رجنوری سنہ ۱۸۹۴ء

دستورالعمل مینوسپلٹی

دفعہ ۱۔ ہر مہینے مین دو بار کمیٹی منعقد ہوگی اور ضرورتاً حسب اقتضاے راے میر مجلس و سکرٹری جلسہ غیر معمولی بھی منعقد ہوسکتا ہے اور اسیطرح ضرورتاً ملتوی بھی کیا جاسکتا ہے۔ ایسے جلسون اور التوا کی اطلاع سکرٹری وقت مناسب پر دیا کرینگے۔

دفعہ ۲۔ ان جلسون مین بجز کارہاے متعلقہ مینوسپل بورڈ اور کسی قسم کی بحث نہوگی۔

دفعہ ۳۔ عدم موجودگی میر مجلس مین باتفاق راے حاضرین کوئی ممبر صدر نشین کیا جاسکتا ہے۔

دفعہ ۴۔ تعداد ممبران کی معہ صدر نشین پانچ سے کم نہونا چاہئے اور اس تعداد مین کسی ایسے ممبر کا ہونا ضروری ہے جو طبیب یا ڈاکٹر ہو۔

دفعہ ۵۔ ممبران کمیٹی کے غلبہ آرا پر ہمیشہ فیصلہ ہوگا۔

باب اول احکام خاص

دفعہ ۶۔ گرداور صفائی و سکرٹری مفتی صاحب فوجداری کے ماتحت ہونگے اور بغیر کسی ضروری خاص کام کے معمولی رپورٹین گرداور کی سکرٹری کے پاس اور بذریعہ سکرٹری مفتی صاحب فوجداری کے اجلاس مین آیا کرینگی۔

دفعہ ۷۔ مفتی صاحب فوجداری بھی نگرانی صفائی و تعمیرات مینوسپلٹی باوقات فرصت کیا کرینگے۔

باب دوم اختیارات فرائض سکرٹری و گرداور صفائی

دفعہ ۸۔ سکرٹری بورڈ کے متعلق نگرانی و انتظام حسب ذیل ہوگا۔

(۱) نگرانی صفائی سڑک و راستہ و پانی اور یہ کہ راستہ و سڑک مین کسی قسم کا تصرف بیجا نہونے پاوے۔

(۲) نگرانی چاہات آبنوشی اور یہ کہ اوپر کھڑک ہین یا نہین۔

(۳) نگرانی اون مقامات کی جہان غلاظت ڈالی جاتی ہے۔

(۴) نگرانی بم پولس۔

(۵) نگرانی مسلخ اور یہ کہ گوشت ناقص نہ فروخت ہونے پاوے۔
(۶) نگرانی صحتاج خانہ۔
(۷) نگرانی روشنی لالٹین۔
(۸) نگرانی چھڑکاؤ وصفائی سڑک و بازار۔
(۹) نگرانی معابر و مدفن۔
(۱۰) نگرانی شیرو شیرینی و دیگر اشیا جو بازار مین فروخت ہوتی ہین تاکہ ناقص چیزین نہ فروخت ہون۔
(۱۱) انتظام فقرا جو راہون مین بیٹھکر راہ چلنے والون کو تنگ کرتے ہین۔
(۱۲) انتظام انعقاد کمیٹی و تعمیل احکام۔
(۱۳) تقسیم تنخواہ و ترتیب بر آورد ملازمان مینوسپلٹی۔
(۱۴) تکمیل حسابات مینوسپلٹی۔
(۱۵) نگرانی پرتہ صفائی و چوکیدارہ۔

دفعہ ۹۔ ان سب کامون مین گرداورون سے سکرٹری بورڈ مدد لے سکتے ہین اور گرداوران جملہ کام زیر نگرانی صاحب سکرٹری انجام دینگے۔

دفعہ ۱۰۔ سکرٹری بورڈ بحالت قصور سپاہی اور میٹ اور خاکروب وسقہ وکہاران وغیرہ پر باختیار خود ایک روپیہ تک جرمانہ یا ایک ہفتہ تک معطل اور ایک ہفتہ تک کی رخصت دے سکتے ہین۔

باب سوم تعین ذبح جانوران

دفعہ ۱۱ (الف) سوائے گائے کے اور کوئی مویشی بغیر معاینہ و لگائے جانے داغ کے اندر حدود مینوسپلٹی ذبح نہ کی جائیگی معاینہ و داغ لگانا منجملہ ممبر صاحبان کے ایک ممبر کے ذمہ وقتاً فوقتاً ہوگا۔

دفعہ ۱۱ (ب) گایون کے ذبح کا طریقہ بدستور رہیگا۔

دفعہ ۱۲۔ اگر مویشی مین بچہ نکلے تو وہ رجسٹر کے خانہ کیفیت مین لکھہ جایا کریگا اور محرر کوتوالی جو حلیہ انسان لکھا کرتا ہے حسب نمونہ ایک رجسٹر اپنے پاس رکھے گا۔

تاریخ	مویشی پیش شدہ	جسپر داغ لگایا گیا	جو واپس ہوئی	کیفیت

دفعہ ۱۳۔ دفعہ ۱۱ کے احکام سے وہ مویشی مستثنے سمجھے جائینگے جو تقریبات مین ذبح ہوتی ہین یا کوئی شخص اپنے مکان پر ذبح کراوے

باب چہارم تعلق امور عامہ حفظان صحت وتہذیب

دفعہ ۱۴ جس جانور کا دودھ یا مکھن یا گوشت مستعمل ہوا سکو اشیاء مضر صحت نہ کھلائی جائے۔

دفعہ ۱۵ بجز مذبح مقررہ ومنظورشدہ کے دوسری جگہہ جانور ذبح نہ کئے جاوین۔

(تشریح) اس دفعہ مین وہ جانور مستثنیٰ سمجھے جائنگے جو تقریبوں مین بالضرورت خاص مکانون پر ذبح کرائے جاوین۔

دفعہ ۱۶ بجز مقامات مجوزہ ومقررشدہ کمیٹی کے کوڑہ کرکٹ کسی جگہہ نہ ڈالا جائے۔

دفعہ ۱۷ بدون حصول اجازت کمیٹی حدود میونسپلٹی مین بم پولس پیشاب گھر نہین بنایا جاسکتا۔

دفعہ ۱۸ مکان سے باہر نامناسب مقام پر پاخانہ نہ بنایا جاوے۔

دفعہ ۱۹ مستعمل چاہات وغیرہ جنسے پانی صرف کیلئے لیاجاتا ہو کپڑا یا کھال دیگر اشیاء نہ دہوئی جائین۔

دفعہ ۲۰ مکان بنانے کیلئے اندر حدود میونسپلٹی اگر مٹی لیجاوے تو اجازت کمیٹی لینی چاہئے۔ کمیٹی اقرارنامہ لیگی کہ گڑہا تعفن وغلیظ چیزون سے نہ بہرا جائے۔

دفعہ ۲۱ مردہ جانور کے مالک پر مقام مقررکردہ کمیٹی پر اوسکو دفن کردینا لازم ہوگا۔

دفعہ ۲۲ سور اندر حدود میونسپلٹی نہین رکہا جائیگا۔

دفعہ ۲۳ کوئی کارخانہ جس سے عفونت پیدا ہو اندر حدود میونسپلٹی نہین رکہا جائیگا۔

دفعہ ۲۴ شارع عام پر بغیر حصول اجازت کمیٹی مصالح تعمیر مکان جمع نکیا جائیگا نہ گڑہا کہودا جائیگا نہ خندق بنائی جاسکتی نہ گنا بیچنے والے بیٹھہ سکتے نہ ترکاری بیچنے والے نہ دیگر پیشہ ولے مثل درود گر وغیرہ کے۔

دفعہ ۲۵ ہر دوکاندار اپنی دوکان کے سامنے صفائی رکھنے کا ذمہ دار ہوگا۔

دفعہ ۲۶ بکس وگہڑیان سڑک پر نہین رکھی جاسکتین۔

دفعہ ۲۷ پاخانہ خواہ چہ بچون کا پانی سڑک رستہ شارع عام پر نہین ڈالا جاسکتا۔ و نہ نکالا جاسکتا ہے۔

دفعہ ۲۸ متصل بارک یا اصطبل یا قریب مکان خس پوش اسباب سوختنی مثل پولہ گہانس و تیار روغن یا جس سے آگ لگنے کا خطرہ ہو جمع نہین کیا جاسکتا۔

دفعہ ۲۹ دودہ مین پانی گہی مین آمیزش اور دیگر اشیاء خوردنی مین اشیاء مضر ملانا جائز نہوگا۔

دفعہ ۳۰ بجز منظورشدہ قبرستانون کے اور جگہہ مردے دفن نہ کئے جاوین۔

دفعہ ۳۱ گوشت کی دوکانو نپر چلمین رکہی جائیگی۔

باب پنجم اختیارات پولیس

دفعہ ۳۲ جرائم مفصلۂ ذیل مین پولیس مجاز ہے کہ بلا وارنٹ گرفتار کرے۔

(۱) کسی سواری یا جانور کو گذرگاہ عام پر بے تحاشا دوڑانا۔

(۲) کسی جانور کو بیدردی کیساتھہ مارنا اور اوسکی طاقت سے زیادہ کام لینا۔

(۳) کسی گھوڑے یا دیگر جانور کو گذرگاہ عام مین پھیرنا یا نکالنا۔

(۴) کسی سواری کو بے احتیاطی سے سطح پر چھوڑدینا جس سے ضرر مخلوق متصور ہو۔

(۵) بیحیائی یا نامناسب طور سے شارع عام پر جسم کا کھلا رکھنا۔

(۶) گذرگاہ عام پر خواہ اون مقامات کے جنکو مینوسپلٹی نے اس غرض خاص کیلئے بنا دیا ہے یا مقرر کردیا ہے۔ پیشاب کرنا یا پاخانہ پھرنا۔

(۷) اندھیرے مین۔ بغیر موجود رکھنے روشنی کے پہیہ دار سواری کا چلانا۔

(۸) بوقت قریب آنے کسی ایسی سواری کے جسمین گھوڑے جُتے ہون باجا بجانا یا آتشبازی چھوڑنا۔

(۹) بدمستی ایسے مقام پر جو گذرگاہ عام یا باعث تکلیف ہو۔

(۱۰) قمار بازی۔

(۱۱) اطفال صغیر سن کو جنکی عمر ۸ سال سے کم ہو سڑک پر چھوڑنا یا بغیر محافظ پھرنے دینا۔ اگر یہ جرائم روبروے ملازمان مینوسپلٹی ہون۔ اور احیاناً پولیس وہان موجود نہو۔ تو اون پر لازم ہوگا کہ قریب ترین پولیس کو فوراً آگاہ کردین

باب ششم متعلق تعمیرات

دفعہ ۳۳ تعمیر مکانات و دیوار وغیرہ وکارہاے متعلقہ عمارت کیلئے کمیٹی سے اجازت لیجائیگی۔

دفعہ ۳۴ جب کوئی عمارت لب سڑک کلاً یا جزاً گرجاے یا گرائی جائے یا جل جائے تو اوسکی دوبارہ بنانے کے وقت کمیٹی مجاز ہوگی کہ عمارت پیچھے ہٹا دیجائے اور ایسی حالت مین کمیٹی معاوضہ دیگی۔

دفعہ ۳۵ بحالت خلاف ورزی وارتکاب قواعد وجرائم باب سوم وچہارم وپنجم وششم مجسٹریٹ کے اجلاس سے پچاس روپیہ تک جرمانہ و یکماہ تک قید محض کی سزا دیجائیگی۔

دفعہ ۳۶ واسطے اغراض مینوسپلٹی رامپور کے بالنسی حد قرار دیجاتی ہے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور اصل بتا تعمیل واپس

روئداد کمیٹی منیوسپل پور تحصیل ملک بابت ماہ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

منشی محمد سعد احمد خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی محمد ولی مظفر خان صاحب نائب تحصیلدار سکرٹری

اسماے شرکاے جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین	
منشی وصی الدین - محرر صفائی -	لالہ بشیشر دیال -	وکیل
منشی نرائن سنگھ - عرائض نویس -	قاضی علی حسین -	ساکن کہاتہ
	ننھے خان -	ٹھیکہ دار

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱ - لب سڑک بہٹیاران کاہ فروخت کرتے ہین اس سے سڑک پر کوڑہ ہو جاتا ہے -	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی فروشندگان کاہ کو بخوبی فہمایش کردین کہ آیندہ سے نیچے سڑک کے قریب املی جہان سابق مین تجویز ہوئی تہی کہ بہٹیاران کاہ فروخت کیا کرین اب بہی وہی جگہ مناسب ہے - صاحب صدر نشین نے بہی اتفاق کیا -

ملاحظہ شد - ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

۲ - حلوائیان ملک شیر بہت خراب فروخت کرتے ہین جسمین نصف دودہ اور نصف پانی ملا ہوا ہوتا ہے اس بابہ مین تجویز ہونا مناسب ہے -	یہ لوگ مزارعان سے بنرخ ۱۶ ماہ اور ۱۷ مار خرید تے ہین اور ۱۲ [illegible] فروخت کرتے ہین اور اسمین بہی پانی ملاتے ہین لہذا ہماری راے مین دس دس روپیہ کا مچلکہ لیا جاے کہ آیندہ پانی

بلا کر فروخت نکرین اور اگر کرین تو ضبط ہو کر سبابت سرکار ہون۔

ملاحظہ شد۔ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء

---

۴۳ - گھاٹ ندی ناہل آباد کے قریب بالک اسداللہ پور میں اکثر [illegible] مردان رعیہ و مسافرین آیندہ و روندگان سڑک نہاتے ہین مردان رعیہ [illegible] باوجود تیار ہوجانے بم پولیس کے وہان خلاف [illegible] بہت [illegible] ہین یہ امر مناسب نہین اور مضر صحت اور باعث بیماری کا ہے اسکی نسبت پورا پورا انتظام فرمایا جاے۔

معرفت [illegible] بآواز دہل منادی کرا دیجاوے کہ ہرگز کوئی شخص راستہ یا ندی کے کنارہ قریب آبادی پاخانہ نہ پھرا کرے۔

ملاحظہ شد۔ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء

---

۴۴ - باوجود چند مزدوری کے خاکروب مسمیان بلدیوا و شکر [illegible] آبادی کے میلا وغیرہ ڈالتے ہین اسکی نسبت انتظام ہونا چاہیے۔

معرفت قاضی علی حسین ممبر خاکروبان کو فہمائش کرا دیجاوے اور آیندہ کیواسطے تاکید کردیجاوے۔

ملاحظہ شد۔ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۱ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہنود	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہنود	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایکسال لیکر ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایکسال لیکر ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۳ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتی: ۱۳ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: چیچک	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: بخار	تفصیل امراض: میزان	کیفیت
شہر رامپور	۳۱	۹	۲۰	۵	۶۵	۵۱	۱۴	۱۶	۳	۳	۲	۱۲	۱۳	۳۱	۱۸	۳۸	۱۱	۳	۰	۹	۳۷	۴۹	۰
شاہ آباد	۱۱	۲۹	۱۱	۲۷	۷۸	۲۲	۵۶	۱۳	۷	۰	۲	۱۶	۱۸	۲۹	۲۶	۱۶	۴۰	۰	۰	۳۵	۲۱	۵۶	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
سوار	۱۱	۱۵	۶	۷	۳۹	۱۷	۲۲	۸	۸	۱	۰	۱۱	۲۲	۲۰	۳۰	۳۴	۱۶	۰	۰	۰	۵۰	۵۰	۰
بلاسپور	۴	۹	۱	۱۰	۲۴	۵	۱۹	۳	۲	۲	۴	۸	۹	۱۳	۱۵	۱۵	۱۳	۰	۰	۰	۲۸	۲۸	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان	۵۷	۶۲	۳۸	۴۹	۲۰۶	۹۵	۱۱۱	۴۰	۲۰	۶	۸	۴۷	۶۲	۹۳	۶۰	۱۰۳	۸۰	۳	۰	۴۴	۱۳۶	۱۸۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۱ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۶ ار	۱۴ ار	۰	۱۵ ار	۱۳ ار	۰	تحصیل ملک و ٹانڈہ سے نقشے نہیں آئے۔
نخود خالص	۲۲ ار	۱۹۰ ار	۰	۲۰ ار	۲۱ ار	۰	
نخود آمیز	۲۵ ار	۲۱ ار	۰	۲۲ ار	۲۵ ار	۰	
مکا	۲۷۰ ار	۳۲ ار	۰	۳۰ ار	۳۷۰ ار	۰	
کسیر	۲۷۰ ار	۳۲ ار	۰	۰	۰	۰	
ماش	۱۹ ار	۱۹ ار	۰	۱۷ ار	۱۸ ار	۰	
مونگ	۱۹۰ ار	۱۹۰ ار	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۲۰ ار	۰	۰	۳۰ ار	۰	
کوجی	۰	۱۸ ار	۰	۲۵ ار	۱۲ ار	۰	
عدس	۲۰ ار	۱۷ ار	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ ار	۲۲۰ ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۱۲۰ ار	۱۳ ار	۰	۰	۱۳ ار	۰	
روغن زرد	۱ کرار	۱ کرار	۰	۱ کرار	۱ کرار	۰	
روغن سیاہ	۲ ار	۲ ار	۰	۳ ار	۳۰ ار	۰	
روغن کنجد	۳ کرار	۳ کرار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۷ کرار [illegible]	۷ ار	۰	۷۰ ار	۷۰ ار	۰	
نمک لاہوری	۷ کرار [illegible]	۶ ار	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۱۳ ار	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۰	

مطبوعہ مطبع سرکاری ریاست رامپور

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ شعبان المعظم سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۴ فروری سنہ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل ـ واقع ۲۲ جنوری سنہ ۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ بابو بانکے بہاری لال پاٹک کو بابت زمانہ رخصت رعایتی پوری تنخواہ اور بابو دیبی چرن پاٹک قائم مقام رخصتی کو بزمانہ رخصت نامبردہ نصف تنخواہ دیجاوے عملدرآمد اسکا ۱۵ ر دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء سے ہوگا پانچ روز پیشتر کی تنخواہ بابو دیبی چرن کو نہیں دیجا سکتی مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو ـ

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب سکرٹری بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون - ۲۷ جنوری ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر در بارہ تقرر سید مرتضی واقع ۲۷ جنوری ۱۸۹۵ء

تقرر

تقرر سید مرتضی کا بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار کتب خانہ مین منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہون —

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۹ جنوری ۱۸۹۵ء

بابو بہاری لال پاٹھک کو کتب خانہ سرکاری سے بابت کام منصرمی مبلغ للعہ ماہوار ملتے ہین ۱۵ دسمبر ۱۸۹۴ء سے وہ بحصول رخصت دو ماہ گئے ہین اور اونکی جگہہ دیبی چرن پاٹھک ۱۵ دسمبر ۱۸۹۴ء سے کام منصرمی کتب خانہ انجام دیتے ہین - بابت ہیڈ کلرکی اجلاس صاحب ریزیڈنٹ بہادر پولیٹیکل افسر کونسل عالیہ سے یہ تجویز ہوئی ہے کہ تنخواہ ایام رخصت بابو بانکے بہاری لال پاٹھک کو پوری دیجاوے اور دیبی چرن کو نصف تنخواہ زمانہ رخصت مین ملنا چاہیے - ایسا ہی عملدرآمد بابت کام منصرمی کتب خانہ بھی ہونا مناسب ہے یعنی ابتداے ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء جبسے کہ دیبی چرن کتب خانہ کا کام کرتے ہین نصف تنخواہ یعنی بیس روپیہ ماہوار اونکو ملے اور پوری تنخواہ بابو بہاری لال پاٹھک کو دیجاوے —

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل براے درج گزٹ مرسل ہو —

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ شعبان المعظم سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۱ فروری سنہ ۱۸۹۵ع | جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	روبکار حضور پر نور دام اقبالہم	
۱	اضافہ پچاس روپیہ مولوی فرخی صاحب میر منشی بحق اوستادی-	۱ و ۲
	احکام اجلاس کامل	
۲	پنشن احمد اللہ خان حوالدار پلٹن-........................	۲
۳	پنشن الطاف خان سپاہی توپخانہ و سید حشمت علی سپاہی توپخانہ و مدن سنگہ نایک	۲
۴ و ۵	نقشہ حیات و ممات - و نقشہ نرخنامہ اجناس-	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ فروری ۱۸۹۵ع

اس امر مین کسی طرح کا شک و شبہہ کرنے کی گنجایش نہین ہی کہ مولوی فرخی صاحب نے جیسا کہ اینجانب کی تعلیم فارسی مین اپنی حسن لیاقت کو انجام دیا ہی اوس سی بہی بہتر عہدہ میر منشی کے فرائض منصبی کو ایمانداری نیک طینتی اور کامل صداقت سی پورا کیا ہی- ابتدا سی بہی جب سے کہ وہ ریاست کی ملازمت مین داخل ہوئی ہمیشہ اپنے مفوضہ کامون کو نیک نیتی اور خیرخواہی سے انجام دیا اور نیک نام اور ہر دل عزیز رہ کر

افسر اور ماتحت دونوں کو رضامند کہا۔ مولوی صاحب کی یہ
درخواست کہ مجھے اوستادی کا بھی وظیفہ پنشن اور اساتذہ کی طرح ملنا
چاہیے ایسی بدیہی بات ہی کہ ہمارے ملت مبارک یعنی اسلام مین
حق اوستادی شرعًا و عرفًا استقلال ہی رکھتی بلکہ مذہب ہمایون
اسلام کا ایک جزو ہو گیا ہی حق شناسی اور قدر دانی جو ہمیشہ اساتذہ اور
اور سچائی کو پسند کرتی ہی اوسکا بھی اقتضا ہی کہ مولوی فرخی سے
پچاس روپیہ تنخواہ اوستادی جو ہماری تعلیم کی زمانہ مین ملتی تھی
بحالی رہی اور اوسکو اس تنخواہ میر منشی گری کا جزو کر دیا جاوے
لہذا حکم ہوا کہ
یکم فروری ۱۸۹۵ء سے مولوی فرخی میر منشی کو باضافہ پچاس روپیہ
ماہوار ڈیڑھ سو روپیہ تنخواہ دیجاوے احکام ضابطہ جاری ہون
اور روبکار ہذا کی ایک نقل درج گزٹ ریاست کیجاوے۔

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۲ جنوری ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم
باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن احمد اسد خان ولد
امانت اسد خان حوالدار کمپنی ۹ واز دہم بتعدادی تین روپیہ آٹھ آنہ ماہوار
یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہی مثل بنا بر اجرای احکام باجلاس صاحب
ممبر مال بہادر مرسل ہو۔
دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب آنریبل پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ حسب منشای حکم اجلاس کامل جاری ہون اور راہلمد
پنشنداران کو بھی اطلاع دیجاوے ۲۸ جنوری ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۲ جنوری ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم
باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن سپاہیان مندرجہ
بتفصیل ذیل الطاف خان ولد انور خان سپاہی توپخانہ سید حشمت علی سپاہی توپخانہ
مدن سنگھ نائک توپخانہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے
مثل بنا بر اجرای احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔
دستخط حضور پر نور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب آنریبل پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

حسب منشای اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد
پنشنداران کو بھی اطلاع دیجاوے ۲۸ جنوری ۱۸۹۵ء

مطبع سکرٹری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ر لغایت ۱۰ر فروری ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل فوتی — ۱ سال سے ۵ سال تک — مرد	۱ سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل امراض — ہیضہ	چیچک	بخار	متفرقات	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ملک	۰	۳	۰	۵	۸	۰	۸	۰	۰	۰	۰	۳	۲	۳	۲	۰	۵	۰	۰	۰	۵	۵	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۰	۳	۰	۵	۸	۰	۸	۰	۰	۰	۰	۳	۲	۳	۲	۰	۵	۰	۰	۰	۵	۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ر لغایت ۱۰ر فروری ۱۸۹۵ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ اار	۱۲ ۰ار	۰	۱۳ ۰ار	۱۲ اار	حضور تحصیل وسوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ ۰ار	۱۷ اار	۰	۱۶ اار	۱۸ اار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۸ ۰ار	۰	-	۱۸ اار	
کسہ	۰	۰	۲۰ ۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ۰ار	۹ ۰ار	۰	۹ اار	۸ ۰ار	
مونگ	۰	۱۲ ار	۱۲ اار	۰	۰	۰	
مکا	۰	۱۶ اار	۱۶ اار	۰	۱۶ اار	۱۲ اار	
جئی	۰	۰	۲۲ ۰ار	۰	۲۰ ۰ار	۰	
گوجئی	۰	۰	۱۷ اار	۰	۱۷ ۰ار	۱۶ اار	
مسور	۰	۰	۱۵ اار	۰	۰	۱۶ اار	
ارہر	۰	۰	۱۵ اار	۰	۰	۲۰ ۰ار	
برنج	۰	۱۱ اار	۱۲ ۰ار	۰	۱۲ اار	۰	
روغن زرد	۰	۱ ر۱۱ار	۱ ر۱ار	۰	۱ ر۱۱ار	۱ ر۱ار	
روغن سیاہ	۰	۲ ۰ار	۲ ۰ار	۰	۲ ۰ار	۲ ۰ار	
روغن کنجد	۰	۲ ر۱ار	۲ ۰ار	۰	۰	۲ ۰ار	
نمک ساہمبر	۰	۸ ار	۹ ۰ار	۰	۹ ۰ار	۸ ۰ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ۰ار	۰	۰	۷ ۰ار	
قند سیاہ	۰	۱۱ اار	۱۲ اار	۰	۱۱ اار	۱۰ ۰ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۷ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ شعبان المعظم سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۸ فروری سنہ ۱۸۹۵ عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۵ع

آج مِثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی معروضہ بخشی فوج سے واضح ہے کہ سابق بعہد نواب صاحب خلد آشیان مرحوم مغفور مولوی فصیح الزمان خان متوفے پرورشاً مبلغ تیس روپیہ ماہانہ بمعافی الخدمت پاتا تھا سنہ ۱۸۸۹ع سے خدمت پروفیسری مدرسہ متعلق نامبردہ ہوئی چونکہ شیخ محمد وجیہ الزمان خان پسر نامبردہ قدیمی نمکخوار اس ریاست کے تھے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ

پرورش مبلغ [illegible] روپیہ ماہوار بنام بیوہ فصیح الزمانخان صیغہ پنشنداران تاحیات مقرر کئے جاوین -

نقل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہوے - دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب والیس پریزیڈنٹ بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے - ۹ فروری سنہ ۱۸۹۵ء

حکم صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

واقع ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء

جوکہ کوتوال شہر کے پاس پہلے گہوڑا سرکاری تہا اور اب سرکاری نہین ہے لہذا مناسب ہے کہ اونکی تنخواہ مقررہ پر اضافہ دیا جاوے اور ہادی رضاخان سب انسپکٹر مشاہرہ دار [illegible] روپیہ ماہوار جو اسٹیشن ملک مین تعینات کئے گئے ہین وہ اسٹیشن ایک بڑا ہے اور وہان کے افسر کی تنخواہ پورے درجہ کی ہونا مناسب ہے تا مطلوبی کار ہو سررشتہ مین منظور حسین سب انسپکٹر نے کام محنت سے انجام دیا اور تنخواہ اوسکی بہی [illegible] ہین لہذا اوسکا بہی اضافہ ہونا مناسب ہے اسواسطے

حکم ہوا کہ

یکم جنوری سنہ ۱۸۹۵ء سے کوتوال شہر [illegible] اضافہ ہوکر [illegible] اور ہادی رضاخان کا [illegible] اضافہ ہوکر [illegible] اور منظور حسین کا پانچروپیہ اضافہ ہوکر [illegible] مقرر کئے جاوین -
خزانچی مطلع ہون اور بک انگریزی مین درج کیا جاوے احکام جاری ہون

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر ۔ واقع ۷ فروری ۱۸۹۵ء

روئداد ہذا درج گزٹ ہو ۔

روئداد کمیٹی مینوسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۵ دسمبر ۱۸۹۴ء

مولوی محمد ریاض الاسلام صاحب صدر نشین کمیٹی

منشی سید علی حسین سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

(۱) منشی تقی یاور محرر صفائی

(۲) پنڈت گنگارام صاحب ممبر

(۳) حکیم شرافت علی صاحب ممبر

غیر ملازمین

(۱) لالہ سیا جی لال ممبر

(۲) مولوی ارشاد حسین وکیل ممبر

امور تصفیہ طلب

(۱) نوٹ محرر صفائی مورخہ ۳ دسمبر سنہ رواں مصدقہ منشی ارشاد حسین ممبر بدین خلاصہ پیش ہوا کہ اشخاص مفصلۂ ذیل نے اپنے گہر باوجود ممانعت کہاد وگہورہ جمع کیا ہے ممانعت کیجاتی ہے مگر باز نہین آتے ۔

بدہا ولد ہاشم بنجارہ — پیرو ولد خدا بخش بنجارہ — بیوہ مصاحب بنجارہ — نندو بنجارہ — ممدو بنجارہ ولد دنو — توکل شاہ فقیر

تجویزات کمیٹی

سالہائے گذشتہ مین بنجارگان ٹانڈہ کو نسبت جمع کردگی کہاد وگہورہ کے اپنے گہر مین سخت ممانعت ہوچکی ہے مگر وہ لوگ باز نہین آتے لہذا باتفاق تجویز ہوا کہ ہر ایک شخص مذکورہ بالا پر دو روپیہ جرمانہ کیا جائے بیوہ مصاحب بنجارہ پر ایک روپیہ جرمانہ کافی ہے رپورٹ علیحدہ بنابر منظوری جرمانہ ہمرشتہ روئداد ہذا باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر بہیجی جاوے ۔ صدر نشین کمیٹی نے منظور فرمایا ۔

---

(۲) نوٹ محرر صفائی نے کمیٹی مین پیش کیا کہ بمپولس خام جو سابق مین سرکار سے بجانب جنوب وشمال قصبہ تعمیر کرائے گئے تھے وہ بالکل ٹوٹ گئے اونکی مرمت کرادیجاوے ۔

محرر صفائی کمیٹی آیندہ مین تخمینہ مرمت ہر دو بمپولس پیش کرین اور واسطے منظوری کے پیشگاہ جناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر رپورٹ کیجاوے گی ۔

(۳) لالہ سپاہی لال ممبر کمیٹی نے نوٹ پیش کیا کہ سرائے سے جانب شمال خاکروبان نے بہت کھاد و گھورہ جمع کر رکھا ہے۔

ہم ممبران کمیٹی کو محرر صفائی کی غفلت پر نہایت افسوس ہے جب منجانب سرکار دو احاطہ خاص اسکام کیواسطے متقرر ہو گئے ہین تو پھر ایسی جگہ گھورہ پڑنے کی کوئی وجہ معلوم نہین ہوتی۔ بمیعاد ہفتہ اسجگہ کو صاف کرا کر دکھائین اس دفعہ صرف ہدایت کافی ہے۔

(۴) لالہ سپاہی لال ممبر کمیٹی نے نوٹ پیش کیا کہ گوبند ولد سالک رام چھیپی کے مکان کی دیوار برسات مین منہدم ہو کر صدر راہ ہو گئی ہے اوس نے رستہ صاف نہین کرایا۔

محرر صفائی کو ہدایت کیجاوے کہ بمیعاد ہفتہ مالک مکان سے کہکر رستہ صاف کرادین درصورت عدم تعمیل مزدوران سے رستہ صاف کرائین اور گوبند اسے المضاعف مزدوری وصول کرکے نصف لبطور جرمانہ داخل سرکار کرین۔

(۵) منشی ارشاد حسین ممبر کمیٹی نے نوٹ پیش کیا کہ گاڑیان باربرداری کی رات کو بازار مین دکانات کے آگے اور نیز قصبہ مین رستونکو روک کر ٹھہر جاتی ہین حالانکہ اس کام کیواسطے منجانب سرکار دو پڑاؤ مقرر کر دئے گئے ہین۔

بالاتفاق تجویز ہوا کہ انسپکٹر تھانہ چوکیداران کو ہدایت کافی کر دین کہ آئندہ کوئی گاڑی باربرداری کی ایسے مقامات پر کھڑی نہونے دین۔

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۲ لغایت ۱۸ فروری ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتے: ۱ سال سے ۵ سال تک: مرد	۱ سال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: بخار	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۱۳	۱۶	۵	۱۹	۵۳	۱۸	۳۵	۴	۴	۳	۰	۱۲	۴	۱۹	۸	۷	۲۰	۰	۰	۳	۲۴	۲۷	۰
ملک	۰	۵	۳	۶	۱۴	۳	۱۱	۰	۲	۰	۰	۱	۱	۱	۳	۰	۴	۰	۰	۰	۴	۴	۰
سوار	۱۳	۱۲	۱۱	۷	۴۳	۲۴	۱۹	۳	۵	۲	۱	۱۵	۸	۲۰	۱۴	۱۶	۱۸	۰	۰	۰	۳۴	۳۴	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
میزان	۲۶	۳۳	۱۹	۳۲	۱۱۰	۴۵	۶۵	۷	۱۱	۵	۱	۲۸	۱۳	۴۰	۲۵	۲۳	۴۲	۰	۰	۳	۶۲	۶۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۲ لغایت ۱۸ فروری ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳۱ار	۱۲۰۱ار	۱۲۱ار	۱۲۰۱ار	۱۲۰۱ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۸۱ار	۱۹۱ار	۱۷۱ار	۱۶۱ار	۱۸۱ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۹۱ار	۱۵۱ار	۰	۱۵۱ار	
کسہ	۰	۰	۲۰۱ار	۰	۰	۰	
باتس	۰	۹۰۱ار	۱۰۱ار	۸۱ار	۸۰۱ار	۸۱ار	
مونگ	۰	۱۲۱ار	۱۲۱ار	۰	۰	۹۱ار	
جئی	۰	۰	۳۰۱ار	۰	۳۰۱ار	۰	
گوجئی	۰	۰	۱۷۱ار	۰	۱۷۰۱ار	۱۶۰۱ار	
مکا	۰	۰	۱۷۱ار	۱۵۱ار	۱۷۱ار	۰	
عدس	۰	۰	۱۵۱ار	۰	۰	۱۶۱ار	
ارہر	۰	۰	۱۵۱ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۰۱ار	۱۲۱ار	۱۰۰۱ار	۱۱۰۱ار	۱۰۱ار	
روغن زرد	۰	۱ر۱۱ار	۱ر۱۱ار	۱ر۱۱ار	۱ر۱۱ار	۱ر۱ار	
روغن سیاہ	۰	۳۱ار	۲۰۱ار	۳۰۱ار	۳۱ار	۲۰۱ار	
روغن کنجد	۰	۲۱ار	۲۱ار	۰	۰	۲۱ار	
نمک سانبھر	۰	۸۱ار	۹۱ار	۸۱ار	۸۰۱ار	۸۱ار	
نمک لاہوری	۰	۶۱ار	۶۱ار	۰	۰	۷۱ار	
قند سیاہ	۰	۱۱۱ار	۱۳۱ار	۰	۱۰۱ار	۹۱ار	

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ شعبان المعظم ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۵ فروری سنہ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب سکرٹری بہادر

حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم نے ۳ راس اسپان خرید بمبئی وغیرہ بغرض شایستگی وتعلیم سواری تفویض محمد امیر خان منصرم اصطبل فرمائے تہے منصرم نے اسپان کو تعلیم شایستہ دیا منجملہ اسپان مذکور بمقام سپریٹ رجمنٹ حضور پرنور دام اقبالہم گہوڑی بمبئی نامی پر جو بمبئی سے خرید ہوا ہی سوار ہوئی اسپ مذکور کی تعلیم اچھی پائی اور سب کام سپریٹ کا اوسی گہوڑی پر سوار ہو کر لیا۔ لہذا دس روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ محمد امیر خان منصرم اصطبل کا فرمایا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ فروری ۱۸۹۵ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل فوتے: ۱ سال سے ۵ سال تک مرد	۱ سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۱۴	۶	۱۲	۲	۳۴	۲۶	۸	۲	۴	۰	۰	۱۵	۳	۱۷	۷	۱۷	۷	۰	۰	۰	۲۴	۲۴	۰
شاہ آباد	۳	۱۱	۰	۴	۱۸	۳	۱۵	۱	۳	۰	۰	۲	۴	۳	۷	۱	۹	۰	۰	۰	۱۰	۱۰	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۱۷	۱۷	۱۲	۶	۵۲	۲۹	۲۳	۳	۷	۰	۰	۱۷	۷	۲۰	۱۴	۱۸	۱۶	۰	۰	۰	۳۴	۳۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ فروری ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ اار	۱۳ اار	۱۲ ااار	۱۳ اار	۱۳ اار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۸ اار	۱۸ اار	۱۷ اار	۱۸ اار	۱۸ اار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۹ اار	۱۸ اار	۲۱ اار	۱۸ اار	
کستہ	۰	۰	۲۰ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ اار	۱۰ اار	۸ ار	۱۰ ار	۹ ار	
مونگ	۰	۱۳ اار	۱۲ اار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۱۷ اار	۱۷ اار	۱۵ اار	۱۷ اار	۰	
جنی	۰	۰	۲۰ ار	۰	۲۰ ار	۰	
گوسجے	۰	۰	۱۷ اار	۰	۱۷ ار	۱۶ ار	
عدس	۰	۰	۱۸ اار	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۱۵ اار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۱ اار	۱۲ اار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	۱ ؍ار	۱ ؍ار	۱ ؍ار	۱ ؍ار	۱ ؍ار	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۳ ار	۳ ار	۰	۰	۳ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۱۰ ار	۱۲ اار	۰	۱۰ اار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ رمضان المبارک ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۵ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۱۷ فروری ۱۸۹۵ء

دربارہ توسیع میعاد خدمات منشی محمد نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ انہار

آج پیشی بحضور ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی چٹھی گورنمنٹ نمبری ۴۴۶۵-۱۷ مورخہ ۸ فروری ۱۸۹۵ء ملاحظہ ہوئی توسیع میعاد خدمات منشی محمد نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ انہار لغایت ۲۹ مارچ ۱۸۹۵ء منظور ہوئی ہے لہذا تجویز ہوا کہ مثل بنابر اطلاع باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

نقل حکم کونسل اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر مین مرسل ہو اور ایک نقل اس حکم کی درج گزٹ ہو۔ ۲۶ فروری ۱۸۹۵ع

حکم اجلاس کامل ۔ واقع ۱۷ فروری ۱۸۹۵ع

آج مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ انسپکٹران پولیس کے واسطے کرایہ ریل درجہ درمیانی حساب مصارف سفر خرچ مین لگایا جایا کرے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل براے درج گزٹ مرسل ہو — ۲۷ فروری ۱۸۹۵ع

خلاصہ مقدمہ دربارہ تشریح کرایہ ریل براے انسپکٹران پولیس

حسب تحریک افسر آڈٹ اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر سے بتاریخ ۲۰ دسمبر ۱۸۹۴ع تجویز ہوئی کہ انسپکٹران پولیس کیواسطے کرایہ ریل درجہ ڈیوڑھا حساب مصارف سفر خرچ مین لگایا جایا کرے اور سید امداد حسین و محمد رضا خان انسپکٹران حلقہ نے عذرات پیش کیے کہ تمام برٹش گورنمنٹ مین انسپکٹران اور نیز اون سب انسپکٹران کو جنکی تنخواہ پچاس روپیہ سے زائد ہی دوسرے درجے کا دونا کرایہ ملتا ہی جسکی واسطے سرکلر نمبر ۵۳ ۱۸۷۷ع و پولیس گزٹ مورخہ ۲۶ جنوری ۱۸۸۱ع عیسوی مشتہر ہو چکا ہی صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے بذریعہ تحریر انگریزی عرضی مذکور باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر ارسال کی صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر تحریر فرماتے ہین کہ ایکبار تصفیہ کرایہ ریل انسپکٹران پولیس ہو چکا ہی اب پھر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے تحریر کی ہی لہذا مثل کونسل مین پیش ہو —

حکم اجلاس کامل ۔ واقع یکم مارچ ۱۸۹۵ع

مثل منظوری رخصت ممبر مال بہادر بنابر بیماری

از انجا کہ بحکم ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل صاحب ممبر مال بہادر کو بباعث علالت یک ماہ کی رخصت دی گئی ہے لہذا زمانہ رخصت صاحب بہادر ممدوح مین صاحبزادہ محمد عبد المجید خان صاحب بہادر سکرٹری کونسل قائم مقام صاحب ممبر مال بہادر مقرر کیے گئے ۔ تجویز ہوا کہ ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو اور ایک نقل اسکی بخدمت صاحب رزیڈنٹ پولیٹیکل افسر بہادر مرسل ہو —

احکام ضابطہ جاری ہون —

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

ترقی و تقرر و برخاستگی ملازمان پولیس بماہ فروری سنہ ۱۸۹۵ء حسب منظوری صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کونسل

ترقی

۱ - خیراتی لال ہیڈ کانسٹبل متعینہ دفتر مشاہرہ دار عہ کو عہ ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

۲ - سید رضا علی مہتمم اسٹیشن ٹپوای مشاہرہ دار عہ کو عہ ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

۳ - ولی محمد ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مشاہرہ دار عہ کو عہ ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

۴ - نند کشور مددگار اسٹیشن ملک مشاہرہ دار عہ کو عہ کی ترقی ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم پر دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

تقرر

۱ - تصدق حسین بمشاہرہ عہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مقرر ہوے من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

۲ - حشمت علیخان بمشاہرہ عہ ماہوار ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مقرر ہوے من ابتداے ۱۶ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء —

برخاستگی

۱ - محمد حسین ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار عہ فوت ہوگئے لہذا برخاستگی اونکی یکم فروری سنہ ۱۸۹۵ء سے عمل مین آئی —

۲ - اسحاق خان سب انسپکٹر مشاہرہ دار للعہ بجرم دفعہ ۳۸۲ قید ہوگئے لہذا برخاستگی عمل مین آئی —

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقعہ ۲۶ فروری سنہ ۱۸۹۵ء

عدالتہای دیوانی و فوجداری سے جو مثلین اس اجلاس مین بطور اپیل یا کسی دوسری تنقیح پر آتی ہین اونمین اکثر دیکھا جاتا ہی کہ وکالت نامہ شمولہ مثل پر العبد مقر کے نہین ہوتے بلکہ العبد کے نیچے صرف لفظ مقر لکھا ہوا ہوتا ہی نام مقر کا اوسکے قلم سے نہین ہوتا اور بعض وکالت نامجات لکھی گئے جنپر نام مقر کا خود وکیل اپنے قلم سے یا محرر وکیل کا لکھدیتا ہے یہ بات سراسر خلاف ضابطہ و قاعدہ کے اور اسمین بہت سی احتمالات ہوتے ہین ہمنے اکثر وکلا کو اپنے روبرو بلا کر زبانی فہمائش کیا مگر اوسکا کچھ اثر نہین پایا عدالتہای ماتحت نے کام والا کا جبتک توجہ کرین انتظام نشود معلوم ہوتا لہذا آیندہ کے لیے ہدایت حسب تفصیل جاری کی جاتی ہی —

(۱) جب کوئی وکالتنامہ ایسا پیش ہو جسپر العبد کے نیچے صرف لفظ مقر لکھا ہو ایسا وکالتنامہ نامنظور کردینا چاہیے —

(۲) اگر کسی وکالتنامہ پر نام مقر العبد کے نیچے لکھا ہوا ہو اور لفظ بقلم خود نہو ایسا وکالتنامہ بھی نامنظور ہونا چاہیے یا واپس کیا جاے

(۳) اگر مقر وکالتنامہ ناخواندہ ہی تو اوسکا کارندہ یا اوسکا کوئی عزیز یا پیروکار اپنے قلم سے نام مقر کا لکھ سکتا ہی اور جسکے قلم سے نام مقر لکھا جاے اوسکو اپنا نام لکھنا چاہیے فلان مقر - بقلم فلان

اگر آیندہ کوئی وکالتنامہ ایسا ناقص پایا جائیگا تو ہم اوس عدالت سے جسمین ایسا وکالتنامہ گذرا اور نیز اوس وکیل سے سخت بازپرس کرینگے —

حکم ہوا کہ

ناظر اجلاس حلقہ وکلا کی اطلاع عیانی لکھا لیوین اور ایک نقل برای اطلاع عام و ہدایت عدالتہای ماتحت مشتہر گزٹ ہو —

[illegible signature]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۵ فروری لغایت ۳ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
شاہ آباد	۲	۱۰	۰	۱۱	۲۳	۲	۲۱	۰	۱	۱	۰	۳	۰	۴	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۵	۵	۰
ملک	۲	۹	۱	۶	۸	۳	۱۵	۱	۰	۰	۰	۲	۰	۳	۰	۲	۱	۰	۰	۰	۳	۳	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۴	۱۹	۱	۱۷	۴۱	۵	۳۶	۱	۱	۱	۰	۵	۰	۶	۱	۲	۱	۰	۰	۰	۸	۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۵ فروری لغایت ۳ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ار	۱۳ار	۱۲؍۰ار	۰	۱۳ار	حضور تحصیل و بلاسپور سے نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۰	۱۸ار	۱۸ار	۱۷؍۰ار	۰	۱۹ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۹ار	۱۸ار	۰	۱۹ار	
جو	۰	۰	۲۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ار	۱۰ار	۸ار	۰	۹ار	
مونگ	۰	۱۳ار	۱۲ار	۰	۰	۹ار	
مکا	۰	۰	۱۷ار	۶ار	۰	۱۸ار	
جئی	۰	۰	۲۰ار	۰	۰	۰	
گوچنے	۰	۰	۱۷ار	۰	۰	۱۸ار	
عدس	۰	۰	۱۵ار	۰	۰	۱۶ار	
ارہر	۰	۰	۱۵ار	۰	۰		
برنج	۰	۱۰ار	۱۲ار	۱۰؍۰ار	۰	۱۰؍۰ار	
روغن زرد	۰	ا؍ار	ا؍؍ار	ا؍ار	۰	ا؍	
روغن سیاہ	۰	۳ار	۲ار	۳ار	۰	۳ار	
روغن کنجد	۰	۰	۲ار	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۰	۸ار	۹ار	۸ار	۰	۸ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۶ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ار	۱۲ار	۰	۰	۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

[illegible]

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱ — مطبوعہ دوشنبہ تاریخ ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء — جلد

حکم اجلاس کامل کونسل — واقع ۷ افروری ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن باداللہ خان ولد قاسم خان سپاہی پلٹن کمپنی دہم بتعداد مبلغ تین روپیہ ماہانہ یوم علیحدگی خدمت سے منظور ہے مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہوں — ۲ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی

حکم اجلاس کامل کونسل — واقع ۷ افروری ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی پنشن شفاعت خان ولد محمد حیات خان جمعدار رسالہ غلام جیلانی خان بتعداد مبلغ تین روپیہ آٹھ آنہ منظور ہے مثل بنا بر احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو یوم علیحدگی خدمت سے [illegible]

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ [illegible]

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری [illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہوں — ۲ مارچ ۱۸۹۵

مطبوعہ کارخانہ ریاستہائے ... شائع ہوا

نقشۂ حیات و ممات متعلقۂ ریاست رامپور من ابتدا ۴ لغایت ۱۰ مارچ سنہ

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہنود	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک — مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	عورت	میزان — مرد	عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	ہنود	تفصیل امراض — [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
شاہ آباد	۶	۲۰	۷	۱۷	۵۰	۱۳	۳۷	۸	۲	۲	۱	۱۰	۸	۲۰	۱۱	۶	۲۵	۰	۰	۰	۳۱
ملک	۰	۱۵	۱	۱۶	۳۲	۱	۳۱	۰	۰	۲	۲	۱۰	۳	۱۲	۴	۰	۱۶	۳	۰	۰	۱۳
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان	۶	۳۵	۸	۲۳	۸۲	۱۴	۶۸	۸	۲	۴	۳	۲۰	۲۰	۳۱	۱۵	۶	۴۱	۳	۰	۰	۴۴

نقشۂ نرخنامۂ اجناس متعلقۂ ریاست رامپور من ابتدا ۴ لغایت ۱۰ مارچ سنہ

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ بار	۱۳ ۰ بار	۱۳ بار	۱۴ ۰ بار	۱۴ بار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آ
نخود خالص	۰	۱۹ ۰ بار	۱۹ بار	۱۸ بار	۱۸ بار	۱۹ بار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۲۰ بار	۲۰ بار	۲۰ بار	۰	
کسہ	۰	۰	۱۹ بار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ بار	۹ بار	۸ بار	۹ بار	۹ بار	
مونگ	۰	۱۳ بار	۱۲ ۰ بار	۰	۰	۹ بار	
مکا	۰	۰	۱۷ ۰ بار	۰	۱۶ بار	۱۸ بار	
جنی	۰	۰	۲۰ بار	۰	۲۰ بار	۲۵ بار	
گوبجئی	۰	۰	۰	۰	۲۰ ۰ بار	۱۸ بار	
عدس	۰	۰	۱۵ بار	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۱۵ بار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۰ بار	۱۱ بار	۱۰ بار	۰	۱۱ بار	
روغن زرد	۰	ا ی بند بار	ا ی بار	ا ی بار	ا ی بار	ا ی بار	
روغن سیاہ	۰	۲ ی بار	۳ بار	۳ ۰ بار	۳ بار	۲ ۰ بار	
روغن کنجد	۰	۲ بار	۲ بار	۰	۰	۲ بار	
نمک سانبھر	۰	۸	۹	۰	۸ ۰ بار	۸ بار	
نمک لاہوری	۰	۶ بار	۶ بار	۰	۰	۷ بار	
قند سیاہ	۰	۱۱ بار	۱۰ بار	۰	۱۰ بار	۹ بار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۸ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۴

فہرست مضامین

بحکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

مورخہ ۹ مارچ ۱۸۹۵ ع

صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر نے بابو بانکے بہاریلال پاٹھک ہیڈ کلرک کی رخصت من ابتدا سے ۵ مارچ ۹۵ ع دو ماہ کے لئے نصف تنخواہ پر منظور کی ہے اونکی جگہ پر پنڈت کیشو ناتھہ کو قائم مقام ہیڈ کلرک نصف تنخواہ ہیڈ کلرکی پر مقرر کیا ہے تحریر انگریزی صاحب بہادر موصوف بغرض اجرائے احکام موصول ہوئی لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ حسب تصریح صدر جاری ہوں اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو ـــ

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

ہمکو اس تجویز سے اتفاق کلی ہے صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ نہر موافق اسکے احکام جاری کرین اور روبکار ہذا بجہت اشاعت عام و تعمیل گزٹ مین چھاپا جاوے ـــ ۱۸ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

روبکار اجلاس منشی محمد نعیم اللہ صاحب بہادر مجسٹریٹ نہرہا

واقع ۴ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

آج یہ کاغذ پیش ہوا واضح ہو کہ سال گذشتہ بوجہ بیماری وغیرہ تیاری کاغذات آبپاشی مین بہت توقف ہوا ـ اکثر اضلاع علاقہ انگریزی مین بھی یہ طریقہ ہے کہ جسقدر گانون کی جمعبندی تیار ہوتی جاتی ہے وہ فورًا وصولی کیواسطے محکمہ مال کو روانہ ہوجاتی ہے ریاست ہذا مین یہ دستور رہا کہ جب کل تحصیل کے کاغذات تیار ہوجاتے ہین تو ایک ساتھ آتے ہین اسمین بہت توقف ہوتا ہے اول تو کاغذات کی تیاری دوم سررشتہ آڈٹ مین بھی اسقدر کاغذات کی جانچ کو عرصہ چاہیے ـ اسوجہ سے تحصیل مین بھی کاغذات دیر سے پہونچتے ہین ـ ہمارے نزدیک رای تحصیلدار صاحب درست ہے کہ امین نہر بوقت تقسیم پرچہ جمعبندی کی نقل پٹواری دیہ کو بھی کرادیا کرے ـ پٹواری کا کام نقل کرنا اور امین نہر کا یہ فرض ہوگا کہ وہ جمعبندی بغرض نقل مع کاغذ طبع شدہ کے پٹواری کو دیدے دوم یہ امر بھی نامناسب ہے کہ کل تحصیل کے کاغذات ایک ساتھ بھیجے جاوین ـ علاقہ دار نہر جو گانون تیار ہوتے رہین اسکو فورًا بھیجتے رہین وہ بھی گانو بعد جانچ سررشتہ آڈٹ محکمہ مال کو بغرض وصولی بھیجدیا جاویگا ـ محکمہ انہار مین ایک رجسٹر تحصیلوار رکھا جاوے جسمین ہر جمعبندی درج ہو ـ الاول تعداد روپیہ پنسل سے درج ہو اور بعد جانچ آڈٹ سیاہی کیجاوے ـ جب ایک تحصیل ختم ہوجاوے جو گانون سب کے آخر مین علاقہ دار روانہ کرین اوسکے ساتھ اوس تحصیل کا گوشوارہ کل بھیجدین جس سے معلوم ہو کہ فلان تحصیل مین فلان نہر سے کسقدر روپیہ قابل وصول بابت زر آبیانہ ہے محکمہ آڈٹ کی جانچ سے اس گوشوارہ کا مقابلہ محکمہ انہار مین ہوجاویگا اور بعد جانچ یہ گوشوارہ محکمہ مال مین بعد درستی نقل روانہ کردیا جاویگا ـ اس صورت مین یہ دقت جو توقف سے کاغذات پہونچنے کی ہے رفع ہوجاویگی اور ہر محکمہ کو باسانی کام کرنے کا موقع ملیگا ـ

لہذا حکم ہوا کہ

تجویز ہذا بغرض منظوری باجلاس خان بہادر صاحب ریونیو ممبر بہادر پیش ہوے اگر صاحب خان بہادر کو اتفاق ہو تو اجرای احکام کیواسطے اصل واپس فرماوین ـ اور تحصیلداران و پٹواریان و سررشتہ آڈٹ کو صاحب بہادر ممدوح اپنے اجلاس سے اطلاع فرماوین تحریر صدر ـــ

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا ـ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۱ مارچ لغایت ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک — مرد	ایکسال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں
شاہ آباد	۲	۱۵	۴	۱۰	۳۱	۶	۲۵	۳	۳	۲	۰	۸	۳	۱۳	۶	۵	۱۴	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
ملک	۰	۶	۱	۶	۱۳	۱	۱۲	۱	۵	۲	۱	۹	۷	۱۲	۱۳	۱	۲۴	۱	۰	۰	۲۴	۲۵	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۲	۲۱	۵	۱۶	۴۴	۷	۳۷	۴	۸	۴	۱	۱۷	۱۰	۲۵	۹	۶	۳۸	۱	۰	۰	۴۳	۴۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۱ مارچ لغایت ۱۷ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ ا ار	۱۳ ا ار	۱۳ ا ار	۱۳ ۰ ار	۱۴ ا ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۸ ا ار	۱۹ ا ار	۱۸ ا ار	۱۸ ا ار	۱۹ ا ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۱۹ ا ار	۲۰ ۰ ار	۳۰ ۰ ار	۱۹ ا ار	۰	
کسر	۰	۰	۲۱ ۰ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ۰ ار	۱۰ ا ار	۸ ۰ ار	۹ ۰ ار	۹ ۰ ار	
مونگ	۰	۱۲ ۰ ار	۱۱ ا ار	۰	۰	۹ ۰ ار	
مکا	۰	۰	۱۷ ا ار	۱۶ ا ار	۱۶ ا ار	۱۸ ا ار	
جئی	۰	۰	۲۵ ۰ ار	۰	۲۰ ۰ ار	۲۵ ۰ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۷ ۰ ار	۱۸ ا ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۱۸ ا ار	
ارہر	۰	۰	۱۵ ا ار	۰	۰	۱۸ ا ار	
برنج	۰	۱۰ ۰ ار	۱۱ ا ار	۱۰ ۰ ار	۱۱ ۰ ار	۱۱ ا ار	
روغن زرد	۰	ا ۲ ار	ا ۲ ار	ا ۲ ار	ا ۲ ار	ا ۲ ار	
روغن سیاہ	۰	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	۳ ۰ ار	۲ ۰ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	۰	۰	۲ ۰ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ۰ ار	۹ ۰ ار	۸ ۰ ار	۸ ۰ ار	۸ ۰ ار	
نمک لاہوری	۰	۷ ۰ ار	۶ ۰ ار	۰	۰	۷ ۰ ار	
قند سیاہ	۰	۹ ۰ ار	۱۰ ا ار	۰	۱۰ ا ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بہاءالدین خان کو تاحیات ۵ روپیہ مصرف خیر سے ملا کریں ـ

احکام ضابطہ جاری ہوں ـ ۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس خانبہادر صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۹ مارچ ۱۸۹۵ء

سید غلام شبیر نایب تحصیلدار سوار علیل ہیں اور ایک ماہ کی رخصت چاہتے ہیں

لہذا اونکو ایک مہینہ کی رخصت دیجاوے اور بایام رخصت اونکی کام کا

انتظام حسب ذیل کیا جاوے ـ

منشی انوار حسین گرداور قانونگو سے حضور تحصیل باضافہ پانچ روپیہ ماہوار

قائم مقام پیشکار تحصیل سوار مقرر ہو اور تیس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے

سید صادق علی رجسٹرار قانونگوی بجاے انوار حسین کے قائم مقام

گرداور قانونگو سے مقرر کیا جاوے اور پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے

عبدالواحد خان امیدوار قائم مقام رجسٹرار قانونگو سے مقرر کیا جاوے

اور پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے ـ

حکم ہوا

موافق صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ـ

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

متضمنہ یادداشت صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر

نسبت فتوی صاحب مفتی دیوانی نسبت الفاظ وطریقہ حلف اہل ہنود

لفظ اشہد یا تخصیص ہی اہل اسلام کے لیے ہے اہل ہنود پر اوس لفظ کا اثر

نہیں ہو سکتا مفتی صاحب دیوانی کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ ہنود سے

حلف ونوا طریقہ سے لیا جاتا ہے کہ بلفظ اشہد یا شہادت دیتا ہوں اور

پرمیشر کو حاضر و ناظر جانکر بھی ـ لہذا اہل ہنود کے لیے وہی الفاظ

مناسب ہیں کہ پرمیشر کو حاضر و ناظر جانکر سچ کہونگا اور سواے سچ کے

اور کچھ نہ کہونگا ـ اہل ہنود کا حلف انہیں الفاظ سے عدالتوں میں لیا جاوے

نقل حکم ہذا درج گزٹ ہو ـ ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ شوال سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق یکم اپریل سنہ ۱۸۹۵ء | جلد

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل - واقع ۱۷ فروری سنہ ۱۸۹۵ء

وسط قلعہ مین ایک پالس یعنی کوٹھی واسطے قیام حضور پرنور تیار ہوگا جسکے صحن و باغچہ وغیرہ کے لیے علاوہ مکانات سرکاری کی مکانات منہدمہ کاظم علیخان صاحب و نیز مکان مسکونہ منجھلی بیگم صاحبہ سے مطلوب ہون گے - ریاست سے بادا ے معاوضہ یہ مکانات خرید ہونگے - لہذا تجویز ہوا کہ بغرض کارروائی معاوضہ روئداد ھذا صاحب جنرل بہادر کے پاس بھیجی جاوے صاحب موصوف جملہ ورثاے کاظم علیخان صاحب کو باجراے نوٹس ضابطہ بتعین تاریخ مطلع کردین گے -

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

احکام لکھدئے گئے سکرٹری میونسپل بورڈ کو اطلاع دیجاوے اور نقل اسکی برائے طبع مطبع کو مرسل ہو۔

ملاحظہ ہوا ... دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۵ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

منشی محمد ہادی حسن خانصاحب مجسٹریٹ صدر نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ شہر سکرٹری کمیٹی

ملازمین

(۱) پنڈت ڈور یلال صاحب — بخشی فوج

(۲) پنڈت رام دیال صاحب — ڈاکٹر فوج

غیر ملازمین

(۱) صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب — ممبر

(۲) صاحبزادہ گمن خانصاحب — ممبر

(۳) منشی محمد ابراہیم صاحب — وکیل ممبر

(۴) مرزا محمد حسن — ؍؍

(۵) منشی رشید الدین خان صاحب — ؍؍

(۶) حافظ مستقیم صاحب

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی	حکم محکمہ اجلاس اعلیٰ
۱۔ عرضی حشمت علیخان بدیں مضمون اجرائے بھٹی چونہ مع فہرست بھٹیات چونہ اندر شہر جاری ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بھٹیات چونہ مندرجہ فہرست مرتبہ صفائی جو اندر شہر کے جاری ہیں بند کر دی جاویں انکے دھوئیں سے بیماری پھیلتی ہے چنانچہ امسال بیماری کی غایت درجہ کثرت رہی اندر شہر بھٹیات کا جاری رہنا مضر صحت ہے چنانچہ پیشتر جو شہر سے علیحدگی بھٹیات کی تجویز ہو کر اجلاس اعلیٰ سے منظور ہو چکی ہے وہ اسی بنا پر کہ سب کمیٹی حفظان صحت کی یہ رائے تھی کہ اندر آبادی بھٹیات کا جاری رہنا مضر صحت ہے موری دروازہ اور بریلی دروازہ واسطے بھٹیات کے جگہہ تجویز ہوئی ہے وہاں ہونی چاہئیں اب جسقدر بھٹیات حسب اجازت کمیٹی وقتاً فوقتاً ممانعت حکم کے بعد جاری ہو گئی ہیں وہ مسدود ہونی چاہئے اور کمیٹی کی وہ رائے اور اجازت جسکی بنا پر بھٹیات جاری ہو گئی ہیں واپس ہونا چاہئے اور آئندہ قطعی ممانعت ہے کہ اندر آبادی بھٹی چونہ جاری نہ	۱ ملاحظہ ہوا ... اپریل سنہ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

	عالیجناب صاحب دالیجس پریذیڈنٹ بہادر کے اجلاس مین گذارش ہو۔	
۲۔ عرضی مسماۃ رام پیاری کنیز متعلقہ صفائی بدرخواست اجرا بہشتی چہ محلہ سرا دروازہ برای چیذی	بالاتفاق تجویز ہوا کہ باہر دروازہ کے بہشتی جاری ہونا چاہیئے اندر دروازہ کے اجازت نہیں ہوسکتی درخواست نامنظور۔	
۳۔ عرضی لطیف الحسن بدرخواست کنندگی گڈہا محلہ لب بجسر مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب دفعہ ۲۰ باب چہارم دستور العمل منیوسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز و لیسے گڈہا انباشت ہو۔	
۴۔ عرضی مسماۃ عنایت النسا بیگم بدرخواست کنندگی گڈہ سعد الہ لب بجسر مع کیفیت صفائی	بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب دفعہ ۲ باب چہارم دستور العمل منیوسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز و لیسے گڈہا انباشت ہو۔	
۵۔ عرضی سید بیتھان بدرخواست اجازت کنندگی گڈہا مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب دفعہ ۲ باب چہارم دستور العمل منیوسپلٹی اجازت دیجاوے کہ غلیظ چیز و لیسے انباشت نکیا جاوے۔	
۶۔ عرضی مستقیم دکاندار سبزمنڈی مع دیگر کا غذات دربارہ زیادہ ستانی پرتہ پرکیدہ	باتفاق تجویز ہوا کہ صاحب سکرٹری منیوسپل بورڈ تحقیقات کامل کرکے مفصل حال لکھین۔	
۷۔ عرضی خوب چند گہڑی ساز بدرخواست وصول پرتہ دگی خود بطور اقساط۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ اگر کوئی شخص معتبر ذمہ دار ہوجاوے تو حسب درخواست سائل للعہ اسوقت لیلئے جاوین اور بقیہ رقم دو روپیہ ماہوار کے حساب سے وصول کیجاوے اور صفائی کو ہدایت لکھا جاوے کہ پھر پرتہ جمع ہوجانا پرتہ وصول ہوتا ہی اگر خوب چند حسب تجویز بالا پرتہ ادا نکریگا تو کل پرتہ یکمشت وصول کیا جاویگا اور کوئی عذر مسموع نہوگا۔	

مضمون	تجویز	حکم
۸- نقشہ تجویز پرتہ جدید چوکیدارہ-	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ابہی پرتہ جدید کی تعداد ماہوار کی جو صاحب سکرٹری بورڈ نے تجویز کیا ہے اور ممبر صاحبان بورڈ نے بہی حاتہ حلقہ کی جانچ کی ہے لہذا کمیٹی کی رائے مین یہہ پرتہ قابل منظوری ہے اور یکم اپریل ۱۸۹۵ء سے یہہ پرتہ جاری ہونا چاہئے اور انگریزی مہینہ سے یہہ پرتہ وصول ہوا کرے باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر گزارش ہو-	اسکی تعمیل اور فرد پرتہ ... پیش ہونے پر حکم صادر ہوگا- ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۹- نقشہ وصول باقی پرتہ چوکیدارہ لغایت فروری ۱۸۹۵ء تعدادی ...	بالاتفاق تجویز ہوا کہ پرتہ کی وصول مین ہمیشہ دقت رہتی ہے اور باقی کثیر دیکہنے مین آتی ہے اسوقت بہی ... باقی ہین ملازمان صفائی تحصیل کنندہ گان پرتہ کی کوشش کافی نہین ہوتی نہ ملازمان صفائی کا کچہہ رعب اب ہے اسیوجہہ سے باقی کثیر رہتی ہے کمیٹی کی رائے مین اگر تحصیل پرتہ کا کام حضور تحصیل کے متعلق کردیا جاوے تو یقین ہے کہ کل پرتہ ماہ بماہ وصول ہوتا رہیگا اور اسقدر باقی نہین رہا کریگی باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر گزارش ہو-	تحصیل کا کام وصولی پرتہ ... جہانسے پرتہ وصول ہوتا ہے اُنکی کوشش سے بہین وصول ہونا چاہئے- ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۰- فرد بقایا پرتہ چوکیدارہ ذمگی اہل خاندان تعدادی ...	بالاتفاق تجویز ہوا کہ باجلاس عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر بہر صدور حکم مناسب پیش ہو-	رپورٹ و فرد بقایا پرتہ پیش ہونے پر حکم مناسب صادر ہوگا ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۱- فرد نادہندگان پرتہ چوکیدارہ رقمی ...-	بالاتفاق تجویز ہوا کہ عالیجناب صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس مین بہر صدور حکم مناسب پیش ہو بہتر ہو کہ معرفت حضور تحصیل یہ رقم وصول کرائی جاوے-	افراد اور رپورٹ کے پیش ہونے پر حکم صادر ہوگا- ۲۱ مارچ ۱۸۹۵ء دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
۱۲- فرد ناداران تعدادی ...-	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ممبر صاحبان اپنے اپنے حلقہ جات کی بابت بعد تحقیق اطلاع فرمادین کہ درحقیقت یہ لوگ نادار ہین-	
۱۳- فرد فوتی و فراری وغیرہ تعدادی ... حالہ ...	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ممبر صاحبان میونسپل بورڈ کی خدمت مین مرسل ہو بعد تحقیقات و جانچ اطلاع فرمادین-	

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۵ لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

[illegible]	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہنود	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہنود	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتے: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتے: ۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتے: ۱۳ سال سے زیادہ: مرد	تفصیل فوتے: ۱۳ سال سے زیادہ: عورت	تفصیل فوتے: میزان: مرد	تفصیل فوتے: میزان: عورت	تفصیل فوتے: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتے: تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: بخار	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: میزان	کیفیت
شہر و حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۲۸	۳	۲۰	۵۷	۹	۴۸	۱۱	۲	۲	۰	۸	۴	۲۱	۶	۶	۳۱	۰	۰	۲۷	۰	۲۷	۰
ملک	۳	۱۷	۲	۲۰	۴۲	۵	۳۷	۰	۱	۴	۰	۶	۰	۱۰	۱	۱	۱۰	۰	۰	۰	۱۱	۱۱	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۹	۴۵	۵	۴۰	۹۹	۱۴	۸۵	۱۱	۳	۶	۰	۱۴	۴	۳۱	۷	۷	۳۱	۰	۰	۲۷	۱۱	۳۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۵ لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ اار	۱۵ اار	۱۳ اار	۰	۱۴ اار	حضور تحصیل و بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ اار	۲۲ ار	۱۸ اار	۰	۱۹ اار	
نخود مع آمیز	۰	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۲۱ ار	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۱۰ ار	۹ ار	۹ ار	۰	۹ ار	
مونگ	۰	۱۲ ار	۱۰ ار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۰	۱۵ ار	۰	۰	
چنے	۰	۰	۳۰ ار	۰	۰	۲۶ ار	
[illegible]	۰	۲۰ ار	۲۰ ار	۹	۰	۲۰ ار	
عدس	۰	۲۵ ار	۰	۰	۰	۲۰ ار	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۲۰ ار	
برنج	۰	۱۰ اار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۰	۱ اار	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۳ ار	۲ ار	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۱۲ ر	۱۲ ر	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۰	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۷ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۹	۸ ار	۸ ار	۰	۹ ار	

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۴ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ شوال ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۸ اپریل ۱۸۹۵ عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۵ع

دربارہ ممانعت طبع کاغذات سرکاری کے سوای مطبع سرکاری

آج بہ شمول بحضور پرنور ہز ہائینس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی دریافت ہوا کہ سابق ممانعت ہو چکی ہے کہ کاغذات محکمہ جات و سرشتہ جات سرکاری کے سواے مطبع سرکاری دیگر جگہہ طبع نہوا کرین مگر اوسکی تعمیل پورے پورے طور پر نہین ہوتی لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ مجدداً احکام تاکیدی جاری کیے جائین کہ سواے مطبع سرکاری کے کسی محکمہ یا کسی سرشتہ کے

کاغذات دوسرے مطبع مین طبع نکرائے جائین حکام و افسران سررشتہ اس امر کا بہت خیال رکھین مثل بنا براجرای احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہوا اور ایک نقل درج گزٹ کرائی جائے

دستخط حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشار تجویز اجلاس کامل ہر سررشتہ کی کاغذ سوای مطبع سرکاری کی اور جگہہ طبع نہوا کرین ایک نقل تجویز اجلاس کامل کی بنابر اندراج گزٹ مطبع کو بہیجی جای تاکہ ہر سررشتہ مطلع ہوکر موافق حکم اجلاس کامل تعمیل کرے اور ایک ایک نقل اسکی باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر اور باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر اور باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو کہ براہ مہربانی اپنے اپنے سررشتون متعلق مین حکم جاری فرمادین کہ بمنشای حکم کونسل کارروائی ہوا کرے۔

۱۳ مارچ ۱۸۹۵ء [illegible]

ترقی و تنزل ملازمان پولیس بماہ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی حسب منظوری صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کونسل

ترقی

(۱) حامد خان ہیڈ کانسٹبل اجلاس صاحب مجسٹریٹ ضلع مشاہرہ وار پندرہ روپیہ کو من ابتدا سے یکم مارچ ۱۸۹۵ء عہ ماہوار ترقی دیگئی۔

(۲) سید تفضل حسین انسپکٹر شاہ آباد و شاہ دوارہ للعہ کو یکم مارچ ۱۸۹۵ء سے عہ ترقی دی گئی۔

تنزل

(۱) توسل حسین ہیڈ کانسٹبل درجہ دوم ماموریٔ ٹانڈہ بوجہ نہ قائم کرنے مقدمہ کے ۲۵ فروری ۱۸۹۵ عیسوی سے عہ تنزل اور درجہ سوم ہوا۔

(۲) شفاعت علیخان ہیڈ کانسٹبل درجہ سوم ماموریٔ ٹانڈہ بوجہ نہ قائم کرنے مقدمہ کے ۲۵ فروری ۱۸۹۵ء سے عہ تنزل اور درجہ چہارم ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۳ مارچ ۱۸۹۵ء

ہمکو معلوم ہوا کہ یہان کی عدالتہاے فوجداری مین وہ مقدمات جنکے ملزم مقید بحوالات ہوتے ہین عرصہ تک دائر رہتے ہین اور بلا وجہ موجہ تاریخ پیشی پر التوا ہوتا جاتا ہی جسکی وجہ سے ملزمین زیادہ عرصہ تک مقید حوالات رہتی ہین مقدمات فوجداری مین حتی الامکان اونکی فیصلی کی عجلت کیطرف توجہ حکامان فوجداری ضرور ہونا چاہیے پیشتر بذریعہ روبکار ۱۳ مارچ ۱۸۹۳ء مطبوعہ گزٹ نمبر ۱۲ فوجداری عدالتون کو ایما ہوا تہا کہ جب کسی تاریخ مقررہ پر مقدمہ فیصل نہوسکے تو اوسکی یادداشت مع وجہ التوا مقدمہ شامل مثل کردینا چاہیے اور یہ بہی ہدایت ہوئی تہی کہ ہر پندرہ روز کے بعد ایسی مقدمات کی التوا کی بابت ایک یادداشت اطلاعی اس اجلاس مین آنا چاہیے مگران دونون احکام کی تعمیل ہونا اب کسی عدالت مین پایا نہین جاتا اسلیے ہم مناسب سمجہتے ہین کہ ایک نقشہ ہفتہ وار حوالاتیان ہر عدالت سے بنمونہ منسلکہ ہمارے اجلاس مین آیا کرے جس سے

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر - واقع ۲۶ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

کل دفعات روئداد کمیٹی ہذا ملاحظہ ہوئے کوئی امر قابل تحریر حکم خاص نہیں تھا لہذا نقل اسکی صرف درج گزٹ کردیجائے اور اصل روئداد پاس سکرٹری میونسپل بورڈ کے مرسل ہو

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۱۷ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء

جناب مولوی محمد صفدر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ محمد ہادی حسنخانصاحب مجسٹریٹ بہادر نائب صدر نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ بہادر سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

۱- مولوی محمد یعقوب علیخانصاحب — وکیل سرکار بہادر
۲- پنڈت رام دیال صاحب — ڈاکٹر فوج

غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ گمن خانصاحب — ممبر
۲- مولوی محمد یعقوب صاحب — وکیل ممبر
۳- سید محمد ابراہیم صاحب — ״
۴- مولوی محمد عبدالمجید خانصاحب — ״
۵- لالہ گوپال داس صاحب — ممبر
۶- لالہ کنیشی لال صاحب — ״
۷- لالہ دیندیال صاحب — ״
۸- لالہ بلدیو داس صاحب — ״

امر تصفیہ طلب	تجویز
۱- عرضی محلہ داران گنج [illegible]	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محلہ گنج [illegible] لہذا عرضی داخل دفتر ہو
۲- عرضی محلہ داران [illegible] کیفیت [illegible]	بالاتفاق تجویز ہوا کہ [illegible]

	انپاشت اوپر ایک ایک فٹ مٹی ڈالیجاوے ایک فٹ مٹی ڈالنے کی بابت تخمینہ طلب ہو۔
۳۔ عرضی ٹھیکہ دار آبکاری مع کیفیت صفائی بدرخواست نہ لیے جانے صرف صفائی بہشتی بوجہ نکرنے کام لوہرہ ملازم صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ بہشتی پیشہ اختیار ٹھیکہ دار آبکاری کو عدم تحقیقات کا عذر ہے اور اسوجہہ سے درخواست معافی ہے کہ صفائی ملازم لوہرہ نے کام نہیں کیا اور صفائی کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ صفائی کی پورے کام کیا ہے لہذا اس بابت صاحب سکریٹری بورڈ خود تحقیقات کرکے اطلاع دین۔
۱۔ عرضی یوسف علیخان بدرخواست اجازت کرنے کوئلہ بمحلہ رہ دری محمود خان معہ کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ڈاکٹر صاحب فوج کوئلہ کرنے کو مضر صحت اپنی رائے مین کہتے ہین لہذا اسبارہ مین صاحب اسسٹنٹ سرجن بہادر سے بہی رائے طلب ہو کہ اگر کوئلہ کرنیکی اجازت دیجاوے تو یہ امر مضر صحت ہے یا نہین۔
رپورٹ صفائی بجواب تحریر کمیٹی دربارہ اجرائی گاڑیان۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ نمونہ گاڑیان مینوسپلٹی مرادآباد کے منگوانے یا بنوانیکی ضرورت نہین ہے گاڑیان موجودہ صفائی سے کام لیا جاوے کاغذات داخلدفتر ہون۔
نوٹ بخشی صاحب فوج دربارہ مقرر ہونے قاعدہ داغ دہانی گوسفندان۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ داغدہانی گوسفندان کا کام صرف بخشی صاحب فوج کے سپرد اگر وہ یہہ تکلیف گوارہ فرماوین تو کیا جاوے کہ وہ بعد ملاحظہ داغ لگوا دیا کرین اور یہ بہی تحریر فرماوین کہ کس وقت بکریان واسطے ملاحظہ و داغ کے آیا کرین۔
نبی بلد یوداس ساکن محلہ ظفر گنج بشکایت شکستگی مکان ارام وغیرہ مع نوٹ بخشی صاحب فوج ممبر بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ مینوسپلٹی سے کچھہ تعلق نہین ہے صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع کے اجلاس مین پیش ہو۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

ہر عدالت کے حوالاتیان کی مدت اور وجہ التواء معلوم ہوتی رہے اس نقشہ کی آمد کے لیے تواریخ یکم و ۸ و ۱۶ و ۲۳ ہر مہینہ کی مقرر کیجاتی ہین اوقات مقررہ پر ہمارے اجلاس مین ہر عدالت کے نقشہ کا ضرور پہونچ جانا چاہیے جس عدالت کے نقشہ آنے مین تعویق ہوگی تو بہت بازپرس ہوگا ۔

حکم ہوا کہ

واسطے اطلاع و تعمیل عدالتہاے فوجداری صدر و مفصلات نقل روبکار ہذا مع نمونہ نقشہ منسلکہ درج گزٹ ہو اور ایک نقل مع نقل نقشہ بغرض اطلاع و ہدایت عدالتہاے ماتحت بخدمت صاحب سشن جج بہادر مرسل ہو ۔

[illegible]

نقشہ حوالاتیان عدالت بابت ہفتہ من ابتداء لغایت

نمبر حوالاتیان	نام مدعی	نام ملزم مع ولدیت و سکونت	الزام	تاریخ حوالات: تاریخ اول حوالات	تاریخ حوالات: تاریخ انتہائے حوالات	تاریخ پیشی آئندہ	کیفیت التواء مقدمہ پیشی ہای قبل	کیفیت

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ شوال ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع	جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل۔ واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۸۹۵ع

چونکہ ریاست کے حدود مین مثل نیلگاو ہرن پاڑہ خرگوش چرند و تیتر و جنگلی مرغی وغیرہ پرند کی قسم سے شکار بہت کم ہی با اینہمہ شکاری لوگ جنکو لیسنس سلحہ حاصل ہی۔ اوقات توالد و تناسل کا جسپر بقاے نسل منحصر ہی کسی حالت مین لحاظ نہین کرتے۔ اور اسوجہ سے حیوانات شکار تقریبًا نابود ہوگئی۔ بنظر ترقی نسل حیوانات شکار مناسب ہی کہ عام طور پر آزادانہ شکار مارنے کی ممانعت کردی جاسے اور قدغن ہو کہ نیلگاو ہرن

بارہ سنگہا نیلگاے چیتل خرگوش تیتر کبوتر مور چرز جنگلی مرغی فاختہ
وغیرہ شیر گلدار ریچھ لومڑی گیدڑ بندر رائی پرندوں سی سرخاب
قاز سارس وغیرہ کوئی شخص بلاحصول اجازت خاص نہ مارے —
لہذا تجویز ہوا کہ روبکار ہذا باجلاس صاحب ایسسٹنٹ ریزیڈنٹ بہادر بغرض اجرای
احکام اقتناعی مرسل ہو اور حسب منشاے روبکار ہذا اشتہارات
ممانعت طبع ہو کر جملہ اسٹیشن ہاے پولیس و تحصیلات میں چسپان کیے جاین
اور تحصیلداران ریاست کی معرفت کل مستاجران و پدہانان و پٹواریان
وگرداوران و قانونگویان کو ایک ایک اشتہار مطبوعہ دیا جاے — اور سند
اطلاعیابی لیکر شامل مثل دفتر مین رہے اور نقل روبکار ہذا صاحب سپرنٹنڈنٹ
بہادر پولیس کے پاس بہیجکر لکہا جاے — کہ شہر و قصبات مین عام طور پر
ممانعت شکار کی نسبت صاف لفظون مین منادی کرادین اور نیز
جس شخص کو لیسنس اسلحہ دیا جاے حسب منشاے روبکار ہذا بلاحصول
اجازت خاص شکار نکرنے کی شرط عبارت لیسنس کا جزو قرار
دیجاوے — ایک نقل درج گزٹ بہی کیجاوے —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ایسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بہادر واقع ۶ اپریل ۱۸۹۵ء

بابو بہاری لال پاٹہک ہیڈ کلرک رزیڈنسی بحصول رخصت دو ماہ
من ابتداے ۵ مارچ ۱۸۹۵ء گئے تہے بوصول تحریر صاحب
رزیڈنٹ بہادر پولیٹیکل افسر معلوم ہوا کہ وہ یکم اپریل ۱۸۹۵ء کو
واپس آگئے اور اپنا کام ہیڈ کلرکی کا کرنا شروع کیا لہذا اونکی
رخصت باقیماندہ منسوخ ہونا چاہیے —

حکم ہوا کہ

درباب منسوخی رخصت باقیماندہ بخشی فوج کو اطلاع دیجاے
اور ایک نقل اسکی براے درج گزٹ مرسل ہو —

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شایع ہوا

مطبوعہ ۱۵ اپر

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ لغایت ۱۴ اپریل سنہ

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	اسہال	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۱۳	۱۶	۳	۱۸	۵۰	۱۶	۳۴	۳	۴	۳	۱	۵	۳	۱۱	۸	۴	۱۵	۰	۱	۱۸	۰	۱۹	۰
ملک	۱	۱۷	۲	۶	۲۶	۳	۲۳	۲	۰	۱	۲	۵	۴	۸	۶	۲	۱۲	۰	۰	۰	۱۴	۱۴	۰
سوار	۱۷	۵	۶	۴	۳۲	۲۳	۹	۵	۲	۱	۰	۱۲	۱۲	۱۸	۱۴	۲۲	۱۰	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	״
میزان	۳۱	۳۸	۱۱	۲۸	۱۰۸	۴۲	۶۶	۱۰	۶	۵	۳	۲۲	۱۹	۳۷	۲۸	۲۸	۳۷	۰	۱	۱۸	۴۶	۶۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ لغایت ۱۴ اپریل سنہ ۱۸۹۵ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰۱۶ار	۰۱۵ار	۰	۰	۰	حضور تحصیل سوار و بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آئی
نخود خالص	۰	۲۵ار	۲۲ار	۰	۰	۰	
نخود آمیز	۰	۲۶ار	۲۵ار	۰	۰	۰	
جو	۰	۰	۲۶ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ار	۹ار	۰	۰	۰	
مونگ	۰	۰۱۲ار	۱۰ار	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
چنے	۰	۳۰ار	۳۰ار	۰	۰	۰	
لوبیہ چنے	۰	۰۲۲ار	۲۰ار	۰	۰	۰	
عدس	۰	۰۲۲ار	۲۵ار	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۲۵ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۰ار	۱۱ار	۰	۰	۰	
روغن زرد	۰	۱ار	۱ار	۰	۰	۰	
روغن سیاہ	۰	۲ار	۲ار	۰	۰	۰	
روغن کنجد	۰	۲ار	۲ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۰۰۸ار	۹ار	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۶ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۸ار	۸ار	۰	۰	۰	

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ شوال سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع | جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۵ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع

بملاحظہ اکثر اسال صیغہ دیوانی معلوم ہوا کہ یہان فہرست کے بعد فرد محکوکی و مشکوکی کاغذات مشمولہ مسل شامل نہین ہوتے جسکی وجہ سے ایسے اعتراض کا موقع ملسکتا ہے کہ بعد شمول مسل فلان کاغذ مین مشکوکی و محکوکی یا فلان سطر مین بمقابلہ دیگر سطور کے عبارت بڑہائی گئی ہے لہذا ہم مناسب سمجھتے ہین کہ آیندہ سے ہمیشہ اسکا خیال رہے کہ مسل

صیغہ دیوانی مین فردمحکوکی مشکوکی مثل فرد حکام مسلسل و فہرست شامل ہوا کرے - لہذا

حکم ہوا کہ

بنا بر تعمیل حسب منشاء روبکار ہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاسے تا کہ جملہ حکام صیغہ دیوانی مطلع ہو کر اس حکم کی تعمیل کی بابت توجہ کامل فرمائین فقط

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقعہ ۱۷ اپریل ۱۸۹۵ء

حضور نوابصاحب خلدآشیان نے بذریعہ روبکار مورخہ ۱۰ رمضان ۱۲۸۹ ہجری مطابق ۱۲ نومبر ۱۸۷۲ء جو وقف فرمایا اوسمین حفاظ کا تقرر بھی قرآن خوانی کے لیے تجویز فرمایا اور دفعہ ۹ روبکار موصوف مین یہ بھی درج ہوا کہ تعداد حفاظ ہر ایک حافظ سے ایک منزل فمی بشوق کے ہر روز ہوا کرے - اب یکھا جاتا ہے کہ جناب نوابصاحب بہادر خلدآشیان کے مزار مبارک پر سو حافظ واسطے قرآن خوانی کے مقرر ہین ہر روز اونمین سے دس کی باری ہوتی ہے ہر چند کہ اونکے انتظام نگرانی حاضری کے لیے ایک منصرم بھی متعین ہین اور وہ نسبت حاضر رکھنے حفاظ کے پوری کوشش کرتے ہین مگر اصل مقصود جو حفاظ کی تعیناتی کا ہے یعنی قرآن خوانی اوسکا انضباط جیسا چاہیے معلوم نہین ہوتا لہذا آیندہ کے لیے یہ انتظام تجویز کیا جاتا ہے کہ جو حافظ اپنی باری پر حاضر آوین ہر ایک ان مین سے تین پارہ صبح اور تین پارہ سہ پہر کو پڑھا کرے اس سے کم خواندگی نہو منصرم اسکی قرار واقعی نگرانی کرینا ور دیکھین کہ حفاظ در حقیقت بتعداد معین ختم کیا کرین اور وقت ضایع نکرین

اس حساب سے ہر روز دو ختم ہوا کرینگے مقدار خواندگی بھی ایک منزل سے زاید نہین ہے جو کسی حافظ کو بلکہ ناظرہ خوان کو بھی پڑہنا دشوار نہین اور یہ بھی واضح رہے کہ ہم بذات خود بھی اسکی نگرانی بلا قید وقت و تاریخ خود مزار پر پہونچکر کرتے رہینگے - اگر غفلت و بے پروائی کسی کی پائی جاویگی تو اوسکی جگہ دوسرا بندوبست ہوگا -

اسکا نقشہ ایک کتاب مجلد مین ہر روز بنمونہ ذیل مرتب ہوا کریگا

تاریخ	نام حافظ	[illegible]	خواندگی صبح				خواندگی سہ پہر				کیفیت
			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

ایک رجسٹر مجلد ہو کر منصرم کے پاس بھیجا جاوے ایک مہینے کے لیے ۳۰ صفحہ کافی ہونگے وہی رجسٹر بذریعہ رپورٹ کے جسمین کیفیت تعمیل و مثل روز کی درج ہوگی منصرم ملاحظہ کے لیے تاریخ ۱۱ و ۲۱ و یکم ہر ماہ کو اجلاس مین بھیجا کرین کہ وقتاً فوقتاً بعد ملاحظہ و دستخط واپس ہوتا رہیگا -

اگر کوئی افسر سرکاری کسی تاریخ پر وہان جایا کرے تو آخر صفحہ پر کیفیت اونکے معاینہ کی بقید وقت کارگزاری وقت مذکور جو اونکے دیکھنے مین آوے بدستخط اونکے منصرم لکہا لیا کرین

حکم ہوا کہ

کتاب مجلد پیشانی لگا کر پاس منصرم مع نقل روبکار ہذا بذریعہ صاحبزادہ میانجان صاحب بھیجی جاوے اور ایک نقل بغرض اندراج کی درج گزٹ ہو -

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۵ لغایت ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۲	۴	۶	۷	۱۹	۸	۱۱	۰	۴	۰	۰	۵	۱	۵	۵	۵	۵	۰	۰	۱۰	۰	۱۰	۰
ملک	۰	۱۷	۱	۱۱	۲۹	۱	۲۸	۰	۰	۰	۰	۵	۱	۵	۱	۰	۶	۰	۰	۰	۶	۶	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	سنہ
میزان	۲	۲۱	۷	۱۸	۴۸	۹	۳۹	۰	۴	۰	۰	۱۰	۳	۱۰	۶	۵	۱۱	۰	۰	۱۰	۶	۱۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ... من ابتدا ۱۵ لغایت ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۵ ۱ار	۱۶ ۱ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۰۰۲۳ ار	۰۰۲۰ ار	۱۹ ۱ار	۰۰۲۰ ار	۲۰ ۱ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰۰۲۵ ار	۰۰۲۲ ار	۲۱ ۱ار	۰۰۲۲ ار	۲۲ ۱ار	
کسر	۰	۰	۲۵ ۱ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ۱ار	۹ ۱ار	۸ ۱ار	۹ ۱ار	۸ ۰ار	
مونگ	۰	۱۴ ۱ار	۱۰ ۱ار	۰	۰	۹ ۱ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۱۷ ۰ار	۰	
جو چنے	۰	۲۶ ۰ار	۲۵ ۱ار	۰	۳۰ ۰ار	۳۰ ۰ار	
گیہوں چنے	۰	۱۷ ۰ار	۱۸ ۱ار	۲۳ ار	۱۸ ۰ار	۲۰ ۱ار	
مسور	۰	۲۵ ۱ار	۲۲ ۰ار	۰	۲۲ ۰ار	۰	
ارہر	۰	۳۵ ۱ار	۳۰ ۱ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۰ ۱ار	۱۱ ار	۱۰ ۰ار	
روغن زرد	۰	۱ ۱ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ۰ار	۲ ۰ار	۲ ۰ار	۳ ار	۲ ۰ار	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۲ ۱ار	۰	۰	۲ ۱ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۸ ۰ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۸ ار	۸ ار	۰	۹ ار	۸ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۲۹ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع | جلد [illegible]

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع

چونکہ موسم گرما چند درجے طے کرنیکے بعد عروج پر آگیا اور دوپہر کو آفتاب کی تمازت عدالت مین آمد ورفت کرنیوالون کو کسیقدر باعث تکلیف ہوتی ہے مناسب ہے کہ تاریخ ۲۳ ماہ اپریل سنہ ۱۸۹۵ع سے اوقات اجلاس وکچہری ۶ بجے صبح سے گیارہ بجے تک قرار دیئے جائین۔ لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل اطلاع تبدیل اوقات کی غرض سے ہر اجلاس مین بہیجی جاے اور احکام اطلاعی جاری ہو کر ایک نقل درج گزٹ بہی کیجا ے

حکم اجلاس قائم مقام صاحب ریونیو ممبر بہادر

بمقدمہ عرضی سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سوار

بابت خواستگی رخصت مبلغ یدہ ۱۵ یوم بوجہ ابقاے علالت

حکم ہوا کہ

بسلسلہ انتظام سابقہ رخصت منظور ہے واسطے پندرہ یوم کے —

احکام ضابطہ جاری ہون — ۱۸ اپریل ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس قائم مقام صاحب ریونیو ممبر بہادر

۲۱ اپریل ۱۸۹۵ء

محمد علاء الدین اہلمد سررشتہ صدر قانونگوئی کا حسب الحکم حضور پرنور دام اقبالہ وملکہم پانچروپیہ ماہوار اضافہ ۱۱ اپریل سنہ رواں یوم نفاذ حکم موصوف سے عمل مین آیا —

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۲؍ لغایت ۲۸؍ اپریل سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدایش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	اسہال	متفرقات	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
سوار	۸	۴	۲	۳	۱۷	۱۰	۷	۳	۲	۰	۰	۸	۶	۱۱	۸	۱۲	۷	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
میزان	۸	۴	۲	۳	۱۷	۱۰	۷	۳	۲	۰	۰	۸	۶	۱۱	۸	۱۲	۷	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۲۲؍ لغایت ۲۸؍ اپریل سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۵ ۰ار	۱۶ ار	۱۶ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	
نخود خالص	۰	۲۲ ۰ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۹ ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۳ ۰ار	۲۳ ۰ار	۲۷ ار	۲۲ ۰ار	۲۰ ار	
کسہ	۰	۰	۲۴ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ار	۹ ار	۸ ار	۹ ار	۹ ار	
مونگ	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
سبجے	۰	۲۷ ۰ار	۲۷ ۰ار	۰	۳۰ ار	۲۶ ار	
گوبجے	۰	۱۸ ار	۲۰ ار	۲۵ ار	۱۸ ۰ار	۲۰ ار	
عدس	۰	۰	۲۳ ۰ار	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	
ارہر	۰	۲۲ ۰ار	۲۳ ۰ار	۰	۰	۲۰ ار	
برنج	۰	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ۰ار	۱۱ ار	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	۰	ا۲ ار	اررار	اررار	اررار	
روغن سیاہ	۰	۱۲ ار	۳ ۰ار	۲ ۰ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۱۰ ار	۳ ار	۰	۰	۳ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۸ ار	۷ ار	۰	۷ ۰ار	۹ ار	

اشتہار راسان قابل نیلام مویشیخانہ شہر خاص

نمبر شمار	نمبر رجسٹر	قسم مویشی	رنگ	عمر	قد	داغ و نشان	صورت سینگ	دبلا یا موٹا	عیب اگر کچھ ہو	قیمت تخمینی	نام و ولدیت و سکونت مالک	تاریخ و وقت نیلام	تاریخ	کیفیت
۱	۷۹	بیل بدہیہ	نیلا کبرہ	ضعیف	۔۔ہ	دم سفید	موڑی	دبلا ہے	۰	۔۔۔	علی محمد چوکیدار ولد عظیم سکنہ موضع کاشی پور	۱۴ اپریل ۹۵ء ۱۰ بجے دن کے	۲۹ اپریل ۹۵ء	روبرو دروازہ کوتوالی کے نیلام ہوگا۔
۲	۹۶	بیل بدہیہ	دہودا	پکا ہے	۔۔ہ	دم کالی	سلامی	اوسط	۰	۔۔۔	کنہی کو ٹوارہ چھوٹے چیار ساکنان مڈیان بے نظیر	۱۷ اپریل ۹۵ء ۹ بجے صبح کے	۳ مئی ۹۵ء	//
۳	۱۲۰	گھوڑی	مشکی منہ پٹہ	جوان	۱ ۔۔ہ	[illegible]	۰	اوسط	۰	عہ	منو ولد شیخ چھوٹے سکنہ موضع پسپورہ مزرعہ اجیت پور	۲۰ اپریل ۹۵ء ۸ بجے صبح کے	۵ مئی ۹۵ء	//
۴	۱۲۱	بچھیرا	کمیت پٹہ	ایکسال ۲ ماہ	۔۔۳	عیاں دم کالی بدہا	۰	دبلا ہے	پنگڈہ ہے	عغا	//	//	//	//

RAMPUR GOVᵀ GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۰ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۶ مئی سنہ ۱۸۹۵ء	جلد

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم واقع ۴ مئی سنہ ۱۸۹۵ عیسوی

خانبہادر سید علی حسن خانصاحب مرحوم ریونیو ممبر سابق کے حسرت ناک انتقال کی وجہ سے لازم ہے کہ کوئی معزز و شریف الخاندان اور معتبر افسر ریونیو ڈپارٹمنٹ کیواسطے تجویز کیا جاوے۔ چونکہ آنریبل نواب محمد علیخان بہادر رئیس جہانگیرآباد کو اس کام کیواسطے منتخب کرنے مین گورنمنٹ نے بھی اینجانب کی راے سے اتفاق کیا ہے اسلئے نواب صاحب موصوف کو

بمشاہرہ ایکہزار دوسو روپیہ ماہوار بعہدۂ ریونیو ممبری ریاست رامپور مقرر کیا جاتا ہے۔ آج کی تاریخ سے ریونیو ڈپارٹمنٹ کے تمام معاملات جسطرح اور جسقدر اختیارات کے ساتہ سابق ریونیو ممبر صاحب سے متعلق تہے بلا کم وکاست نوابصاحب موصوف سے متعلق تصور ہونگے ۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل عام اطلاع کے واسطے گزٹ مین درج کیجاوے۔ ونیز بذریعہ نقل روبکار کل محکمہ ہاے ریاست کو اطلاع دیجاوے فقط

حکم اجلاس کامل - واقع ۲۳ اپریل ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور پرنور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ رای صاحب والا شان پرزیڈنٹ بہادر وصاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس منظور ہے آیندہ سے ایسے کاغذات الانشا خواہ کسی دوسرے محکمہ سے جو بنام پولیس ہون بتوسط صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولیس جانا چاہیئے یعنی خط وکتابت مابین محکمۂ پولیس و دیگر محکمہ جات بوساطت صاحب بہادر ممدوح ہونا چاہیئے صاحب سکرٹری بہادر جواب چٹہی تحریر کردین اور بوساطت صاحب والا شان پرزیڈنٹ بہادر صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولس سے دریافت کیا جاوے کہ دربارۂ تحفظ روانگی ملزمان باضلاع دیگر کیا طریقہ حفاظت ملزمان مناسب ہوگا مثلاً اگر دو ملزم روانہ کئے جاوینگے توکسقدر کانسٹبل اونکی حفاظت کیلئے مناسب ہونگے اور اگر چار ملزم روانہ کیے جائین توکے کانسٹبل تحفظ ملزمان کے لئے چاہیئے تعداد ملزمان پر جو تعداد کانسٹبلان بنا بر تحفظ مقرر ہو اوس سے مطلع فرماوین بعد تحریر بالا صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولس سے دریافت ہوا کہ پولس منیول مین بنسبت حفاظت قیدیان جو کہین بہیجے جاوین یہ تحریر ہے کہ جب ایک قیدی بہیجا جاوے تو اوسکے ہمراہ بغرض حفاظت دو کانسٹبل بہیجے جاوین اور جس صورت مین کہ تعداد قیدیان ایک سے زائد ہو تو اوس حالت مین تعداد محافظان کی وہ ہوگی جو افسر متعلق کافی سمجہے اور آیندہ کیواسطے صاحب ممدوح نے حکم دیدیا ہے کہ کوئی قیدی انگریزی کو نہ روانہ کیا جاوے تاوقتیکہ اوسکے محافظان کے تعداد کی بابت ہمسے حکم نہ لیا جاوے ۔

مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر ونقل باجلاس صاحب والا شان پرزیڈنٹ بہادر مرسل ہو اور ایک نقل بنابر درج گزٹ مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب والا شان پرزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

مثل چٹہی صاحب رزیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر بنام صاحب سکرٹری بہادر نمبری $\frac{52}{11-9}$ مورخہ ۵ اپریل ۱۸۹۵ء دربارہ فراری سیوا و گلاب پربہو وغیرہ ماخوذین جرم ڈکیتی

خلاصہ مثل

سابق چٹہی صاحب رزیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر بدریافت حالات فراری سیوا وگلاب پربہو وغیرہ ماخوذین جرم ڈکیتی بنام صاحب سکرٹری بہادر کونسل موصول ہوئی تہی اوسپر رپورٹ صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولس جو اسبارہ مین آئی تہی بجواب چٹہی بہیجی گئی اور تحریر کیا گیا کہ حسب عملدرآمد قدیم احکام دربارۂ روانگی قیدیان بجراست مناسب محکمۂ دارالانشا سے بنام کوتوال شہر جاری ہوتے تہے اور یہ طریقہ قدیم سے مرعی ہے بوساطت صاحب سپرنڈنٹ بہادر پولس ایسے احکام کے اجرا کی بابت یہ مسئلہ جداگانہ صاحب سپرنڈنٹ بہادر کی تحریر آنے پر پیش کیا جاویگا۔

اب صاحب رزیڈنٹ پولیٹکل بہادر تحریر فرماتے ہین کہ ایک نقل تو اعد واون احکام کی جو کونسل سے اسبارے مین نافذ ہوے ہین عنایت

فرمائی جاوے صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر تحریر فرماتے ہین کہ صاحب ڈسٹرکٹ
سپرنٹنڈنٹ بہادر کی درخواست ہے کہ بالعموم کل کاغذات دارالانشا خواہ
کسی دوسرے محکمہ سے جو بنام پولس ہون بتوسط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر
جانا چاہئے یعنی تمام خط کتابت مابین محکمہ پولس و دیگر محکمہ بوساطت صاحب
موصوف ہونا چاہئے اور کوئی حکم بنام کوتوال یا کسی دوسرے افسر ماتحت
پولس کے دارالانشا یا کسی دوسرے محکمہ سے براہ راست صادر نہونا چاہئے
صاحب سکریٹری بہادر اس چٹھی کے جواب مین حضور پرنور باجلاس کونسل سے
منظوری حاصل کرنیکے بعد یہ بہی تحریر فرما سکتے ہین ـ

بحکم صاحب سکریٹری بہادر مثل تفویض کونسل ہوئی ـ

حکم اجلاس کامل واقع ۲۳ اپریل ۱۸۹۵ء

دربارہ اضافہ پچاس روپیہ بابو شاماچرن گہوس بوجہ کارکردگی
بجاے منشی نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ انہار

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس
کونسل پیش ہوئی دریافت ہوا کہ بابو شاماچرن گہوس بجاے منشی
محمد نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ انہار جو ملازمت گورنمنٹ کو واپس
چلے گئے کار سرکار انجام دے رہے ہین صاحب چیف انجنیر بہادر انکی
حسن کارگذاری و لیاقت کی تعریف کرتے ہین اور چاہتے ہین کہ بابو
شاماچرن کی جو موجودہ تنخواہ تعدادی ماہوار علاوہ وہ بہتہ سواری ہے
اوسپر یکم اپریل ۱۸۹۵ء سے پچاس روپیہ اضافہ ملنا چاہئے لہذا تجویز ہوا
کہ حسب راے صاحب چیف انجنیر بہادر اضافہ مبلغ پچاس روپیہ تنخواہ بابو شاماچرن
مین ابتداے یکم اپریل ۱۸۹۵ء منظور ہو مثل باجلاس صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو ـ

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر

ایک نقل تجویز کونسل عالیہ اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر مین بہیجدیجاے
احکام جاری ہون ـ اور ایک نقل درج گزٹ ہو ـ

۲۸ اپریل ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل واقع ۲۳ اپریل ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس
کونسل پیش ہوئی ـ بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن حبیب اللہ خان ولد عبدالیحیا خان
حوالدار جیل کمپنی باستحقاق ملازمت ۲۶ سال ۵ یوم پلٹن حسب معروضہ
بخشی فوج تعدادی مبلغ للعہ ماہانہ منظور ہے ـ
مثل بنا بر اجراے احکام ضابطہ باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم قائم مقام صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد پنشن داران حسب ضابطہ سارٹیفکٹ
مرتب کرکے حوالہ پنشندار کرے کاغذات داخل دفتر ـ

۲۹ اپریل ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل واقع ۲۸ اپریل ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم
باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ مدت ملازمت محمد فتحیاب خان
کپتان بہت قلیل ہے اسلئے استحقاق پنشن انکو حاصل نہین مگر حضور پرنور دام
اقبالہم وملکہم کو پرورش و پرداخت فتحیاب خان کپتان منظور ہے لہذا

پرورشاً صیغہ پنشن سے مبلغ ایک سو روپیہ ماہوار بنام محمد مجتبیٰ خان
مقرر کیے جاوین مثل بنا بر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر
مرسل ہو یہ حکم اور کسی کے لئے آئندہ کو نظیر نہین ہو سکتا۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم قائم مقام صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد پنشنداران کو اطلاع
دیجاوے۔ محررہ ۲ مئی ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۲۷ اپریل ۱۸۹۵ء

درخواست بابو جودھیا پرشاد ہیڈ کلرک اجلاس ہذا باستدعاے رخصت
بست یوم بوجہ بیماری پیش ہو کر ملاحظہ ہوئی چونکہ ہیڈ کلرک مذکور نے
قبل ازین کئی بار رخصت حاصل کی ہے لہذا یہ رخصت نصف تنخواہ پر منظور کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل درج گزٹ کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۳۰ اپریل ۱۸۹۵ء

کاغذ اضافہ تنخواہ حکیم محمد حسین خان صاحب آمدہ اجلاس حضور معلی دام اقبالہ
پیش ہوا صیغہ میونسپلٹی مین بباعث تعمیرات وغیرہ گنجائش نہین ہے مگر چونکہ
حضور پرنور کا منشا ہے کہ حکیم محمد حسین خان صاحب کی تنخواہ مین اضافہ کیا جاے
لہذا بہتر ہے کہ صیغہ شفاخانہ مین مبلغ پچاس روپیہ ماہوار کی تنخواہ حکیم محمد حسین خان صاحب
کی ڈالی جاے۔ صدر منصرم شفاخانہ کو پروانہ لکھا جاے کہ شفاخانہ
یونانی کے مصارف پر نظر کرین اور تخفیف مصارف غیر ضروری گنجائش
نکالین ہمنے برنچ شفاخانہ گنج بھی توڑ دیا ہے ان سب انتظام پر بھی اگر
کسیقدر بیشی آخر سال پر رہیگی تو انتقال رقم کے لئے حسب ضابطہ کارروائی
عمل مین آئیگی۔

حکم ہوا کہ

احکام تقرر تنخواہ حکیم محمد حسین خان صاحب از مصارف شفاخانہ یونانی تعدادی
پچاس روپیہ ماہوار حسب ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل اسکی برائے
درج گزٹ مرسل ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم پریزیڈنٹ آف کونسل واقع ۲۷ اپریل ۱۸۹۵ء

چونکہ اکثر مثلون کے ملاحظہ سے بعض کارروائی سررشتہ ہاے صدر وغیرہ کی خلاف اصول وغیر مفید پائی جاتی ہے جسکے منجملہ یہ امر بہی ہے
کہ کسی مثل پر پورے کاغذات کی فہرست جنسے مثل مرکب ہی نہین ہوتی اکثر ایسا ملاحظہ ہوا ہے کہ پچاس ساٹہہ کاغذ سے مثل شامل ہے اور
فہرست مین جو چہپی ہوئی اوسکے ساتہ ہے صرف چند کاغذات نہایت بدخطی اور بے پروائی سے لکہدیے گئے ہین۔ علاوہ نقص ترتیب کے اسمین فرو گذا
مین زیادہ تر احتمال اس امر کا ہے کہ اگر کوئی کاغذ مثل مین سے گم ہوجاے یا نکالدیا جاے تو کسیطرح پتہ نہین لگ سکتا۔ فہرست مرتب ہونے مین کبہی
فرو گذاشت نہونا چاہیے نقشہ (الف) کے تحت مین ایسے کاغذات جو امورات اہم سے متعلق ہین مثل عرضی دعوے وثبوت دعوی وفیصلہ جا
ووثائق وغیرہ جنپر معاملہ کی بنا رکہی گئی ہے درج ہونا چاہیے اور نقشہ (ب) کی تحت مین ایسے کاغذات جو متعلق بہ تکمیل ہین مثلاً ثمن سفینہ وطلبی نامہ
ووکالت نامہ وغیرہ درج ہوا کرین اور جنکی ترتیب کی نسبت صاحب جوڈیشل ممبر بہادر عمدہ طور سے سررشتہ کو ہدایت فرمائینگے آیندہ سے کوئی مثل بغیر فہرست مصدقہ
سررشتہ دار صدر یا جہان مرتب ہو نرہا کرے کاغذات کا نام مع اوس تاریخ کی جسمین اندراج ہوا ہے صاف خط مین فہرست پر لکہا جایا کرے سواے اسکے کہ ملاحظہ
فہرست سے تعداد وقسم کاغذات دریافت ہوسکیگی تغیر وتبدل یا کسی کاغذ کے گم کرنیکا بہی احتمال نرہیگا اور کاغذات کی ترتیب مین تاریخ کا
لحاظ باعث بے ترتیبی مثل نہوگا۔

اسلئے حکم ہوا کہ

روبکار ہذا باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسلہو کر وہانسے احکام ضابطہ جاری ہون اور صاحب موصوف تمام محکمہای ریاست کو مضمون روبکار سے اور نیز اوس ہدایت سے
جو ترتیب مثل کیواسطے صاحب موصوف نے قرار دی ہو مطلع کردین اور ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ بہی کیجاے۔ فقط

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

اجلاس عالی حضور پرنور دام اقبالہم سے جو ارشاد اس روبکار مین ہوا وہ بہت بجا ودرست ہے ترتیب مثلہ بہت بے پروائی سے کیجاتی ہے حالانکہ ہدایات واسطے
ترتیب مثلہ وآگاہی اہلمدان صدر ومفصل ومحافظ خانہ کی بہ تجویز مولوی مظہر اللہ صاحب مرتب ہوکر بحکم صاحب ریونیو ممبر بہادر یکم اکتوبر ۱۸۹۱ء سے جاری ہوچکی ہین
اور ایک ایک جلد مطبوعہ ہر ایک اجلاس مین موجود ہے مگر جہانتک دیکہا جاتا ہے اوسکی تعمیل پوری پوری نہین ہوتی اب روبکار اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم
گزٹ سرکاری مین شائع کیجاوے اور سررشتہ دار صدر ہر ایک اہلمد صدر اور محافظ خانہ ودیگر جملہ سررشتہ ہائے مین ہر ایک اہلکار کی اطلاع یابی لکہا لیوین
کہ حسب الحکم حضور پرنور آیندہ تعمیل ہو۔ اور سررشتہ دار صدر خود نگران رہین اور اپنی ذمہ داری سمجہین پیشکاران اجلاس مال وجوڈیشل کی بہی اطلاع یابی
لکہا لیجاوے۔ اصل کاغذ بنا بر تعمیل پاس سررشتہ دار صدر مرسلہو اور نقل اس حکم کی اطلاعاً بہ پیشگاہ عالی حضور پرنور دام اقبالہم مرسلہو اور جملہ اہلکاران
سرکار کو آگاہ کیا جاوے کہ اگر آیندہ تعمیل حکم حضور پرنور مین کسی اہلکار کیجانب سے فرو گذاشت ہوگا تو چشم پوشی نکیجاویگی۔ ۲۹ اپریل ۱۸۹۵ء

نقشۂ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۹ اپریل لغایت ۵ مئی ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض — ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۴	۱۴	۶	۶	۳۰	۱۰	۲۰	۴	۴	۰	۰	۷	۵	۱۱	۹	۴	۱۶	۱	۰	۰	۱۹	۲۰	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
میزان	۴	۱۴	۶	۶	۳۰	۱۰	۲۰	۴	۴	۰	۰	۷	۵	۱۱	۹	۴	۱۶	۱	۰	۰	۱۹	۲۰	۰

نقشۂ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۹ اپریل لغایت ۵ مئی ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۶ ار	۱۹ ار	۱۶ ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۲۲ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۹ ار	
نخود آمیز	۰	۲۴ ار	۲۲ ار	۲۴ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	
کسر	۰	۰	۲۴ ار	۰	۲۳ ار	۰	
ماش	۰	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۹ ار	۹ ار	
مونگ	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۱۷ ار	۰	
جئی	۰	۲۵ ار	۲۵ ار	۰	۳۰ ار	۳۰ ار	
گوجئی	۰	۱۷ ار	۲۲ ار	۲۰ ار	۱۸ ار	۱۸ ار	
عدس	۰	۲۰ ار	۲۲ ار	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	
ارہر	۰	۲۲ ار	۲۲ ار	۰	۲۵ ار	۰	
برنج	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۹ ار	
روغن زرد	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۲ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	:	۵ ار	۰	
قند سیاہ	۰	۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۵ء | جلد

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۲۸ اپریل سنہ ۱۸۹۵ء

آج پیشی مثل حضور پرنور ہائینس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ منشی نند کشور مجسٹریٹ درجہ دوم کی درخواست دربارہ اضافہ تنخواہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نے تفویض کونسل فرمائی ہے یہ امر قرین انصاف ہے کہ منشی نند کشور کی تنخواہ اضافہ کیا جانا چاہیئے صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نے کونسل مین زبانی اپنی راے ظاہر فرمائی کہ جب اونکی تنخواہ اضافہ کیجاتی ہے تو کیون اونکو اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول کے نہ دیئے جاوین۔ کونسل باتفاق راے اس امر کو

تسلیم کرتی ہے اور تجویز کرتی ہے کہ منشی نند کشور کی تنخواہ مین پچیس ۲۵ روپیہ
اضافہ ہو کر اونکو اختیارات مجسٹریٹ درجہ اول کے دئے جاوین —
مثل بغرض کارروائی ضابطہ باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔
دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب والیس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشاے حکم کونسل احکام ضابطہ جاری ہون نقل حکم کونسل
درج گزٹ کی جاوے اور ایک ایک نقل عدالت سشن اور عدالت
فوجداری ضلع کو بھیجی جاوے — ۲ رمئی ۱۸۹۵ع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

حسب پیشی عرضی منشی تجمل حسین نائب تحصیلدار شاہ آباد بدرخواست رخصت
۱۵ یوم رعایتی رخصت مطلوبہ پندرہ یوم منظور کی گئی —
۵ رمئی ۱۸۹۵ع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

عرضی مولوی تفضل حسین گرداور آبکاری و نائب منصرم نزول بدرخواست
اضافہ مع رپورٹ منصرم نزول سابق ملاحظہ ہوئی منصرم نزول کی رپورٹ سے
واضح ہوا کہ اونکی نیابت مین اچھی طرح کام مولوی تفضل حسین نے انجام
دیا ہے اور سرکار فیض آثار کا منشا ہے کہ اونکو ترقی دیجاوے اسواسطے
صیغہ نزول سے بالفعل مبلغ پانچ روپیہ مقرر کیے گئے — تنخواہ صیغہ آبکاری
و نزول ملاکر آئندہ پچیس ۲۵ روپیہ ماہوار ملینگے —
۶ رمئی ۱۸۹۵ع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

حسب پیشی عرضی تحصیلدار سوار رخصت پنج یوم بوجہ ضرورت مرمت مکانات اپنی منظور کی گئی
ایام رخصت مین نائب تحصیلدار معمولی کاروبار انجام دینگے — ۸ رمئی ۱۸۹۵ع

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۸ رماہ مئی ۱۸۹۵ع

آج ایک مثل منفصلہ عدالت دیوانی نمبری ۶۵ ماہ بیبا بیگم مدعیہ بنام عبدالحمید
مدعا علیہ عوے وین مہر ملاحظہ سے گذری ۔ کاغذات مثل سے ثابت ہے کہ ڈگری
نمبر ۳ ہے اور تجویز عدالت نمبر ۴ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈگری
ہمیشہ تجویز پر مقدم رکھی جاتی ہے حالانکہ ڈگری بعد صدور فیصلہ و تجویز
مرتب ہوتی ہے لہذا وہ بعد تجویز کے مثل مین رہنا چاہیے —
اس ترتیب مثل سے جیسا کہ اسوقت تک ہوتا ہے یہ پایا جاتا ہے
کہ اول فیصلہ کا حکم اخیر سنا دیا جاتا ہے اور اوسکے بموجب ڈگری مرتب ہو کر
لگا دیجاتی ہے اور اصل فیصلہ بعد کو تحریر ہو کر شامل کیا جاتا ہے —
یہ طریقہ اگر جاری ہے تو نہایت نامناسب ہے ہمیشہ بعد تحریر تجویز کے
حکم سنایا جانا چاہیے اور اوسی کے موافق ڈگری مرتب ہو کر بعد تجویز کے
لگائی جانی چاہیے — روبکار اخیر مقدمہ مذکورہ بالا کی تاریخ ۲۳ رفروری ۱۸۹۵ع
اور اوسی روز فیصلہ مقدمہ صادر کیا گیا ہے چنانچہ تاریخ صدور ڈگری
و ترتیب ڈگری کی بھی اصل ڈگری مین ۲۳ رفروری ۱۸۹۵ع درج ہے
مگر تحت روبکار اخیر یہ عبارت لکھی ہوئی ہے (واقع سوم مارچ ۱۸۹۵ع
یہ روبکار مرتب ہوا) جس سے صاف ظاہر ہے کہ تاریخ فیصلہ سے
ایک مہینہ بعد تجویز لکھی گئی یہ طریقہ قطعی مسدود ہونا چاہیے اور بعد تحریر
و تکمیل تجویز کے فیصلہ و حکم اخیر سنایا جانا چاہیے اور اوسکے موافق
ڈگری مرتب ہو کر شامل مثل کی جانا چاہیے — اگر آئندہ ایسا اتفاق دیکھا
جائیگا کہ بدستور سابق جاری ہے تو باعث اعتراض ہوگا —

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ عدالتہاے دیوانی و عدالت ججی و
خفیفہ مین بنابر تعمیل بھیجی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک
نقل شامل فائل یک اجلاس کیجاوے —

بحکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

یادداشت صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر

اس ریاست مین بعض مقدمات مین بابت محنتانہ وکلا اور اوسکے تعین مین بڑی بحثین پیش آیا کرتی ہین اور نوبت کونسل تک پہونچتی ہے۔ اسمین کوئی شک نہین کہ ایسے مقدمات جنمین مالیت دعوے کثیر التعداد ہوا کرتی ہے محنتانہ بہی کثیر ہوتا ہے اوسیکے ساتھہ اسمین بہی شک نہین کہ وکلا پورا محنتانہ قانونی ہرگز نہین پاتے کچہ معمول ہے کہ کم محنتانہ قبول کر لیا جاتا ہے اور کچہ اس جہ سے کہ موکلون مین اسقدر استطاعت نہین ہوتی میری راے مین یہ امر خلاف انصاف ہے کہ کسی فریق پر اوس محنتانہ کا بار ڈالا جاے جو وکیل کو نہین دیا گیا ہے اور جو بطور ایک منافع کے موکل کے لیے کہا جا سکتا ہے۔

میری راے مین جو قواعد اس بارہ مین صاحب جوڈیشل کمشنر بہادر ملک اودہ نے جاری فرماے ہین اس ریاست کے لیے بہی اونکا اجرا ضروری ہے اور جسطرح پر صاحب جوڈیشل کمشنر بہادر ملک اودہ نے جاری فرماے ہین میرے خیال مین صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ریاست ہذا باعتبار ہائی کورٹ جاری فرما سکتے ہین۔ قواعد مذکورہ حسب ذیل ہین جسمین باعتبار اغراض ریاست ضروری ترمیم کر دی گئی ہے۔

قاعدہ

کوئی محنتانہ کسی کونسلی یا وکیل کو (علاوہ اوس کونسلی یا وکیل کے جو منجانب سرکار یا ریاست یا کورٹ آف وارڈس اون مقدمات مین حاضر ہون جنمین کہ سرکار یا ریاست یا کورٹ آف وارڈس فریق ہو) بوقت تشخیص خرچہ اوسوقت تک محنتانہ شامل خرچہ نکیا جایگا جبتک وہ فریق جو محنتانہ کے شامل خرچہ ہونیکا دعویدار ہے قبل آغاز تشخیص خرچہ حاکم تشخیص کنندہ کے روبرو ایک سارٹیفکٹ وکیل خواہ کونسلی کا نہ پیش کرے۔

سارٹیفکٹ حسب نمونہ ذیل ہوگا۔

مقدمہ			تعداد محنتانہ جو وصول ہوا ہی	تاریخ یا تواریخ دیے جانے محنتانہ کی	کس شخص نے دیا مع پتہ و نشان	کسکی معرفت دیا گیا مع پتہ و نشان
نام فریقین	دعوے	مالیت دعوے				

دستخط

اب وکیل درجہ فلان یا کونسلی مع پتہ و نشان

مین فلان وکیل یا کونسلی باقرار صالح تصدیق کرتا ہون کہ محنتانہ مندرجہ سارٹیفکٹ ہذا مجھکو وصول ہوا ہے اور یہ محنتانہ قبل سنائے جانے تجویز یا حکم اخیر کے مجھکو وصول ہوا ہے اور کوئی جزو اوسکا واپس نہین کیا گیا اور نہ مجھسے نہ میری جانب سے کسی اور شخص سے اوسکے

اپس کرنے یا چھوڑ دینے یا معاف کرنیکا اقرار ہوا ہے - مرقوم دستخط

ا ب وکیل درجہ فلان یا کونسلی مع پتہ و نشان

بت مین صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو - المرقوم ۲ مارچ ۱۸۹۵ء

صاحب مشیر قانون سے راے طلب ہو - ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

باگذارش ہو کہ مجھکو صاحب جج بہادر کی اس راے سے ہمہ جہت اتفاق ہے اجرا اسکا خالی از فائدہ نہین - محررہ ۲۰ مارچ ۱۸۹۵ء

صاحب جج بہادر و صاحب مشیر قانون کی راے سے ہمکو بھی اتفاق ہے دو نمونہ جات حلفنامہ سارٹیفکٹ کے جو عدالتہاے انگریزی مین جاری ہین
ل کاغذات ہذا کیے جاتے ہین حلفنامہ منجانب موکل و سارٹیفکٹ منجانب وکیل ہر ایک مقدمہ مین داخل ہوتا ہے صاحب جج بہادر اجراے احکام کر کے
تہائی یوانی مین اس قاعدہ کو جاری کرین - بعد اجراے احکام یہ مثل اس اجلاس مین واپس عنایت فرماوین - ۱۴ اپریل ۱۸۹۵ء

ری راے مین نمونہ جات کی ریاست ہذا مین ضرورت نہین ہے اور نہ فریق مقدمہ کیجانب سے جو نمونہ ہے اوسکی ضرورت ہے مین خیال کرتا ہون کہ رعایا غریب ہے
ہنوز قانون دان بھی نہین ہے ایسے سارٹیفکٹ لکھوانے مین خواہ مخواہ رعایا کو زیرباری ہوگی اور بالتخصیص جب دوسرا سارٹیفکٹ وکیل سے لیا جائیگا ممکن نہین
ی وکیل ایسے محنتانہ کا جزو اوسمین صرف کرے لامحالہ وہ بھی بار رعایا پر پڑیگا اسلئے مین خیال کرتا ہون کہ جو نمونہ مینے اپنی یادداشت ۲ مارچ سنہ رواں مین
ہے یا نمونہ منسلکہ کا نمونہ تحریر بقدر ترمیم جو سرخی سے کیگئی ہے کافی ہے المرقوم ۲۱ اپریل ۹۵ء

نمونہ جات کے اجرا سے غریب رعایا پر کوئی اثر زیرباری کا نہین پڑ سکتا حلفنامہ یا سارٹیفکٹ پر کوئی سٹامپ نہین لگایا گیا جس سے رعایا کو زیرباری ہو بلکہ سادہ فارم
پس سٹامپ جاری ہونگے اور ہر ایک مثل مین لگائے جاوینگے نسبت وصولیاقی محنتانہ کے جبتک وکیل و موکل دونو نکی تصدیق نہو صرف وکیل کے بیان پر یا مجرد
ے کے بیان پر کیسے یقین ہو سکتا ہے کہ خواہ مخواہ اسیقدر وصولیاقی ہوئی ہے دونون شخصون کا بیان تصدیق کیلئے ہونا چاہیے لہذا دونون نمونہ جات
فنامہ و سارٹیفکٹ کا اجرا ضروری ہے بخدمت صاحب جج بہادر واپس ہو ۲۳ اپریل ۹۵ء

ما حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ایک نقل پاس منصرم صاحب مطبع سرکاری کے بمراد اندراج گزٹ مرسل ہو اور منصرم صاحب مطبع آٹھہ پرت اسکی علیحدہ طبع کرا کے روانہ عدالت ہذا
ینا تاکہ ہر ایک عدالت مین ایک ایک پرت بھیجدیا جاوے کہ آیندہ بمنشاء حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کارروائی ہوا کرے المرقوم ۳۰ اپریل ۱۸۹۵ء

بعدالت

بنام

بغرض پیش کرنے روبرو عہدہ دار تشخیص کنندہ کے اور بروقت تشخیص دلاپانے اپنے محنتانہ کے بمقابلہ کے
من مطابق قواعد ۲۰ جون سنہ ۱۹۰۹ء بذریعہ اس تحریر کے باقرار صالح تصدیق کرتا ہون بالامین محنتانہائے ذیل
بتواریخ ذیل شخص یا اشخاص مصرحہ ذیل نے مجکو ادا کیے محنتانہاے مذکور قبل صدور اس تجویز کے یا دینے اوس حکم کے جس کے بموجب
محنتانہائے مذکور ہے واجب الادا ہوئے ادا کئے گئے تھے اور مین نے یا میرے
طرف سے کسی نے کوئی جز محنتانہ واپس نہین دیا ہے یا واپس یا معاف کرنے کا اقرار نہین کیا ہے۔

مقدمہ	محنتانہ	تاریخ ادا	کس نے ادا کیا	پتہ ونشان اوس شخص کا جسنے درحقیقت محنتانہ مذکور ادا کیا۔

دستخط

تاریخ دستخط

پتہ ونشان ایڈوکیٹ یا اٹرنے یا وکیل یا پلیڈر

تاریخ ماہ سنہ ۱۹ء نے داخل کیا

یہان نام فریق ثانی کا درج کرو۔

یہان مقدمہ یا اپیل وغیرہ جیسے کہ صورت ہو درج کرین۔

عدالت

ضلع

مقدمہ نمبر

بنام

حلفنامہ ولد قوم عمر پیشہ ساکن

۱) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ مین مقدمہ مذکورۃ الصدر ہون

۲) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ میرا نام و پتہ مطابق مصرحہ صدر کے ہے۔

۳) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ محنتانہ مفصلۂ ذیل مقدمہ مذکورۃ الصدر مین منجانب وکیل کو دیا گیا ہے۔

کہ جسکے تصریحات مطلوبہ قاعدہ ۸۰ منجملہ قواعد عدالت العالیہ حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	تاریخ	رقم جو وقعی ادا ہوئی	کسکو وقعی ادا ہوئی	کس شخص نے وقعی ادا کیا	طریقۂ ادا	کیفیت

۴) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ وکیل موصوف نے یا منجانب اونکے کسی شخص نے کوئی جزو محنتانہ مذکور واپس نہین کیا ہے اور نہ واپس کرنیکا نہ معاف کرنیکا اقرار کیا ہے۔

۵) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ ادا سے رقم مذکور وکیل موصوف کو بابت محنتانہ وکیل موصوف کے ہے کہ جو مبلغ روپیہ بشرکت کسی دوسرے وکیل یا بیرسٹر کے اور مبلغ روپیہ بشرط عدم شرکت کے پایا ہے۔

۶) مین اقرار کرتا ہون اور کہتا ہون کہ واقعات مندرجہ ۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ میرے علم مین سچ ہین مین اقرار صالح کے بیان کرتا ہون کہ یہ میرا بیان سچ ہے کوئی امر چھپایا نہین گیا اور کوئی جزو اوس کا جھوٹ نہین ہے۔

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۰ — مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۶ ذیقعدہ سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۰ مئی سنہ ۱۸۹۵ عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۶ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

صاحب سکرٹری بہادر کونسل لکھتے ہین کہ اکثر لوگ درخواستہائے عطائے سامان مستعار مین یہ الفاظ تحریر کردیتے ہین کہ (فرش بقدر مکان لایا جاوے) اور بعد ازان بقدر سامان مانگتے ہین جو زیادہ ہوتا ہے اور بوجہ ہوجانے حکم کے استدعائے مستدعی پوری کرنا پڑتی ہے اور اسباب خراب ہوتا ہے

اسلئے اشتہار اس امر کا جاری فرمایا جاوے کہ عرائض استدعاے سامان ستعارمین تفصیل اشیاے مطلوبہ بقید تعداد مفصل تحریر کر دیا کرین۔

حکم ہوا کہ

آیندہ سے یہ امر ظاہر کر دیا جاے کہ درخواست مین تفصیل اسباب درج ہوا کرے مجمل درخواست مکان کی وسعت پر یا کسی عوت کی ضرورت پر منظور نہوا کرے فہرست مطلوبہ ضرور رہے۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

مصدورہ عرضی خان بہادر کپتان محمد فتحیاب خان صاحب

آمدہ اجلاس حضور معلی دام اقبالہ بدرخواست اجازت رکھنے تلوار و پستول

چونکہ حسب اجازت حضور پرنور خان بہادر محمد فتحیاب خان صاحب کو وردی پہننے اور ہتھیار رکھنے کی اجازت دیگئی لہذا وہ مستثنیات متعلق اسلحہ حرف (ہ) دفعہ دستور العمل اسلحہ وغیرہ مجریہ ریاست ہذا مین آتے ہین لہذا ایک نقل تحریر ہذا کپتان صاحب کو بطور سند دیجاے اور ایک نقل اطلاعاً محکمہ دار الانشا کو بھیجی جاے اور ایک ایک نقل براے درج گزٹ و سررشتہ پولس کو بھیجی جاے — ۱۴ مئی ۱۸۹۵ء

بحکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

نرخنامہ میونسپل ڈپارٹمنٹ مجوزہ صاحب چیف انجینیر بہادر ریاست

نمبر	نام کام	شرح روپیہ	شرح آنہ	شرح پائی	فی
۱	مٹی کا کام مع درسیی	عا	۸/	٠	فی ہزار مکسر
۲	بھرائی مٹی مع ڈھولائی کا فاصلہ اندر ایک میل کے	٠	۱۳/	٠	فی صدی مکسر
۳	کانکریٹ بنیاد	عـہ	٠	٠	//
۴	چنائی پختہ خشت خورد	عـہ	٠	٠	//
۵	ایضاً خشت کلان	للعـہ	٠	٠	//
۶	ایضاً ڈاٹ	عـہ	٠	٠	//
۷	چنائی نالی خشت کلان جہان کہ کام چنائی شامل نالی کے ہو	عـہ	۸/	٠	فیصدی مربع
(الف)	جہان کام چنائی منڈیر اور پلیہ وغیرہ شامل کام نالی ہو	لعہ/	٠	٠	//
۸	کہرنجہ پختہ و خام خشت خورد	سـہ/	۱۲/	٠	//
۹	پالاسٹر پختہ	سـہ/	٠	٠	//
۱۰	ٹیپ	عا/	٠	٠	//
۱۱	رگڑا	عـہ/	۸/	٠	//
۱۲	سفیدی	٠	۲/	٠	//
۱۳	لکڑی کا کام (چوب سال)	سـہ/	٠	٠	فی فٹ مکسر
۱۴	ایضاً دیسی پختہ	عـہ/	٠	٠	//
۱۵	گول آرہ	٠	۱۲/	٠	فیصدی مربع

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۱ مئی ۱۸۹۵ء

عرضی عبد الشاد ... اہلمد اجلاس بدرخواست رخصت یکماہ رعایتی بوجہ علالت مع سارٹیفکٹ ڈاکٹر مورخہ ۴ اپریل ۱۸۹۵ء ملاحظہ ہوکر رخصت رعایتی منظور کی گئی منجملہ ایک سال کے ایکماہ رخصت بیرونی کا دستور ہے

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۱۱ مئی ۱۸۹۵ء

بدرپیشی عرضی محمد علیخان نائب بخشی رخصت لبست یوم منظور ہے

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۱۹ مئی ۱۸۹۵ء

جشن سالگرہ ملکہ معظمہ قیصر ہند تمام ہندوستان مین ۲۵ مئی کو قرار پایا ہے اور اعلان اسکا گورنمنٹ گزٹ اور عام اخبارات ہندوستان مین دیا گیا ہے چونکہ ریاست مین حسب معمول قدیم سنین ماضیہ یہ جشن ۲۴ مئی کو درج ہے لہذا بموجب اعلان گورنمنٹ گزٹ یہ تعطیل ۲۵ مئی کو دیجاوے اور بغرض تصحیح تاریخ روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۱ مئی ۱۸۹۵ء

جن مقدمات مین صاحب سشن جج بہادر پانچ سال سے زیادہ قید کی سزا کا حکم صادر کرتے ہین وہ حسب قاعدہ مجریہ یہان کے محتاج منظوری اجلاس کونسل ہوتا ہے اور صاحب سشن جج بہادر بعد صدور حکم مثل بغرض منظوری روانہ فرمادیتے ہین اور بلا انتظار انقضاے میعاد اپیل مثل اجلاس کونسل مین پیش ہوکر حکم آخر صادر ہوجاتا ہے جسکے بعد پھر کوئی موقع اپیل ملزم کو نہین رہتا لہذا مناسب ہے کہ آیندہ جس ملزم کی نسبت حکم سزاے قید زائد از پنج سال صادر کیا جاے اسکو بخوبی ہدایت فرمادیجاے کہ اگر اپیل دائر کرنا منظور ہے تو درخواست اپیل گذرانے اور نقل تجویز صاحب سشن جج بہادر فوراً ملزم کو عنایت فرمادیا کرین اور تحت حکم اطلاعیابی ملزم کی لکھانی جایا کرے اگر ملزم اپیل کی درخواست پیش کرے تو درخواست اپیل مثل کے ساتھ روانہ کردیا کرین اور اگر فوراً درخواست اپیل نہ دیجاوے تو مثل پر حکم صادر فرمایا کرین کہ بعد انقضاے میعاد اپیل مثل منظوری کے لیے روانہ کیجاوے اور بعد اختتام میعاد مثل عدالت سشن سے روانہ ہوا کرے تاکہ ملزم سزایافتہ کو موقع اپیل حاصل رہے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا عدالت سشن مین بھیجی جاوے اور ایک نقل فائل بک مین چسپان ہو اور درج گزٹ کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۵ مئی ۱۸۹۵ عیسوی

اگرچہ یہان پہلے سے یہ عملدرآمد چلا آتا ہے کہ کاغذات شامل مثل اور سمن اور پروانجات و نقول احکام پر پیشکاران اجلاس کے دستخط ہوتے ہین مگر باضابطہ کوئی حکم اس عملدرآمد کی بابت پایا نہین گیا چونکہ یہ عملدرآمد جاری رہنا مناسب ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

حسب دستور قدیم پیشکاران اجلاس کے دستخط کاغذات شامل مثل اور سمن اور پروانجات و نقول احکام پر ہوا کرین یہ روبکار بعد ثبت دستخط پیشکاران اجلاس داخل دفتر ہو ایک نقل اسکی شامل فائل بک کیجاے اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاے۔

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۲۷ مئی سنہ ۱۸۹۵ء	جلد ۷

فہرست مضامین

حکم صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر دربارہ تبدیلی سید عبد اللہ ڈاکٹر واقع ۱۹ مئی سنہ ۹۵ ع

بربنای درخواست صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر حسب منشای حکم حضور معلی دام اقبالہ مصدرہ ۱۶ مئی سنہ ۹۵ء ڈاکٹر سید عبد اللہ ۱۵ مئی سنہ ۹۵ء سے اسٹاف حضور معلی مین تبدیل ہوگئے یہ تبدیلی حسب ضابطہ درج گزٹ ہو اور مثل ہذا داخل دفتر ہو۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۶ مئی سنہ ۱۸۹۵ع

صاحبان مجسٹریٹ عموماً سزاے تازیانہ کی جانب ملتفت نہین ہین حالانکہ مجرمان کمسن کو بالخصوص سزاے تازیانہ دیجانی چاہیے اور چھوٹی چھوٹی چوریون مین بھی ایسا ہی ہونا چاہیے صاحبان مجسٹریٹ کو لازم ہے کہ اسطرف توجہ کرین اور دفعات ۳۹۲ لغایت ۳۹۵ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ع (مجموعۂ ضابطہ فوجداری) اور ایکٹ ۶ سنہ ۱۸۶۴ع (قانون تازیانہ) کی مطابقت و مضامین کو ملحوظ رکھکر سزاے تازیانہ کی جانب التفات و توجہ کرین ۔ معلوم ہوا ہے کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اجلاس مین مجسٹریٹان ماتحت مقدمہ سماعت و تحقیقات و تجویز کے بعد واسطے صدور حکم و نفاذ سزاے بید کے بھیجتے ہین اوسکو صاحب مجسٹریٹ ضلع اپنے اجلاس کی کارروائی مین داخل کرلیا کرتے ہین اس سبب سے مجسٹریٹان ماتحت شاید تجویز سزاے بید مین تامل کرتے ہین اگر یہ طریقہ صاحب مجسٹریٹ ضلع نے جاری کیا ہے تو اب براہ مہربانی اسکو بند کرین ایسے مقدمات ہمیشہ اون صاحبان مجسٹریٹ کی کارروائی مین داخل رہنا چاہیے جنھون نے بعد سماعت و تحقیقات و تجویز ثبوت جرم اپنی راے قلمبند کرکے حسب دفعہ ۳۴۹ مجموعۂ ضابطہ فوجداری ارسال کیا ہے امید ہے کہ آیندہ صاحبان مجسٹریٹ سزاے تازیانہ کیطرف توجہ کرینگے اور صاحب مجسٹریٹ ضلع ایسے مقدمات کو جو مجسٹریٹان ماتحت کی عدالت سے بغرض صدور حکم و نفاذ سزاے تازیانہ آوین گے داخل کارروائی اوسی عدالت کے رکھا کرینگے جہان کل تکملہ مثل کا ہوا ہے ۔ حکم ہوا کہ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ عدالتہاے فوجداری و عدالت سشن مین مرسل ہو ایک نقل شامل فائل کیجاے اور درج گزٹ ہو ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۹ مئی سنہ ۱۸۹۵ع

آج ملاحظہ چند امثال منفصلۂ عدالت دیوانی ضلع معلوم ہوا کہ عدالت دیوانی مین عرضی دعوی پیش ہونے پر کچھ حکم طلب کیفیت از سررشتہ نہین لکھا جاتا جس سے معلوم ہو کہ فلان تاریخ اسکی داخلہ کی ہے بلکہ اول عرضی دعوی سررشتہ دار کے پاس داخل ہوتی ہے اور وہ کئی کئی تاریخ کے بعد اپنی کیفیت درباب سقم و صحت دعوی جب شامل کردیتے ہین اوسوقت اوسپر حکم اجراے ثمن و اندراج رجسٹر صادر ہوتا ہے اور وہی تاریخ رجوع دعوی کی قرار دیجاتی ہے یہ نہایت ناقص کارروائی ہے اور اسکے نقصانات اوسوقت معلوم ہوسکتے ہین کہ جب اوس دعوی مین بحث میعاد سماعت واقع ہو اور اس کارروائی مین احتمال سازش بھی درصورت انقضاے میعاد سماعت ہوسکتا ہے لہذا آیندہ کے واسطے ہدایت کیجاتی ہے کہ جسوقت عرضی دعوی پیش ہو یعنی داخل ہو فوراً اوسپر حکم طلب کیفیت لکھنا چاہیے اور وہی تاریخ رجوع قائم ہونا چاہیے اور بعد اوسکے کیفیت سررشتہ پیش ہونے پر اجراے ثمن وغیرہ کا حکم جاری کرنا چاہیے ۔ حکم ہوا کہ ایک نقل اس روبکار کی بنابر عملدرآمد حسب منشاے روبکار ہذا بخدمت مفتی صاحب دیوانی بھیجی جاے اور ایک نقل بنابر اندراج گزٹ مطبع کو روانہ کیجاے تاکہ جملہ حکام صیغۂ عدالت دیوانی مطلع ہوکر موافق منشاے اس روبکار کی کارروائی کرنے کے پابند رہین اور ایک نقل شامل فائل کیجاے اور ایک نقل بخدمت صاحب جج بہادر مرسل ہو ۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۰ لغایت ۲۶ مئی ۱۸۹۵ء

نام مقام	پیدائش: مرد مسلمان	پیدائش: مرد ہنود	پیدائش: عورت مسلمان	پیدائش: عورت ہنود	پیدائش: میزان	پیدائش: تفصیل مذہب مسلم	پیدائش: تفصیل مذہب ہنود	فوتی: ایک سال سے پانچ سال تک مرد	فوتی: ایک سال سے پانچ سال تک عورت	فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	فوتی: ۶ سال سے ۱۲ سال تک عورت	فوتی: ۱۳ سال سے زیادہ مرد	فوتی: ۱۳ سال سے زیادہ عورت	فوتی: میزان مرد	فوتی: میزان عورت	فوتی: تفصیل مذہب مسلم	فوتی: تفصیل مذہب ہنود	امراض: ہیضہ	امراض: چیچک	امراض: بخار	امراض: متفرق	امراض: میزان	کیفیت
شہر رامپور	۲	۱	۵	۰	۸	۷	۱	۵	۷	۲	۰	۹	۸	۱۶	۱۵	۲۴	۷	۰	۰	۰	۳۱	۳۱	۰
شاہ آباد	۵	۱۱	۴	۱۲	۳۲	۹	۲۳	۷	۹	۰	۰	۱۰	۳	۱۷	۱۲	۹	۲۰	۰	۰	۲۰	۹	۲۹	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۳	۱۲	۸	۴	۲۷	۱۱	۱۶	۵	۴	۰	۱	۲	۳	۷	۸	۹	۶	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
بلاسپور	۱۵	۱۲	۵	۵	۳۷	۲۰	۱۷	۵	۲	۲	۴	۶	۴	۱۳	۱۰	۸	۱۵	۰	۰	۲۳	۰	۲۳	۰
ٹانڈہ	۶	۳	۰	۴	۱۳	۶	۷	۵	۳	۱	۰	۱۶	۳	۲۲	۶	۸	۲۰	۰	۰	۰	۲۸	۲۸	۰
میزان	۳۱	۳۹	۲۲	۲۵	۱۱۷	۵۳	۶۴	۲۷	۲۵	۵	۵	۴۳	۲۱	۷۵	۵۱	۵۸	۶۸	۰	۰	۵۸	۶۸	۱۲۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۰ لغایت ۲۶ مئی ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵ ۱۱ر	۱۵ ۱۱	۱۶ ۱۱ر	۰	۱۵ ۱۱ر	۱۴ ۰ ۱ر	سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۹ ۱ر	۲۱ ۱ر	۲۱ ۱۱ر	۰	۲۰ ۱۱ر	۱۹ ۱ر	
نخود کسہ آمیز	۲۲ ۱ر	۲۲ ۱ر	۲۲ ۰ ۱ر	۰	۰	۲۰ ۱۱ر	
جو	۲۳ ۱ر	۰	۲۳ ۰ ۱ر	۰	۰	۰	
باسمتی	[illegible]	۹ ۰ ۱ر	[illegible]	۰	۸ ۰ ۱ر	۸ ۰ ۱ر	
مونگ	۱۲ ۱	۹ ۱ر	۱۰	۰	۰	۹ ۱ر	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
جئی	۲۷ ۱ر	۲۳ ۱ر	۲۷ ۰ ۱ر	۰	۳۰ ۱ر	۰	
کو جئی	۲۲ ۰ ۱ر	۱۶ ۱ر	۲۵ ۱ر	۰	۲۲ ۰ ۱ر	۱۸ ۱ر	
عدس	۲۲ ۰ ۱ر	۲۲ ۱ر	۲۲ ۰ ۱ر	۰	۰	۲ ۱ر	
ارہر	۲۲ ۱ر	۲۳ ۰ ۱ر	۲۲ ۰ ۱ر	۰	۰	۲۰ ۱ر	
برنج	۱۰ ۱۱ر	۹ ۰ ۱ر	۱۰ ۱ر	۰	۱۰ ۰ ۱ر	۹	
روغن زرد	۱ ۱ر	۱ ۱ر	۱۱ ۱ر	۰	۱ ۱ر	[illegible]	
روغن سیاہ	۲ ۰ ۱۱ ۱ر	۲ ۱ر	۲ ۱ر	۰	۲ ۰ ۱ر	۲ ۰ ۱ ۱ر	
روغن کنجد	۰	۲ ۰ ۱ر	۲ ۱ر	۰	۰	۲ ۱ر	
نمک سانبھر	۹ ۱ر	۸ ۱ر	۹ ۱ر	۰	۸ ۰ ۱ر	۹ ۱ر	
نمک لاہوری	۷ ۱ر	۶ ۱ر	۶ ۱ر	۰	۰	۷ ۱ر	
قند سیاہ	۸ ۰ ۱ر	۸ ۱ر	۷ ۱ر	۰	۸ ۱ر	۹ ۱ر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۲ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ذی الحجہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۳ جون ۱۸۹۵ عیسوی — جلد

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائینس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم سرپرست

ریاست رامپور — واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

اسلحہ خانہ خاص اور اسپورٹس وغیرہ کا اہتمام اب تک حفظ اللہ خانصاحب کے زیر نگرانی تھا چونکہ وہ سررشتہ آڈٹ کی افسری پر مامور کیے گئے مناسب ہے کہ صیغہ ہای مذکورہ کے واسطے علیحدہ بندوبست کیا جاے اس لیے تجویز کیا جاتا ہے کہ اسپورٹس بگلہ صاحبزادہ کپتان سرفراز علیخان بہادر کے تعلق اور سہارنس روم و شاگرد پیشہ و اصطبل خاص کی نگرانی

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

مولوی تفضل حسین نائب منصرم نزول وگرد آور آبکاری کا انتقال ہوگیا لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے —

(۱) سید جعفر علی اہلمد بلاسپور باضافہ پانچ روپیہ ماہوار نائب منصرم نزول وگرد آور آبکاری —

(۲) فیاض علیخان اہلمد تحصیل ٹانڈہ بجائے انکے اہلمد بلاسپور —

(۳) ٹھاکر داس معاون اہلمد تحصیل [illegible] باضافہ یک روپیہ ماہوار اہلمد تحصیل ٹانڈہ —

(۴) [illegible] امیدوار بمشاہرہ [illegible] ماہوار معاون اہلمد تحصیل مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں اور چونکہ اس انتظام میں بلحاظ تعداد مشاہرہ سابقہ ان اہلکاران کی بچت کچھ نکل آئی اسواسطے سید فدا علی اہلمد اول اجلاس ہذا کو بوجہ کثرت کار متعلقہ اونکے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں —

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

بزمانہ رخصت و علالت عبدالقادر اہلمد دوم اجلاس ہذا کو محمد علی معاون اہلمد ملازمان [illegible] اجلاس میں کام لیا گیا اب چونکہ عبدالقادر کا انتقال ہوگیا اور ضرورت انتظام مستقل کی ہے لہذا —

حکم ہوا کہ

محمد علی مذکور اپنی اوسی تنخواہ پر جو آب اوسکو ملتی ہے بنگرانی سید فدا علی اہلمد اول کے اجلاس میں منتقل کیا جاوے اور بجائے محمد علی کے صاحبزادہ برکت علیخان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار معاون اہلمد ملازمان مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں —

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۰ جون ۱۸۹۵ عیسوی	جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب ریوینیو ممبر بہادر واقع یکم جون ۱۸۹۵ء

روبکار صاحب چیف انجنیر بہادر ملاحظہ ہوا ہمارے نزدیک بھی محصول آبپاشی کی معافی خلاف قاعدہ ہی کیونکہ معافی اراضی اور چیز ہی اور محصول آبپاشی اور چیز ہی اور یہ محصول بہرحال بحالت ہونے آبپاشی کے قابل وصول ہی لہذا — حکم ہوا کہ تحصیلداران کو اطلاع دیجاوے کہ عام طور پر معافیداران کو مطلع

اگر دین کہ پانی باغراض آبپاشی کسیکو مفت نہین ملیگا اور آراضیات
سقائی پر بھی بدستور موافق شرح معینہ واجب الادا ہوگا صاحب
چیف انجینیر بہادر کو بذریعہ نقل حکم ہذا اطلاع دیجاوے اور نیز
ایک نقل حکم بغرض اطلاع و اعلان درج گزٹ بھی کر دیجاوے ۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع یکم جون ۱۸۹۵ء

اضافہ

عرضی منشی لعل بہادر نائب دیوانصدر بدرخواست اضافہ معہ رپورٹ
دیوانصدر [illegible] پیش ہوئی چونکہ دیوانصدر کی رپورٹ سے واضح ہے
کہ سائل آدمی کارگذار ہی اور صاحب ممبر مال سابق نے بھی اونکی
ترقی کا وعدہ کیا تھا اور بجٹ مین بھی گنجائش ہی ۔ لہذا
پانچ روپیہ اضافہ موالیہ کیا گیا ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۴ جون ۱۸۹۵ء

منشی عبدالکریم خان صدر قانونگو کی میعاد ملازمت جو اس بابت کو
گورنمنٹ عالیہ انگلشیہ سے دی گئی تھی ختم ہوگئی اور کونسل عالیہ نے
اسکے واپس بھیجنے مین ہماری رای سے اتفاق کیا ہی لہذا حسب
تجویز امروزہ اس سلسلہ مین حسب ذیل تقررات عمل مین آئے ۔
منشی ہر شنکر ساکن بلند شہر قانونگوی صدر بمشاہرہ پچیس روپیہ
ماہوار مقرر ہوئے

منشی انوار حسین گرداور قانونگوی حضور تحصیل کا تبادلہ باضافہ
پانچ روپیہ ماہوار نائب صدر قانونگوی کیا گیا اب اونکو بیس روپیہ
ماہوار تنخواہ ملے گی قاضی علاء الدین باضافہ پانچ روپیہ ماہوار علاوہ
کام متعلقہ اپنے کے اہلمد پیشی مقرر ہوئے اور پچیس روپیہ ماہوار
تنخواہ پاوین گے ۔ محمد رضا و فضل احمد امیدوار جنکا تقرر جدید
کیا جاتا ہی دونون معاون اہلمد رہین گے فضل احمد کو دس روپیہ
ماہوار دیا جاوے گا اور محمد رضا کو ایک روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر
بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملے گی ۔
بجاے منشی انوار حسین کے کسی شخص کی باضابطہ مقرر کرنے کی ضرورت
نہین ہی اسواسطے مناسب معلوم ہوتا ہی کہ تا اختتام گھمت سنہ حال
جگہ خالی رہے اور گرداور قانونگوی حلقہ دوم اس کام کو بھی انجام
دیتے رہین اور اگر اتفاقاً تعطیل کے کھلنے کے بعد تک منشی ہری شنکر
یہان آکر اپنے کام کا چارج نہ لے سکین تو منشی انوار حسین صدر قانونگوی سے
اونکا کام بیکل کاغذات سمجھ لیوین احکام ضابطہ جاری ہون اور
بعد تعمیل رپورٹ اطلاعی پیش ہو ۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

بابت پیشی رپورٹ منشی محمد احمد سررشتہ دار [illegible] بدرخواست رخصت یک ہفتہ
بوجہ علالت رخصت مطلوبہ منظور کی گئی منشی پیارے لال نائب سررشتہ دار
بجاے اونکے کار سرکار انجام دینگے ۔ ۸ جون ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲ جون ۱۸۹۵ء

بدریافت یادداشت صاحب جج عدالت خفیفہ بدرخواست عطائے رخصت من ابتدای ۸ جون لغایت ۱۵ ماہ مذکور علاوہ تعطیل جمعہ رخصت من ابتدای ۸ جون لغایت ۱۵ جون ۱۸۹۵ء منظور کی گئی ایام رخصت صاحب جج عدالت خفیفہ مین مفتی صاحب بیانی معمولی کام عدالت خفیفہ و بنیر منصفی حضور تحصیل کا اپنے دستخط سے جاری کرین گے۔ اور معمولی احکام صادر کرینگے انفصال مقدمات جج خفیفہ بعد واپسی رخصت کرینگے۔ پیشکار عدالت کو معمولی کارروائی کرنے کی اجازت نہین ہوسکتی۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۴ جون ۱۸۹۵ء

حسب تحریک ہماری کے بنظر اجرائے قواعد جدید جو بابت انتظام دفتر سکرٹریٹ جاری ہوئے ہین منظوری تقرر محافظ دفتر و نقل نویس و سپرنٹنڈنٹ بنابر دفتر انگریزی اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم ان کونسل سے ہوئی ہے لہذا حسب منشاء روبکار کونسل ۲۹ مئی ۱۸۹۵ء احکام تصریح ذیل جاری کئے جاتے ہین

۱۔ بابو اجودھیا پرشاد جو ہیڈ کلرک اجلاس صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر ہین اونکو صاحب بہادر ممدوح بنابر کام محافظ دفتری دفتر سکرٹریٹ دینا چاہتے ہین بابو مذکور اس کام کے لئے مناسب ہے لہذا نامبردہ بعہدہ محافظ دفتری دفتر سکرٹریٹ مقرر کیا جاوے صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر نامبردہ کو اپنے اجلاس سے ہدایت فرماوین کہ وہ کام محافظ دفتری انجام دیوے اور اپنے آپ کو ذمہ دار اس کام محافظ دفتری کا سمجھے اور پچھلا دفتر جو ہے اوسکو درست کرے۔

۲۔ مسٹر جارج طلب صاحب بہادر بعہدہ سپرنٹنڈنٹ دفتر انگریزی سکرٹریٹ مقرر ہوئے جس تاریخ سے کہ وہ کارخانہ نیل شاہ آباد سے برخاست ہوئے ہین اوس تاریخ سے لغایت ستمبر ۱۸۹۵ء بحساب ایک سو روپیہ ماہوار محکمہ ہذا سے تنخواہ پاوین اور من ابتدائے ماہ اکتوبر ۱۸۹۵ء تنخواہ اونکی بحساب مبلغ ایکسو پچیس روپیہ ماہوار بشرط پسندیدگی تنخواہ مقرر کیجاویگی۔

۳۔ تجویز نقلنویس درپیش ہے بعد تجویز نسبت تقرر نقل نویس احکام ضابطہ صادر ہونگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب منشاء روبکار ہذا احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ جون ۱۸۹۵ء

نام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۲	۰	۱	۰	۳	۳	۰	۸	۳	۲	۰	۱۰	۸	۳۰	۱۱	۲۲	۹	۱	۰	۰	۳۰	۳۱	۰
شاہ آباد	۳	۴	۲	۳	۱۲	۵	۷	۷	۴	۰	۰	۰	۳	۷	۶	۱	۱۳	۰	۱	۱۰	۳	۱۴	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
بلاسپور	۶	۹	۳	۱	۱۹	۹	۱۰	۱	۲	۳	۲	۵	۰	۹	۴	۸	۵	۰	۹	۰	۴	۱۳	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۱۱	۱۳	۶	۴	۳۴	۱۷	۱۷	۱۶	۹	۵	۲	۱۵	۱۱	۳۶	۲۲	۳۱	۲۷	۱	۱۰	۱۰	۳۷	۵۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ جون ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴ ار	۱۶ ار	۰	۱۵ ۰ ار	۱۵ ار	
نخود خالص	۰	۲۰ ۰ ار	۲۳ ۰ ار	۰	۲۲ ار	۱۸ ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۱ ۰ ار	۲۲ ۰ ار	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ار	۸ ۰ ار	۰	۷ ۰ ار	۸ ار	
مونگ	۰	۱۱ ۰ ار	۱۰ ار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible] چنے	۰	۰	۲۵ ار	۰	۲۰ ار	۲۶ ار	
کوبچنے	۰	۱۷ ار	۲۳ ار	۰	۲۲ ۰ ار	۱۸ ار	
عدس	۰	۱ ار	۲۰ ار	۰	۰	۲۰ ار	
ارہر	۰	[illegible]	۲۰ ار	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	
برنج	۰	[illegible]	۱۰ ار	۰	۱۰ ۰ ار	۹ ار	
روغن زرد	۰	[illegible]	۱ ار	۰	۱ ار	[illegible] ار	
روغن سیاہ	۰	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	۰	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	
روغن کنجد	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر		۸ ار	۹ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ۰ ار	۶ ار	۰	۶ ار	۷ ار	
قند سیاہ	۰	۸ ار	۷ ۰ ار	۰	۸ ار	۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۷ جون ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۲۹ مئی ۱۸۹۵ع

مصدرہ مثلہ مسل باقی ذکی عبدالکریم خان صدر قانونگو

۳ — ملازمان مال کو جنکا تعلق انتظام دیہات و تشخیص تحصیل مالگذاری سے ہے آیندہ مستاجری مین دیہات نہ دیے جائین —

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہون اور انتخاب دفعہ ۳ بغرض اعلان و اطلاع عام درج گزٹ ہووے — ۸ جون ۱۸۹۵ع

حکم اجلاس کامل واقع ۲۹ مئی ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم باجلاس کونسل پیش ہوئی واضح ہوا کہ محمد علی رضا خان تحصیلدار درجہ دوم کے تئین ایکسو پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ اونکو اس تفصیل سے ملتی ہے کہ صیغہ مال ایکسو روپیہ اور قدیم سے پچیس روپیہ تنخواہ قدیمی جو اونکو ملتی ہے وہ صیغہ پنشنداران سے ملتی ہے یہ تنخواہ قدیمی اونکی بموجب اسناد پیش کردہ شان بصلہ خدمات دیرینہ اونکے بزرگون کے ہے اس صورت مین تنخواہ تحصیلداری کی فقط ایکسو روپیہ ماہوار ملتی ہے اور تحصیلداری درجہ دوم کی تنخواہ ایکسو پچیس روپیہ ماہوار قایم کی گئی ہے بوجوہات مصرحہ صدر کونسل تجویز کرتی ہے کہ تنخواہ مقررہ محمد علی رضا خان پر مبلغ پچیس روپیہ اضافہ ہو کر تنخواہ تحصیلداری تعداد ایکسو پچیس روپیہ ماہوار مقرر کیجاوے پچیس روپیہ جو تنخواہ ذاتی اونکی بصلہ خدمات دیرینہ اونکے بزرگان کی بصیغہ پنشنداران اونکو ملتی ہے وہ بدستور صیغہ مذکور سے اونکو ملتی رہے تنخواہ تحصیلداری سے کچھہ واسطا تعلق نہین ہے —

مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق منشاے تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون اور اسناد گذرانیدہ محمد علی رضا خانصاحب حسب ضابطہ سررشتہ دار صدر اونکو واپس دیجائین - ۱۰ جون ۱۸۹۵ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

۱۰ جون ۱۸۹۵ء

رپورٹ دیوان صدر بدرخواست اضافہ محرران و اہلکاران سررشتہ خود بوجہ حسن انجام خدمت متعلقہ ملاحظہ ہو کر حسب تفصیل تحت بوجہ گنجایش بجٹ اضافہ عمل مین آیا —

نام اہلکار	تنخواہ سابقہ	اضافہ حال
لالہ شیام سندر لال جمع خرچ نویس	[illegible]	[illegible]
لالہ رام دولارے سیاہہ نویس	[illegible]	[illegible]
لالہ نند لال محرر جانچ	[illegible]	[illegible]
لالہ جانکی پرشاد نزولات نویس	[illegible]	[illegible]
لالہ متھرا پرشاد	[illegible]	[illegible]
لالہ الفت راے	[illegible]	[illegible]
لالہ جوالا پرشاد	[illegible]	[illegible]
لالہ چندر سین	[illegible]	[illegible]
لالہ سندر لال	[illegible]	[illegible]

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

۱۰ جون ۱۸۹۵ء

عرضی بابو چھدا لال ریونیو کلرک معہ رپورٹ دیوان صدر و سارٹیفکٹ بابو تلسی رام صاحب افسر آڈٹ سابق بدرخواست اضافہ پیش ہو کر واضح ہوا کہ بابو چھدا لال مستحق ترقی ہے اور افسر آڈٹ سابق نے بھی اونکی نسبت سفارش کی ہے اور اسوقت تک ہمارے سامنے بھی

بابو مذکور نے کام اچھی طرح سے کیا اور گنجائش بجٹ مین موجود ہے لہذا دس روپیہ ماہوار ترقی تنخواہ اوسکی کی گئی اب بجائے تیس روپیہ کے چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملے گی محکمہ جوڈیشلی کے کلرک بھی یہی تنخواہ پارہے ہین یہ ترقی مناسب ہے —

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۱۳ رجون ۱۸۹۵ع

نیلام ٹھیکہ بہات مستاجری کی واسطے تاریخ ۱۹ رجون سنہ حال موعود کی گئی تھی لیکن بوجہ اسکے کہ حضور پرنور کے ہمراہ نینی تال کو جانے کی ضرورت اس درمیان مین پیش آگئی ہی ضرور ہی کہ تاریخ نیلام ملتوی کیجاوی لہذا

حکم ہوا کہ

بتاریخ ۲۴ رجون سنہ حال روز دوشنبہ نیلام ٹھیکہ بہات مستاجری کیا جاوے تحصیلداران علاقہ اور عہدہ داران متعلق کو اطلاع دیجاوے اور بغرض اعلان و اطلاع عام روبکار ہذا درج گزٹ ہووے —

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دربارہ منظوری رخصت چھ ہفتہ مسٹر فلپ صاحب بہادر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم

چھ ہفتہ کی رخصت حاضری من ابتدای ۸ رجون سنہ حال منظور ہے — جارج مسٹر فلپ صاحب صرف معمولی کاغذ پر دستخط کر سکتے ہین کوئی آرڈر یا تجویز نہین کر سکتے - احکام ضابطہ جاری ہو اور درج گزٹ ہووے

۱۱ رجون ۱۸۹۵ع

سرکلر مجریہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
کونسل آف رامپور اسٹیٹ

بحکم حسب دفعہ ۱۶۴ بیانات و اقبال اکثر لکھائے جایا کرتے ہین لہذا ضرور ہے کہ ہدایات خاص بغرض تعمیل جاری کیے جاوین —

۱- ایسے بیانات خواہ اقبال پر دستخط بیان کنندہ خواہ اقبال کنندہ کرائے جایا کرین-

۲- فقط زبانی رضامندی کہدینے پر بھروسہ نکر لیا جاوے بلکہ اوضاع و اطوار بیان کنندہ پر بھی لحاظ ہونا چاہیے کہ اوس سے رضامندی نمایان ہے یا نہین اور اسکی تصدیق مجسٹریٹ کو کرنی چاہیے -

۳- جو عہدہ دار پولیس ملزم خواہ گواہ کو بیان خواہ اقبال لکھوانیکے لئے لایا ہو اوسکو کمرۂ عدالت مین نہ رہنے دینا چاہیے اور نہ اجازت دینی چاہیے کہ جو سوالات پوچھے جاسکتے ہون عہدہ دار مذکور بتائے یا پوچھے ایسے وقت کمرۂ عدالت مین فقط اون ملازمان پولیس کا رہنا مضایقہ نہین جو خاص حفاظت ضرورت کے لئے ہون فقط

مطبوعہ ۱۷ جون سنہ ۱۸۹۵ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۰ لغایت ۱۶ جون سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۱	۰	۱	۱	۰	۷	۴	۰	۰	۶	۷	۱۳	۱۱	۱۵	۹	۰	۰	۰	۲۴	۲۴	۰
شاہ آباد	۴	۱۳	۱	۱۵	۳۳	۵	۲۸	۴	۷	۱	۱	۶	۰	۱۱	۸	۲	۱۷	۰	۰	۱۵	۴	۱۹	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۵	۴	۲	۱	۱۲	۷	۵	۱	۲	۵	۴	۶	۲	۱۲	۸	۸	۱۲	۰	۰	۲۰	۰	۲۰	۰
سوار	۵	۳	۴	۱	۱۳	۹	۴	۳	۱	۳	۱	۱۹	۴	۲۵	۶	۱۹	۱۲	۰	۰	۰	۳۱	۳۱	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۱۴	۲۰	۸	۱۷	۵۹	۲۲	۳۷	۱۵	۱۴	۹	۶	۳۷	۱۳	۶۱	۳۳	۴۴	۵۰	۰	۰	۳۵	۵۹	۹۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۰ لغایت ۱۶ جون سنہ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳	۱۵	۱۶	۱۶	۱۵	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۲۰	۲۰	۱۸	۲۲	۸	
نخود کرانہ آمیز	۰	۳۰	۲۱	۲۱	۰	۲۰	
کسیر	۰	۰	۳۰	۰	۲۵	۰	
ماش	۰	۸	۶	۹	۰	۸	
موٹھ	۰	۱۳	۱۰	۰	۰	۹	
مکا	۱۰	۰	۰	۱۰	۰	۰	
چنے	۰	۲۵	۲۵	۲۰	۳۰	۲۷	
کودوں	۰	۱۶	۲۰	۲۵	۲۲	۲۰	
عدس	۰	۲۰	۲۰	۰	۰	۲۰	
ارہر	۰	۲۳	۵	۰	۲۵	۲۰	
[illegible]	۰	۱۰	۱۰	۹	۱۰	۹	
روغن زرد	۰	۱	۱	[illegible]	۱	۱	
روغن سیاہ	۰	[illegible]	۰	۲	[illegible]	۲	
روغن کنجد	۰	۲	[illegible]	۳	۰	۲	
نمک سانبھر	۰	۸	۷	۹	۸	۸	
نمک لاہوری	۰	۶	۶	۰	۷	۷	
قند سیاہ	۰	۷	۰	۴	۹	۹	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد ۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۴ جون ۱۸۹۵ عیسوی	نمبر ۲۵

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۱۰ جون ۱۸۹۵ء

آج میثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ رای صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر منظور ہے عرائض مقدمات طی شدہ جو کاغذ اسٹامپ گذرا کرین اون عرائض کے ساتھ نقل فیصلہ مقدمات کارروائی سابق کی عرضی کے ساتھ شامل ہونا ضرور ہے

امر ہی تاوقتیکہ نقل کارروائی شامل عرضی نہو عرضی مسموع نکیجاوے اور جو درخوست بلا نقل کارروائی سابق پیش ہی ہوجاوے تو قبل کارروائی آیندہ نقل حکم سابق شامل کرائی جاوے اور درخواست منجانب عورات پردہ نشین و اہل خاندان جو بباعث اعزاز خاندانی حاضری عدالت سے محترز ہین بذریعہ مختارنامہ خاص پیش ہونا چاہیے اور علاوہ اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم اجلاسہاے و دفاتر مین سوال خوانی دستی ہو صندوق مین عرائض ڈالنے کا طریقہ بند کیا جاوے مصرف خیر و زکوٰۃ کے عرائض اول سے اسٹامپ سے معاف ہین مگر جب کوئی حقوق ان صیغون مین ثابت کرنا چاہے تو البتہ اسٹامپ شامل کرے مثل ہذا بنابر اعلان ضابطہ باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو ایک نقل تجویز صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر درج گزٹ کرائی جاوے —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ممبر مال بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ایک ایک نقل اسکی اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر و صاحب ریونیو ممبر بہادر و صاحب سکرٹری بہادر مین بھیجدیجاوے اور ایک نقل برای درج گزٹ مرسل ہو — صاحب چیف انجنیر بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے اجلاس مین بھی نقل بھیجی جا[illegible]

۱۴ جون ۱۸۹۵ء

خلاصہ مقدمہ مثل روبکار صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دربارہ مسدودی قاعدہ ڈالنے عرائض صندوق مین گذرنے عرائض دستی

صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر تحریر فرماتی ہین کہ بہت کثرت سے عرائض متفرق ہر قسم جملہ اجلاسہاے مین ۴ کے اسٹامپ پر گذرتی ہین خاصکر بابت اون امور کے جو سابق مین طی ہوچکے ہین اسکا ہر سررشتہ و دفتر کا وقت ایسے فضول تحقیقات اور اشلہ کے ملاحظہ و صدار حکم مین بہت سا ضائع ہوتا ہی اسلیے مناسب ہے کہ ہر عرضی ہند جو کاغذ اسٹامپ پر بابت کسی ایسے استغاثہ کے درخواست دی جو طی شدہ سابق ہی تو اوسے لازم ہے کہ نقل مقدمہ بابت اوس کارروائی ماسبق کے پیش کرے عرضی کے ساتہ تاوقتیکہ نقل کارروائی سابق جسکی بنا پر استغاثہ ہی شامل عرضی نہو مسموع نکیا جاے اور اگر ایسی درخواست پیش ہی ہوجاے تو قبل کارروائی آیندہ اول معرفت سررشتہ دار صدر سائل سے نقل حکم سابق شامل کرائی جائے اس کارروائی سے امید ہے کہ بہت سے بیجا استغاثون کی روک ہوگی اور وہ نقصان اسٹامپ سرکاری جو ہر وقت تک ہوتا ہی جاتا رہیگا اور جو درخوست کہ منجانب عورات پردہ نشین ہو یا آنکہ کوئی اہل خاندان حاضری عدالت سے بباعث اعزاز خاندانی محترز ہین اونکی جانب سے مختارنامہ خاص ایسی درخوست کے ساتہ شامل ہونا چاہیے اور علاوہ اجلاس سرکار کے اور دفترون مین درخوست لیکے سوال خوانی دستی ہو اور صندوق مین ڈالنے کا طریقہ بند کیا جاوے تو امید ہی کہ شکایت بھی رفع ہوجائین گی کہ جو شخص جس کسی کی جانب سے چاہتا ہی عرضی استغاثہ دیدیتا ہے عام اس سے کہ عرضی گذار زندہ ہو یا مردہ یا اوس جگہہ موجود ہو یا غیر حاضر

صاحب جوڈیشل ممبر بہادر و صاحب ممبر مال بہادر و صاحب سکرٹری بہادر نے اس رای سے اتفاق کیا۔ صاحب مؤلف قانون نے بعد اتفاق رای تحریر فرمایا کہ صیغہ مصرف خیر و زکوۃ کے سائل اس حکم سے مستثنے رکھنے کے قابل ہین۔ صاحب وائس پریزیڈنٹ تحریر فرماتے ہین کہ مصرف خیر اور زکوۃ کے عرائض ادل سے اسٹامپ سے معاف ہین مگر جب کوئی عقوق ان صیغون مین ثابت کرنا چاہیے تو البتہ اسٹامپ شامل کرے مثل ہذا کونسل عالیہ حضور معلے مین پیش ہو۔

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۳ جون ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی۔ حسب رای صاحب جوڈیشل ممبر بہادر رخصت محمد ہادی حسن خان مجسٹریٹ بنا بر چند ماہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ منشی احمد حسین خان بطور قائم مقام مقرر ہوں علاوہ کام مجسٹریٹی اونکو کام صیغہ مال جسکو صاحب ممبر مال بہادر اونکے تفویض کرین انجام دینا ہوگا۔ تنخواہ منشی احمد حسین خان بتعداد مبلغ دوسو روپیہ ماہوار بتفصیل ہذا بابت کام مجسٹریٹی از صیغہ جوڈیشل و بابت کام صیغہ مال از صیغہ صاحب ممبر مال بہادر۔ مقرر کی گئی۔ مثل باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر و نقل روئداد باجلاس صاحب ممبر مال بہادر بنا بر اجرای احکام مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ممبر مال بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشای حکم کونسل عالیہ احکام جاری ہون - ۱۹ جون ۱۸۹۵ء

[دستخط]

حکم اجلاس صاحب پیونی ممبر بہادر - واقع ۱۱ جون ۱۸۹۵ء

اضافہ

عرضی پنڈت برج راج منصرم نزول بدرخواست اضافہ پیش ہوئی حکم ہوا کہ اسوقت زیادہ گنجائش اضافہ کی نہین ہے۔ بافعل مبلغ تین روپیہ جو مولوی تفضل حسین کے عہدہ کے انتظام مین بچت ہوئی ہے منصرم نزول کو اضافہ دیا جاوے۔

[دستخط]

حکم صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر واقع ۱۷ جون ۱۸۹۵ء

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو نسبت دفعہ ۵ علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم ہوگا

روداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۱۴ جون ۱۸۹۵ء

صاحبزادہ سعادت یار خان صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

مولوی محمد یوسف خان حکیم شفاخانہ یونانی سوار سکرٹری کمیٹی

ممبران جلسہ ملازمین

مولوی غلام حسین خان محرر صفائی — عنایت علیخان عرائض نویس — لکھپت رائے سیاہہ نویس

ممبران جلسہ غیر ملازمین

لالہ ایسری پرشاد مختار ممبر — لالہ چینی لال نقال ممبر — لالہ نندے مل نقال ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) سڑک بازار سوار کی خراب ہو گئی ہے کیچڑ رستہ میں ہوتی ہے اور کنکر مٹی نکل آئی ہیں آیندہ روندگان کو ٹھوکریں لگتی ہیں اسکی مرمت ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ منجانب سرکار اسکی مرمت ہونا چاہیے صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔
(۲) دولی چند پنڈت ساکن سوار کے مکان کے قریب پرنالہ اور کنویں سے کیچڑ رہتی ہے رستہ خراب ہوتا ہے اسکی بابت انتظام ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی دولی چند پنڈت اور اہل محلہ کو ہدایت نہ ہونے کیچڑ کی کرادی اور نیز صفائی چاہ بھی کرادی صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔
(۳) چاہ پختہ قریب مکان نندے مل نقال کے ہر چہار طرف کیچڑ رہتی ہے اور اہل محلہ چاہ مذکور کو صاف نہیں کرتے ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی اہل محلہ کو ہدایت کردیں کہ کیچڑ نہ ہونے پاوے اور نیز چاہ مذکور کو صاف کرادیں صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔
(۴) قصابان بالائی چبوترہ مجوزہ سرکار بازار سوار میں نہیں بیٹھتے ہیں جسجگہ چاہتے ہیں بیٹھ جاتے ہیں۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی بوہم بازار قصابان کو اپنی اپنی جگہ چبوترہ مجوزہ سرکار پر ہدایت بیٹھنے کی کردیں بحالت خلاف ورزی انتظام مناسب کیا جاوے گا۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔
(۵) حسب رپورٹ محرر صفائی معلوم ہوا کہ چنیدا بھنگی ملازم صفائی عرصہ پندرہ روز سے اپنی کار خدمت صفائی سے غیر حاضر ہے ہرج کار صفائی ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چنیدا خاکروب کی نسبت بذریعہ کمیٹی ہذا بحضور جناب وائس پریذیڈنٹ بہادر گزارش کیا جاوے کہ اسبارہ میں جیسا ارشاد ہو عمل کیا جاوے۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق رائے کیا۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۷ لغایت ۲۳ جون ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے پانچ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	
شہر رامپور	۳	۱	۰	۰	۴	۳	۱	۴	۳	۱	۰	۲	۴	۷	[illegible]	۱۰	۴	۰	۰	۰	۱۴	۱۴	۰
شاہ آباد	۳	۱۳	۱	۱۶	۳۳	۴	۲۹	۴	۷	۰	۰	۳	۳	[illegible]	۱۰	۴	۱۳	۰	۰	۱۳	۴	۱۷	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۳	۰	۰	۳	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۲	۱	۱	۲	۰	۰	۳	۰	۳	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۶	۱۴	۱	۱۶	۴۰	۷	۳۳	۸	۱۰	۱	۰	۷	۸	۱۶	۱۸	۱۵	۱۹	۰	۰	۱۶	۱۸	۳۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۷ لغایت ۲۳ جون ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴ار	۰	۱۶ار	۱۶ار	۱۴ار	حضور تحصیل وملک سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۹ار	۰	۱۸ار	۲۰ار	۱۸ار	
نخود گستہ آمیز	۰	۰	۰	۲۰ار	۲۲ار	۲۰ار	
کسیر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ار	۰	۰	۸ار	۶ار	
مونگ	۰	۱۲ار	۰	۰	۰	۹ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۲۲ار	۰	۰	۳۰ار	۲۷ار	
گوجئی	۰	۱۷ار	۰	۰	۲۲ار	۲۰ار	
[illegible]	۰	۱۵ار	۰	۰	۲۳ار	۲۰ار	
ارہر	۰	۲۰ار	۰	۱۹ار	۰	۲۰ار	
بیجھ	۰	۹ار	۰	۹ار	۰	۹ار	
روغن زرد	۰	۱ار	۰	۱ار	۱ار	۱ار	
روغن سیاہ	۰	۲ار	۰	۲ار	۲ار	۲ار	
روغن کنجد	۰	۲ار	۰	۰	۰	۲ار	
نمک سامبھر	۰	۸ار	۰	۹ار	۹ار	۹ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۰	۰	۰	۷ار	
قند سیاہ	۰	۶ار	۰	۰	۶ار	۶ار	

مطبوعہ مطبع [illegible] ریاست رامپور

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۶ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ محرم ۱۳۱۳ ہجری مطابق یکم جولائی ۱۸۹۵ عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	آرمی آرڈر پیشگاہ حضور پر نور دام اقبالہم	
۱	تقرر مٹھن لال بکار پیشکاری دفتر فوجی ـ	۱
	روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۲	ہدایت بابت صدور ڈگری یکطرفہ بوجہ غیر حاضری مدعا علیہ ـ	۲
۳	نتیجہ امتحان مدرسہ عالیہ ـ	ضمیمہ
۴ و ۵	نقشہ حیات و ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس ـ	"

آرمی آرڈر پیشگاہ حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ جون ۱۸۹۵ء

(۶) تقرر مٹھن لال بکار پیشکاری دفتر فوجی بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار (۲۵ عـہ) آتحانا ۱۵ مئی ۱۸۹۵ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں ـ

[illegible]کار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۹ رجون ۱۸۹۵ء

[illegible]پایا جاتا ہے کہ یہان کی عدالتہاے دیوانی و خفیفہ مین یہ دستور
[illegible]ہی ہے کہ جب کسی مقدمہ مین بغیر حاضری مدعا علیہ ڈگری
[illegible]رفہ کیجاتی ہے اور بعد اوسکے اگر مدعا علیہ حاضر ہو کر عذر
[illegible]حاضری پیش کرتا ہے اور تجویز ثانی مقدمہ کی چاہتا ہے
[illegible]اوسکی درخواست پر یہ حکم دیدیا جاتا ہے کہ بوقت اجرای ڈگری
[illegible]مدعا علیہ اپنا عذر پیش کر سکتا ہے — یہ دستور جو یہان جاری ہے
[illegible]بے قاعدہ ہے اور بڑی حق تلفی مدعا علیہ کی ہوتی ہے اصل کی
[illegible]ڈگری یکطرفہ عدالت دیوانی یا خفیفہ سے ہو جاتی ہے اور سود کی
[illegible]تجویز کے واسطے مثل کمیٹی سود مین جاتی ہے وہان مدعا علیہ
[illegible]اطلاع پاکر جوابدہی کرتا ہے تو ڈگری اصل دعوی کی یکطرفہ بدستور
[illegible]رہجاتی ہے اور نسبت سود کی تجویز روبدار پیش شدہ کے موافق
[illegible]ہوجاتی ہے — مدعا علیہ اگر اپیل بنا راضی تجویز کمیٹی سود کرتا ہے تو یہ دقت
[illegible]پیش آتی ہے کہ جبتک اصل دعوی کی ڈگری یکطرفہ منسوخ ہو کر تحقیقات
[illegible]عمل مین نہ آوے صرف سود کی ڈگری یا دستی دشوار ہوتی ہے اور مدعا علیہ
اجراے ڈگری یکطرفہ کے کچھہ کر نہین سکتا ہمکو دفعہ ۱۲ دستور العمل
عدالت خفیفہ اور روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر سابق مورخہ
[illegible]ماہ نومبر ۱۸۹۰ء مطبوعہ گزٹ نمبری ۵۴ جلد ۲ ۱۸۹۰ء دکھائی گئی
اور بیان کیا گیا کہ وقت اجراے ڈگری مدعا علیہ درخواست تجویز ثانی
[illegible]دے سکتا ہے دفعہ ۱۲ دستور العمل عدالت خفیفہ اور روبکار مذکرہ
صدر کا یہ منشا نہین ہے کہ قبل اجراے ڈگری درخواست تجویز ثانی

درخواست منسوخی فیصلہ یکطرفہ کی نہین گذر سکتی یا سماعت نہین ہوسکتی
بلکہ اُن احکام کا مقصود صرف اسقدر ہے کہ ہنگام اجراے ڈگری جب اطلاع
اجراے مدعا علیہ کے پاس پہونچے اور اوسوقت تک وہ صدور ڈگری سے
مطلع نہو سکا ہو اور اطلاعنامہ اجراے پہونچنے سے اوسکو اطلاع
ڈگری کی ہو تو اوسوقت بھی اوسکو منصب درخواست منسوخی فیصلہ
یکطرفہ کا رہیگا بشرطیکہ تاریخ اطلاع سے پندرہ روز کے اندر ہو لہذا
ہم مناسب سمجھتے ہین کہ اس باب مین ہدایت خاص جاری کیجاوے
بنابران ہدایت کیجاتی ہے کہ جب ڈگری یکطرفہ بوجہ غیر حاضری مدعا علیہ
صادر کیجاوے تو مدعا علیہ کو اختیار ہے کہ حسب دفعہ ۱۰۸ ایکٹ
۱۴ ۱۸۸۲ء (ضابطہ دیوانی) درخواست منسوخی ڈگری یکطرفہ کی
کر سکتا ہے اور اوسپر بلا انتظار اجراے ڈگری عدالت کارروائی
فرما سکتی ہے ایسی ہی عدالت خفیفہ مین حسب دفعہ ۱۷ — ایکٹ
۹ ۱۸۸۷ء (قانون خفیفہ) کارروائی ہوسکتی ہے — اور جس
مدعا علیہ کو اجراے ڈگری کی وقت تک علم صدور ڈگری کا نہوا اور اوسکو
وقت پہونچنے اطلاع اجرا کی بھی اس کارروائی کا منصب حاصل ہے
بلحوظی میعاد سماعت قانونی کے —

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل جملہ عدالتہاے
دیوانی و خفیفہ مین بھیجی جاوے ایک نقل فائل کب مین چسپان کیجاوے —

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر متعلقہ روبکار صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتۂ تعلیم

ملاحظہ ہوا نقل اسکی بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو - ۱۱ جون ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتۂ تعلیم واقع ۶ جون ۱۸۹۵ء

نتیجۂ امتحان سالانہ عربی اسکول مدرسۂ عالیہ ممتحنین نے ہمارے پاس بھیجا جسکے ملاحظہ سے فی الجملہ ہمکو خوشی حاصل ہوئی کہ اس سال باوصف کثرت تپ لرزہ کے تاہم بحیثیت مجموعی نتیجہ اس مدرسہ کا قابل اطمینان رہا - جملہ مدرسین کی کوشش اور دلی رغبت اس امر سے صاف ظاہر ہو سکتی ہے کہ باوجود شدت بیماری کے ان مدرسین نے ایک دن کی بھی تعطیل حاصل کرنی گوارا نہیں کی جس سے پورا ثبوت ہوا کہ انکو تعلیم کی جانب ایک خاص توجہ اور دلی دلچسپی ضرور ہے - اور جس خوبی اور اتفاق کے ساتھ جملہ مدرسین خدمات فرض منصبی کو انجام دے رہے ہیں اوس سے ہمکو بہت خوشی اور رضامندی حاصل ہے - البتہ بقدر افسوس ضرور ہوا کہ اس سال بوجہ بیماری تپ لرزہ پنجاب یونیورسٹی کے امتحان کیواسطے کوئی طالب علم تیار نہیں ہو سکا جسکی بابت ہم پرنسپل صاحب مدرسۂ عالیہ کو توجہ دلاتے ہیں کہ آئندہ سال کے لیے وہ اسطرف زیادہ توجہ مبذول کریں امتحان تحریری درجات فارسی میں بہ نسبت دیگر مضامین کے حساب میں زیادہ ناکامی ہوئی اور ہر سال کم و بیش ضرور یہ نقص پایا گیا ہے جسکے لیے ہم عنقریب کوئی دوسرا انتظام کرینگے خلاصۂ نتیجۂ امتحان درج ذیل ہے -

نام درجہ	شریک امتحان	پاس	فیل
درجۂ حاذبیش	۲	۲	۰
درجۂ اول عربی	۵	۴	۱
درجۂ دوم عربی	۷	۶	۱
درجۂ سوم عربی	۷	۶	۱
درجۂ چہارم عربی	۱۰	۴	۶
درجۂ پنجم عربی	۱۰	۶	۴
درجۂ ششم عربی	۱۰	۶	۴
درجۂ ہفتم عربی	۱۲	۱۰	۲
درجۂ ہشتم عربی	۵	۴	۱
میزان درجۂ عربی	۶۸	۴۸	۲۰
امتحان تحریری درجۂ اول فارسی	۴	۴	۰

نام درجہ	شریک امتحان	پاس	فیل
امتحان تحریری درجۂ دوم فارسی	۵	۵	۰
〃 درجۂ سوم	۶	۵	۱
〃 درجۂ چہارم	۸	۴	۴
میزان	۲۳	۱۸	۵
امتحان تقریری درجۂ پنجم فارسی	۶	۴	۲
〃 درجۂ ششم فارسی	۶	۵	۱
〃 درجۂ ہفتم فارسی	۵	۵	۰
〃 درجۂ ہشتم فارسی	۶	۳	۳
میزان	۲۳	۱۷	۶
کل میزان درجات عربی و فارسی	۱۰۴	۸۳	۳۱

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض ملاحظہ و اشاعت گزٹ خدمت میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر پیش ہو -

نقشہ نتیجہ امتحان سالانہ مدرسہ عالیہ بابت سنہ ۱۸۹۵ء

نمبر شمار	نام درجہ	نام طالب علم	نام کتب مع نمبر محصلہ							کیفیت
			مسلم الثبوت	دیوان حماسہ	تفسیر بیضاوی	شمس بازغہ	[illegible]	سبعہ معلقہ	میزان کل نمبر محصلہ	
۱	درجہ اول عربی	عبدالرحیم ولد محمد حی	۱۰۰	۹۱	۱۰۰	۷۶	۹۶	۸۶	۵۴۹	
۲	//	عبدالرحمن ولد یوسف	۱۰۰	۷۹	۳۶	۷۸	۹۳	۳۰	۴۱۶	
۳	//	عبدالغفور ولد محمد شریف	۸۶	۵۲	۶۶	۶۸	۷۱	۱۰	۳۵۳	
۴	//	محمد علیم ولد محمد کلیم	۸۸	۵۳	۶۳	۹۲	۰	۲۰	۳۱۶	
۵	//	آغا امانت علی ولد فتح محمد	۵۶	۳۰	۳۳	۳۶	۵۵	۱۶	۲۲۶	فیل
	درجہ دوم عربی		ہدایہ اولین	مقامات حریری	توضیح تلویح	سلم	میر زاہد			
۶	//	محمد مرتضی ولد محمد قاسم	۱۰۰	۱۰۰	۹۶	۹۳	۸۷	۰	۴۷۶	
۷	//	احمد امین ولد متین الدین	۸۳	۱۰۰	۵۸	۵۹	۹۸	۰	۳۹۸	
۸	//	عبدالحکیم ولد عزیز	۸۰	۴۰	۶۲	۶۳	۳۹	۰	۲۸۴	
۹	//	وقار علی ولد کفایت علی	۴۵	۷۳	۳۷	۵۷	۶۵	۰	۲۷۷	
۱۰	//	عبدالعلی ولد محمد علی	۵۷	۶۷	۲۰	۵۲	۳۹	۰	۲۳۵	
۱۱	//	فضیلت حسین	۳۹	۸۸	۱۶	۳۶	۵۳	۰	۲۳۲	
۱۲	//	نور جمال	۶۱	۳۵	۳۳	✗	۴۹	۰	۱۷۸	کچھ جواب نہیں لکھا فیل

[illegible]	نام طالب علم	[illegible]	دیوان متنبی	[illegible]	شرح عقائد نسفی	حدیث	میزان مجموعہ	کیفیت
درجہ سیوم عربی	امام الدین	۹۶	۹۸	۹۳	۷۶	۵۱	۴۱۴	
″	محمد حسین ولد شاہ شریف	۵۶	۶۴	۷۳	۶۲	۷۵	۳۳۰	
″	کریم بخش	۵۰	۶۰	۷۱	۴۵	۳۶	۲۶۲	
″	عبد العزیز	۶۴	۹۰	۲۰	۴۷	۳۵	۲۵۶	
″	امجد علی	۵۳	۳۹	۷۵	۱۲	۳۳	۲۱۲	
″	وسیم گل	۳۸	۳۹	۵۲	۳۶	۴۷	۲۱۲	
″	عبد القدیر	+	+	+	۲۶	+	۲۶	فیل سوائی شرح عقائد کے کسی کتاب کا جواب نہیں دیا۔

	درجہ چہارم عربی		[illegible]	[illegible]	مختصر معانی	[illegible]	تفسیر جلالین نصف اول	[illegible]	میزان مجموعہ	کیفیت
	″	محسن علی	۸۰	۷۷	۷۲	۷۲	۵۶	۴۲	۳۹۹	
	″	محمد اعظم	۴۰	+	۷۳	۹۸	۸۳	۴۹	۳۴۳	
	″	سیف اللہ	۴۱	۶۲	۶۲	۶۴	۷۸	۲۴	۳۳۱	
	″	محمد سعید	۶۵	۳۳	۴۶	۷۵	۶۶	۱۵	۳۰۰	
	″	عزت علی	۶۵	۶۱	۶۶	۲۸	۲۲	۵۵	۲۹۷	فیل
۲	″	کاکڑ	۲۴	۳۵	۵۳	۳۰	۱۸	۱۶	۱۹۶	″
۲	″	محمد انور	۳۳	۲۴	۵۲	۲۳	۴۵	۴	۱۰۷	″
۲۷	″	محمد توحید	۲۰	۲۴	۲۳	۵۹	۲۰	۱۶	۱۶۲	″
۲۸	″	اشرف علی	۳۷	+	۱۲	۱۶	۳۳	۱۶	۱۱۴	″
۲۹	″	گلاب خان	۰	۰	۰	۰	۳۰	۰	۳۰	″

نمبر شمار	نام جماعت	نام طالب علم	تفسیر جلالین نصف اول	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان کل تعداد نمبر	کیفیت
۳۰	پنجم عربی	حفیظ الله	۵۰	۸۲	۶۷	۹۸	۹۶	۹۸	۴۹۱	
۳۱	″	عبدالاحد	۵۷	۹۵	۶۷	۷۹	۹۶	۹۳	۴۸۷	
۳۲	″	سیف الله	۵۵	۸۲	۶۴	۸۵	۹۵	۷۲	۴۵۳	
۳۳	″	منیرالدین	۲۹	۹۷	۴۰	۷۱	۶۳	۵۷	۳۵۷	
۳۴	″	عبدالمنان	۷۹	۶۴	۵۲	۳۲	۵۵	۵۵	۳۳۷	
۳۵	″	عبدالغفور	۱۸	۹۲	۵۰	۲۹	۷۱	۵۶	۳۱۶	
۳۶	″	عزت خان	+	۶۶	۲۴	۳۸	۳۷	۴۷	۳۱۲	فیل
۳۷	″	امیر حمزه	۲۵	۵۰	۵۱	۱۷	۱۶	۱۴	۱۷۳	″
۳۸	″	رحیم الله	۲۰	۳۵	۲۳	۱۰	۲۹	۱۶	۱۳۳	″
۳۹	″	واجد علی	۲۳	۵۱	+	+	۲۶	۱۶	۱۱۶	″
	درجہ ششم عربی	.	شرح تہذیب	شافیہ	ریاض الادب	کافیہ	شرح جامی	قطبی	.	
۴۰	″	رشید احمد	۹۷	۹۸	۸۷	۷۵	۷۴	۶۰	۴۹۱	
۴۱	″	نجو خان ولد شفاعت خان	۷۸	۸۵	۶۱	۷۱	۶۸	۸۳	۴۴۶	
۴۲	″	عبدالقادر	۸۰	۹۰	۶۲	۷۱	۸۳	۵۹	۴۴۵	
۴۳	″	محمد بشیر	۸۱	۸۲	۶۰	۷۷	۶۹	۷۶	۴۴۵	
۴۴	″	ارجمند علی	۷۷	۷۰	۶۹	۶۳	۵۱	۶۶	۳۹۶	
۴۵	″	عبدالحق	۳۸	۵۹	۴۸	۳۷	۲۱	۴۶	۲۴۹	
۴۶	″	ولی محمد	۱۸	۱۰	۱۶	۵۳	۵۱	۳۰	۱۷۸	فیل
۴۷	″	محمد حسن	۱۹	۳۳	۳۰	۲۶	۱۷	+	۱۶۵	″
۴۸	″	عنبر علی	۵۱	+	۳۳	۲۵	۱۵	+	۱۲۴	″
۴۹	″	ضیاء الدین	۰	۰	۰	۰	۱۵	+	۱۵	″

امتحان تحریری درجہ فارسی

نمبر شمار	درجہ جماعت فارسی	نام طالب علم	نثر	نظم	قواعد	خوشخطی	حساب	میزان	کیفیت
۱	〃	عبدالرشید	۸۶	۹۳	۹۹	۵	۹۳	۳۷۶	اول رہا ـ
۲	〃	غلام قادر خان	۸۳	۹۴	۹۴	۰	۳۳	۳۰۴	سیوم
۳	〃	حبیب الرحمن	۸۵	۸۸	۹۷	۰	۴۷	۳۱۷	دوم رہا
۴	〃	عبدالحکیم	۸۸	۸۵	۹۶	۰	۳۳	۳۰۲	چہارم رہا
۵	درجہ دوم	محمد ظہور	۸۳	۹۵	۹۰	۰	۷۱	۳۳۹	
۶	〃	عبدالعلی	۷۴	۹۴	۹۲	۰	۶۵	۳۲۵	
۷	〃	عبدالمجید	۷۶	۹۱	۸۷	۰	۶۳	۳۱۷	
۸	〃	ولایت حسین	۹۵	۹۴	۹۶	۰	۴۵	۳۳۰	
۹	〃	غلام نادر	۹۵	۹۴	۹۶	۰	۴۲	۳۲۷	
۱۰	درجہ سیوم	محمد نبی	۸۸	۸۹	۹۳	۱۰	۹۹	۳۷۹	
۱۱	〃	محمد عاشق	۷۲	۹۰	۹۴	۲	۶۵	۳۲۳	
۱۲	〃	سعادت علی	۸۸	۸۲	۵۹	۰	۵۷	۲۸۶	
۱۳	〃	محمد شفیع	۸۸	۸۶	۹۱	۱۰	۳۷	۳۱۲	
۱۴	〃	مسعود شاہ	۷۲	۷۹	۷۷	۰	۳۳	۲۶۱	
۱۵	〃	عظیم اللہ	۵۶	۷۴	۷۲	۰	۲۸	۲۳۰	فیل
۱۶	چہارم	احمد شاہ	۹۱	۹۱	۹۴	۱۰	۸۸	۳۷۴	
۱۷	〃	اسفندیار	۴۸	۷۳	۳۴	۰	۳۲	۱۸۹	
۱۸	〃	سید محمد علی	۵۴	۸۶	۴۹	۰	۳۳	۲۲۲	
۱۹	〃	رئیس الدین	۶۴	۷۶	۹۳	۰	۳۳	۲۶۶	
۲۰	〃	احمد جان	۵۹	۵۹	۳۰	۰	۲۵	۱۷۳	فیل
۲۱	〃	محمد علی خان	۶۶	۸۲	۳۹	۱	۱۸	۲۰۶	〃
۲۲	〃	احمد حسین	۳۸	۴۷	۳۴	۰	۱۷	۱۳۶	〃
۲۳	〃	عنایت حسین	۵۲	۵۴	۲۶	+	۱۴	۱۴۶	〃

امتحان تحریری

درجہ	نام طالب علم	نثر	نظم	قواعد	حساب	میزان	کیفیت
[illegible]	امیر احمد	۶۰	۷۰	۷۸	۷۳	۲۸۱	
〃	محی الدین	۵۸	۶۸	۸۱	۷۳	۲۸۰	
〃	دلاور علی	۵۵	۶۸	۵۰	۴۸	۲۲۱	
〃	ولی محمد	۳۴	۵۰	۳۵	۴۷	۱۶۶	
〃	اشرف علی	۲۵	۳۰	۳۰	۶۲	۱۴۷	فیل
	دولہ جان	۲۰	۳۲	۳۰	۲۶	۱۰۸	فیل
ہشتم	محمود علی	۵۵	۰	۶۵	۹۸	۲۱۸	
	شفیق احمد	۴۵	۰	۳۵	۹۷	۱۷۷	
	عبدالوحید	۶۰	۰	۵۰	۷۰	۱۸۰	
	محب اللہ	۴۰	۰	۴۵	۷۰	۱۴۵	
	حبیب الرحمن	۶۵	۰	۵۰	۶۳	۱۷۸	
	نوشہ	۲۰	۰	۳۰	۰	۵۰	فیل
[illegible]	عبداللہ	۴۵	۰	۴۵	۱۰۰	۱۹۰	
	عبدالقدیر	۵۰	۰	۵۰	۷۵	۱۷۵	
	عبدالعلی	۴۰	۰	۳۵	۰	۷۵	
	سراج احمد	۵۵	۰	۷۰	۱۰۰	۱۲۵	
	مراقب علی	۴۰	۰	۶۵	۹۵	۲۰۰	
[illegible]	شفیع احمد	۴۸	۰	۰	۳۷	۸۵	
	سعیدالدین	۵۰	۰	۶۹	۰	۱۱۹	
	محمد جان	۵۰	۰	۰	۰	۵۰	
	احمد حبیب	۴۵	۰	۰	۰	۴۵	فیل
	گو-ا	۳۰	۰	۰	۰	۳۰	〃
	سدن	۳۲	۰	۰	۰	۳۲	〃

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۴ لغایت ۳۰ جون ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد، مسلمان	مرد، ہندو	عورت، مسلمان	عورت، ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک، مرد	ایکسال سے ۵ سال تک، عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک، مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک، عورت	۱۳ سال سے زیادہ، مرد	۱۳ سال سے زیادہ، عورت	میزان، مرد	میزان، عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	اسہال	بخار	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۱	۰	۵	۰	۶	۶	۰	۱	۳	۱	۰	۱۱	۴	۱۳	۸	۱۸	۳	۰	۰	۰	۲۱	۲۱	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
بلاسپور	۵	۲	۱۱	۱	۱۹	۱۶	۳	۲	۲	۱	۳	۶	۲	۹	۶	۸	۷	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۶	۳	۱۶	۱	۲۵	۲۲	۳	۳	۶	۲	۳	۱۷	۶	۲۲	۱۴	۲۶	۱۰	۰	۰	۱۵	۲۱	۳۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۴ لغایت ۳۰ جون ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴ ۱ ار	۰	۰	۱۵ ار	۰	حضور تحصیل ملک و سوار سے نقشے نہیں آئے
نخود ناکھری	۰	۱۹ ار	۰	۰	۱۹ ۰ ار	۰	
نخود کرانہیر	۰	۲۰ ۰ ار	۰	۰	۲۲ ۰ ار	۰	
جو	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ار	۰	۰	۸ ار	۰	
مونگ	۰	۱۲ ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
چنے	۰	۲۵ ار	۰	۰	۳۰ ار	۰	
گوجئی	۰	۱۷ ۰ ار	۰	۰	۲۲ ۰ ار	۰	
عدس	۰	۲۰ ار	۰	۰	۲۲ ۰ ار	۰	
ارہر	۰	۲۲ ۰ ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۹ ۰ ار	۰	۰	۱۰ ۰ ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ ار	۰	۰	۱ ۱ ار	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۰	۰	۳ ۰ ار	۰	
روغن [illegible]	۰	۲ ار	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۰	۰	۰	۸ ۰ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۷ ار	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۷	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۴ محرم الحرام سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۸ جولائی سنہ ۱۸۹۵ عیسوی	جلد

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۱۰ جون سنہ ۱۸۹۵ع

آج مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ باستثنائے دولی سنگہ ولد جیت سنگہ نایک کمپنی ۳ پنشن دیگر اشخاص ستائیس کس بموجب تفصیل مندرجہ فرد معطوفہ جسکی مجموعی تعداد چہیاسی روپیہ آٹھ آنہ ہوتی ہے منظور ہے حکام ضابطہ پنشن اشخاص مذکور اجلاس صاحب ممبر مال بہادر جاری ہوں نسبت دولی سنگہ واضح ہے کہ سلسلہ ملازمت نامبردہ درمیان شکست ہوگیا تھا نسبت ملازمت نامبردہ صاحب بہادر میر بخشی فوج سے دریافت کیا جاوے کہ اونکی کیا رائے ہے مثل باجلاس صاحب ممبر مال بہادر و نقل باجلاس کرنیل راس صاحب بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

RAMPUR GOV^T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۸ مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۱۵ جولائی ۱۸۹۵ عیسوی جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب پولیس سپرنٹنڈنٹ بہادر

واقع ۲ جولائی ۱۸۹۵ء

کرایہ کی گاڑی و ایکہ کی نگرانی اسوقت تک کچہ بذمہ پولیس ہے اور کچہ محکمہ میونسپلٹی سے متعلق ہے محصول وغیرہ میونسپلٹی سے وصول ہوتا ہے اگر یکجائی ذمہ داری نہونے کی وجہ سے نگرانی پوری پوری نہین ہوتی اور شہرون مین بہی پولیس سے نگرانی متعلق ہے لہذا یہان بہی کل نگرانی متعلق پولیس کیجاوے — پولیس سے امور ذیل کا انتظام متعلق ہے —

(۱) گاڑی و ایکہ ہاے کاجو کرایہ پر چلاے جاتی ہین نمونہ ایکسا ہو اچہی حالت مین ہر کرایہ چلانے والے اوسے رکہین —

(۲) گہوڑہ مضبوط اور اچہی حالت مین ہو — زخمی یا لاغر جانور نہ چلایا جاوے

(۳) گاڑی و گہوڑے کی درست حالت کی غرض سے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ہر ماہ ملاحظہ کرین گے —

(۴) [illegible] کرایہ کی سواری پر مقرر ہو گا بہ تجویز

صاحب سپرنڈنٹ بہادر مقرر کیئے جائینگے اور اوسکا اعلان بخوبی کر دیا جائیگا۔

(الف) [illegible] سواری گاڑی مین لگائی جائیگی۔ اور شب کو

[illegible] کوئی گاڑی [illegible] جائیگا۔

(ب) محصول جو ہر ایسے کرایہ کی سواری پر مقرر ہو گا بہ تجویز

صاحب سپرنڈنٹ بہادر اوسکا حساب بھی سر رشتہ پولیس مین ہی گا

اور روپیہ سے داخل خزانہ سرکار کیا جائیگا۔

(۷) خلاف ورزی قواعد مذکورۃ الصدر مین ہر گاڑی چلانے والے کو

حسب قواعد و قانون وقت سزا دی جائیگی۔

(۸) اکثر اہلکاران و ملازمان پولیس جبریہ و بمفت ایسی سواری کو

بتصرف مین لاتے ہین صاحب سپرنڈنٹ بہادر اس بابت بھی

احکام مناسب دیتے گئے ہین کہ کوئی شخص بلا کرایہ اور جبریہ طور پر

ایسی کی سواری کا استعمال نکرے۔

حکم ہوا کہ

نقل اسکی اطلاعاً و بغرض انتظام مناسب بخدمت صاحب سپرنڈنٹ

پولیس مرسل ہو اور ایک نقل پاس کرداور صفائی بھیجدیجاوے

نقل گزٹ مین بھی شائع کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۴ جولائی ۱۸۹۵ء

بارش رک گئی ہے اور گرمی کی بہت شدت ہو گئی ہے

[illegible] روبکار جوڈیشل ممبر صاحب بہادر کے کچہری کا وقت تبدیل

[illegible] یعنی دس بجے سے [illegible] بجے تک کچہری کا وقت قرار دیا گیا ہے

وقت کی تبدیلی ہونے سے اہلکار اور معاملہ کو بسبب گرمی کے بہت

تکلیف ہوتی ہے بوجہ [illegible] اپنی کچہری کا وقت مثل زمانہ سابق کے

چھ بجے صبح سے بارہ بجے دن تک کا مقرر کر دیا ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

تبدیل اوقات کچہری کی بابت اعلان کردیا جاوے اور ایک ایک

نقل اس روبکار کی خدمت مین صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

اور صاحب اسسٹنٹ ریزیڈنٹ بہادر کی مرسل ہو۔

مکرر یہ کہ جملہ محکمجات مین ایک ایک نقل بھیجی جاوے اور گزٹ مین

بھی مشتہر کر دیا جاوے۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ہمکو بھی اس سے اتفاق ہے۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۰ جولائی ۱۸۹۵ء

آج اہلمد کارخانجات نے دو روبکار بنا بر دستخط پیش کیے ایک بارہ

اطلاع ٹھیکہ بھوسہ بنام افسر آڈٹ دوسرا روبکار در بارہ اطلاع ٹھیکہ

گھاس بنام افسر آڈٹ۔ ہمنے اہلمد سے دریافت کیا کہ پہلے سے اطلاع

ٹھیکجات مذکورہ افسر آڈٹ کو کیون نہین دیگئی اوسکے جواب مین

اہلمد نے بیان کیا کہ پہلے قاعدہ اطلاع دہی ٹھیکجات افسر آڈٹ کو

نہین تھا چونکہ یہ امر محض بیقاعدہ ہے کہ اطلاع ٹھیکجات افسر

آڈٹ کو نہ دیجاوے پھر وہ کسطرح جانچ کر سکین گے لہذا حکم ہوا کہ

اہلمد کو ہدایت کیجاوے کہ آئندہ سے در بارہ ٹھیکجات نرخ

افسر آڈٹ و نیز صاحب سپرنڈنٹ کارخانجات [illegible] کو اطلاع

دیا کرین اور سپرنڈنٹ کارخانجات کو یہ بھی لکھدیا کرین کہ وہ

منصرمان متعلقہ کو بھی اطلاعات دیدین اور اہلمد نے جو بیان کیا ہے کہ

پہلے قاعدہ اطلاع دہی افسر آڈٹ کو نہین تھا اوس کی بابت وہ نظیر پیش کرین

اور روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

مطبع [illegible] سرکار ہز ہائینس [illegible] شائع ہوا

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ محرم الحرام ۱۳۱۳ھ مطابق ۲۲ جولائی ۱۸۹۵ء | جلد

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۲۶ جون ۱۸۹۵ء

آج مثل پنشن بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن محمد عظیم خان ولد عبد العزیز خان کوتہ دفعدار رسالہ محمد عنایت حسن خان رسالدار یوم التحصیل کی خدمت سی تعدادی ساڑھی تین روپیہ ماہوار منظور ہے مثل بغرض اجرا — احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۵ لغایت ۲۱ جولائی سنہ ۱۸۹۵ عیسوی

تاریخ و روز	صدر ریاست		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	تعداد خط	اوزن	تعداد خط	اوزن	تعداد خط	اوزن	تعداد خط	اوزن	تعداد خط	اوزن	تعداد خط	اوزن
۱۵ جولائی روز دوشنبہ	۰	۸۶	۰	۵۷	۰	۸۲	۰	۱۵۳	۰	۷۳	۰	۱۸۲
۱۶ جولائی روز سہ شنبہ	۶	۹۲	۰	۵۷	۰	۹۰	۰	۱۵۳	۰	۷۳	۱۴	۱۹۶
۱۷ جولائی روز چہارشنبہ	۰	۹۲	۰	۵۷	۰	۹۰	۰	۱۶۱	۰	۷۳	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۸ جولائی روز پنجشنبہ	۰	۹۲	۰	۵۷	۰	۹۰	۰	۱۶۱	۰	۷۳	۰	//
۱۹ جولائی روز جمعہ	۳	۹۵	۰	۵۷	۰	۹۰	۰	۱۶۱	۰	۷۳	۰	//
۲۰ جولائی روز شنبہ	۰	۹۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۶۱	۰	۷۳	۰	//
۲۱ جولائی روز یکشنبہ				//			۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای لغایت جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۶ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	میزان	
شہر رامپور	۲	۰	۱	۱	۴	۳	۱	۸	۸	۱	۱	۴	۱۲	۱۳	۲۱	۲۵	۹	۱	۰	۲۷	۶	۳۴	۰
حوالی شہر	۴	۶	۴	۳	۱۷	۸	۹	۰	۳	۲	۰	۱۱	۵	۱۳	۸	۸	۱۳	۰	۰	۱۶	۵	۲۱	۰
اعظم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
شاہ آباد	۷	۲۲	۱	۱۱	۴۱	۸	۳۳	۶	۶	۳	۰	۵	۲	۱۴	۸	۸	۱۴	۰	۰	۲۱	۱	۲۲	۰
پٹوائی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
بلاسپور	۲	۹	۳	۱	۱۹	۹	۱۰	۱	۲	۳	۲	۵	۰	۹	۴	۸	۵	۰	۰	۱۳	۰	۱۳	۰
کیمری	۴	۱۰	۳	۸	۲۵	۷	۱۸	۰	۰	۰	۱	۶	۲	۶	۳	۰	۹	۰	۰	۰	۹	۹	۰
سعادت	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۱۰	۶	۰	۱	۱۷	۱۰	۷	۵	۴	۰	۲	۳	۳	۸	۹	۵	۱۲	۱	۰	۰	۱۶	۱۷	۰
میزان	۳۳	۵۳	۱۲	۲۵	۱۲۳	۴۵	۷۸	۲۰	۲۳	۹	۶	۳۴	۲۴	۶۳	۵۳	۵۴	۶۲	۲	۰	۷۷	۳۷	۱۱۰	۰

RAMPUR GOV

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۰ | مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۶ صفر المظفر ۱۳۱۳ھ مطابق ۲۹ جولائی ۱۸۹۵ء عیسوی | جلد

فہرست مضامین

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۰ جولائی ۱۸۹۵ء

خضور تحصیل مین منجملہ و گرد آور قانونگویان کی اسوقت صرف ایک گرد آور قانونگو ہی اور کام کی کثرت ہی لہذا اسلئے چندی پرشاد جسنے قبل ازین متعدد خدمات صیغہ مال کو انجام دیا ہے بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار بعہدۂ نائب گرد آور قانون گو مقرر کیا گیا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۱ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

اضافہ

عرضی سید حمید احمد اہلمد بخشیگری بدرخواست اضافۂ تنخواہ و عطائے لقب پیشکاری مصدقۂ بخشی فوج پیش ہوئی۔ معروضۂ بخشی فوج سے واضح ہوا کہ بجٹ مین گنجایش ہے۔ لہذا پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاوے۔ اور چونکہ بخشی فوج لکھتے ہین کہ کام پیشکاری کا کرتا ہی۔ اسلیے سائل کو لقب پیشکاری بھی دیا جاوے حسب ضابطہ احکام جاری ہون

[illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۴ جولای سنہ ۱۸۹۵ء

ثبت دفعہ ۳ مندرجۂ روبکار مولوی محمد مظہر اللہ صاحب

گزٹ مین مشتہر کیا جاوی کہ جبتک اشتمال مندائرہ طی نہو جاویگی اور کوئی عرضی بابت تخفیف جمع و نیلام ثانی نہ لیجائیگی فقط

۲۴ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء [illegible]

نقل دفعہ ۳ مندرجۂ روبکار اجلاس مولوی محمد مظہر اللہ صاحب صدر انجمن کمیٹی نسبت وضع بہات نقصان رسیدہ سیلاب و کمی جمع واقع ۲۴ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

دفعہ ۳ عرضیان جو ہر روز گذرتی چلی جاتی ہین اونکی نسبت تجویز ہو کہ آیندہ لینا بند کیا جاوی یا ایک اشتہار بتعیین تاریخ در عدالت پر لگا دیا جاوے کہ فلان تاریخ تک لی جائینگی بعد کو نہ لی جاوینگی ورنہ یہ سلسلہ تا اختتام میعاد بندوبست ہی ختم نہوگا۔

یادداشت اجلاس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ریاست رامپور واقع ۸ اجولائی سنہ ۱۸۹۵ء

عرضی محمد الیاس خان قوم پٹھان سکنۂ رامپور محلہ کٹ کوئیا مشعر اسکی کہ مسمی محمد جان ولد عظیم شاہ قوم سید سکنۂ رامپور محلہ مذکور مجرم حسب حلیۂ ذیل قاتل محمد جان خان مقتول پسر مظہر مفرور روپوش ہی احکام عام بہ تعیین پچاس روپیہ انعام بابت گرفتاری ملزم مذکور اجرا فرمائی جاوین حکم ہوا کہ حسب درخواست سائل احکام عام باندراج مبلغ پچاس روپیہ مندرجۂ بالا و پچاس روپیہ منجانب سرکار جاری ہون اور ایک نقل بنابر اندراج گزٹ منصرم صاحب مطبع کیخدمت مین مرسل ہو۔

[illegible]

حلیہ

مسمی محمد جان ولد عظیم شاہ قوم سید سکنۂ رامپور محلہ کٹ کوئیا لانبا چہرہ بلند بینی اوسط قد سر کے بال کٹے ہوئے داڑھی موچھ کا آغاز ہے دو ابرو ملے ہوئے دانت بڑے بڑے ہونٹ موٹے سیاہی مائل میش چشم۔

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۲ لغایت ۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء عیسوی

تاریخ و دن	صدر عالیہ		بلاسپور		سوار		شاہ آباد		ملک		ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۲ جولائی روز دوشنبہ	۹	۱۰۴	۰	۵۷	۶	۱۰۱	۰	۱۶۳	۰	۷۵	۲	۱۹۸
۲۳ جولائی روز سہ شنبہ	۰	۱۰۴	۴	۶۱	۰	۱۰۱	۸	۱۷۱	۱۸	۹۳	۰	۱۹۸
۲۴ جولائی روز چہار شنبہ	۰	۱۰۴	۰	۶۱	۰	۱۰۱	۳	۱۷۴	۰	۹۳	۰	۱۹۸
۲۵ جولائی روز پنجشنبہ	۰	۱۰۴	۲۵	۸۶	۲۸	۱۲۹	۰	۱۷۴	۴	۹۷	۹	۲۰۷
۲۶ جولائی روز جمعہ	۰	۱۰۴	۰	۸۶	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۷۴	۰	۹۷	۳۰	۲۳۷
۲۷ جولائی روز شنبہ	۲۷	۱۳۱	۳۶	۱۲۲	۰	″	۱	۱۷۵	۱۸	۱۱۵	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۸ جولائی روز یکشنبہ	۳۴	۱۶۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۴۳	۲۱۸	۳۶	۱۵۱	۰	″

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۲ لغایت ۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل بہ مذہب		ایک سال سے پانچ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل بہ مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
حوالی شہر	۲	۱	۳	۱	۷	۵	۲	۳	۳	۰	۰	۱۲	۴	۱۵	۶	۷	۱۴	۰	۰	۱۴	۷	۳۱	۰
عظیم نگر	۲	۳	۴	۲	۱۱	۶	۵	۳	۲	۲	۰	۰	۴	۵	۶	۵	۶	۰	۰	۰	۱۱	۱۱	۰
شاہ آباد	۴	۱۱	۱	۱۳	۲۹	۵	۱۴	۴	۶	۰	۰	۳	۲	۷	۸	۱۰	۵	۰	۰	۱۵	۰	۱۷	۰
پٹوائی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
بلاسپور	۷	۴	۱۰	۴	۲۵	۱۷	۸	۲	۷	۲	۳	۹	۴	۱۳	۱۴	۱۴	۱۳	۰	۰	۲۷	۰	۲۷	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
سوار	۴	۰	۱	۰	۵	۵	۰	۱	۲	۰	۰	۲	۰	۳	۲	۵	۰	۰	۰	۰	۵	۵	۰
ملک خاص	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
ٹانڈہ	۱۴	۲	۰	۴	۱۶	۴	۱۲	۳	۱	۲	۱	۵	۳	۱۰	۵	۸	۷	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
میزان	۲۳	۲۷	۱۹	۲۴	۹۳	۴۲	۵۱	۱۶	۲۰	۶	۴	۳۱	۱۷	۵۳	۴۱	۴۹	۴۵	۰	۰	۷۱	۲۳	۹۴	۰

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ صفر المظفر ۱۳۱۳ھ مطابق ۵ اگست ۱۸۹۵ عیسوی | جلد

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۷ جولائی ۱۸۹۵ء

قبل ازین ۲۷ اپریل ۱۸۹۵ء اس امر کی ہدایت و تاکید کی گئی ہے کہ نقشہ پیدایش و اموات مع اسباب فوت جملہ تحصیلات و حضور تحصیل رامپور سے آکر ہفتہ وار گزٹ مین صحت و التزام کے ساتھہ شایع ہوا کرین مگر ملاحظہ گزٹ ۲۰ لغایت ۱۴ جولائی سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہدایت پر عمل نہین ہوا۔ اور گزٹ مطبوعہ ۱۴ جولائی ۱۸۹۵ء مین تحصیل حضور تحصیل بلاسپور و تحصیل ٹانڈہ کی نسبت نقشہ اموات و پیدایش شایع نہین ہوا۔

[illegible] بارش بہی تحصیل ٹانڈہ وبلاسپور وسوار سے نہین آیا
[illegible] کا سبب بارش نہونا قیاس کیا جاوے مگر ہفتہ وار نقشہ
ایسی رپورٹ سے آنا چاہیے تہا کہ اس ہفتہ مین بارش نہین ہوئی —
نیز نرخنامہ کا نقشہ تحصیل حضور سے فرو گذاشت ہوا ہے - اس عدم تعمیل
حکم کی نسبت تحصیلات سے جو نقشہ ہاے مذکورہ نہین بہیجتے ہین جواب
طلب کیا جاوے - لہذا —

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر بغرض طلب جواب واجرای
احکام مرسل ہو اور ایک نقل گزٹ مین شایع کیجاوے —

حکم اجلاس عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۱۷ جولائی ۱۸۹۵ء

مصدورہ عرضی احمدی بیگم عرف ببن بیگم زوجہ ابراہیم علیخان
صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے اجلاس مین پیش ہو —

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

ایک نقل اس عرضی کی گزٹ سرکاری مین واسطے آگاہی جملہ عدالتون کے
شایع کیجاوے اور ایک ایک جلد عدالتہاے دیوانی وفوجداری مین
اور صیغہ رجسٹری مین بہیجدیجاوے ۲۴ جولائی ۱۸۹۵ء

عرضی احمدی بیگم عرف ببن بیگم زوجہ ابراہیم علیخان

غریب پرور سلامت

جناب عالی عرض حال یہ ہے کہ دو برادران علاتی زوجہ
مسمیان نظام الدین خان و امجد علیخان و یک برادر چچازاد مسمی ولایت علیخان

قدیم سے فدویہ سے رنج وعداوت رکہتے ہین اور ہمیشہ سے درپے آزار ہی
ونقصان رسانی اس عاجزہ کے رہتے ہین اور طرح طرح کے افعال ناشایستہ
کسان مذکورہ بالا سے سرزد ہوتے رہتے ہین کہ جس سے تمامی اہل شہر
واقف ہین اس سبب سے فدویہ ہر وقت خائف رہتی ہے اور ہر وقت
فدویہ کو خوف اس امر کا رہتا ہے کہ فدویہ کی جانب سے بلا اطلاع فدویہ
کسی قسم کی کارروائی کسی عدالت مین نکرین اور بسبب پردہ نشینی کے فدویہ کو
اطلاع نہو اور نقصان ناجائز ہو جاوے جو کہ بندگان حضور پرنور کو اللہ تعالے
نے ملجا بیکسان کیا ہے - لہذا قطعہ عرضی ہذا بندگان حضور مین گذارکر امیدوار
ہون کہ حضور پرنور براہ معدلت گستری حکم قضا شیم بنام حاکمان تحت
بدین مراد نافذ فرماوین کہ کسی قسم کی کارروائی نامبردگان اگر فدویہ کی
جانب سے کسی عدالت مین پیش کرین وہ حاکم جب تک فدویہ سے
صداقت نکرلین کسی قسم کا حکم نافذ نکرین واجباً عرض کیا —

آفتاب دولت تابان رہے

روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقعہ ۲۴ جولائی ۱۸۹۵ء

جیل کمپنی کا تعلق ابتک ملیٹری ڈپارٹمنٹ سے ہے اور مدد اوسکی
محکمہ وائس پریزیڈنٹی سے متعلق ہے انتظام آیندہ کیواسطے مناسب
خیال کیا جاتا ہے کہ کمپنی مذکور ملیٹری ڈپارٹمنٹ سے علیحدہ ہوکر
متعلق محکمہ وائس پریسیڈنٹی سمجہی جاوے - اور انتظام کمپنی مذکور کا
صاحب اسٹیٹ سرجن سپرنٹنڈنٹ جیل خانہ کے متعلق کیا جاوے -
صاحب مذکور منظوری ترقی وتنزل وبرخاستگی ملازمان کمپنی مذکور کا
بتوسط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر حاصل کرلیا کرینگے - لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض کارروائی وعملدرآمد ضابطہ روبکار ہذا صاحب ملٹری ڈویژن بہادر کے اجلاس مین بہیجی جاوے اور ایک نقل اطلاعاً بخدمت صاحب والس پریسیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔ نقل روبکار درج گزٹ بہی کیجاوے۔

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ جولای ۱۸۹۵ء

مثل تحریک صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس اس امر مین کہ سید ابراہیم صاحب وکیل وانریری مجسٹریٹ کو اسٹیٹ پلیڈر مقرر کیا جاوے

صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کی تحریک اس امر مین کہ سید ابراہیم صاحب وکیل وانریری مجسٹریٹ کو اسٹیٹ پلیڈر مقرر کیا جاوے ملاحظہ سے گذری ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل اس امر کو مناسب تصور فرماتے ہین کہ اسٹیٹ پلیڈری کے عہدہ پر سید ابراہیم جیسا لایق وہوشیار آدمی مقرر کیا جاوے اور مولوی یعقوب علیخان وکیل سابق کو ناتوانی اور کبرسن کیوجہ سے اس عہدہ سے معاف کہا جاوے اس خدمت کے عوض مین جو تنخواہ ماہواری ریاست سے وکیل سابق کو ملتی تہی اوسی مقدار سے وکیل حال یعنی سید ابراہیم صاحب کو دیجاوے اور اسم مولوی یعقوب علیخان زمرہ ملازمت سے خارج ہو کر تنخواہ بند کیجاوے۔ مثل بغرض اجراے احکام وکارروائی ضابطہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے اجلاس مین بہیجی جاوے اور نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس صاحب والس پریسیڈنٹ بہادر کی خدمت مین مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ بہی کیجاوے۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب والس پریسیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

تعمیل حکم کونسل احکام ضابطہ جاری ہون۔ یکم اگست سے عملدرآمد کیا جاوے۔ ایک نقل حکم کونسل بخدمت صاحب جج بہادر اور ایک نقل بخدمت مفتی صاحب دیوانی جہان وکیل سرکار کی تنخواہ درج ہوتی ہے مرسل ہو۔ ۳۰ جولای ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ جولای ۱۸۹۵ء

مثل روبکار صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر دربارہ خطاب نواب بہ محمد علیخان صاحب خان بہادر رئیس بلند شہر

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی روبکار صاحب ریذیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر ملاحظہ ہوا خطاب نواب جو محمد علیخان صاحب خان بہادر رئیس بلند شہر کو پیشگاہ نواب ویسراے وگورنر جنرل بہادر سے عطا ہوا ہے اوسکا اندراج وعملدرآمد روبکارات وتحریرات ریاست مین ضرور ہے صاحب بہادر ممدوح کے نام پر جس جگہ خط وکتابت مین مستعمل ہو لفظ نواب ضرور لکہا جایا کرے لہذا تجویز ہوا کہ ایک ایک نقل روبکار ہذا بخدمت ممبر صاحبان بہادر اور ایک نقل بنا بر درج گزٹ مرسل ہو اور مثل ہذا باجلاس صاحب سکریٹری بہادر بہیجی جاوے۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب والس پریسیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر دربار

تبادلہ

۱۹ جولائی ۱۸۹۵ء

تجمل حسین پیشکار تحصیل سوار بجاے منشی انوار حسین نائب صدر دفاترکو
منشی انوار حسین بجاے منشی تجمل حسین پیشکاری تحصیل سوار پر بدلے گئے
دونون عہدہ دار تنخواہ اپنی اپنی پائینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر دربار

تقرر

۲۵ جولائی ۱۸۹۵ء

بہ وصول روبکار اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر تقرر منشی فدا حسین
ماہرہ بست ۲۰ روپیہ ماہوار بجاے عبد الواسع پیشکار سرشتہ انہار
۲ مئی سنہ حال یوم کارکردگی سے عمل مین آیا احکام ضابطہ جاری ہووے

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر دربار

رخصت

۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء

عرضی صاحبزادہ احمد رضا خان پیشکار دوم حضور تحصیل بدرخواست
رخصت دو ہفتہ براے روانگی الہ آباد بذمہ داری امتیاز علیخان
پیشکار اول پیش ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی۔

حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر دربار واقعہ ۲۸ جولائی ۱۸۹۵ء

مصدرہ کیفیت لفٹنٹ صدر ظہری عرضی جمعہ خان
متاجر کہو پرگنہ سوار بدرخواست سیاہہ ۲۵ امانت ضمانتی زرنقد
اکثر عرائض ہمارے سامنے اسی قسم کے پیشی ہوئی ہین غور کرنیسے معلوم
ہوتا ہے کہ امانت ضمانت کا روپیہ بقایا مین سیاہہ کرلینا اور اوسکے
عوض مین کسی جایداد کو ضمانت مین مکفول کرلینا مناسب نہین ہے
اسوجہ سے کہ امانت ضمانت کا روپیہ دو وجہ سے داخل سرکار کرایا جاتا ہے
اول یہ کہ اگر بعد ٹوٹ جانے متاجری کے غلبہ وکستی وغیرہ کی کمی
ہوتی ہے تو وہ متاجر سے لیجاتی ہے اور بحالت اشد ضرورت جب
یہ معلوم ہوتا ہے کہ متاجر قابل اداے مالگذاری نہین ہے تو زر امانت کو
سیاہہ کرکے بیباقی کردیجاتی ہے لہذا زرنقد کا امانت مین داخل رہنا
ضروری ہے اور اسوجہ سے اوسکا زیر باقی سیاہہ ہونا نامناسب ہے
علاوہ اسکے استغراق جایداد مین یہ بھی قباحت ہے کہ بہنگام نیلام
و وصول مطالبہ صدہا نزاعات و عذرات حق و ملکیت پیش آتے ہین
اور بعض اوقات جایداد مستغرقہ واگذاشت بھی ہوجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سائل کو اطلاع دیجاوے اور نقل حکم ہذا بغرض اعلان اطلاع عام
گزٹ مین بھی شایع ہووے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب یونیو ممبر دربار

مستقلی

۳۰ جولائی ۱۸۹۵ء

عرضی لالہ شیولال جی بہنا اہلمد تعمیرات مع رپورٹ منشی پیارے لال نائب سرشتہ دار
انچارج سرشتہ دار صدر بدرخواست مستقلی و اضافہ بوجہ انقضاے مدت
غیر مستقلی ملاحظہ ہوکر بالفعل اسی ۵ مشاہرہ پر موصی الیہ مستقل کیا گیا
بعد چہ ماہ درخواست اضافہ کرے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۳ جولائی ۱۸۹۵ء

آج بروقت معائنہ دفاتر و سررشتہ ہاے ماتحت واضح ہوا کہ بعض سررشتون مین اہلکاران سررشتہ افسر سررشتہ کی نگاہ و نگرانی سے علیحدہ بیٹھتے ہین یہ امر نہایت نامناسب ہے۔

اور یہ بھی دیکھا گیا کہ اکثر اہلکاران کے پاس غیر شخص و غیر ملازم لوگ سررشتہ سرکاری مین بیٹھے ہوئے ہین یہ بات بھی بالکل نامناسب وخلاف احتیاط ہے۔

صاحب رجسٹرار صدر علیحدہ کمرہ مین بیٹھتے ہین اور اونکا عملہ و دفتر علیحدہ کمرہ مین ہے حالانکہ دفعہ الہ قانون رجسٹری مین خاص اور صاف حکم ہے کہ دفتر رجسٹری عہدہ دار رجسٹری کے خاص کمرہ اجلاس مین رہنا چاہئے۔ اسوقت جو طریقہ جاری ہے وہ خلاف حکم قانون بھی ہے اور نامناسب و خلاف احتیاط ہے۔

عدالت فوجداری کا ناظر عدالت فوجداری سے بالکل علیحدہ اور فاصلہ پر دوسرے مکان مین مع اپنے متعلقہ دفتر کے بیٹھتا ہے یہ بھی بالکل نامناسب ہے اوس کمرہ مین ناظر کا رہنا چاہئے جہان دیگر اہلکاران عدالت فوجداری زیر نگرانی حاکم عدالت بیٹھتے ہین جملہ حکام عدالتہاے ماتحت و افسران سررشتہ امورات مذکورہ بالا کی بہت احتیاط رکھین۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور ایک نقل بذریعہ صاحب سشن جج بہادر پاس صاحب مجسٹریٹ ضلع مرسل ہو کہ ناظر فوجداری کی نشست و جا غیرہ کا بندوبست اپنے اجلاس کے نشستی خانہ مین فرما دین اور احتیاط رکھی جاوے کہ کوئی غیر ملازم سررشتہ مین نہ آوے۔ اور ایک نقل روبکار ہذا پاس صاحب رجسٹرار صدر مرسل ہو کہ حکم قانون و روبکار ہذا کے منشاء کے موافق تعمیل ہونا چاہئے۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۲۹ جولائی لغایت ۳ اگست سنہ ۱۸۹۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	تعداد	اوزان	تعداد	اوزان	تعداد	اوزان	تعداد	اوزان	تعداد	اوزان	تعداد	اوزان
۲۹ جولائی روز دوشنبہ	۱۵	۱۸۰	۰	۱۳۰	۴	۱۸۶	۲۰	۲۳۸	۳۰	۱۸۱	۱۱	۲۹۲
۳۰ جولائی روز سہ شنبہ	۰	۱۸۰	۰	۱۳۰	۰	۱۸۶	۰	۲۳۸	۰	۱۸۱	۰	۲۹۲
۳۱ جولائی روز چہارشنبہ	۱۷	۱۹۷	۴	۱۳۴	۲	۱۸۸	۰	۱۳۸	۰	۱۸۱	۰	۲۹۲
یکم اگست سنہ ۹۵ء روز پنجشنبہ	۰	۱۹۷	۱۷	۱۵۱	۹	۱۹۷	۰	۱۳۸	۶	۱۸۷	۱۰	۳۰۲
۲ اگست سنہ ۹۵ء روز جمعہ	۱۱	۲۰۸	۰	۱۵۱	۰	۱۹۷	۲	۱۴۰	۰	۱۸۷	۰	نقشہ نہیں آیا
۳ اگست سنہ ۹۵ء روز شنبہ	۲	۲۱۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۴۰	۳	۱۹۰	۰	〃

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۹ جولائی لغایت ۴ اگست سنہ ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل اموات										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال سے ۶ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
حوالی شہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
عظیم نگر	۴	۶	۳	۵	۱۸	۷	۱۱	۲	۱	۳	۴	۱	۵	۶	۱۰	۸	۸	۰	۰	۰	۱۶	۱۶	۰
شاہ آباد	۵	۱۹	۵	۱۲	۴۱	۱۰	۳۱	۳	۳	۳	۰	۴	۱	۱۰	۴	۳	۱۱	۰	۰	۱۴	۰	۱۴	۰
پیپلوائی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۲۷	۱۵۱	۲۱	۱۰۲	۳۰۱	۴۸	۲۵۳	۵۲	۲۵	۱	۷	۴۳	۲۰	۹۶	۵۲	۲۱	۱۲۷	۰	۱۲	۰	۱۳۶	۱۴۸	۰
بلاسپور	۶	۳	۴	۷	۲۰	۱۰	۱۰	۶	۲	۳	۵	۵	۴	۱۴	۱۱	۱۰	۱۵	۰	۰	۲۵	۰	۲۵	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۳	۳	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۴۲	۱۷۹	۳۳	۱۲۹	۳۸۳	۷۵	۳۰۸	۶۳	۳۱	۱۰	۱۶	۵۳	۳۰	۱۲۶	۷۷	۴۲	۱۶۱	۰	۱۲	۳۹	۱۵۲	۲۰۳	۰

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ صفر سنہ ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۲ اگست سنہ ۱۸۹۵ع | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۰ جولائی سنہ ۱۸۹۵ع

مصدورہ عرضی دیبی چودہری متعینہ باغ چمن گورکہان دربارہ

تبدیلی خود بہ چمن مچھی بہون —

صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے اجلاس میں بھیجکر لکھا جاے کہ یہ عرضی صندوق عرائض سے برآمد ہوئی کسی افسر صیغہ کے توسل سے نہیں دی گئی صاحب ممدوح اسکا انسداد فرمادینگے کہ بے ضابطہ ملازمین

ایسی خودسری کے ساتھ نہ آوین تاوقتیکہ افسر صیغہ سے تصدیق
جاوے ۔

حکم صاحب والتس پریزیڈنٹ بہادر

بمشاہدہ حکم حضور معلے دام اقبالہ مصدورہ ۳۰ جولائی ۱۸۹۵ع کوئی عرضی
ملازم سررشتہ کی اجلاس حضور عالی مین بلا تصدیق و وساطت
صیغہ کے پیش ہونا چاہیے ۔ نقل حکم حضور عالی مع نقل حکم ہذا برائے
اطلاع عام درج گزٹ ہو ۔ ۳ اگست ۱۸۹۵ع

اجلاس کامل کونسل واقع ۲۳ جولائی ۱۸۹۵ع

مثل بحضور پرنور ہزہائنس جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم
و اراکین کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن عنایت الحق خان
ولد عبدالحمید خان سوار رسالہ اول تعدادی مبلغ ڈھائی روپیہ ماہانہ
صلہ خدمت سے منظور ہے ۔ مثل بنابر اجراے احکام
بخدمت صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو ۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب والتس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج واہلمد پنشن دار اطلاع دیجاوے ۔ ۲۹ جولائی ۱۸۹۵ع

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۶ اگست ۱۸۹۵ع

سابق دربارہ ممانعت ٹھیکہ دہات نسبت ملازمان صیغہ مال مثل تحصیلداران وغیرہ
حکم جاری ہوگیا ہے ۔ اب معلوم ہوا کہ ملازمان فوج کے پاس بھی دہات ہین
اونکی باقی کے وصول مین دقت ہوتی ہے ۔

لہذا حکم ہوا کہ

آیندہ سے ٹھیکہ دہات کا ملازمان فوج کو ندیا جاوے اور اگر کوئی ملازم فوج
ایسا کریگا تو بحکام اطلاع بلا ضبطی امانت ضمانت و جائداد و ستغرقہ ٹھیکہ کا نون کا فسخ
کردیا جاویگا نقل بنیٹ متعینہ صدر و صلہ باقی نویس نائب سررشتہ دار صدر
اور تحصیلداران کو اس حکم سے اطلاع دیجاوے اور ایک نقل روبکار کی
مطبع کو واسطے طبع گزٹ کے بھیجی جاوے ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۷ اگست ۱۸۹۵ع

مثل مرتبہ مہتمم آبکاری ملاحظہ ہوئی تحقیقات کامل طور سے کی گئی چونکہ گھاسی رام
ٹھیکہ دار نے دانستہ عدول حکمی کی اور اس سے قبل اور بھی ٹھیکہ دار ایسے
جرم کے مرتکب ہوچکے ہین مگر چونکہ اونھون نے اپنے جرم کی سزا نہین پائی
اسوجہ سے اور ٹھیکہ داران کی جرات بڑھی گو اس ریاست مین ایسے
ارتکاب جرم کے عوض مین سزا کا کوئی قاعدہ معین نہین ہے جسکے رو سے
سزا قرار واقعی دیجاتی انکے سوا اجراے رونہ کا صاحب ایکسائز افسر بہادر
محکمہ سے ایک ہمیشہ قاعدہ مقرر ہوا ہے نظر بران میرے نزدیک
مناسب ہے کہ بلحاظ آئندہ گھاسی رام ٹھیکہ دار کو سزاے جرمانہ دیجاوے لہذا
مین حکم دیتا ہون کہ گھاسی رام ٹھیکہ دار سے مبلغ پچاس روپیہ جرمانہ

بوجہ عدم وصول حکمی وصول کیے جاوین اور اطلاع اس کارروائی اور تجویز کی بذریعہ تحریر جواب ڈاکٹ صاحب پولیٹکل افسر بہادر نمبری $\frac{1091}{11-\text{ص}-6}$ مورخہ ۲۹ جولائی ۱۸۹۵ء کیجاوے بابو جہدالال ریونیو کلرک کو اطلاع دیجاوے اور نقل حکم ہذا واسطے اندراج گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۳۰ جولائی ۱۸۹۵ء

جوکہ یہان پر جرم بالعمد ضرر پہونچانے اور بالعمد ضرر شدید پہونچانے اور ایسے فعل سے ضرر پہونچانیکا جس سے جان انسان کو خطرہ ہو اور ایسے فعل سے ضرر شدید پہونچانیکا جس سے جان انسان کو خطرہ ہو جسکی سزا آئین مجموعہ تعزیرات ہند کی دفعہ ۳۲۴ و ۳۲۵ و ۳۳۷ و ۳۳۸ مین مقرر ہین کثیر الوقوع ہین اور یہ جرائم منجملہ اون جرائم کے ہین جو قابل راضی نامہ مشروط باجازت عدالت تجویز ہوے ہین یعنی جنہین بموجب دفعہ ۳۴۵ ایکٹ ۱۰ سنہ ۱۸۸۲ء باجازت اوس عدالت کے جسکے روبرو کسی جرم متذکرہ بالا کی نالش دائر ہو اوس شخص کیطرف سے راضی نامہ پڑھے ہوسکتا ہے جسکو ضرر پہونچایا گیا ہو اجازت عدالت کی قید اور شرط ان جرائم مین اسوجہ سے تجویز ہوتی ہے کہ صاحبان مجسٹریٹ کو قبل از منظوری راضی نامہ صورت وارتکاب جرم و نوعیت پر لحاظ کرلینا ضرور ہے اور یہانپر خاصکر چاقو چلانے کے تعددات ہین کہ جسکے لیے ایک خاص قانون مختص المقام نافذ کیا گیا ہے صورت اور قسم ارتکاب و نوعیت جرم پر لحاظ کرنا یہ وہ امر ہے جو صاحبان مجسٹریٹ کے اختیارات تمیزی مین داخل ہے لہذا مناسب و ضرور ہے کہ صاحبان مجسٹریٹ اپنے اس اختیار کو بہت احتیاط سے عمل مین لاوین ۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی بنابر تعمیل و اطلاع عام حکام عدالتہای فوجداری درج گزٹ و ایک نقل شریک فائل بک کیجاوے ۔ اور اصل داخل دفتر ہو

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۴ لغایت ۱۱ اگست ۱۸۹۵ عیسوی

تاریخ و دن معہ سنہ	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۴ اگست ۱۸۹۵ء روز یکشنبہ	۱	۲۱۱	۰	۱۶۲	۰	۱۹۷	۱۳	۲۵۳	۰	۱۹۰	۰	۳۱۱
۵ اگست روز دوشنبہ	۰	۲۱۱	۰	۱۶۲	۹	۲۰۶	۰	۲۵۳	۱۸	۲۰۸	۰	۳۱۱
۶ اگست روز سہ شنبہ	۳	۲۱۴	۲۳	۱۸۵	۱۴	۲۲۰	۲۱	۲۷۴	۰	۲۰۸	۷	۳۱۸
۷ اگست روز چہار شنبہ	۰	۲۱۴	۰	۱۸۵	۰	۲۲۰	۲	۲۷۶	۰	۲۰۸	۱	۳۱۹
۸ اگست روز پنجشنبہ	۰	۲۱۴	۰	۱۸۵	۰	۲۲۰	۰	۲۷۶	۰	۲۰۸	۰	نقشہ نہیں آیا
۹ اگست روز جمعہ	۰	۲۱۴	۰	۱۸۵	۰	۲۲۰	۴	۲۸۰	۰	۲۰۸	۰	//
۱۰ اگست روز شنبہ	۰	۲۱۴	۰	۱۸۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۸۰	۰	۲۰۸	۰	//
۱۱ اگست روز یکشنبہ	۰	۲۱۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	۲۸۰	۰	۲۰۸	۰	//

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۵ لغایت ۱۱ اگست ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایکسال کی عمر تک		۱ سال سے ۶ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	بخار	دیگر امراض	میزان	
شہر رامپور	۱۳	۰	۷	۰	۲۰	۲۰	۰	۳	۷	۰	۱	۷	۷	۹	۱۵	۳۱	۳	۱	۰	۲۳	۰	۲۴	۰
حوالی شہر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
عظیم نگر	۴	۶	۲	۴	۱۶	۶	۱۰	۲	۱	۳	۵	۰	۰	۵	۶	۸	۳	۰	۰	۰	۱۱	۱۱	۰
شاہ آباد	۶	۱۳	۴	۲۱	۴۴	۱۰	۳۴	۲	۱	۰	۰	۴	۸	۱۰	۹	۳	۱۶	۰	۰	۱۹	۰	۱۹	۰
پٹوائی	۰	۷	۰	۴	۱۱	۰	۱۱	۱	۱	۰	۲	۴	۲	۵	۵	۱	۹	۰	۰	۴	۶	۱۰	۰
ملک	۷	۲۵	۳	۲۷	۶۲	۱۰	۵۲	۱۳	۳	۰	۳	۷	۴	۲۰	۱۰	۹	۲۱	۰	۰	۰	۳۰	۳۰	۰
بلاسپور	۴	۶	۳	۵	۱۸	۷	۱۱	۲	۳	۲	۵	۷	۳	۱۱	۱۱	۱۰	۱۲	۰	۰	۲۲	۰	۲۲	۰
کیمری	۶	۹	۲	۱۰	۲۷	۸	۱۹	۶	۲	۰	۰	۱۳	۸	۱۹	۱۰	۱۰	۹	-	۰	۲۹	۰	۲۹	۰
سوار	۸	۹	۱۱	۵	۳۳	۱۹	۱۴	۹	۴	۱	۳	۳۱	۱۴	۴۱	۲۱	۳۳	۲۹	۳	۰	۰	۵۹	۶۲	۰
ملک خانم	۲	۰	۳	۰	۵	۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۳	۳	۰	۰	۰	۳	۰	۳	۰
ٹانڈہ	۴	۵	۶	۲	۱۷	۱۰	۷	۳	۲	۰	۲	۳	۴	۵	۸	۷	۶	۰	۰	۱	۱۲	۱۳	۰
میزان	۵۴	۸۰	۴۱	۷۸	۲۵۳	۹۵	۱۵۸	۴۴	۲۴	۶	۲۱	۷۵	۵۳	۱۲۵	۹۸	۱۰۵	۱۱۸	۴	۰	۱۰۱	۱۱۸	۲۲۳	۰

پنشندار اپنی پنشن مین جیاتی خود لینا چاہتا ہے لہذا بالاتفاق
اکثر راے صاحب ممبر مال بہادر منظور ہے یہ پنشن نام
رجسٹر سے خارج ہوکر بدستور بنام سید موسی رضا اصل پنشندار
ہوے - اول مثل بغرض منظوری بحضور معلے دام اقبالہم پیش ہوکر
بعد ازان برکار روائی ضابطہ با جلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل
ہو پیش حضور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہون - ۱۲ اگست ۱۸۹۵ء

ملخص حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
رخصت

۱۱ اگست ۱۸۹۵ء

منشی تجمل حسین نائب سر رشتہ تا لوگیہ بدرخواست رخصت یک ہفتہ
بیسیل پیشی پیش ہوکر منظور ہوئی -

ملخص حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
اضافہ

۱۸ اگست ۱۸۹۵ء

عرضی مرزا نبی حسن بیگ اہلمد ملازمان بدرخواست اضافہ مع رپورٹ
منشی پیارے لال انچارج سر رشتہ دار صدر مشعر حسن انجام
خدمت متعلقہ و خوشنویسی و محنت و دیانت ملاحظہ ہوکر دو روپیہ ماہوار کی
ترقی خاص کرکے بائیس روپیہ تنخواہ منظور کی گئی -

ملخص حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
اضافہ

۱۸ اگست ۱۸۹۵ء

عرضی منشی للتو پرشاد محرر سر رشتہ اسٹنٹ صدر بدرخواست اضافہ
مع رپورٹ اسٹنٹ صدر باشعار حسن انجام خدمت متعلقہ و کثرت
حاضر باشی ملاحظہ ہوکر دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا
اب چودہ روپیہ تنخواہ ملیگی -

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۴ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ مہ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲۶ اگست سنہ ۱۸۹۵ عیسوی جلد

فہرست مضامین

سرکلر بحکم حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل واقع ۲۳ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

جو کہ صاحب جج بہادر کی تحریر سے ریاست ہذا کی عدالتہاے دیوانی مین یہ دستور پایا جاتا ہے کہ گواہون کا اظہار حسب محکومۃ شرعی بلفظ اشہد لیا جاتا ہے اور بعد ختتام اظہار گواہ کے ہاتھ مین قرآن مجید دیکر کہلایا جاتا ہے کہ جو کچھ اوسنے لکھوایا ہے وہ صحیح ہے از انجا کہ ہر ایک گواہ سے بالعموم قرآن شریف اوٹھوانا اوسکا لازمی امر قرار دینا ترک ادب ہے لہذا یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ بالعموم گواہون سے قرآن شریف اوٹھوانے کا قاعدہ مسدود کیا جاے

لفظ اشہد باللہ یا جو قسم از روئے قانون جائز ہو کہلا کر اظہار گواہان لیا جاے البتہ خاص صورتون مین جب حاکم مجوز کسی آدمی سے اوٹھوانا قرآن شریف کا لازمی امر سمجھے یا کوئی فریق مخالف پر حصر کر کے قرآن شریف اوٹھوانا چاہے (کہ ایسے خاص حلف کی صورت مین اوسکے بیان کی پابندی حلف کرنیوالے پر لازم ہوگی) تو مضائقہ نہین کہ ایسا حلف دیا جاے۔

دفعہ ۲ یہی قاعدہ ہنود سے گنگا جلی کے اوٹھوانے کے بارہ مین جاری ہو کہ اونسے بھی اونکے مذہب اور اعتقاد کے موافق قسم کہلائی جاے۔ بالعموم گنگا جلی اوٹھوانا بند کیا جاے صورت خاص متذکرہ بالا مین مضائقہ نہوگا۔

دفعہ ۳ اور یہی قاعدہ جملہ عدالتون سے متعلق ہوگا جہان اظہارات بذریعہ کارروائی عدالتانہ تحریر ہوتے ہین یعنی دیوانی و خفیفہ و مال و فوجداری

سرکار بحکم حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل واقع ۲۳ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

جو کہ مقدمات خفیف بمقابلہ سنگین کے کثرت سے ہوتے ہین لہذا مقدمات خفیف مین بنظر سہولت اور عجلت ترتیب کے مناسب ہے کہ صاحب مجسٹریٹ ضلع کو اختیار عملدرآمد دفعہ ۲۶ ضابطہ فوجداری کا دیا جاوے تاکہ سنگین مقدمات کی تحقیقات اور ترتیب اور انصاف کے لئے وقت کافی حاصل ہو اور خفیف مقدمات مین زیادہ وقت ضائع نہو۔ دفعہ مذکور مین بعض جرائم کی تجویز کا بطور سرسری صاحب مجسٹریٹ ضلع کو مجاز کیا گیا ہے اور بعض جرائم کے اختیارات تجویز سرسری دینے کی جانب مجسٹریٹان درجہ دوم و درجہ سوم اور اونکے نیچون کو نسبت لوکل گورنمنٹ کے درج ہے۔ از انجا کہ یہان بالفعل سوائے صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اور مجسٹریٹان ماتحت کی نسبت اختیارات سرسری دینے کی تجویز نہین ہے لہذا صاحب مجسٹریٹ ضلع کو نسبت کل جرائم متذکرہ دفعہ ۲۶ کی خواہ متعلق مجسٹریٹ ضلع ہون یا متعلق مجسٹریٹان ماتحت مجاز کیا جاتا ہے کہ جرائم مذکور کے کل یا جزو کی تجویز بطور سرسری کرین اور علاوہ جرائم متذکرہ دفعہ مذکور کے اس ریاست مین مقدمات خلاف ورزی قواعد میونسپلٹی حسب دفعہ ۳۵ دستور العمل مجریہ ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء مطبوعہ گزٹ نمبر ۴ ۲۲ جنوری سنہ الیہ اور جرائم خلاف ورزی قانون انسداد داشت چاقو مندرجہ گزٹ نمبر ۱ مطبوعہ ۷ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء کی تجویز بھی بطور سرسری عمل مین لانیکے مجاز ہین اور نسبت تعداد سزا کہ تین مہینہ کی میعاد سے زیادہ نہو گی اور نسبت ترتیب مقدمات وغیرہ کے دفعات ۲۶۲ لغایت ۲۶۵ اور دفعہ ۴۱۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری پر بخوبی لحاظ رکھین

ملخص احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

تبادلہ

عرضی لالہ بلدیو سہائی نائب و صلباقی نویس صدر مصدقہ و صلباقی نویس صدر بدرخواست تبدیلی بوجہ عدم موافقت آب و ہوا ملاحظہ ہو کر تبدیلی لالہ بلدیو سہائی نائب و صلباقی نویس تحصیل شاہ آباد و سار دا پرشاد و صلباقی نویس شاہ آباد تحصیل اور موصلباقی نویس تحصیل سوار بحکمہ صدر بعہدہ نائب و صلباقی نویس عمل مین آئی ۲۲ اگست ۱۸۹۵ء

رخصت

عرضی منشی تجمل حسین نائب صدر قانونگو بدرخواست عطای رخصت مزید تا ختم اگست بوجہ علالت ملاحظہ ہو کر رخصت تا ختم اگست سنہ رواں منظور ہوئی۔ ۲۴ اگست سنہ ۱۸۹۵ء

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۹؍ لغایت ۲۵؍ اگست ۱۸۹۵ء عیسوی

تاریخ و دن	صدر: تعداد خط	صدر: افزون	تحصیل بلاسپور: تعداد خط	تحصیل بلاسپور: افزون	تحصیل سوار: تعداد خط	تحصیل سوار: افزون	تحصیل ملک: تعداد خط	تحصیل ملک: افزون	تحصیل شاہ آباد: تعداد خط	تحصیل شاہ آباد: افزون	ٹانڈہ: تعداد خط	ٹانڈہ: افزون
۱۹؍ اگست ۱۸۹۵ء روز دوشنبہ	۰	۲۴۰	۰	۲۲۵	۰	۲۵۱	۰	۳۲۸	۰	۲۴۲	۰	۳۵۵
۲۰؍ اگست ۱۸۹۵ء روز سہ شنبہ	۰	۲۴۰	۰	۲۲۵	۰	۲۵۸	۰	۳۲۸	۰	۲۴۲	۰	۳۵۵
۲۱؍ اگست ۱۸۹۵ء روز چہار شنبہ	۰	۲۴۰	۰	۲۲۵	۰	۲۵۸	۰	۳۲۸	۰	۲۴۲	۰	۳۵۵
۲۲؍ اگست ۱۸۹۵ء روز پنجشنبہ	۰	۲۴۰	۰	۲۲۵	۰	۲۵۸	۰	۳۲۸	۰	۲۴۲	۰	۳۵۵
۲۳؍ اگست ۱۸۹۵ء روز جمعہ	۰	۲۴۰	-	۲۲۵	۰	۲۵۸	۰	۳۲۸	۰	۲۴۴	۰	نقشہ نہیں آیا
۲۴؍ اگست ۱۸۹۵ء روز شنبہ	۰	۲۴۰	۰	۲۲۵	۰	۲۵۸	۰	۳۲۸	۰	۲۴۲	۰	״
۲۵؍ اگست ۱۸۹۵ء روز یکشنبہ	۳۰	۲۷۰	-	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۶	۳۳۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	״

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۹؍ لغایت ۲۵؍ اگست ۱۸۹۵ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتے: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۱۱	۵	۱۴	۱	۳۱	۲۵	۶	۶	۱۳	۰	۳	۱۶	۹	۲۲	۲۵	۳۹	۸	۳	۱	۱۰	۳۲	۴۷	۰
حوالی شہر	۳	۱	۲	۲	۸	۵	۳	۴	۲	۰	۰	۵	۳	۹	۵	۶	۸	۰	۰	۱۱	۳	۱۴	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۱۲	۳۹	۶	۳۴	۹۱	۱۸	۵۳	۱۵	۱۰	۱	۱	۱۲	۶	۲۸	۱۷	۹	۳۶	۰	۱	۴۴	۰	۴۵	۰
ٹیوائی	۱	۲	۰	۱	۴	۱	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ملک	۳	۱۱	۱	۱۰	۲۵	۴	۲۱	۰	۲	۰	۰	۲	۲	۲	۴	۵	۱	۰	۰	۰	۶	۶	۰
بلاسپور	۴	۲	۳	۰	۱۰	۹	۲	۳	۰	۰	۶	۴	۰	۸	۹	۷	۷	۱۴	۰	۰	۰	۱۴	۰
کیمری	۴	۲	۱	۲	۷	۳	۴	۱	۱۱	۳	۱	۵	۲	۹	۱۴	۹	۱۳	۰	۰	۰	۲۳	۲۳	۰
سوار	۰	۱	۰	۲	۳	۰	۳	۰	۰	۱	۰	۱	۰	۲	۰	۱	۱	۰	۰	۰	۲	۲	۰
نالٹ خانم	۱	۶	۳	۲	۱۲	۳	۸	۰	۰	۰	۰	۱	۰	۱	۰	۱	۰	۰	۰	۱	۰	۱	۰
ٹانڈہ	۹	۲	۵	۳	۳۳	۱۶	۷	۷	۲	۳	۰	۳	۲	۱۴	۳	۱۱	۷	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
میزان	۳۶	۴۳	۳۶	۵۷	۲۱۴	۸۴	۱۳۰	۳۶	۶۰	۹	۱۱	۵۰	۲۴	۹۵	۷۷	۸۸	۹۲	۱۸	۲	۶۶	۸۴	۱۶۰	۰

نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۹ لغایت ۲۵ اگست ۱۸۹۵ء

[illegible]	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
[illegible]	۱۳ا۰ار	۱۳اار	۱۴اار	۱۵اار	۱۴اار	۱۴اار	۰
ں	۸اار	۱۶ا۰ار	۱۷اار	۱۶اار	۹اار	۱۷اار	۰
بر	۱۸ا۰ار	۱۷اار	۱۹ار	۰	۰	۱۸اار	۰
	۲۰ار	۰	۲۰ار	۲۰ار	۰	۰	۰
ں	۸ا۰ار	۹ار	۸ا۰ار	۸ار	۸ار	۹ار	۰
ں	۱۲ا۰ار	۱۱ار	۱۱ار	۱۲ار		۸ار	۰
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
	۲۵ار	۰	۲۵ار	۰	۲۵ار	۲۳ار	۰
ے	۲۰ار	۱۶ار	۲۰ار	۲۲ا۰ار	۲۰ار	۱۸ار	۰
ں	۲۱ار	۱۹ار	۲۰ار	۰	۲۲ا۰ار	۲۰ار	۰
ر	۲۱ار	۲۰ار	۲۰ار	۲۱ار	۰	۲۰ار	۰
	۱۰ار	۹ار	۹ار	۱۰ار	۱۰ار	۹ار	۰
ڈو	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۰
سیاہ	۲ا۰ار	۲ار	۲ار	۲ار	۲ا۰ار	۲ا۰ار	۰
نجد	۰	۲ار	۲ار	۰	۰	۲ار	۰
ہر	۸ار	۸ار	۸ار	۶ار	۹ار	۸ار	۰
رامپوری	۰	۶ار	۶ار	۰	۰	۶ار	
سیاہ	۶ا۰ار	۶ار	۵ار	۵ار	۶ار	۶ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOV^T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ ربیع الاول ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲ ستمبر ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل — واقع ۶ر اگست ۱۸۹۵ء

آج میٹنگ کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن علی احمد خان سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین خان رسالدار تعدادی دو روپیہ ماہانہ منظور ہو مثل بعد ملاحظہ حضور معلی بنابر اجرای احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم — دستخط صاحب والاس ریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ممبر مال بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون — ۲۷ر اگست ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل۔ واقع ۶ اگست ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن خدایار خان سوار ترپ سوم تعدادی ڈہائی روپیہ ماہانہ منظور ہو

مثل بنابر اجرای احکام بعد ملاحظہ حضور معلی دام اقبالہم وملکہم باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ممبر مال بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب ممبر مال بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۷ اگست ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل واقع ۶ اگست ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی پنشن علیحسین خان ولد قاسم خان سپاہی رسالہ غلام جیلانی خان رسالدار تعدادی دو روپیہ آٹھ آنہ ماہانہ منظور ہے

مثل بعد ملاحظہ حضور معلی دام اقبالہم وملکہم باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط وائس پریزیڈنٹ صاحب بہادر

دستخط صاحب ممبر مال بہادر دستخط جوڈیشل ممبر صاحب بہادر

دستخط سکرٹری صاحب بہادر

حکم صاحب ممبر مال بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۸ اگست ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل واقع ۶ اگست ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن شیخ نتھو ولد شیخ ہنگا [illegible] نواز تعدادی دو تین روپیہ ماہانہ منظور ہے

مثل بعد ملاحظہ حضور معلی دام اقبالہم وملکہم باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ممبر مال بہادر دستخط جوڈیشل ممبر صاحب بہادر

دستخط سکرٹری صاحب بہادر

حکم صاحب ممبر مال بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۸ اگست ۱۸۹۵ء

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۸ اگست ۱۸۹۵ء
ثبتہ قواعد گاڑی شکرم و یکہ وغیرہ

قواعد درج گزٹ ہون اور صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کو اطلاع دیجاوے

قواعد گاڑی شکرم و یکہ وغیرہ

جو کہ یکہ و گاڑی شکرم شہر مین جاری ہین اور بوجہ ہونے ریل کے روز بروز ترقی ہے اسلئے ضروری ہے کہ انکے واسطے قواعد مرتب کئے جاوین لہذا تعمیل حکم مسٹر ہملٹن صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ پولیس اسٹیٹ کے مہتہ سٹی انسپکٹر نے قواعد ذیل ایکٹ ۱۶ سنہ ۱۸۷۹ء سے منتخب کئے اور بغرض منظوری کے حضور مین صاحب ممدوح کے پیش کئے گئے۔ بعد منظوری کونسل آف اسٹیٹ نفاذ اسکا شہر رامپور مین اندر و باہر حدود منیوسپلٹی عمل مین آویگا۔

(۱) یکہ و گاڑی شکرم ایک نمونہ کی ہونا چاہئے۔

(۲) ساز گھوڑونکا اور لوازمہ یکہ گاڑی کا مثل گدی پردہ درست اور صاف رہے

(۳) جانور یکون اور گاڑیون کے مضبوط اور تندرست ہون۔

(۴) رنگ گاڑیون کا اور ٹپ اونکے معہ دیگر چیزون کے اور رنگت یکون کی درست رہے۔

(۵) [illegible]

بہادر سے حاصل کیا جاوے۔

(۶) اصل لیسنس تختی پر آویزان ہو کر ہر یکہ اور گاڑی مین ایسے مقام پر لگایا جاوے جو اچھی طرح پڑھا جاوے۔

(۷) ہر یکہ اور گاڑی پر نمبر موٹے حرف مین بزبان انگریزی و اردو لگا ہو چاہئے

(۸) ہر گاڑی و یکہ کا ہانکنے والا ہوشیار اور جوان آدمی ہو۔ بچہ یا بوڑھا نہو

(۹) سوائے اوس شخص کے جو اس کام پر مقرر کیا جاوے دوسرا شخص ہانکنے کا مجاز نہین۔ بجز خاص صورتون کے۔

(۱۰) ہر ہانکنے والے کے بازو یا سافہ پر ایک نشان برنجی ہوگا جو صاحب سپرنٹنڈنٹ پولس تجویز فرماوینگے۔

(۱۱) تعداد سواریان اور بوجھہ کی یکہ اور گاڑی مین۔ وہ ہوگی جو مندرج لیسنس ہوگی اور جسکی تعداد صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مقرر فرماوینگے

(۱۲) روشنی لالٹین ہر گاڑی اور یکہ مین شب تاریک مین ہوگی اور نیز اوس وقت سے چاندنی رات مین روشنی رکھنا ضرور ہوگی جبکہ بارش ہوتی ہو۔ یا ابر آسمان پر چھایا ہوگا یا کسی میلہ مین جو بڑا میلہ ہو۔

(۱۳) شرح کرایہ وہی ہر شخص سے لیا جاویگا جو لیسنس مین مندرج ہوگا اور جسکی منظوری حضور سے جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولس ہوگی صاحب ممدوح کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ کرایہ مین کمی وبیشی وقتاً فوقتاً فرماوین

(۱۴) ہر یکہ و گاڑی شہر مین یا اسٹیشن پر اوس مقام پر کھڑی ہوگی جو صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر تجویز فرماوینگے۔

(۱۵) مالکان گاڑی یا یکہ جو ہانکنے کیواسطے ملازم رکھین وہ نیک چلن ہون جو اسباب ونکی گاڑی یا یکہ پر لادا جاوے یا سواری کے ہمراہ ہو وسکا بحفاظت پہونچادین اگر کبھی کوئی مال یا چیز کسی سواری کی انکے پاس رہجاوے تو چار گھنٹہ کے اندر پولیس شہر مین داخل کردین ورنہ اوسپر جرم سرقہ کا عائد ہوگا۔

(۱۶) ملاحظہ گاڑی اور یکون کے جانور اور سازون اور سامان کا یا خود صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر ہر مہینہ کی یکم کو فرماوینگے یا اپنے کسی ماتحت افسر کو ایسا اختیار عطا فرماوینگے جسکا رتبہ انسپکٹر کے رتبہ سے کم نہو اور نیز صاحب محتشم الیہ کو اختیار ہوگا کہ ملاحظہ کیواسطے مہینہ مین دو مرتبہ یا اوس سے کم بیش جیسی صورت ہو ملاحظہ کا حکم دین۔

(۱۷) درصورت خلاف ورزی قواعد کے صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع کے اجلاس سے ہر ملزم کو سزا جرمانہ جسکی تعداد پچاس روپیہ ہو یا تین مہینہ کی قید ہو ملیگی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم ممبر بہادر واقع ۱۵ اگست ۱۸۹۵ء

جن مستاجران نے استعفا کمیٹی مین اپنے دیہات مستاجری کا پیش کیا ہے یا کمیٹی سے خام ہونا تجویز کیا گیا ہے اوسمین تاوقتیکہ منظوری کونسل ہمارے اجلاس سے حکم آخر صادر نہوگا مستاجران دیہات مستاجری سے دست بردار و بری متصور نہونگے معرفت تحصیلداران انکو مطلع کیا جاوے کہ وہ بعد منظوری کونسل بری سمجھے جاوینگے۔

حکم ہوا کہ

جملہ تحصیلداران کے نام احکام اطلاعی جاری ہون۔

ملخص حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رپورٹ پنڈت کیشو ناتھ ہیڈ کلرک دربارۂ عطاے رخصت پندرہ یوم بنا بر [illegible] آگئی اکو ضرورت علاج پیش ہے کہ رعایتی رخصت پندرہ یوم کی بوجہ علالت منظور کی گئی ۔ ۲۷ اگست ۱۸۹۵ء

مطبوعہ ۲ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ع جلد

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۶ اگست لغایت یکم ستمبر سنہ ۱۸۹۵ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۵ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۰
نخود خالص	۱۸ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۶ ار	۱۸ ار	۱۷ ار	۰
نخود کسّہ آمیز	۱۸ ار	۱۷ ار	۱۸ ار	۰	۱۷ ار	۱۹ ار	۰
سم	۲۰ ار	۰	۱۹ ار	۱۹ ار	۰	۰	۰
ماش	۸ ار	۰	۸ ار	۷ ار	۸ ار	۸ ار	۰
مونگ	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۰ ار	۹ ار	۰	۸ ار	۰
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
سبجے	۲۵ ار	۰	۲۵ ار	۲۰ ار	۲۵ ار	۲۵ ار	۰
کوسبجے	۲۰ ار	۱۶ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۸ ار	۰
عدس	۲۱ ار	۲۰ ار	۲۱ ار	۱۳ ار	۲۲ ار	۲۰ ار	۰
ارھر	۲۱ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۱ ار	۰	۲۰ ار	۰
برنج	۱۰ ار	۱۰ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۹ ار	۰
روغن زرد	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۰
روغن سیاہ	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۰
روغن کنجد	۰	۲ ار	۲ ار	۰	۰	۲ ار	۰
نمک سانبھر	۸ ار	۸ ار	۸ ار	۷ ار	۸ ار	۸ ار	۰
نمک لاہوری	۷ ار	۶ ار	۵ ار	۰	۰	۷ ار	۰
قند سیاہ	۶ ار	۶ ار	۵ ار	۵ ار	۶ ار	۶ ار	۰

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۶ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ربیع الاول ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۹ ستمبر ۱۸۹۵ عیسوی — جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہز ہائینس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع یکم ستمبر ۱۸۹۵ عیسوی

چونکہ حکیم حسین رضا خان صاحب نے سفر وحضر مین ہمراہ رکاب رہ کر حتی الامکان اپنی خدمات مفوضہ کو انجام دہی مین نہایت حسن لیاقت ظاہر کیا ۔ علاوہ اس استحقاق کے کہ حکیم صاحب کو اس ریاست خداداد سے اپنے بزرگون کے زمانہ سے تعلق رہا ہے سفر مین ہمراہ رکاب اور ہمیشہ حاضر خدمت رہنے کی وجہ سے مصارف مین بھی گرانی و تنگی رہتی ہے مناسب ہے کہ یکم ستمبر ۱۸۹۵

سے روپیہ ماہوار حکیم صاحب کے مشاہرہ سابق پر اضافہ
کیے جائیں لہذا۔

حکم ہوا کہ

رشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل اس روبکار کی
درج گزٹ کیجائے۔

اجلاس کامل واقع ۱۲ اگست ۱۸۹۵ء

بمقدمہ نوٹ صاحب ریونیو ممبر بہادر سابق مرحوم
نسبت وصول ابواب لگان از مزارعان بطور رقم مجموعی
جو مستاجر کاشتکاران سے وصول کرتے ہیں۔

یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی قاعدہ مرتبہ صاحب مؤلف قانون
بابۃ تقرر ابواب لگان بحساب فی روپیہ جو مزارعان کاشتکاران سے
مستاجر لوگ وصول کرتے ہیں ملاحظہ ہوا قاعدہ مذکور مناسب
مستحسن ہے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ قواعد مذکورہ جاری
کیے جاویں صاحب ممبر مال بہادر بمقدار مناسب پرت ہائے قواعد مذکور
واکرہ اجلاس ہر دفتر میں بھجوا دیں اور درج گزٹ بھی کرا دیا جاوے
بعد ملاحظہ و منظوری حضور معلی ام اقبالہم باجلاس
صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب اسسٹنٹ ریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ممبر مال بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ممبر مال بہادر

قواعد مرتبہ صاحب مؤلف قانون واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ
کیے جاویں اور سر رشتہ دار صدر بہ مقصد قطعات جداگانہ
مطبع سرکاری میں چھپوا کر واسطے تقسیم فاتر تحصیل و پٹواریان کے
پیش کریں — ۲۷ اگست ۱۸۹۵ء [illegible]

قاعدہ تقرر ابواب لگان بحساب فی روپیہ مرتبہ صاحب مؤلف قانون

از آنجا کہ بسبب مختلف اور بکثرت ہونے ابواب بیندار کے جو ہر بابت کی بابت
جداگانہ تفصیل کے ساتھ کاشتکاران سے زمیندار و مستاجر وصول کرتے ہیں
اور مجموعہ ان اقسام ابواب کا مثلاً گسر جنس چوکیداری ادہوہ جواز وغیرہ
وغیرہ تقریباً بیس پچیس قسموں سے کم نہیں ہیں بعض گانوں میں کم اقسام
لیے جاتے ہیں کسی گانوں میں کثر بلحاظ حالات گانو ظاہر ہے کہ اسکا حساب
یاد رکھنا کاشتکاروں کو نہایت دشوار اور اکثر باعث مغالطہ اور زیادہ ستانی کا
زیادہ ستانی کا ہوتا ہے جسکے سبب سے رعایا ناخوش و ریاست خفا رہتی ہے
اور شرح لگان کی تجویز کیوقت اوس طرف کم خیال جاتا ہے اور مجموعی
ابواب کاشتکاران کی ہر گانوں میں لگان پر فی روپیہ مختلف معلوم ہوتے ہیں
دو آنہ سے پانچ آنہ تک وصول ہونا پایا جاتا ہے اور ابواب چوکیداری
و چندہ مدرسہ پر تہ آبپاشی جب اوسمیں شامل ہو تو اور زیادہ تفصیل اور رقم
بڑھانے کی ضرورت ہوگی چونکہ حسب دستور و قواعد مجریہ ممالک مغربی و
شمالی ریاست میں بھی تعداد مجموعی ابواب مقرر ہو کر شامل لگان کے
ہو جانے سے ان سب خرابیوں کا انسداد مقصود تھا لہذا مختلف
دیہات ہر ایک تحصیل کے ابواب سابق کا پرتہ جو نکالا گیا تو
ا ر ے پائی فی روپیہ ہوا اور بابت ابواب چوکیداری و مدرسہ
و آبپاشی کے حسب تفصیل ذیل ا ر ۹ پائی ہوتا ہے —

پرتہ چوکیداری جمع مالگزاری جو مستاجران سے وصول ہوتا ہے فی روپیہ ۲ پائی کسی قدر زیادہ ۔ بابت چندہ مدرسہ بحساب فیصدی ایک روپیہ جمع مالگزاری مستاجران سے لیا جاتا ہے فی روپیہ ۲ پائی کسی قدر کم پرتہ آب قدیم سے بحساب فیصدی ہے جمع مالگزاری پر بلاشرط آبپاشی مستاجران سے وصول ہوتا ہے فی روپیہ ۱؍

چوکیداری چندہ مدرسہ تو ہر گاؤں سے واجب الادا ہے جسکا مجموعہ ۹ پائی ہوتا ہے اور جب اسمین ابواب سابق کا پرتہ شامل کیا جاوے تو ۲؍۴ پائی پرتہ ہوگا چونکہ چار پائی کا حساب لینے دینے والونکو خالی از دقت نہوگا لہذا یہ کمی ایک پائی ۲؍۳ پائی فی روپیہ لگان پر تجویز ہوتا ہے جسکی فیصدی مبلغ چودہ روپیہ ایک آنہ ہوتا ہے پرتہ آب سب دیہات مین قدیم سے پرتہ خواہ آبپاشی ہو یا نہو مگر اب چونکہ نہر اور چہ گزہ وغیرہ بعض مقامات پر جاری ہوگئی اور ان مین بشرط آبپاشی شرح محصول قرار پاگئی ہے اون دیہات مین بشرط ہونے آبپاشی کی محصول بشرح معینہ لیا جاویگا اور پرتہ آب مقررہ قدیم موقوف کیا گیا ہے باقی دیہات مین جبتک کہ نہر وغیرہ جاری ہو حسب دستور قدیم ۱؍ فی روپیہ بلاشرط آبپاشی وصول ہوتا رہیگا ایسے دیہات مین بجای ۲؍۳ پائی فی روپیہ کے ۳؍۳ پائی پرتہ ہوگا جسکا فی صدی عـ۵ ہو جاویگا اب آیندہ کے لیے باستثنای اون دیہات کی جنمین پرتہ آب قدیم موقوف ہوگیا لگان پر بحساب فی روپیہ ۲؍۳ پائی ابواب مقرر کیا جاوے اس سے کم و بیش کی لینے دینے کا مستاجران و مزارعان کو اختیار نہوگا مگر اسکا عملدرآمد اس طریق پر ہوگا کہ جس جس گانوکی میعاد بندوبست ختم ہوتی جاوے یا وہ بہ خام نیلام کیا جاوے بروقت نیلام اسی شرح ابواب کا اعلان کر دیا جاوے اور ان مین یہ عملدرآمد جاری ہو اور جن دیہات مین کہ بندوبست سابق ہنوز جاری ہے اور میعاد اوسکی باقی ہے اون مین جو ابواب پہلے سے لیے جاتی ہین وہی بدستور تا ختم میعاد یا نیلام جدید لیے دیے جاوین اور جن دیہات مین کہ پرتہ آب حسب دستور قدیم بلاشرط آبپاشی ہنوز لیا جاتا ہے اون مین ۱؍ فی روپیہ آبپاشی تا اجرای نہر زیادہ لیا جاویگا اور آیندہ جب کبھی بابت تعداد ابواب کا نوخرچ کے کسی عدالت مین جھگڑہ مابین مستاجر یا زمیندار و کاشتکار کے رجوع ہوگا حکام عدالت اسی شرح معینہ پر فیصلہ کرنے کا لحاظ رکھین گے ۔ فقط ۲ فروری ۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۴ ستمبر ۱۸۹۵ء

بجٹ شفاخانہ یونانی مین منظوری سے زائد مصارف ہین جو رقم تیاری بجٹ اس صیغہ مین حضور پرنور دام اقبالہم فی بیشی مصارف آیندہ سال منظور نہین فرمائے بلکہ ارشاد ہوا کہ حکیم محمد حسین خان کے واسطے بسبب اسکے کہ وہ اکثر سفر مین ہمراہ رکاب اینجانب رہنے کی وجہ سے قیام کی نسبت کثرت مصارف کے شاکی تھے علاوہ ایکسو روپیہ تنخواہ کے پچاس روپیہ ماہوار شفاخانون کے صیغہ سے مقرر کرا دیے گئے تھے اب چونکہ حکیم صاحب سے وہ خدمات متعلق نہین ہین اور شفاخانجات کا بجٹ بحیثیت موجودہ اس بار کا متحمل نہین لہذا حضور پرنور دام اقبالہم سے حکم ہوا کہ پچاس روپیہ ماہوار مسدود کیا جاوے ۔

لہذا حکم ہوا کہ

پیشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں تحصیل تمام کو بھی اطلاع دیجائے
نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہو تحریر سپرنٹنڈنٹ صاحب شامل
روبکار رہے یکم ستمبر ۱۸۹۵ء سے اس حکم کا عملدرآمد سمجھا
جائیگا — [illegible]

روبکار اجلاس صاحب ہوم ممبر بہادر
واقع ۷ ستمبر ۱۸۹۵ء

عالیجناب [illegible] ملاحظہ ہو کہ [illegible] ایک
[illegible] اور کارگذار ہوشیار آدمی ہیں بالفعل کوئی جگہ خالی
نہیں ہے مگر [illegible] تقرر بعہدہ پیشکاری
[illegible] رخصت ایکسال صاحبزادہ
محمد رضا خان خالی ہوئی ہے تاریخ العروزہ سے کیا جاتا ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں — [illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۲۸ اگست ۱۸۹۵ء

ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں کی عدالتوں میں بالعموم یہ طریقہ جاری ہے کہ مقدمات
فوجداری بلا وجہ خاص تفتیش کے لیے پولیس کو بھیجے جاتے ہیں خواہ
جرم قابل دست اندازی پولیس ہو یا نہو صاحبان مجسٹریٹ کو یہ
طریقہ باضابطہ نہیں ہے کہ وہ ان استغاثوں کو جو روبروے
عدالت پیش ہوئے ہوں بلا ضرورت خاص سپرد اہلکار پولیس کریں
یعنی جبکہ استغاثہ کی صداقت کی نسبت اعتبار کرنیکی وجہ
معلوم ہو جیسا دفعہ ۲۰۲ ضابطہ فوجداری کا منشا ہے چنانچہ بخلاف
نقشہ مقدمات ہفتہ وار صاحب سشن جج بہادر کارروائی
صاحب مجسٹریٹ درجہ اول شہر پر اعتراض فرماتے ہیں اور بعد
تحریک اس اجلاس کے اپنی یہ رای ظاہر فرمائی ہے (میری یہ رای ہے
کہ جب استغاثہ عدالت میں دائر ہو خواہ جرم قابل دست اندازی
پولیس ہو یا نہو پولیس میں بھیجنا قطعاً نامناسب ہے اور کوئی نتیجہ نہیں
اور مجکو اس سے مخالفت تام ہے مگر بضرورت) صاحب سشن جج
بہادر کی یہ رای مطابق قانون اور قرین انصاف ہے جس سے
فریقین معاملہ بیجا کشاکشی سے بچینگے اور ایام و اوقات بھی بسلسلہ کار نہ بگڑیگا

لہذا حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ بغرض اطلاع عام
و تعمیل حکام فوجداری مطبع کو مرسل ہو اور ایک نقل بخدمت
صاحب سشن جج بہادر اطلاعاً مرسل ہو ایک نقل فائل کب میں
شریک ہو اور روبکار اصل داخل دفتر ہو — [illegible]

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداے یکم لغایت ۷ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ع

صدر	تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ		کیفیت
افزون	حال	افزون	حال	افزون	حال	افزون	حال	افزون	حال	افزون	
۳۰۷	۰	۲۶۶	۱۱	۳۱۰	۰	۳۸۱	۴	۳۰۵	۱۴	۴۲۹	
۳۱۵	۱۴	۲۸۰	۱۰	۳۲۰	۱۳	۳۹۴	۱۲	۳۱۶	۸	۴۳۷	
۳۲۱	۰	۲۸۰	۰	۳۲۰	۱۳	۴۰۷	۴	۳۲۱	۰	۴۳۷	
۳۲۱	۰	۲۸۰	۰	۳۲۰	۱	۴۰۸	۰	۳۲۱	۰	۴۳۷	
۳۲۱	۰	۲۸۰	۰	۳۲۰	۴	۴۱۲	۰	۳۲۱	۰	۴۳۷	
۳۲۸	۶	۲۸۶	۱۰	۳۳۰	۰	۴۱۲	۱۳	۳۳۴	۰	نقشہ نہیں آیا	
[illegible]	۲۹	۳۱۵	۰	۳۳۰	۲	۴۱۴	۰	۳۳۴	۰	۔۔	[illegible]

...ات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲ ستمبر لغایت ۸ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ع

تفصیل پیدائش					تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
عورت		میزان	تفصیل مذہب		۱سال سے ۵سال تک		۶سال سے ۱۲سال تک		۱۲سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
[illegible]	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	
۰	۶	۳۲	۲۵	۷	۹	۸	۱	۱	۳	۵	۱۳	۱۴	۲۲	۵	۰	۰	۴	۲۳	۲۷	
۱	۲	۱۴	۷	۷	۰	۰	۰	۰	۸	۳	۸	۳	۵	۶	۳	۰	۶	۲	۱۱	
۱	۷	۲۳	۱۵	۸	۴	۵	۱	۲	۰	۰	۵	۷	۸	۴	۰	۰	۰	۱۲	۱۲	
	۲۳	۵۰	۱۲	۳۸	۷	۸	۰	۰	۱۰	۲	۱۷	۱۰	۴	۲۳	۰	۰	۲۶	۱	۲۷	
	۲	۳	۰	۳	۱	۰	۰	۰	۲	۳	۳	۳	۳	۳	۰	۰	۳	۳	۶	
[illegible]	۵	۱۵	۴	۱۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
	۶	۱۲	۳	۹	۱	۱	۰	۱	۱	۲	۲	۴	۳	۳	۰	۰	۶	۰	۶	
	۰	۴	۱	۳	۰	۱	۰	۰	۳	۰	۳	۱	۳	۱	۰	۰	۴	۰	۴	
۱	۰	۹	۷	۲	۱	۰	۱	۳	۲	۰	۴	۳	۵	۲	۰	۰	۷	۰	۷	
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۔۔
۲	۴۲	۱۶۲	۷۴	۸۸	۲۳	۲۳	۱۴	۷	۲۶	۱۵	۵۵	۳۵	۵۳	۲۷	۳	۰	۵۹	۴۱	۱۰۰	

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر متعلقہ یادداشت صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم و رپورٹ انسپکٹر مدارس

ملاحظہ ہوکر حکم ہوا کہ بنابر اندراج گزٹ پاس منصرم مطبع مرسلہ ہو اور منصرم مطبع ملت پرت علیحدہ طبع کراکر بخدمت صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم بھیجدین ۳۰ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

یادداشت صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم

بغرض اندراج گزٹ باجلاس جناب صاحب جوڈیشل ممبر بہادر پیش ہوکر گذارش ہو کہ علاوہ گزٹ ملت پرت اُن مدارس کے لئے جہان گزٹ نہین جاتا ہے علیحدہ بنابر تقسیم مدارس مرحمت ہونے چاہیین ۲۷ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

رپورٹ انسپکٹر مدارس

جنابعالی

تحریری امتحان سالانہ سنہ ۹۴و۹۵ء طلباء مدرسہ انگریزی کہاتہ و مدرسہ مڈل و مدارس مفصلات کا حسب قاعدہ دستور العمل مجریہ سررشتہ تعلیم لیا گیا کہ نقشہ نتیجہ امتحان مرتب کرکے بنابر ملاحظہ ارسال حضور ہے اور گذارش ہے کہ مدرسہ مڈل و مدارس مفصلات سے (۴۰۰) طلباء مندرجہ رجسٹر مین سے (۳۴۳) طلباء شریک امتحان ہوئے منجملہ اونکے (۲۶۷) طلباء کامیاب اور (۷۶) طلباء ناکامیاب رہے ہین اوران (۷۶) طلباء ناکامیاب شدہ سے بھی بعض طلباء ایسے ہین جو کسی خاص مضمون مین کمی چند نمبرون کے ناکامیاب ہین لیکن انکو بھی حسب ضابطہ دستور العمل مجریہ سررشتہ تعلیم شرطیہ ترقی دیجاسکتی ہے سالگذشتہ مین مدارس مفصلات و مڈل اسکول سے (۳۰۱) طلباء شریک امتحان ہوئے تھے جنمین سے (۸۰) طلباء ناکامیاب تھے اور سال حال مین (۳۴۳) طلباء شریک امتحان ہوئے جنمین سے (۷۶) طلباء ناکامیاب ہین اعلی جماعتونمین یعنی جماعت پنجم سے جماعت اول تک شرکت امتحان مین (۴۲) طلباء کے بنسبت سالگذشتہ کے سال حال مین زیادتی ہے کہ نقشہ موازنہ بیشی وکمی طلباء سال حال و سالگذشتہ جماعت وار منسلک رپورٹ ہذا سے ظاہر و ہویدا ہے مدرسہ کہاتہ مین انگریزی درجون سے (۷) طلباء شریک امتحان ہوئے اور کل طلباء بعض بعض مضامین مین کمی چند نمبرون کے ناکامیاب ہین وہ بھی شرطیہ ترقی حسب قاعدہ دستور العمل مجریہ سررشتہ تعلیم پاسکتے ہین امید کہ بعد ملاحظہ نقشے نتیجہ امتحان نقشجات دیگر مع رپورٹ ہذا مثل سالگذشتہ پیوستہ درج گزٹ فرمائیجائین اور (۷۰) کاپی نقشجات نتیجہ کی مع رپورٹ ہذا علیحدہ اشاعت کے بابت حکم نافذ ہو کہ جملہ مدارس مین ایک ایک کاپی نتیجہ امتحان کی تقسیم کیجاوے تاکہ ہر ایک مدرس ایک دوسرے کی محنت و کارگذاری کا موازنہ کرکے اپنی محنت پر متنبہ ہو مفصل ذیل نقشجات رپورٹ ہذا مین منسلک ہین جو طبع ہونگے فقط معروضہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء

نقشہ نتیجہ امتحان طلباء مدرسہ مڈل و مدارس مفصلات یک

نقشہ نتیجہ امتحان طلباء انگریزی اسکول کہاتہ یک

نقشہ موازنہ کامیابی چند طلباء لایق جماعت وار

نقشہ موازنہ بیشی وکمی طلباء جماعت وار سالگذشتہ و سال حال یک

نقشہ موازنہ کمی و بیشی طلباء جماعت وار سالحال و سالگذشتہ یعنی سنہ ۹۳ و ۹۴ء و سنہ ۹۴ و ۹۵ء مدرسہ مڈل مدارس مفصلات

نام جماعت	تعداد طلباء شریک امتحان سالگذشتہ			تعداد طلباء شریک امتحان سالحال			بیشی طلباء سالحال بنسبت سالگذشتہ	کمی طلباء سالحال بنسبت سالگذشتہ	کیفیت
	میزان	کامیاب	ناکامیاب	میزان	کامیاب	ناکامیاب			
اول مع دویم الف	سالگذشتہ میں جماعت اول نہ تھی			۱۰	۱۰	+	۱۰	۰	بنسبت سالگذشتہ امسال اعلیٰ جماعتوں یعنی پنجم و اول تک تعداد طلباء میں جو شریک امتحان ہوئے (۴۲) طلباء کی بیشی ہوئی - کیونکہ سالگذشتہ میں (۳۰۱) طلباء شریک امتحان تھے - اور سالحال میں (۳۴۳) طلباء شریک امتحان ہیں سالگذشتہ کی نسبت فیصدی (۴) طلباء کی کامیابی میں افزونی ہوئی کیونکہ سالگذشتہ میں فیصدی (۷۳) طلباء اور سالحال میں فیصدی (۷۷) طلباء کامیاب ہیں - سالحال میں شریک امتحان میں (۴۲) طلباء زائد بمقابلہ سالگذشتہ - طلباء کی افزونی ہو سکتی تھی - کیونکہ مندرجہ رجسٹر مدارس جماعت اول سے جماعت پنجم تک (۴۰۰) طلباء ہیں لیکن بوجہ بیماری وغیرہ (۳۴۳) طلباء شریک ہوئے اور کل شریک نہ ہو سکے فقط
دویم مع سوم الف	۱۱	۱۰	۱	۱۴	۱۴	۰	۳	۰	
سوم مع چہارم الف	۳۶	۲۴	۱۲	۶۱	۵۲	۹	۲۵	۰	
چہارم	۹۳	۸۰	۱۳	۹۳	۷۳	۲۰	۰	۰	
پنجم	۱۶۱	۱۰۷	۵۴	۱۶۵	۱۱۸	۴۷	۴	۰	
میزان	۳۰۱	۲۲۱	۸۰	۳۴۳	۲۶۷	۷۶	۴۲	۰	

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۳۶

مطبوعہ ۹ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ء جلد

نقشہ نتیجہ امتحان سالانہ سنہ ۱۸۹۵ء مدرسہ مڈل و مدارس مفصلات

ریاست رامپور من ابتدای جون سنہ ۱۸۹۴ء لغایت مئی سنہ ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	نام درجہ	نام مدرسہ	نمبر بلحاظ ترتیب	نام دفعہ	نام طالب علم	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر حاصلہ حساب	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر حاصلہ تاریخ [illegible]	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر حاصلہ [illegible]	نمبر [illegible]	میزان نمبر	
تحصیل	مڈل	تحصیل حضوری	۱	اول	عبدالرحیم	۸۰	۳۸	۴۴	۴۵	۳۲	۴۷	۳۵	۸۷	۵۰۰	۴۰۸	کامیاب
"	"	"	۲	"	عبدالحفیظ	۸۲	۴۳	۴۱	۴۷	۳۹	۴۳	۲۰	۶۹	"	۳۸۴	"
نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل فوتی: ۱ سال سے ۵ سال تک مرد	۱ سال سے ۵ سال تک عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۳ سال سے زیادہ مرد	۱۳ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرقات	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۳۰	۱۱	۹	۵	۵۵	۳۹	۱۶	۱۱	۹	۰	۱	۶	۷	۱۷	۱۷	۳۲	۲	۰	۰	۱۶	۱۸	۳۴	۰
حوالی شہر	۴	۱	۴	۲	۱۱	۸	۳	۴	۵	۱	۲	۵	۷	۱۰	۱۴	۱۶	۸	۰	۰	۲۱	۳	۲۴	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۵	۱۳	۳	۸	۲۹	۸	۲۱	۶	۴	۴	۲	۹	۷	۱۹	۱۳	۸	۲۴	۰	۰	۰	۳۲	۳۲	۰
شاہ آباد	۴	۱۰	۳	۱۶	۳۳	۷	۲۶	۱۳	۱۰	۴	۱	۱۱	۵	۲۸	۱۶	۲۹	۱۵	۰	۰	۴۴	۰	۴۴	۰
پٹوائی	۶	۸	۰	۷	۲۱	۶	۱۵	۲	۳	۰	۰	۲	۲	۴	۵	۰	۹	۰	۰	۴	۵	۹	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
سوار	۲	۰	۷	۱	۱۰	۹	۱	۲	۶	۱	۰	۱۱	۲	۱۴	۸	۱۸	۴	۰	۰	۲۲	۰	۲۲	۰
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۵۱	۴۳	۲۶	۳۹	۱۵۹	۷۷	۸۲	۳۸	۳۷	۱۰	۶	۴۴	۳۰	۹۲	۷۳	۱۰۳	۶۲	۰	۰	۱۰۷	۵۸	۱۶۵	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۷ لغایت ۱۳ اکتوبر ۱۸۹۵ع

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲؍ا؍	۱۳؍ا؍	۱۳؍ار؍	۱۳؍ا؍	۱۵؍ا؍	۱۳؍ا؍	
نخود خالص	۱۶؍ا؍	۱۵؍ا؍	۱۵؍ا؍	۱۶؍ا؍	۱۷؍ا؍	۱۵؍ا؍	
نخود گندم آمیز	۱۹؍ا؍	۱۶؍ا؍	۱۷؍ا؍	۱۰؍ا؍	۱۲؍ا؍	۱۷؍ا؍	
کسہ	۲۰؍ا؍	۰	۰	۱۸؍ا؍	۰	۰	
ماش	۹؍ا؍	۱۳؍ا؍	۱۰؍ا؍	۸؍ا؍	۹؍ا؍	۹؍ا؍	
مونگ	۱۲؍ا؍	۱۲؍ا؍	۰	۱۱؍ا؍	۰	۹؍ا؍	
مکا	۲۲؍ا؍	۱۹؍ا؍	۲۰؍ا؍	۲۱؍ا؍	۲۲؍ا؍	۲۲؍ا؍	
جنی	۲۰؍ا؍	۰	۰	۰	۲۲؍ا؍	۲۲؍ا؍	
گوجئے	۱۸؍ا؍	۰	۰	۰	۲۰؍ا؍	۲۰؍ا؍	
عدس	۲۰؍ا؍	۱۵؍ا؍	۰	۲۰؍ا؍	۰	۱۶؍ا؍	
ارہر	۲۰؍ا؍	۰	۰	۲۰؍ا؍	۰	۲۰؍ا؍	
برنج	۱۲؍ا؍	۱۵؍ا؍	۱۳؍ا؍	۱۱؍ا؍	[illegible]	۹؍ا؍	
روغن زرد	[illegible]	ا؍ا؍	ا؍ا؍	ا؍ا؍	ا؍ا؍	ا؍ا؍	
روغن سیاہ	۲؍ا؍	[illegible]	۲؍ا؍	۲؍ا؍	۲؍ا؍	۲؍ا؍	
روغن کنجد	۰	۲؍ا؍	۰	۰	۰	۲؍ا؍	
نمک سانبھر	۷؍ا؍	۸؍ا؍	۹؍ا؍	۸؍ا؍	۸؍ا؍	۸؍ا؍	
نمک لاہوری	۷؍ا؍	۶؍ا؍	۵؍ا؍	۷؍ا؍	۰	۷؍ا؍	
قند سیاہ	۶؍ا؍	۶؍ا؍	۶؍ا؍	۶؍ا؍	۶؍ا؍	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ جمادی الاول سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲۱ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ عیسوی	جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس نواب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

وہ مستاجران نادہندہ جنھوں نے باوجود مہلت دینے کے بھی ۱۳۰۲ فصلی کا مطالبہ بیباق نہیں کیا ہے کسی طرح مستحق اسکے نہیں ہیں کہ ۱۳۰۳ فصلی کی آمدنی وصول کر کے مطالبہ ۱۳۰۲ فصلی [illegible] کرائیں - ایسے مستاجرون کی ایک فہرست پرگنہ وار مع تعداد باقی کے بوساطت لفٹیننٹ [illegible] تیار ہو کر ملاحظہ ہوئی -

حکم ہوا کہ

نقل فہرست پرگنہ وار بذریعہ پروانہ تحصیلداران محال کے پاس مرسل ہو کہ [illegible] کی آمدنی کا کہ جس سال حال کی آمدنی سال [illegible]

ہی مین سیاہہ ہو۔ اور بابت وصول مطالبہ سنہ ۱۳۰۱ف کے بہی بندوبست مناسب کرین اور نقل کل فہرست کی لفٹنٹ صاحب کی پاس بذریعہ پروانہ بہیجی جاے کہ تدابیر ضابطہ بابت وصول مطالبہ سرکاری کے عمل مین لائین۔ اور یہ روبکار درج گزٹ بہی کیا جاے۔

سرکار اجلاس خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر کونسل واقع ۲۹ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ء

بسلسلہ ضابطہ امتحان وکلا۔

بنام جملہ حکام عدالتہا ماتحت دیوانی و فوجداری

ضابطہ امتحان وکلا کی دفعہ ۱۲ مین حکم ہوچکا ہے کہ ہر عدالت دیوانی و فوجداری و مرافعہ مین ایک رجسٹر معاینہ سند وکلا کا ہر سال مرتب ہوکر حاکم عدالت خانہ کیفیت معاینہ سند بقلم خود لکہکر دستخط کیا کرین اور وکلا آغاز سال کے بعد جب اول مرتبہ کسی عدالت مین پیروی مقدمہ کے لیے حاضر ہون تو اپنی سند بغرض ملاحظہ حاکم ساتہہ لیجایا کرین اب اوس قاعدہ کیطرف جملہ حکام کو تاکیداً متوجہ کیا جاتا ہے کہ کسی وکیل سے یکم اکتوبر کو کام نہ لیا جاے جب تک اوسکے پاس سند وکالت جدید نہ دیکہہ لی جاے اور چونکہ دفعہ ۱۹ ضابطہ مذکورین لازم گردانا گیا ہے کہ ختم سال کے ایک مہینہ پیشتر درخواست تبدیل سند سال آیندہ کی پیش کیا کرین اوسکی تعمیل بہی وقت معین پر نہین ہوتی لہذا وکلا کو مطلع ہونا چاہیے کہ آیندہ مابین میعاد بلکہ قبل از وقت اگر درخواست تجدید سارٹیفکٹ کی نہ داخل کیا کرینگے اور تاریخ معینہ کے بعد درخواست گذریگی تو وہ درخواست نہ لیجائیگی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۲ ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

یادداشت جج عدالت خفیفہ دربارہ عطای مزید رخصت چار روز بوجہ باقی رہنے مرض کی من ابتدا ۱۲ ر اکتوبر لغایت ۱۵ ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

پیش ہوکر۔ حکم ہوا کہ

رخصت چار روز کی منظور رہے مفتی صاحب دیوانی معمولی کام عدالت خفیفہ و سینیر منصفی کا انجام فرماوین احکام جاری ہون روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۵ ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

عرضی پنڈت کیشو ناتہہ جوڈیشل کلرک معہ سارٹیفکٹ بیماری بدین خواست رخصت ایک ماہ من ابتدا یکم لغایت آخر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء عیسوی

پیش ہوکر۔ حکم ہوا کہ

سارٹیفکٹ بیماری ہمرشتہ ہے یکم اکتوبر سے آخر اکتوبر تک ایک ماہ کی رخصت بیماری بوضع نصف تنخواہ منظور رہے احکام جاری ہون روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ مطبع مرسل ہو

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۶ ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

مشتبہ یادداشت حاکم عدالت خفیفہ بدرخواست عطای رخصت دو یوم من ابتدای ۱۶ لغایت ۱۷ ر اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ء

رخصت دو روز علاوہ رخصت ہای سابقہ منظور رہے مفتی صاحب

دیوانی معمولی کام خفیفہ سپنیر منصفی کا فرماوین احکام جاری ہون

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

مصارف واقعی سالگذشتہ میاں بینظیر کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ جو رقم منظور ہو کر مندرج بجٹ ہوئی اوس سے کئی صیغون مین صرف زیادہ ہوا حالانکہ کوئی منظوری اوس صرف زائد کی بابت حاصل نہین کی گئی تھی برای سال حال قبل سے اون صاحبون کو جنکے متعلق صرف سپلائی ہے اطلاع دی جاوے کہ اگر رقم منظور شدہ مندرجہ بجٹ سے زائد بلا منظوری خاص اجلاس ہذا صرف کیا جائیگا وہ مصارف [illegible] مجرا نہ دیا جاوے گا ہمیشہ کا صرف و بجٹ پر نظر ضرور رہے اور خرچ زائد نہونے پاوے۔

حکم ہوا کہ

درج گزٹ ہو اور کام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

کونسل خاندان سے جسقدر امثال تقسیم تنخواہ خاندانیان آتی ہین اون سے واضح نہین ہوتا کہ تنخواہ مذکورہ مندرج چٹھہ ٹک صاحب ہے یا نہین اور تنخواہ کس سے اوسکو پہنچی تھی جسکی تنخواہ اب تقسیم دوسرے ورثا پر کیجاتی ہے اور اگر مندرج چٹھہ ٹک صاحب نہین ہے تو تنخواہ مذکورہ کس صورت سے اور کس استحقاق سے مقرر ہوئی تھی امثال تقسیم تنخواہ مین تصریح امورات مذکور ضرور ہے بنابران - حکم ہوا کہ

بہ ترسیل نقل روبکار ہذا ممبران پنچایت خاندان کو لکھا جاوے کہ آئندہ سے امثال تقسیم تنخواہ مین تصریح امورات مذکور کر دیا کرین ایک نقل درج فائل بک ہو ایک نقل درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کے یہان سے جو رپورٹ ہای نسبت خرید اشیا آتی ہین اوس سے حال مفصل واضح نہین ہوتا کہ سابق یہ شے کسقدر خرید ہوئی تھی اور کب خرید ہوئی تھی اور اوسمین سے تاریخ خرید سے ابتک کسقدر صرف سرکار ہوا اور کسقدر باقی ہے - واسطے دریافت حالات مذکور عرائض واپس کیجاتی ہین اور طوالت و توقف کام مین ہوتا ہے لہذا واسطے انتظام آئندہ ایک نقشہ تجویز کیا جاتا ہے جس سے حال مفصل واضح ہوگا لہذا سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کو چاہیے کہ بہ تعمیل عرضی خرید اشیا ہمارے اجلاس مین بھیجا کرین اوسوقت ایک نقشہ ہمراہ عرضی خانہ پری کرکے ہمارے اجلاس مین بھیجا کرین - لہذا

حکم ہوا کہ

حسب تجویز بالا احکام ضابطہ جاری ہون ایک نقل درج فائل بک ہو اور ایک نقل درج گزٹ کی جاوے -

نام شے جسقدر مطلوب ہے	سابق جسقدر خرید ہوئی تھی	کب خرید ہوئی تھی	تاریخ خرید سے ابتک کسقدر بصرف سرکار آئی (تفصیل وار)				باقی کسقدر کارخانہ مین موجود ہے
			صرف کار خاص ہوکر	شکستہ	نیلام ہوئی	میزان	

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۴ لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل سبب مذہب: مسلمان	تفصیل سبب مذہب: ہنود	تفصیل فوتے: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	ایکسال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	۱۳ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل سبب مذہب: مسلمان	تفصیل سبب مذہب: ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۳۴	۱	۱۹	۳	۵۷	۵۳	۴	۱۰	۹	۱	۲	۸	۱۵	۱۹	۲۶	۳۸	۷	۰	۰	۱۵	۳۰	۴۵	۰
حوالی شہر	۱	۷	۰	۳	۱۱	۱	۱۰	۱۰	۳	۱	۰	۵	۵	۷	۸	۷	۸	۰	۰	۱۳	۲	۱۵	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ملک	۲	۱۱	۱	۱۰	۲۴	۳	۲۱	۳	۴	۳	۳	۵	۶	۱۱	۱۳	۲	۲۲	۰	۰	۰	۲۲	۲۴	۰
شاہ آباد	۳	۱۰	۸	۱۰	۳۱	۱۱	۲۰	۱۳	۹	۲	۲	۹	۱۱	۲۴	۲۲	۱۱	۳۵	۶	۰	۳۶	۱	۴۲	
چتوائی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۷	۵	۱	۳	۱۶	۸	۸	۱	۶	۰	۰	۳	۴	۴	۱۰	۸	۶	۰	۰	۱۴	۰	۱۴	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۱۱	۱۵	۱۰	۵	۴۱	۲۱	۲۰	۹	۵	۰	۲	۱۹	۱۹	۲۸	۲۶	۳۴	۲۰	۰	۰	۵۴	۰	۵۴	۰
ملک خانم	۰	۲	۰	۱	۳	۰	۳	۵	۳	۲	۱	۶	۱	۱۳	۵	۱۴	۴	۰	۰	۱۸	۰	۱۸	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۵۸	۵۱	۲۹	۳۵	۱۸۳	۹۶	۸۶	۴۲	۳۹	۹	۱۰	۵۵	۶۱	۱۰۶	۱۱۰	۱۱۴	۱۰۲	۶	۰	۱۵۳	۵۵	۲۱۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۴ لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ ۱ار	۱۲ ۱ار	۰	۱۳ ۱۰ ۱ار	۱۳ ۱ ۱ار	حضور تحصیل و سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۳ ۱ار	۱۵ ۱ار	۰	۱۵ ۱ار	۱۶ ۱ار	
نخود کستہ آمیز	۰	۱۴ ۱۰ ۱ار	۱۷ ۱ار	۰	۰	۱۶ ۱ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۹ ۱ار	۹ ۱ار	۰	۹ ۱ار	۸ ۱ار	
مونگ	۰	۱۰ ۱ار	۰	۰	۰	۹ ۱ار	
مکا	۰	۱۸ ۱ ۱ار	۲۰ ۱ار	۰	۲۰ ۱ار	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۲۲ ۱۰ ۱ار	۲۲ ۱ار	
[illegible]	۰	۱۴ ۱۰ ۱ار	۰	۰	۱۷ ۱ار	۱۶ ۱ار	
عدس	۰	۱۰ ۱ار	۱۷ ۱۰ ۱ار	۰	۰	۱۶ ۱ار	
ارہر	۰	۲۰ ۱ار	۰	۰	۰	۰	
برنج	۰	۰	۱۱ ۱ار	۰	۱۱ ۱۰ ۱ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ ۱ ۱ار	۱ ۱ر	۰	۱ ۲ ۱ار	۱ ۱ار	
روغن سیاہ	۰	۲ ۱۰ ۱ار	۲ ۱ار	۰	۲ ۱۰ ۲ ۱ار	۲ ۱۰ ۱ار	
روغن [illegible]	۰	۲ ۱ار	۰	۰	۰	۲ ۱ار	
نمک سانبھر	۰	۹ ۱ار	۹ ۱ار	۰	۸ ۱۰ ۱ار	۸ ۱ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ۱ار	۵ ۱ار	۰	۰	۷ ۱ار	
قند سیاہ	۰	۵ ۱۰ ۱ار	۸ ۱ار	۰	۶ ۱۰ ۱ار	۶ ۱ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رام پور

RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۳۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ جمادی الاول ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور

واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

چٹھی گورنمنٹ نمبری ۹/۲۵۵ مورخہ ۲۷ اگست ۱۸۹۵ء دربارہ ممانعت روانگی زائرین مکہ معظمہ کہ جنکے پاس روپیہ خرچ آمد و رفت نہو موصول ملاحظہ ہوئی تجویز ہوا کہ نقل چٹھی درج گزٹ کیا جاوے —

نقل باجلاس صاحب سکرتری بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دستخط صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثل چٹھی صاحب انڈر سکرٹری بہادر گورنمنٹ ہند بنام صاحب چیف سکرٹری بہادر گورنمنٹ ممالک مغربی وشمالی واودہ نمبری ۹/۲۵۵ مورخہ ۲۷ اگست ۱۸۹۵ء دربارہ روانگی زائرین مکہ معظمہ کو جنکی پاس خرچ آمدرفت نہو

خلاصہ مثل

چٹھی صاحب انڈر سکرٹری بہادر گورنمنٹ ہند بنام صاحب چیف سکرٹری بہادر گورنمنٹ ممالک مغربی وشمالی واودہ اس مضمون سے موصول ہوئی کہ تمام انجمن ہائے اسلامی ممالک مغربی وشمالی واودہ کی توجہ اس جانب راغب کیجاوے کہ وہ اون زائران مکہ معظمہ کو جنکے پاس بقدر روپیہ کہ وہان کے مصارف اور کرایہ واپسی ادا کر سکین جانیسے باز رکھنے کی کوشش کرین۔ بحکم صاحب سکرٹری بہادر مثل تفویض کونسل ہوئی

حکم اجلاس کامل کونسل ریاست رامپور واقع ۱۳ اکتوبر ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نوابصاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ مضمون عرضی تارنی چرن گھوس سے معزز ممبر صاحبان بہادر کونسل کو اطلاع دیجاوے اور درج گزٹ ہو مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثل عرضی تارنی چرن گھوس مختار عام بیگمات صاحبزادہ محمد صفدر علیخان دربارہ [illegible] تحریر بیگمات صاحبزادہ محمد صفدر علیخان جسپر مختار مجاز خواہ بیگمات کی مہر یا دستخط ثبت نہون۔

خلاصہ مثل

تارنی چرن گھوس مختار عام بیگمات صاحبزادہ محمد صفدر علیخان عرضی دیتے ہین کہ آیندہ کوئی تحریر جسپر بیگمات کے خواہ مختار مجاز کی مہر یا دستخط ثبت نہون جعلی متصور فرمائی جاوے۔

بحکم صاحب سکرٹری بہادر مثل تفویض کونسل ہوئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۷ ادا اکتوبر ۱۸۹۵ء

کاغذات عرضی بھگوتی پرشاد اہلمد عدالت مجسٹریٹی درجہ اول بدرخواست عطای رخصت ایک ماہ بوجہ علاج بیماری

حسب رائے صاحب سشن جج بہادر بھگوتی پرشاد اہلمد کو رخصت بیماری نصف تنخواہ پر ملنا چاہیے اور نصف تنخواہ اوسکے عوضی کو ملنا چاہیے صاحب اسپیشل مجسٹریٹ نے تنخواہ کی بابت اپنی کچھ رائے نہین لکھی۔

حکم ہوا کہ

بھگوتی پرشاد اہلمد کو رخصت ایک ماہ نصف تنخواہ پر دیجاوے اور حسب رائے صاحب اسپیشل مجسٹریٹ راج کشور ابرنٹس عوضی مقرر کیا جاے [illegible] تنخواہ پاوے گا [illegible] جاری ہون۔

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۲۶ اکتوبر ۱۸۹۵ء

مثبتہ یادداشت منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ملک بزرگوار

عطاے رخصت دو ہفتہ بوجہ انتقال والدۂ خود

حسب تجویز صاحب سشن جج بہادر رخصت دو ہفتہ رعایتی منظور ہے
صاحبزادہ اشفاق حسین خان صاحب بجائے منشی نند کشور صاحب
کام کرین اور مقدمات جو اندر حد اختیارات مجسٹریٹ درجۂ دوم ہین
وہ صاحبزادہ اشفاق حسین خان صاحب تجویز و فیصل کرین گے
اور جو مقدمات قابل سماعت مجسٹریٹ درجۂ اول ہین وہ
صاحب مجسٹریٹ ضلع کے اجلاس مین منتقل ہو جاوین گے
صاحب سشن جج بہادر انتظام فرماوین احکام جاری ہون

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۸ اکتوبر ۱۸۹۵ء

بغرض اعلان عام اشتہار ہذا درج گزٹ ہو فقط

اشتہار

محکمہ جنگلات کماؤن ڈویژن واسطے ۹۶-۱۸۹۵ء

چونکہ بموجب حکم کمشنر و ممبر صاحب بہادر سنٹرل سرکل مغربی و شمالی کے بتفصیل ذیل چوکیات تاریخ یکم نومبر ۱۸۹۵ء سے ۳۱ جون ۱۸۹۶ء تک واسطے جمع کرنے محصول مال کا جو نکاسی کیا جائیگا بموجب اس اشتہار کے جاری رہینگی - ان چوکیوں پر مال کی پڑتال کیجاویگی محصول لیا جاویگا اور روانہ ہنڈی اجرائی پڑتال کئے جاوینگے - ۱- چوکھان - ۲- کالاڈہونگی - ۳- فیچوڑہ - ۴- ہلدوانی - ۵- ٹہرلی - ۶- جسورگلیا - ۷- رنسالی - ۸- بڑکی ڈانڈی - ۹- سودنی مٹھ - ۱۰ کلپیہ - ۱۱ کہیل سانڈہ - ۱۲ چندنی - ۱۳ ٹنکپور - ۱۴ گرٹپو - ۱۵ ابربنی - ۱۶ بورکہانا - ۱۷ ابرکہیڑا - ۱۸ بیبل پڑاؤ - ۱۹ مانڈہ - ۲۰ رودرپور - ۲۱ لال کنوان - ۲۲ کاٹھہ گودام - ۲۳ ستارگنج - ۲۴ بیڑادیوڑی - ۲۵ سے پیا - ۲۶ کہٹیا - (۲۷ برم دیو گہاٹ) روانہ اجراے نہیں ہونگے - ان نگی چوکیون کی ساری فصل کیلئے تاریخ یکم نومبر ۱۸۹۵ء سے ۳۱ جون ۱۸۹۶ء تک ایک ہی وقت جاری کیگئی ضرورت نہین ہوگی لیکن روانہ مین اوس سکم پڑتال چوکی کا نام جو اسوقت جاری ہو درج کیا جائیگا - اگر چوکیات کی فہرست مین کوئی طرحکی تبدیلی ہو وہ بذریعہ افسر جنگلات کی معرفت مشتہر کیجائیگی چوکی نمبر ۱۵-۱۷-۲۰-۲۳-۲۴-۲۵-۲۶-۲۷ سے صرف ہنڈی اجرائی کئے جاوینگے -

(۲) نکاسی سواے اُن رستون کے جو چوکیات کو جاتے ہین ممانعت رہینگے - مطابق قاعدہ نمبر ۲۷ ۱۸۹۳ء دفعہ ۱۴ ایکٹ ۱۸۷۸ء کے

(۳) کارکنندگان خود و مالداران کے کارندہ جو جنگل ہذا مین لکڑی وغیرہ نکاسی کے واسطے تیار کرنا چاہین اُنکو اجازت نامہ بلا محصول بموجب تفصیل ذیل

(۱) ہری لکڑی ہر قسم کیلئے سوکہی چیران لکڑی کیواسطے [illegible] افسر جنگلات ڈویژن سے -

(۲) سوکہی گری لکڑی کیواسطے و بانس کیواسطے اور اشیا کیواسطے رینج آفیسر سے -

(۳) سوختہ اور گہاس کیواسطے محرر چوکی سے -

اگر کوئی شخص بلا پاس سرکاری جنگل کے اندر کام کرے بموجب ضابطہ سزاوار سرکار ہوگا -

(۴) سواے خاص حکم کے نکاسی کی اجازت جنگلات کماؤن ڈویژن کے جنگل سے دیجائیگی بتفصیل ذیل تاریخون تک -

(۱) تاریخ ۲۹ فروری بلوک ہوڑائی - جولاسال - پچہم - جولاسال پورب سدلی مٹہ (آگ حفاظتی ٹکڑہ) اور نگلیاپانی و ہیڑانی -

(۲) تاریخ ۱۴ مارچ بقایا آگ حفاظتی جنگل ڈویژن کے سواے اُنکے جو (۳) و (۴) مین درج ہین -

(۳) تاریخ ۳۱ مارچ بلوک دیچوری - نیل گڈہ - کلیانپور و موہان نگر -

کہن منڈی۔ ہوراکی کہیر وکل لگایا ہین اجہان صرف ایسے پیڑون کو پون سے ڈہوجا سکینگے جن مین کمان جاسکتی۔

(الف) پیڑ چہوٹے کامون کیلئے (جیسے چول سے گٹے وغیرہ) دئے جائینگے مطابق رائے ڈویژنل افسر کے۔

کہتا چار فٹ گولائی سے اوپر کے پیڑون سے بنایا جاویگا تفصیل ذیل کے

(۱) کہیر ورکنگ سرکل کوپ ۲ (کلیوڑہ بلوک کا حصہ) قریب ۸۴۷ ایکڑ کوپ ۳ (کلیوڑہ بلوک کا حصہ) قریب ۱۳۵۹ ایکڑ

(۲) کل لگا کہیر ورکنگ سرکل

کوپ ۳ بانسپور قریب ۱۸۴ ایکڑ (بہتا دن آئیندہ سے ہے لیا جاویگا لیکن کتہا کی شرح نو روپیہ فی من سے دس روپیہ آٹھ آنہ فی من تبدیل کیا جاویگا)

(۷) بانس مطابق قاعدہ سالگذشتون کے نکاسی کئے جاوینگے تفصیل ذیل بلوکون میں (حد بندی بلوکون کی بیچ افسران سے دریافت کیجا سکتی ہے)۔

۱ دیوگاڈن۔ ۲ کالاڈہونگی۔ ۳ فتحپور۔ ۴ رانی گہاٹ۔ ۵ جام پوکہرا وکلیا۔ ۶ سنگہیری۔ ۷ لوپ جلاپیچم۔ ۸ بلوٹ اوتر۔ ۹ راتارہ۔

۱۰ اکہاتی اوتر۔ ۱۱ اہبل سینی۔ ۱۲ اولاکہیر اوتر۔ ۱۳ اگونیارہ۔ ۱۴ نورناداکہن آدہا۔ ۱۵ اسرادکہن۔ ۱۶ انکٹول۔ ۱۷ اکاراکوٹ۔

۱۸ اہاٹ گاڑد۔ ۱۹ برگوٹہ۔ ۲۰ لاہر بڑ۔ ۲۱ ڈلاگاڑہ۔ ۲۲ کالونیاں پچہم۔ ۲۳ جہینی۔ ۲۴ کلیاپانی اوتر۔ ۲۵ عام گہرنگ۔

۲۶ بینا گری۔ ۲۷ کل ڈہونگا۔ ۲۸ دوگاڑی۔

اوپر والے بلوکو نہین کام کرنے دہ لوگ نئے بانسونکی نکاسی کرنیکی اجازت مطابق شرط جو افسر جنگلات سے ملیگی عام نیلام بتاریخ ۷ نومبر ۱۸۹۵ء

مقام ہلدوانی مین نیلام کیا جاوے گا۔

(۸) درخواست پیڑونکی (سلیکشن فیلنگ کے) منظور ہوچکی پیر بالدار اگر روپیہ فی پیڑ اول درجہ کیواسطے اوا کریگا و آٹھہ آنہ فی پیڑ جنکی گولائی چھ فٹ سے

کم ہو کہولیے پیڑون کے واسطے صرف چار آنہ فی پیڑ ہوگا اور جبتک یہ روپیہ ڈویژن افسر کے پاس داخل نہین ہوتا ہے پیڑ بالدار مذکو ٹکے

تشخیص جاینگے یہ روپیہ پیڑونکی نکاسی کے محصول سے زیادہ لیا جاویگا اور جبکہ مالدار نے ۵ ادسمبر ۱۸۹۵ء تک جنگل مین کام شروع کیا

تو ڈویژنل افسر کو دوسرے مالدار کو دینے کا اختیار ہوگا امانتی روپیہ پیڑون کا واپس نہین دیا جاویگا۔

شرح محصول پیڑ

پیڑ سال ٹہوس ساڑہے ۴ فٹ گولائی سے اوپر عہ روپیہ فی پیڑ۔ پیڑ سال کہوکہل ساڑہے چار فٹ گولائی سے اوپر چار آنہ فی پیڑ

سین۔ ہلدو۔ شیشم۔ تن۔ سانذن ٹہوس آٹھہ آنہ فی پیڑ۔ سین۔ ہلدو۔ شیشم۔ تن۔ سانذن کہوکہل تین آنہ فی پیڑ

دہوڑی باکلی۔ جامن چار آنہ فی پیڑ اور قسم کو کاٹ دو آنہ فی پیڑ

(۹) کوئلہ درخواست کوئلہ بنانیکی صاحب افسر جنگلات سے لئے جاینگے اجازت کوئلہ بنانے و نکاسی کرنیکی ایک بلوکو ... حد بندی دفتر

جنگلات سے معلوم ہوسکتی ہے تاریخ ۷ نومبر ۱۸۹۵ء مین بمقام ہلدوانی پر عام نیلام ہوگا ...

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۴	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۶ جمادی الاول سنہ ۱۳۱۳ھ مطابق ۴ نومبر سنہ ۱۸۹۵ع	جلد ۷

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر

۲۷ اکتوبر ۱۸۹۵ع

حسب درخواست غلام رسول خان نائب تحصیلدار بلاسپور رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت بغرض تبدیل آب وہوا منظور کی گئی۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

نقل اس کاغذ کی مع نقل عرضی سائلہ گزٹ سرکاری مین شایع کیجاوے اور ایک نقل کاغذ ہذا مع نقل عرضی سائلہ بخدمت صاحب سشن ودسٹرکٹ جج بہادر مرسل ہو کہ جملہ عدالتہاے دیوانی وفوجداری مین اطلاعاً گشت کراکر واپس عنایت فرماوین۔ یہ کاغذ بنابر تحریر جواب سر رشتہ

دارالانشاء کو واپس ہو - ۲۸ اکتوبر ۱۸۹۵ء

یادداشت محکمہ دارالانشاء

نقل ڈاکٹ ہذا مع اصل عرضی برائے کارروائی محکمہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کو
مرسل ہو کہ بعد کارروائی واسطے تحریر جواب کے اطلاع دیجاوے -
المرقوم ۴ جمادی الاول ۱۳۱۳ھ مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۸۹۵ء
بقلم منشی جوگل کشور

حکم صاحب سکرٹری بہادر

بذریعہ محکمہ دارالانشاء عدالتہاے دیوانی و فوجداری و رجسٹری کو
اطلاع دیجاوے - ۲۲ اکتوبر ۱۸۹۵ء

منجانب صاحب ریذیڈنٹ بہادر بنام صاحب
سکرٹری بہادر نمبری ۱۹۵۷/۱۶ مورخہ ۲۱ اکتوبر ۱۸۹۵ء
درخواست منجانب مسماۃ صحیحۃ النساء زوجہ مولوی
محمود عالم زمیندار موضع ملک نرائن پور -
درخواست مسطورہ برائے تعمیل ارسال خدمت شریف ہے -

درخواست نسبت اطلاع علیحدگی منشی تجمل حسین مختار عام از جانب
مسماۃ صحیحۃ النساء بہ سبب بالغ ہوجانے اپنے پسر منظور عالم کے

بحضور پر نور خداوند نعمت فیاض زمان فیض رسان تکیہ بیکسان
جناب صاحب ریذیڈنٹ بہادر ریاست رامپور دام اقبالہم

غریب پرور سلامت

جناب عالی گذارش یہ ہے کہ بموجب حکم
جناب صاحب نواب کلکٹر بہادر ضلع مراد آباد مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۸۹۵ء
بطبق درخواست فدویہ کے منشی تجمل حسین مختار عام موقوف کئے گئے
لہذا بغرض اطلاع حضور میں درخواست گذرانتی ہوں کہ آئندہ سے
کوئی کارروائی مختارانہ منشی صاحب موصوف یا اصالتاً انکے
ذریعہ کی کالعدم خیال کیجاوے اور عدالتہاے صیغہ رجسٹری و مال
و دیوانی و فوجداری کو بھی بذریعہ حکم حضور اطلاع دیجاوے کہ کوئی
کارروائی مختارانہ جائز نہ سمجھی جاوے اور نہ اصالتاً -
چونکہ فدویہ پردہ نشین ہے لہذا اگر کوئی عدالت کی کارروائی ہوگی
وہ میں اپنے فرزند منظور عالم جو شرعاً بالغ ہو چکا انجام دونگی اور وہ جائز
بھی خیال کیجاویگی - یہ درخواست بذریعہ رجسٹری ارسال
کیجاتی ہے کہ بوقت ضرورت سید رجسٹری عدالت میں پیش کردوں

الہی آفتاب دولت کا ہمیشہ تابان و درخشان رہے

روبکار اجلاس کرنیل جی سی راس صاحب بہادر ملیٹری اڈوائیسر و سپرنٹنڈنٹ اسٹاف سپاہ ریاست رامپور واقع ۲۳ اکتوبر ۱۸۹۵ء

سابق سے یہ محکمہ بلفظ جرنیلی مشہور تھا اب سال رواں سے یہ محکمہ
بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی مشتہر کیا جاتا ہے آئندہ جو خط کتابت
اس محکمہ سے ہو وہ بنام ملیٹری آفس یعنی دفتر فوجی ہونا چاہیے لہذا
حکم ہوا کہ
ایک ایک نقل اسکی پاس کل افسران فوج مرسل ہو اور ایک نقل
اسکی بغرض طبع ہونے گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے -

اشتہار

جشن میلہ بے نظیر ریاست رامپور بابت ۱۸۹۵ عیسوی

یہ میلہ پانچ چہ سال سے متصل گنیش گہاٹ ایک وسیع و پرفضا میدان مین ہوتا ہی - عام آسایش کے لیے متصل میدان مسجد و مسافر خانہ بہی منجانب ریاست بنا ہوا ہی - مراد آباد و بریلی سی رامپور تک ریل بہی جاری ہی اور میدان میلہ سی تہوڑی فاصلہ پر عالیشان اسٹیشن بنا ہوا ہے اس سال یہ میلہ خاص توجہ منظور کیمیا اثر **حضور پرنور ہز ہائنس نواب صاحب بہادر ادام اللہ اقبالہم وضاعف اجلالہم** ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء روز یکشنبہ سی شروع ہوکر یکم دسمبر ۱۸۹۵ء کو روز یکشنبہ ختم ہوگا - خود بندگان حضور پرنور بنفس نفیس ابتدا سے انتہا تک رونق افزاے میلہ رہین گے پانچ چہ سال سی اس میلے نے نمایش کا لباس پہنکر مفید امور مین جسقدر ترقی کی ہی میلہ دیکہنے والون پر مخفی نہین نمایش آلات زراعت - تجارت صنعت و دستکاری بسبب اپنی تجربہ افزا اور فائدہ رسان ہین جو سلسلہ وار ایک سال سے دوسرے سال ترقی پذیر ہوتی آتی ہین - دلچسپی و فرحت کے سامان مثل کشتی - گہوڑدوڑ - کرتب سواران جنگ فیلان - وغیرہ ہر سال ہوتی ہین اور اس سال اور بہی جملہ امور مفیدہ اور سرمایہ دلچسپی ہین بندگان حضور پرنور دام ملکہم کی چشم فیض و توجہ سے ترقی کے سامان ہین - ہر ایک کرتب اور کام کے لیے مناسب انتظام رکہا گیا ہی جسکا پروگرام طبع ہوکر جداگانہ شائع ہوگا تجار اسپان کو گہاس بلا قیمت دیجاے گی - اور پسند آنے پر سرکار خانجات سرکاری رجمنٹ وغیرہ کے لیے گہوڑے گہوڑیان گاے بیل خرید ہون گے - باہر کے سوداگرون کو ضرور ہی کہ [illegible] اپنے آنے سے سکرٹری میلہ کو اپنے پتے اور نشان سے مع تفصیل سامان ہمراہی اطلاع دیدین تاکہ انکو یہان پہونچنے پر آسایش ملسکے - اور ایک دو روز پہلے نمایش سے یہان پہونچ جانا چاہیے - ختم میلہ سی ایک دو روز بعد تک بہی تجارتی اسباب بیچنے اور فروخت کرنے کے مجاز ہون گے -

المشتہر حسب الحکم

محمد احمد مینائی سررشتہ دار محکمہ عالیہ [illegible] صدر ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ۱ سال سے ۵ سال تک مرد	۱ سال سے ۵ سال تک عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۱۶	۱۳	۴	۶	۲۹	۲۰	۱۹	۹	۸	۳	۳	۸	۱۲	۲۰	۲۳	۳۴	۹	۰	۰	۱۱	۲۲	۳۳	۰
حوالی شہر	۳	۷	۰	۰	۱۰	۳	۷	۳	۳	۰	۰	۱۶	۱۴	۱۹	۱۷	۱۴	۲۲	۰	۰	۲۸	۸	۳۶	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۱	۱۰	۳	۸	۲۲	۴	۱۸	۳	۴	۲	۰	۱	۲	۱۳	۶	۴	۱۵	۰	۰	۰	۱۹	۱۹	۰
شاہ آباد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل ہذا سے نقشہ نہیں آیا
پٹوائی	۱	۳	۰	۴	۸	۱	۷	۴	۱	۰	۰	۵	۱	۹	۲	۳	۸	۰	۰	۴	۷	۱۱	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تحصیل ہذا سے نقشہ نہیں آیا
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ٹانڈہ	۲	۱	۴	۱	۸	۶	۲	۳	۱	۱	۰	۲	۲	۶	۳	۵	۴	۱	۰	۰	۸	۹	۰
میزان	۲۳	۳۴	۱۱	۱۹	۸۷	۳۴	۵۳	۲۲	۱۷	۶	۳	۳۹	۳۱	۶۷	۵۱	۶۰	۵۸	۱	۰	۵۳	۶۴	۱۱۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۸ اکتوبر لغایت ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳؍ار	ملا؍ار	ملا؍ار	ملا؍ار	۰	۱۲؍ار	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۵؍ار	۱۳؍ار	۱۴؍ار	۱۵؍ار	۰	۱۶؍ار	
نخود کشتہ آمیز	۱۷؍۰ار	۱۴؍ار	۱۷؍ار	۰	۰	۰	
کٹ	۱۸؍ار	۰	۰	۷؍ار	۰	۰	
ماش	۹؍ار	۸؍ار	۹؍ار	۷؍۰ار	۰	[illegible]	
مونگ	۱۲؍ار	۰	۰	۱۰؍ار	۰	[illegible]	
مکا	۱۸؍۰ار	۷؍۰ار	۲۰؍ار	۹؍ار	۰	[illegible]	
بجرے	۲۰؍ار	۰	۰	۰	۰	[illegible]	
گوجرے	۷؍ار	۰	۰	۰	۰	[illegible]	
عدس	۸؍ار	۱۵؍ار	۰	۲۰؍ار	۰	۰	
ارہر	۱۹؍ار	۰	۰	۲۰؍ار	۰	۲۰؍ار	
برنج	ملا؍ار	۰	۱۲؍۰ار	۱۱؍ار	۰	۱۱؍ار	
روغن زرد	۱؍ار	۱؍ار	۱؍ار	۱؍ار	۰	۱؍ار	
روغن سیاہ	۳؍۱۱؍ار	۳؍ار	۳؍ار	۲؍۰ار	۰	۲؍۰ار	
روغن کنجد	۰	۱؍۲؍ار	۰	۰	۰	۱؍ار	
نمک سانبھر	۸؍۲؍ار	۸؍ار	۹؍ار	[illegible]	۰	[illegible]	
نمک لاہوری	۷؍ار	۹؍ار	۵؍ار	[illegible]	۰	[illegible]	
قند سیاہ	۷؍۰ار	۷؍ار	۸؍ار	[illegible]	۰	[illegible]	

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR GOVT GAZETTE

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۱۱ نومبر ۱۸۹۵ عیسوی	جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

واقعہ ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

مثل مقدمہ دیوانی نمبری ۱۸۴ ـ نثار بیگم وغیرہ بنام حشمت علیخان منفصلہ ۱۸۹۳ء بمقدمہ اپیل ملاحظہ سے گذری اس مقدمہ کے دوران مین عدالت موصوف و اہلکاران عدالت کے عدم توجہی سے زیادہ نقص پیدا ہوے ہم اونکا اظہار مناسب نہ سمجھتے تھے مگر آیندہ کی ہدایت کے لئے ظاہر کرنا بعض امور ضروری کا مناسب متصور ہوا اگر اونکو ظاہر نکرینگے آیندہ کے لئے ہدایت جاری نکیجائیگی اور ایسی غلطیان پیش آوینگی تو علاوہ نقص کارروائی کے فریقین مقدمات کو زیادہ تر پریشانی کا باعث ہوگا نثار بیگم وغیرہ نے

بنام مدعا علیہم دعوی دلاپا نے زیور کا کیا اور عنوان دعوی مین ان الفاظ
دعوی قایم کیا۔ دعوی دلاپا نے ۲۷ سہام منجملہ ۳۶ سہام از زیور وغیرہ
قیمتی ۱۲/۹ سے کہ حصہ مدعیان قیمتی ۱۴/۱۲ کا ہوا۔ یہ عنوان دعوی
بالکل غلط ہی اور نہایت بعنوانی سے مدعیان و وکیل مدعیان نے
قایم کیا ہے ۲۷ سہام منجملہ ۳۶ سہام تین ربع ہوتا ہے اگر ۱۲/۹ سے قیمت
تین ربع قیمت حصہ مدعیان قایم کیجاتے تو بقدر ۵/ سے ہو مدعیان نے
اپنے حصہ کی قیمت بقدر ۱۴/۱۲ سے لکھے جو نصف ہوتا ہی ۱۲/۹ سے کا
یا تعین سہامات غلط ہی یا تفریق حصہ قیمت غیر صحیح ہی۔ عدالت سے
اسپر مطلق توجہ نہین ہوئی نہ اسکے بابت کوئی تنقیح قایم ہوئی نہ اسکا فیصلہ
کیا گیا بلکہ بعد تحقیقات دعوی مدعی جو روبکار اخیر یعنی فیصلہ تحریر ہوا
اوسمین عنوان دعوی وہ ہی قایم کیا گیا جو غلط عنوان عرضی دعوی مین
قایم تہا۔ بعد تحقیقات جسقدر زیور متوفیہ کا ثابت ہوا وہ بالتفصیل
مع قیمت درج فیصلہ ہی مگر قیمت کی میزان دیکر ظاہر نہین کیا گیا کہ
منجملہ ۱۲/۹ سے کے کسقدر قیمت کا زیور ثابت ہوا۔ حکم آخر صرف اسقدر ہے
کہ واسطے دہانید گی حصص فرایضی مدعیان اشیا سے زیور وغیرہ مثبتہ
مذکورہ سے فیصلہ بحق مدعیان بنام مدعا علیہ عمل مین آوے کچھ تفصیل
نہین ہی کہ حصہ فرایضی مدعیان کسقدر ہوا اور کل زیور وغیرہ مثبتہ مذکورہ
کس مالیت کا ہی اوسمین سے کس تعداد کی ڈگری دیجاتی ہی۔ ۴ ستمبر ۱۸۹۵ء کو
درخواست اجرا گذری خانہ ششم مین جو استدعا ڈگریداران نے کی
وہ پوری اپنے دعوے کی کردی یعنی صاف لکھا کہ ۲۷ سہام منجملہ ۳۶ سہام
از زیور وغیرہ قیمتی ۱۲/۹ سے کہ حصہ مدعیان قیمتی ۱۴/۱۲ کا ہی حالانکہ یہ
استدعا خلاف فیصلہ و حکم عدالت ہی عدالت نے ڈگری حصص فرایضی
منجملہ زیور ثابت شدہ کی دی تھی نہ کل دعوے مدعی کے مگر یہ غلطی ڈگریداران

کی اوسی بنیاد پر ہوی کہ فیصلہ مین عدالت نے صراحت تعداد ڈگری کی
نہین فرمائی نقل فیصلہ شامل درخواست اجرا تہا محافظ دفتر سے
کیفیت ضابطہ طلب ہوئی محافظ دفتر نے مطلق لحاظ نہین کیا کہ درخواست
مطابق فیصلہ عدالت ہی یا نہین کیفیت معمولی تحریر کردی اور
کارروائی اجرا کی شروع ہوگئی۔ حکمنامہ موسومہ امین مین ۱۲/۹ سے
تعداد ڈگری درج ہوئی اور حکمنامہ موسومہ ناظر مین ۱۲/۹ سے درج
ہوا حالانکہ دونون حکمنامہ مورخہ تاریخ واحد ہین اول تو رقومات مین
اختلاف دوسرے یہ سمجھ مین نہین آیا کہ یہ رقم کہان سے قایم کیگئی نہ تجویز
عدالت مین درج ہے نہ محافظ دفتر نے کوئی حساب اپنی رپورٹ مین لکھا ہی
یہ ہی حال مثل اجرا ے ثانی نمبری ۱۳۵ کا ہے درخواست اجرا کے
خانہ مین وہ ہی غلط۔ استدعا کیگئی ہے محافظ دفتر نے ویسے ہی
معمولی کیفیت تحریر کردی ہی نقل تجویز عدالت شامل درخواست ہی
مگر کیفیت مین اختلاف تجویز و درخواست بالکل ظاہر نہین کیا۔
اس مثل کی تجویز مورخہ ۲۷ اپریل ۱۸۹۵ء مین جو عدالت نے عنوان
مقدمہ قایم کیا ہے اوسمین لکھا ہے کہ دعوی دہانید گی تین ربع از
زیور مفصلہ ذیل موجب ڈگری نمبری ۱۸۴۴ مورخہ ۳۰ مئی ۱۸۹۲ء
حالانکہ نہ ڈگری تین ربع کی ہوئی ہے نہ تجویز ۳۰ مئی ۱۸۹۲ء مین
صراحت ڈگری تین ربع کی کیگئی ہے نہ درخواست اجرا مین صاف
طور پر ڈگریدار نے ظاہر کیا ہے۔ عدالتی کام مین نہایت احتیاط
درکار ہے اور تہوڑا فروگذاشت باعث ابتری کارروائی عدالت
و نیز موجب حق تلفی متخاصمین و زیرباری و کشاکشی فریقین ہوجاتا ہے
آیندہ حکام عدالتہا سے دیوانی براہ مہربانی بہت احتیاط کو کام فرماوین
تجویز مقدمہ مین صراحت ضروری ہی کہ کسقدر دعوی ثابت ہوا کس قدر

دعوے کی ڈگری کس صورت سے کیجاتی ہے کس قدر دعوے ڈسمس کیا جاتا ہے

درخواست اجراء ہمیشہ نقل ڈگری شامل ہوکر گذرنا چاہئے کیفیت محافظ دفتر

معمولی نہونا چاہئے محافظ دفتر کا کام ہے اور اوس اہلکار عدالت سے جس

کیفیت لیجاتی ہے لازم ہے کہ ڈگری یا تجویز عدالت کو بخوبی غور کر لیوے

اور تحقیق لیوے کہ صورت ڈگری و منشا ڈگری کیا ہے اور استدعا اجراء

بالکل مطابق تجویز و ڈگری عدالت ہے یا کہ اوسکے خلاف ہے اگر استدعا ی

اجراء مطابق تجویز و ڈگری عدالت نہین ہے تو ایسی درخواست کسطرح

قابل قبول عدالت ولایق اجراء ہوسکتی ہے —

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا بوساطت صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر عدالت دیوانی کو

مرسل ہو اور ایک نقل بنابر اطلاع جملہ عدالتہاے دیوانی وخفیفہ درج گزٹ

ہو ایک نقل شامل فایل یک کیجاوے — حکام دیوانی وخفیفہ براہ مہربانی

آیندہ حسب صراحت مذکورہ بالا احتیاط کے ساتھ کاربند ہون —

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

متعلقہ یادداشت صاحب سشن جج بہادر

مصدرہ ۳۰ر نومبر ۱۸۹۵ء

روبکار مورخہ ۲۱ر ستمبر ۱۸۹۵ء منسوخ ہوکر رای صاحب سشن جج بہادر

منظور کیجاتی ہے سابق مین بتجویز صاحب سشن جج بہادر منظور تمام

جو اختیارات صاحب اسپشل مجسٹریٹ کو دیے گئے تھے بہ [illegible]

بحال ہین صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر سے بھی مشورہ کیا گیا

احکام ضابطہ جاری ہون درج گزٹ بھی کیا جاوے

یادداشت سشن جج بہادر

میری سفارش پر صاحبزادہ اشفاق حسین خان صاحب اسپشل مجسٹریٹ

مقرر ہوے تھے مینے یہ بھی سفارش کی تھی کہ اونکے اختیارات درجہ دوم کے

رہین اور مقدمات قابل تفویض کی بحوالہ دفعات تعزیرات ہند

مین تشریح کردونگا یہ سفارش میری اجلاس عالیہ کونسل سے حسب حکم

مصدرہ ۱۹ر نومبر ۱۸۹۴ء منظور ہوئی اور اوسی بنا پر مینے حسب روبکار

۲۶ر نومبر ۱۸۹۴ء تفصیل دفعات جو اختیار مجسٹریٹ درجہ دوم مین تھی کردی

اور اوسمین بالخصوص اس امر کا لحاظ رکھا کہ ایسے جرائم جو قابل تجویز

مجسٹریٹ درجہ دوم ہین اور وہ سپرد سشن بھی ہوسکتے ہین وہ

الگ کردیا کیونکہ مجسٹریٹ درجہ دوم کو اختیار سپردگی نہین ہے اور مجسٹریٹ

مجاز کے پاس بھیجنا خالی از طوالت نہین ہے —

اسکے بعد صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کی اجلاس سے ۲۱ر ستمبر ۱۸۹۵ء کی

روبکار کے ذریعہ سے اور اختیارات کم کردیے گئے سرقہ فقط صہ تک کا

رکھا گیا جسکی جانب پولس بھی توجہ نہین کرتے یہ امر ظاہر ہے کہ کمی

اختیارات سے عام طور پر بیدلی پیدا ہوتی ہے اور قطع نظر اسکے

بہت کم کام اس حکم کے تعمیل پر رہیگا اور کوئی فائدہ انکے ایسی

مجسٹریٹ و اسپشل مجسٹریٹ مقرر کرنے کا باقی نرہیگا لہذا مین

سفارش کرتا ہون کہ حکم ۲۱ر ستمبر ۱۸۹۵ء پر نظر ثانی کی جاوے

[illegible] دفعات جو قابل تجویز مجسٹریٹ

درجہ دوم [illegible] اسپشل مجسٹریٹ کی تجویز کے قابل قرار دیا جاتا ہے

اور اسمین فقط وہ مقدمات جو سپرد سشن بھی ہوسکتے ہین مستثنے

[illegible] اور اسی طرح قانون [illegible] الامر کے جرائم بھی باختیار

[illegible] رزری قواعد

مینوسپلٹی کمیٹی بشمول روبکار ۲۶ نومبر ۱۸۹۵ء باجلاس
صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو۔ المرقوم ۳ نومبر ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

واقع ۲ نومبر ۱۸۹۵ء

بالعموم یہ طریقہ جاری ہی کہ اجرای ڈگری مین جانب مدیون
عذر وصول بیرون عدالت پیش کیا جاتا ہی اور اوسکی تحقیقات ہوتی ہی
اور بعد تحقیقات و فیصلہ کے بعد اپیل اول و اپیل ثانی تک نوبت پہونچتی ہے
رعایای سرکار عرصہ دراز تک کشاکشی مین رہتی ہی اور زیر بار اخراجات
ہوتی ہی اسکی وجہ صرف اسقدر ہی کہ عذر وصول کی سماعت کی اجازت
عام طور پر دیدی گئی ہے۔ یعنی اکثر فیصلجات مقدمات ابتدائی مین
دیکھا کہ عدالتہای ماتحت وقت صدور فیصلہ حکم بھی صادر کر دیتی ہین
کہ عذر وصول اجرای ڈگری مین مدعاعلیہ پیش کر سکتا ہی۔ اس عملدرآمد سے
مدعاعلیہم مدیونان کو بہت موقع عذرات پیش کرنیکا اور ڈگریداران کے
حق رسی مین زمانہ دراز گذار دینے کا مل جاتا ہی۔ عذر وصول مین
کوئی تحریری شہادت مثل رسید وغیرہ رجسٹری شدہ یا بلا رجسٹری کے
پیش نہین ہوتی بلکہ یہ طریقہ جاری ہی کہ دو چار گواہ مدیون پیش
کر دیتا ہی کہ ڈگریدار کو زر ڈگری یا جایداد ڈگری شدہ وصول ہو گئی
دو چار گواہ ڈگریدار پیش کر دیتا ہی کہ شی ڈگری شدہ وصول نہین ہوئی
ڈگریدار طلب تقاضا کرتا رہا۔ عدالت کے فیصلہ مین تفاوت پیش آتی ہے
اور بعد فیصلہ فریقین گواہون کے اعتبار پر موقع اپیل وغیرہ کا
ملتا ہے۔

دفعہ ۲۵۸ ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء مین صاف صریح قاعدہ مندرج ہے
کہ جو وصول بابت کسی ڈگری کے عدالت سے باہر ہوا یا کوئی تصفیہ حسب
رضامندی ڈگریدار کی اور طور پر ہو جاتا تو ڈگریدار کو لازم ہے
اوسکی اطلاع اوس عدالت مین کرے جس سے ڈگری کی اجرا متعلق ہو
اور مدیون ڈگری کو بھی اختیار ہے کہ عدالت کو مطلع کرے اور
درخواست واسطے جاری ہونے نوٹس بنام ڈگریدار کے کرے اور اطلاع
عذر ڈگریدار قلمبند کریگی۔ اس دفعہ مین صاف حکم ہی کہ تا وقتیکہ
ایسی ادا یا تصفیہ کی حسب مذکورہ بالا تصدیق نہو کسی عدالت
جاری کنندہ ڈگری مین زر ڈگری کا ادا یا تصفیہ ہونا مسموع نہ ہوگا
صاحب جوڈیشل سابق کا روبکار مورخہ ۷ دسمبر ۱۸۹۱ء
درباب اجازت سماعت شہادت گواہان عذر وصول [illegible]
جاری ہوا ہے جبکہ یہان کی عدالتون مین ڈگری مرتب ہوا اور
ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء جاری نتھا اور دیگر ترتیب و تکمیل بھی مطابق
قانون نہ تھی اب حسب مصلحت وقت اور نیز اس سبب سے کہ ڈگریات
تکمیل مطابق احکام ایکٹ مذکور ہوتی ہی عام ہدایت جاری کیجاتی ہے
کہ اجرای ڈگری مین کوئی عذر وصول سماعت نہو گا جو بلا تصدیق
عدالت ہو۔

اور جو وصول یا تصفیہ بیرون عدالت ہوا اور اوسکی اطلاع منجانب
ڈگریدار یا مدیون عدالت مین حسب دفعہ ۲۵۸ ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء
نہ کی گئی ہو حسب دفعہ مذکور کسی عدالت جاری کنندہ ڈگری مین
زر ڈگری کا ادا یا تصفیہ ہونا مسموع نہ کیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی واسطے اطلاع عام کے درج گزٹ ہو

اور ایک ایک نقل جملہ عدالتہاے دیوانی مین بھیجی جاوے ایک نقل شامل فائل بک ہو۔ روبکار سابق مورخہ ۷ ستمبر ۱۸۹۱ء اس حکم کے روسے منسوخ ہوگیا۔ مفتی صاحب دیوانی نقل روبکار ہذا موصول عدالت ہونے پر جملہ وکلا کو اطلاع دیدینگے اور ایک نقل در عدالت پر بنابر اطلاع عام چسپان و آویزان کرادینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۶ نومبر ۱۸۹۵ء

یہان کی عدالتون مین پہلے ڈگری مرتب نہوتی تھی جسکے سبب سے اجرا مین بڑی بڑی دقتین پیش آتی تہین اور ڈگری دار و مدیون کو بڑی دقت حساب فہمی مین ہوتی تھی اور بڑا موقع مقدمہ بازی کا ملتا تہا فرصت دراز تک ڈگری دار اپنی حق رسی سے محروم رہتا تہا اور مدیون نادہندہ کو عذرات فضول حساب فہمی وغیرہ کا موقع ملتا تہا بحکم ستمبر ۱۸۹۱ء باقاعدہ ترتیب ڈگری جاری کیا گیا کہ جملہ مقدمات عمری ابتدائی و اپیل مین ڈگری بعد فیصلہ کے مرتب ہوا کرے مگر عدالتہاے ماتحت مین اوسکی ترتیب کی بابت احتیاط عمل مین نہین آتی اور جانچ ڈگری کی نہین ہوتی مطابق فیصلہ ہے یا نہین حالانکہ حسب دفعہ ۲۰۵ ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء مجموعہ ضابطہ دیوانی حاکم عدالت کو اطمینان حاصل کرنا چاہیے کہ ڈگری مطابق فیصلہ کے لکھی گئی ہے یا نہین اور بعد اطمینان دستخط ڈگری پر کرنا چاہیے۔

عدالتہاے ماتحت کی ڈگریان جو مقدمات میں ملاحظہ کیجاتی ہین اونسے واضح ہوتا ہے کہ فریقین یا اونکے وکلاء کے دستخط ڈگریون پر نہین کرائی جاتے یہی وجہ ہے کہ آیندہ بروقت اجراے اون لوگون کو موقع پیش کرنے نقص ڈگری کا ملتا ہے ہمیشہ ڈگریات بعد ترتیب و دستخط و مہر عدالت کے وکلاے فریقین یا فریقین کو دکہانا چاہیئین اور اونکے دستخط کرانا چاہیئین اگر ڈگری مطابق فیصلہ کے نہوگی یا ڈگری مین کوئی غلطی کتابت یا حساب کی پائی جائیگی تو فریق مقدمہ کو درخواست ترمیم ڈگری و تصحیح ڈگری کرد ینیکا منصب ہوگا اور عدالت مطابق قانون کے عمل کریگی فقرہ ۳ دفعہ ۲۰۶ ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء ملاحظہ طلب۔ جب اوسی مقدمہ مین تصحیح ڈگری کی بخوبی ہو جائیگی یا کوئی درخواست ترمیم کی منجانب کسی فریق کے نہ گذریگی تو ڈگری مسلمہ فریقین ہو جائیگی اور اجراے کیوقت کوئی عذر غلطی ڈگری کا پیش نہوسکیگا۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی مین ترتیب ڈگریات کی بہت صاف ہدایت موجود ہے اور بہت وضاحت کے ساتھ ہر ایک قسم دعوے کی ڈگری کے ترتیب کا قاعدہ اور صورت بتلادی گئی ہے عدالتہاے ماتحت براہ مہربانی دفعات ۲۰۵ لغایت ۲۱۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ء کو ملاحظہ فرماکر اپنی اپنی عدالت کے ڈگری نویسانکو ہدایت تعمیل فرمادین اور حسب منشاء روبکار ہذا عملدرآمد ہو۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ عدالتہاے دیوانی مین بھیجی جاوے اور ایک نقل شامل فائل بک ہوا اور ایک نقل بنابر اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ لغایت ۱۰ نومبر ۱۸۹۵ عیسوی

نام تھانہ	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہنود	عورت — مسلمان	عورت — ہنود	میزان	تفصیل بہ مذہب — مسلمان	تفصیل بہ مذہب — ہنود	تفصیل موتے — ۱ سال سے ۵ سال تک — مرد	۱ سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل بہ مذہب — مسلمان	تفصیل بہ مذہب — ہنود	تفصیل امراض — ہیضہ	چیچک	بخار	دیگر امراض	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۳۲	۱۱	۱۶	۳	۶۳	۴۸	۱۴	۱۳	۹	۵	۱	۱۷	۲۷	۳۵	۳۷	۵۱	۲۱	۰	۰	۵۰	۲۲	۷۲	۰
حوالی شہر	۱۴	۵	۲	۷	۲۸	۱۶	۱۲	۶	۲	۰	۰	۱۷	۶	۲۳	۸	۱۹	۱۲	۰	۰	۲۵	۶	۳۱	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تھانہ ہذا سے نقشہ نہیں آیا
مانک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایضاً
شاہ آباد	۶	۱۰	۶	۴	۳۶	۱۳	۱۴	۱۴	۶	۱	۳	۱۸	۱۳	۳۳	۲۱	۱۵	۳۹	۰	۱	۵۳	۰	۵۴	۰
پٹواٸی	۱۱	۴۸	۷	۲۸	۹۴	۱۸	۷۶	۹	۷	۰	۱	۲۳	۱۳	۳۲	۲۱	۹	۴۴	۰	۰	۳۰	۲۳	۵۳	۰
بلاسپور	۱۷	۸	۲۱	۱۱	۵۷	۲۵	۳۲	۵	۵	۱	۲	۱۲	۱۰	۱۸	۱۷	۲۲	۲۳	۰	۰	۳۴	۱	۳۵	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	تھانہ ہذا سے نقشہ نہیں آیا
سوار	۴	۵	۷	۸	۲۴	۱۱	۱۳	۳	۶	۲	۰	۱۷	۹	۲۲	۱۵	۲۰	۱۷	۰	۰	۳۶	۱	۳۷	۰
مانک خالصہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۰	۰	۱	۰	۳	۱	۴	۰	۰	۰	۴	۰	۴	تھانہ ہذا سے نقشہ پیدائش نہیں آیا
ٹانڈہ	۷	۵	۴	۸	۲۴	۱۱	۱۳	۵	۵	۲	۴	۱۹	۳	۲۶	۱۲	۲۰	۱۸	۰	۰	۰	۳۸	۳۸	۰
میزان	۹۱	۹۲	۶۳	۶۹	۳۱۵	۱۵۴	۱۶۱	۵۷	۴۱	۱۱	۱۰	۱۲۴	۸۱	۱۹۲	۱۳۲	۱۶۰	۱۶۴	۰	۱	۲۳۲	۹۱	۳۲۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۴ لغایت ۱۰ نومبر ۱۸۹۵ع

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۱۰ار	۱۰۱۰ار	۱۰۱۰ار	۱۱۱۰ار	۱۰۱ار	۱۱۱ار	
نخود خالص	۱۴۱ار	۱۳۱ار	۱۴۱ار	۱۴۱ار	۱۵۱ار	۱۴۱ار	
نخود کستہ امیز	۱۶۱ار	۱۴۱ار	۰	۱۸۱ار	۱۹۱ار	۱۴۱ار	
جو	۱۷۱ار	۰	۰	۱۹۱ار	۰	۰	
ماش	۷۰۱ار	۱۰۱ار	۸۱ار	۱۰۱ار	۷۱ار	۸۱ار	
مونگ	۱۱۰۱ار	۱۰۱ار	۰	۰	۰	۸۱ار	
مکا	۱۸۱ار	۱۷۱ار	۱۸۱ار	۱۸۱ار	۰	۱۶۱ار	
چنے	۱۷۱ار	۰	۰	۰	۱۸۱ار	۲۰۱ار	
گوب چنے	۱۵۱ار	۰	۰	۰	۱۳۱ار	۱۶۱ار	
عدس	۱۷۱ار	۱۲۱ار	۰	۲۰۱ار	۱۸۱ار	۱۶۱ار	
ارہر	۱۷۱ار	۰	۰	۲۰۱ار	۰	۰	
برنج	۱۰۱ار	۱۱۰۱ار	۱۲۱ار	۱۱۱ار	۱۰۱ار	۱۱۱ار	
روغن زرد	۱۱ار	۱۱۱ار	۱۱ار	۱۱ار	۱۱ار	۱۱ار	
روغن سیاہ	۲ار	۲ار	۲ار	۲ار	۲۰۱ار	۲۰۱ار	
روغن کنجد	۰	۲ار	۰	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۸ار	۸ار	۹ار	۸ار	۸ار	۸ار	
نمک لاہوری	۷ار	۶ار	۵ار	۷ار	۰	۷ار	
قند سیاہ	۷۰ار	۸ار	۱۰ار	۶ار	۸ار	۶ار	

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۶ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ماہ جمادی الاخری ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۱۸ نومبر ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل کونسل — واقع ۱۱ نومبر سنہ ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی قاعدہ محتاج خانہ مجوزہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر جس سے صاحب ڈائرکٹر بہادر نے اتفاق کیا ہے ملاحظہ ہوا بالاتفاق تجویز ہوا کہ قاعدہ مجوزہ صاحب بہادر ممدوح منظور ہے ایک دفعہ اس بارہ میں اور ایزاد کر دیجاوے کہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر ہی ملاحظہ محتاج خانہ و حسابات محتاج خانہ کرتے رہیں مثل بغرض اجرائے احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو یہ قاعدہ درج گزٹ بھی کیا جاوے —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر

دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

قاعدہ محتاج خانہ مرتبہ و مجوزہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر منظور شدہ اجلاس کونسل حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ نومبر ۱۸۹۵ء

محتاج خانہ کی متعلق چند امور قابل اصلاح اور بعض امور جدید تجویز طلب ہیں لہذا حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے اور اس تجویز میں دستورات مجریہ احکام سابقہ ملحوظ رکھی گئی ہیں تاکہ کوئی امر اونکے خلاف نہو—

(۱) محتاج خانہ میں بلا قید مذہب و قوم اور کسی مذہب کے آدمی ہوں مرد — یا عورت بالعموم وہ لوگ داخل ہونا چاہئیں جو اقسام ذیل میں داخل ہوں—

(الف) جسکی عمر ساٹھ سال سے زائد ہو—

(ب) معذور الاعضاء — مثلاً اندھا — لنگڑا — لولا — وغیرہ جو کسی پیشہ کے کرنے سے اور فکر معاش سے بالکل معذور ہو بلا قید عمر

(۲) چونکہ محتاج خانہ میں کھانا تقسیم ہوتا ہی اور پخت طعام کا انتظام ہندو مسلمان کے لیے بہت اچھا موجود ہے — لہذا اوس شخص کا نام داخل محتاج خانہ ہوا کرے جو سکونت محتاج خانہ قبول کرے کیونکہ آرام و آسائش محتاجین کے واسطے مکان — چارپائی — لباس کا اہتمام کافی موجود ہے — جو شخص سکونت محتاج خانہ قبول نکرے اوسکے لیے صیغہ ماہوار یا نقد مقرر نہوا کرے—

(۳) صورت خاص میں خاص بحکم حضور پرنور دام اقبالہم — یا منظوری جوڈیشل ممبر [illegible] اسکے کہ محتاج خانہ میں داخل ہونیکے [illegible] [illegible] ہو سکتی ہے [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible]

(۴) منصرم محتاج خانہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] بلا منظوری افسر [illegible] داخل محتاج خانہ [illegible]—

(۵) منصرم محتاج خانہ نگرانی رکہیں کہ محتاجین جنکا نام داخل محتاج خانہ ہی شہر میں دریوزہ گری نہ کرتے پہرین اور محتاج خانہ سے باہر بہیک مانگنے کے واسطے نہ جایا کریں—

(۶) نہ کوئی پیرا و رگلی کوچوں میں محتاجین بہیک مانگتے پہرتے ہیں اور شارع عام اور بازار میں مجمع اور سواریوں کی آمد و رفت کے وقت محتاجین — و معذور الاعضاء رہتے ہیں جس سے اندیشہ اونکے ضرر کا ہی کوتوال شہر بذریعہ ماتحتان کی معرفت نگرانی رکہیں — اگر کوئی شخص ایسا ہے جو داخل محتاج خانہ ہی تو اوسکو منصرم محتاج خانہ کے پاس بہیجدیں — اور منصرم اوسکو فہمایش مناسب کرینگے — اور اگر ایسا شخص ہے جو داخل محتاج خانہ نہیں ہے اور حسب دفعہ — قابل ادخال محتاج خانہ ہے اوسکو بذریعہ رپورٹ جوڈیشل ممبر صاحب کے اجلاس میں بہیجدیں — تاکہ داخل محتاج خانہ کیا جاوے—

(۷) مسٹر فلپ صاحب بہادر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم محتاج خانہ کے افسر ہیں اور محتاج خانہ کا کام اونکی زیر نگرانی ہوتا ہے بدستور صاحب موصوف نگرانی و اہتمام فرماوینگے اور قواعد ہذا کی نگرانی و تعمیل کا لحاظ فرماوینگے — اور محتاجین کا خود ملاحظہ فرماکر ادخال محتاج خانہ کی اجازت دیا کرینگے—

۸ — چند صاحب بطور ممبر ایسے ہونا چاہئیں جو وقتاً فوقتاً اپنی فرصت کے اوقات میں بہ نظر کار خیر محتاج خانہ کا ملاحظہ فرمایا کریں — پخت طعام — تقسیم طعام — حالت محتاجین — صفائی محتاج خانہ — اسباب سرکاری حساب اخراجات وغیرہ کی نگرانی — صحت جسمانی محتاجین کا ملاحظہ فرماکر اپنے معائنہ کتاب میں اپنا معائنہ درج کیا کریں اور جو امر قابل اطلاع ہو یا جو بندوبست یا کوئی چیز محتاجین کیواسطے مطلوب ہو

فیصلہ بذریعہ انتقال کے کرین اور عدالت خفیفہ کا کام معمولی بطور
انجام جج مفتی صاحب بوانی بایام رخصت صاحب جج خفیفہ کو کرین
احکام حسب ضابطہ جاری ہون - ایک نقل حکم ہذا بخدمت صاحب
ڈسٹرکٹ جج بہادر بہی بہیجی جاوے - [دستخط]

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر
واقع ۱۳ نومبر سنہ ۱۸۹۵ء

سپرنٹنڈنٹی کارخانہ جات سے جو رپورٹ ہاے آتی ہین ونیز دیگر
کارخانہ جات کی جو رپورٹ ہاے ملاحظہ کیگئیں اون رپورٹ ہا کے
مین یہ امر تحریر نہین ہوتا کہ رپوٹ مذکور بہ تعمیل فلان حکم مورخہ
فلان تاریخ ہے مثل مین وقت پیشی رپوٹ ڈہونڈنا پڑتا ہے
کہ یہ رپوٹ تعمیل فلان حکم کی ہے لہذا آیندہ سے رپوٹ ہاے
مین تصریح امورات مذکور ضرور ہے کہ بہ تعمیل حکم مورخہ فلان تاریخ
یہ رپوٹ گزارش کیجاتی ہے لہذا -

حکم ہوا کہ

حسب تصریح بالا احکام بنام سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات و منصرمان
کارخانہ جات جاری ہون ایک نقل درج گزٹ ہوا ایک نقل شامل
فائل بک کیجاوے فقط [دستخط]

حکم اجلاسی مسٹر سی ہلٹن صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ پولیس ریاست رامپور
واقع ۷ نومبر سنہ ۱۸۹۵ء

بملاحظہ کاغذات مقدمہ چوری مالیت کثیر از ان ہنگی لال سے دریافت ہوا کہ
افسران ذیل کی حسب ذیل شکایت ہے -

۱- محمد عطاء اللہ خان تہانہ دار جو سنہ ... مین مہتمم سٹیشن تہا اور تنزل ہوا تہا
اور سب سے ترقی دیکر پہر مہتمم بنایا تہا -
۲- عاشق علی ہیڈ محرر
۳- غلام قادر خان ہیڈ کنسٹبل
۴- سالک رام کانسٹبل
۵- ننہی خان چوکیدار جو ۷ اگست سنہ ۱۸۹۵ء کو برخاست کردیا گیا -

۱- مقدمہ مندرجہ بالا مین نہایت درجہ کی بے احتیاطی و بے عنوانی
و بد دیانتی و ناانصافی کی جسکی وجہ سے مقدمہ مذکور ناکامیاب اور
خراب ہوا اور ملزم واقعی چہوٹ گئے جیسا کہ صاحب مجسٹریٹ بہادر
ضلع نے اسمقدمہ کے فیصلہ مین صاف طور پر تحریر کیا ہے -
۲- رشوت ستانی -
۳- مقدمہ مصنوعی مرتب کرنا بغرض پہانسی اور ضرر پہونچانیکے -
۴- اشتباہ خاص سرقہ نسبت ملازمان نمبر ۲ - ۳ - ۴ - ۵ -

واقعات اسمعاملہ مین یہ ہین کہ ماہ جولائی سنہ ۱۸۹۵ء چوری ہنگی لال کی
ہوئی عطاء اللہ خان تہانہ دار اسکی تفتیش کو مامور ہوے تہانہ دار نے
لوگونکو فراہم کیا اور بازار رشوت گرم ہوا تمام ان نے اپنا کام فرض منصبی
بد دیانتی سے انجام دینا شروع کیا مجرم واقعی یعنی خوشی خان و رحیم خان
میواتی جو اعلی درجہ کے چور شاطر ہین تہانہ دار کے پاس آئے اور
چلے گئے عطاء اللہ ترک کے گہر سے تہوڑا سا مال برآمد کیا جسکی بابت کہا گیا
کہ غیر واقعی برآمد ہوا اصل مجرم خوشی خان و رحیم خان تہے - عطاء اللہ خان
تہانہ دار نے پوری طور سے اون سے غرض نکی عطاء اللہ ترک کو حراست
مین رکہا جب شہرت رشوت ستانی و بے عنوانی و بے احتیاطی بہت
ہوئی تو منشی محمد رضا خان صاحب انسپکٹر کو مامور کیا اور محرر و ہیڈ کنسٹبل
نمبر ۲ - ۳ - کو تبدیل کیا اور کنسٹبل ... کو بہی بدل دیا ننہی خان چوکیدار

برخاست کردیا اور جب اوس سے بھی زائد چرچا ناانصافی و بددیانتی کا ہوا تو عطاء اللہ خان تہانہ دار کو بھی معطل کیا اور بجائے اونکے تفضل حسین خان تہانہ دار مقرر کیا انسپکٹر محمد رضا خان اور تفضل حسین خان نے مقدمہ کو چالان کیا اور خوشی خان ملزم جو باصلہ مجرم تہا چالان نہوا اور سیتارام و فتح چند زرگران کو بھی چالان کیا جنہوں نے مال چوری کا لیا اور گلایا اور امید ہی اگر فروخت کیا تہا جب عدالت مین مقدمہ پیش ہوا اور عدالت نے اون بے عنوانیون پر جو واقع ہوئی تہین غور کیا تو مجبوراً مقدمہ صادر کیا اور جیز سے بجیز سے تذکرہ سب خرابیونکا فیصلہ مین درج کیا دوران تفتیش تہانہ مین ایک یہ بہی کارروائی منجانب عطاء اللہ خان تہانہ دار نسبت عطاء اللہ ترک کے ہوئی تہی کہ اوسپر مقدمہ دفعہ ۴۲۴ تعزیرات ہند کا قائم کرایا اور چالان کرایا اور کچہ تشدد بھی کیا جیسا کہ صاحب مجسٹریٹ بلاسپور نے تحریر کیا ہے یہ مقدمہ بہت خراب ہوا ہے اگر ابتدا سے بدنیتی ہوتی تو صرف اصل مجرم ماخوذ ہوتے اور مقدمہ بالکل خراب نہوتا آیندہ بہی اب امید باقی نہین کہ مال مسروقہ بازیافت ہوکر عام فائدہ ہو کہ جب اہلکار ابتدائی تفتیش کنندہ بے ایمانی و بدنیتی کرکے کارروائی خلاف قانون کرتا ہی تو وہ آیندہ بحالت دستیابی اصل مجرمان کے بری و سزایاب نہین ہوتا ہی اگرچہ رشوت ستانی کا پورا ثبوت تحریر انسپکٹر صاحب سے نہین ہی نہ سرقہ کا ثبوت نسبت ملازمان نمبر ۱ — ۳ — ۴ — ۵ — ہی مگر شبہ بہت قوی ہی کہ ضرور رشوت لیگئی ملازمان نمبر ۳ — ۴ — ۵ — اگر سرقہ مین بہی شامل ہون تو تعجب نہین کہ حالت ان ملازمان کی قابل اطمینان نہین اور [illegible] کہا جاسکتا کہ تحصیلدار صاحب نے جو تحریر اصلی حالات سے کر رکہی ہی اونکا سبب یہی ہی کہ ملازمان نمبر ۳ — ۴ — ۵ — غیر قابل اطمینان ہین مقدمہ دفعہ ۴۲۴ تعزیرات ہند مین بہی قصور ہے جسکا نتیجہ ہوا کہ اصل سرقہ مین شمار ملزم قیم ہوا جو کا نامناسب ہوا جہانتک خیال کیا جاتا ہی بوجوہات بالا اور نیز اون حالات سے جو خفیہ دریافت ہوئے ہین جملہ ملازمان مصرحہ بالا علی قدر مراتب قصوروار بلکہ قابل مواخذہ ہین اگر ایسے اشخاص بدافعال و بدنیت کے باجتدر گذر کیجاوے تو اور ملازمان کو حوصلہ ہوتا ہی ہر شخص ایسے ہی افعال کریگا اسواسطے مناسب ہی کہ انتظاماً و تنبیہاً حسب ذیل سزا دیجاوے —

۱— محمد عطاء اللہ خان تہانہ دار برخاست —

۲— عاشق علی ہیڈ محرر دس روپیہ سے چہہ روپیہ پر تنزل یکم نومبر ۱۸۹۵ع سے

۳— غلام قادر خان ہیڈ کانسٹبل دس روپیہ سے چہہ روپیہ پر تنزل یکم نومبر ۱۸۹۵ع سے

۴— سالگرام کوٹ کانسٹبل سے چوکیداری پر تنزل —

۵— ننہی خان چوکیدار پہلے ہی برخاست ہوگیا ہی بدستور برخاست رہا تا اور ملازمان کو جرأت ایسے خراب کارروائی کی نہو —

جو جواب عطاء اللہ خان وغیرہ کے ہین وہ ناکافی ہین سالگرام کانسٹبل اور غلام قادر خان ہیڈ کانسٹبل اسوقت موجود نہین ہین جبکہ وہ لوگ خود بخود مشکوک اور مشتبہ ہین تو اونکے جواب کی چندان ضرورت نہین ہی

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون نقل حکم بجنسہ پولیس مطلع ہو آرڈر بک انگریزی مین درج کیا جاوے ایک ایک نقل اسکی واسطے تعمیل دیگر تہانہ داران کے و کوتوال صاحب وانسپکٹر صاحبان حلقہ پاس ہو ایک نقل واسطے درج گزٹ کے مرسل ہو اصل مثل تذکرہ عدالت بلاسپور دفعہ ۴۲۴ تعزیرات ہند کے ذریعہ نقل حکم تذکرہ عدالت بلاسپور کو واپس ہو اور ایک نقل بغرض اطلاع خدمت مین صاحب مجسٹریٹ ضلع کے بہیجی جاوے — ۷ نومبر ۱۸۹۵ع —

[illegible signature]

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲۵ نومبر سنہ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم واقع ۲۱ نومبر سنہ ۱۸۹۵ع

حسب رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر رخصت یک ماہ منشی جوگل کشور ماموری دار الانشا بعوضی ہیم نرائن پیشکار موہی الیہ وزنہ استفادہ سے منظور کی گئی ۔

ملخص حکم اجلاس نواب ریونیو صاحب بہادر
واقع ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء

عرضی گنگا سہاے ناظر صدر بدرخواست اضافہ معہ رپورٹ دیوان صدر ملاحظہ ہوکر دو روپیہ اضافہ کیا گیا۔

حکم نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر
واقع ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء

سرکلر ہذا بغرض اطلاع عام گزٹ مین شایع کیا جاوے اصل کاغذ ہذا جہت تعمیل پاس سررشتہ دار صاحب صدر مرسل ہو۔

سرکلر اجلاس آنریبل نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر
واقع ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء

ازآنجا کہ روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر سابق مرقومہ ۲ جون ۱۸۹۴ء کی نسبت اکثر شبہ واقع ہوا ہے کہ منشاء اوسکا مخالف سرکلر اجلاس کامل کونسل آف رجنسی مرقومہ ۵ ستمبر ۱۸۹۳ء کی ہی لہذا واسطے رفع اشتباہ مذکور کی یہ سرکلر جاری کیا جاتا ہی کہ سرکلر اجلاس کامل متعلق پیمایش شہر سری کی ہی۔ اور روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر سابق کو اوس پیمایش سی کچھ بھی تعلق نہین اوس سرکلر کی تعمیل بلاتردد ہونی چاہئی۔ اوسکی بابت اضافہ و تخفیف کا دعوی کرنے کی ضرورت نہین وہ پیمایش گویا ضمیمہ بندوبست ہے۔ اور اسکا عمل درآمد کاغذات پٹواری مین بھی ہو گیا ہی پس مستاجران کاشتکارون سی بلا استعانت اہلکاران ریاست موافق پیمایش شہر سری کے لگان وصول کر سکتے ہین کوئی عدالت ایسی حالت خاص مین مجاز سماعت نالش زیادہ ستانی کی نہین ہی۔ اور روبکار صرف اوس زمین کی کمی بیشی کے متعلق ہے۔ جو بوجہ ٹوٹ جانے بنجر یا دریا برد و برآر وغیرہ کے ہو جاوے۔ اوسکی کمی بیشی لگان بحالت نااتفاقی مستاجر و کاشتکار خود نہین کر سکتے مستاجر کیطرف سی دعوی اضافہ اور کاشتکار کیطرف سے دعوی تخفیف عدالت مین پیش ہوکر حکم ہونا چاہیے۔

حکم اجلاس نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر
واقع ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء

سرکلر ہذا بغرض اطلاع عام گزٹ مین شایع کیا جاوے اصل کاغذ ہذا جہت تعمیل پاس سررشتہ دار صاحب صدر مرسل ہو۔

سرکلر اجلاس آنریبل نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر
مجریہ ۱۷ نومبر ۱۸۹۵ء

جو کہ اس ریاست مین کوئی ایسا رجسٹر مرتب نہین ہے جس سے مالگذاری کل دیہات کی تعداد اور جمع مستاجری یکجا معلوم ہو اور آیندہ بروقت تجویز باقی کے اونکی تدابیر سبیل کی تجویز مین آسانی ہو یا بروقت دیے جانے کسی اور گاون کے اونکی مستاجری مین اندازہ حیثیت و مقدرت اونکا ہو سکے لہذا بعد ختم ہر سال عملی کے جو اخیر ستمبر مین ہوتا ہی ایک رجسٹر مالگذاری بابت اون دیہات علاقہ قدیم و جدید کے جو مستاجری مین دیے جاتے ہین تحصیل سے بنمونہ ذیل مرتب ہوکر بماہ اکتوبر قانونگوی صدر کے پاس آنا چاہیے قانونگوی صدر بترتیب حروف تہجی اسمای مستاجران درج کر کے کل کا رجسٹر تیار کرینگے یعنی ایک مستاجر کے جسقدر دیہات مستاجری کل ریاست مین واقع ہون گے اون سبکو

اوس مستاجر کے ذیل میں درج کرینگے جب اوس مستاجر کے کل دیہات مندرج ہو جاوینگے تب آخر مین میزان دیہات اور میزان جمع لکھکر دوسرا مستاجر شروع کیا جاوے گا۔

نمونہ رجسٹر

نمبر شمار مستاجر	نام مستاجران بترتیب حروف تہجی بقید ولدیت و سکونت	پیشہ معہ نام مقام اگر علاوہ مستاجری کے کچھ ہو

نام مہتمم اگر کوئی ہو	نام پرگنہ جسکے متعلق دیہہ مستاجری ہی	نمبر شمار دیہات

نام موضع	متعلق علاقہ قدیم یا جدید	تعداد جمع مال	ابواب	چوکیداری	میزان

ابتدا و انتہا بندوبست	کل میعاد بندوبست	تغیرات کی کیفیت

(ہدایت نسبت خانہ تین) اکثر اوقات مستاجر بطور خود کسی شخص کو اپنی طرف سے کشکنہ یعنی ٹھیکہ دیدیتا ہی اور ٹھیکہ دار قابض ہو جاتا ہے (یا) دو تین شخص بالاشتراک مستاجر ہوتے ہین ایک اونمین سے گاؤن کی تحصیل کرکے سرانجام مالگذاری کرتا ہے (یا) مالگذار گاؤن مین نہین رہتا اور کوئی کارندہ مجاز کل اختیارات از جانب مستاجر عمل مین لاتا ہی ان صورتون مین بخانہ مہتمم اوسکا نام لکھا جاوے گا اور جس وجہ سے وہ گاؤن کا اہتمام کرتا ہی مثلاً ٹھیکہ داری یا کارندہ گری وغیرہ وغیرہ اوسکے نام کے بعد لکھے جاوینگے اور اگر مستاجر خود گاؤن کا انتظام اور ادائے مالگذاری کرتا ہی تو اس خانہ کی خانہ پُری ضرور نہوگی۔

(ہدایت نسبت خانہ ۸) اس خانہ کی مطابقت ادرجا پانچ واصلباقی نویس صدر سے کرائی جاویگی جو مطابق قسطبندی کے ہوگی۔

(ہدایت نسبت خانہ ۱۲) اس خانہ مین تغیرات مستاجری اور جمع کی کیفیت درج ہوگی خواہ کوئی داخلخارج کسی کی شرکت کا ہوا ہو (یا) کوئی تفریق شرکا کے عمل مین آئی ہو (یا) کوئی مستاجر فوت ہوا ہو اور اوسکی رپورٹ وغیرہ ہوگئی ہو چاہے اوسکا حکم اخیر اوسوقت تک صادر نہوا ہو (یا) جمع مین کسی وجہ سے کمی یا بیشی عمل مین آئی ہو۔

حکم اجلاس نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر واقع ۱۹ نومبر ۱۸۹۵ء

میلہ بینیظیر کے لیے ۲۸ نومبر سنہ حال روز پنجشنبہ سے لغایت یکم دسمبر روز یکشنبہ تک چار روز کی تعطیل منظور کی گئی۔

[illegible]

روبکار اجلاس نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر واقع ۱۲ نومبر ۱۸۹۵ء

اکثر دیہات منقضی المیعاد سنہ ۱۳۰۳ فصلی قابل نیلام ہین اور بندوبست اونکا اگر میلہ بینظیر مین ہو جاوے تو مناسب ہے لہذا واسطے نیلام دیہات مذکور کے تاریخ ۲۸ نومبر ۱۸۹۵ء روز پنجشنبہ وقت ۱ بجے دن کے مقام میلہ مذکور مقرر کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

تحصیلداران اور لفٹینٹ صدر و واصلباقی نویس اور نائب سررشتہ دار صدر کو اطلاع دیجاوے اور منادی ہمقام بازار دیہات اور اشتہارات کی تعمیل حسب ضابطہ تحصیلداران اور لفٹینٹ صدر کرادین اور روبکار ہذا درج گزٹ بھی کیا جاوے۔

[illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء عیسوی

نام تحصیل	تفصیل پیدائش مرد مسلمان	تفصیل پیدائش مرد ہندو	تفصیل پیدائش عورت مسلمان	تفصیل پیدائش عورت ہندو	تفصیل پیدائش میزان	تفصیل پیدائش تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی ایکسال سے ۵ سال تک مرد	تفصیل فوتی ایکسال سے ۵ سال تک عورت	تفصیل فوتی ۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	تفصیل فوتی ۶ سال سے ۱۲ سال تک عورت	تفصیل فوتی ۱۳ سال سے زیادہ مرد	تفصیل فوتی ۱۳ سال سے زیادہ عورت	تفصیل فوتی میزان مرد	تفصیل فوتی میزان عورت	تفصیل فوتی تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل فوتی تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض ہیضہ	تفصیل امراض چیچک	تفصیل امراض بخار	تفصیل امراض متفرق	تفصیل امراض میزان	کیفیت
شہر رامپور	۱۶	۱۸	۲	۶	۴۲	۱۸	۲۴	۱۲	۳۰	۳	۰	۱۵	۱۴	۳۰	۳۴	۳۹	۲۵	۰	۰	۴۲	۲۲	۶۴	۰
حوالی شہر	۸	۴	۱	۳	۱۶	۹	۷	۹	۷	۲	۱	۱۰	۱۴	۲۱	۳۲	۳۱	۲۲	۰	۰	۳۹	۴	۴۳	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۳	۹	۱	۹	۲۲	۴	۱۸	۳	۷	۰	۰	۱۰	۶	۱۳	۱۳	۴	۲۲	۰	۰	۰	۲۶	۲۶	۰
شاہ آباد	۴	۱۳	۵	۱۰	۳۲	۹	۲۳	۱۴	۱۲	۳	۰	۱۴	۱۰	۳۱	۲۲	۱۴	۳۹	۰	۰	۵۲	۱	۵۳	۰
پٹوائی	۱	۶	۲	۳	۱۲	۳	۹	۳	۲	۰	۱	۱	۳	۴	۶	۱	۹	۰	۰	۵	۵	۱۰	۰
بلاسپور	۸	۸	۴	۸	۲۸	۱۲	۱۶	۵	۳	۲	۰	۷	۵	۱۴	۸	۱۲	۱۰	۰	۰	۲۲	۰	۲۲	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
سوار	۱	۲	۱	۲	۶	۲	۴	۲	۱	۰	۰	۱	۱	۳	۲	۴	۱	۰	۰	۵	۰	۵	۰
ملک قاسم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۱	۰	۳	۳	۶	۴	۸	۲	۰	۰	۱۰	۰	۱۰	۰
ٹانڈہ	۲	۰	۱	۳	۶	۳	۳	۲	۱	۵	۰	۱	۱	۸	۲	۴	۶	۰	۰	۱۰	۰	۱۰	۰
میزان	۴۴	۶۰	۱۷	۳۴	۱۶۴	۶۰	۱۰۴	۵۲	۵۴	۱۶	۲	۶۲	۵۷	۱۳۰	۱۱۳	۱۰۷	۱۳۶	۰	۰	۱۸۵	۵۸	۲۴۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ نومبر ۱۸۹۵ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۰ ۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۰ ۱۰ ار	سوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۴ ار	۱۴ ۱۰ ار	۱۳ ۱۲ ار	۰	۱۵ ار	۱۴ ۱۲ ار	
نخود کشتہ ...	۱۶ ار	۱۳ ار	۰	۰	۱۷ ۱۰ ار	۰	
ستی	۱۷ ار	۰	۰	۰	۰	۰	
باسمتی	۱۱ ۱۰ ار	۱۱ ۱۰ ار	۱۲ ار	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	
مونگ	۱۳ ار	۱۳ ۱۰ ار	۰	۰	۰	۱۱ ار	
مکا	۱۸ ار	۱۶ ار	۱۷ ۱۰ ار	۰	۱۷ ۱۰ ار	۰	
جئی	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۴ ار	
عدس	۱۷ ار	۰	۰	۰	۹ ۱۰ ار	۱۶ ار	
ارہر	۱۷ ار	۰	۰	۰	۰	۱۶ ار	
برنج	۱۰ ۱۰ ار	۱۰ ار	۱۲ ۱۰ ار	۰	۰	۱۱ ار	
روغن زرد	۱ ار	۱ ار	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۱۱ ار	
روغن سیاہ	۲ ار	۲ ۱۰ ار	۲ ار	۰	۲ ۱۰ ار	۲ ۱۰ ار	
روغن تلخ	۰	۲ ار	۰	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر	۸ ار	۸ ار	۰	۰	۸ ۱۰	۹ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۶ ار	۵ ار	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۹	۹ ۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۹ ۱۰ ار	۹ ار	

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۴۸ | مطبوعہ روز دو شنبہ بتاریخ ۱۴ جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

روبکار اجلاس نواب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۴ نومبر سنہ ۱۸۹۵ء

بموجب روبکار صاحب جج بہادر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ احکام ذیل جاری ہون

اوّل یہ کہ عرضی دعوے مین جو بقایاے لگان کے بابت ہون اوّل تصریح اراضی کی کیجائے اوسکے بعد تعداد لگان خواہ بالمقطع ہو یا بالشرح معینہ لگان قائم کیا گیا ہو مفصل لکھی جائے۔

دوم یہ کہ تعداد بقایاے لگان بقید فصل و سنہ لکہی جایا کرے
جو عرضی دعوے ایسا ہو کہ جسمین امور مذکورہ بالا کی تصریح نہو
تو ہر حاکم ماتحت کو لازم ہے کہ اوسکو واپس کردے اور
کوئی مقدمہ کسی عدالت سے ایسے عرضی دعوے کے بنا پر
دائر ہو کر فیصل ہو کہ جسمین امور مذکورہ بالا نہین لکہے گئے ہین
تو عدالت اپیل کو لازم ہے کہ صرف عرضیدعوے کے
نقص کیوجہ سے فیصلہ کو منسوخ کردے اور دوبارہ
نالش کی ہدایت کرے کہ اس قصور پر کل خرچہ بذمہ مدعی
عائد ہونا چاہیئے اور یہ خرچہ جو بکرار رجاع نالش مین پڑے
بحالت ڈگری مدعاعلیہ کے اوپر عائد نہوگا کیونکہ یہ خرچہ
حکم عدولی کے عوضمین ڈالا گیا ہے

یہان نہایت امر اور بہی قابل ذکر ہے کہ مقدمات اضافہ لگان
بہی بہت بے احتیاطی سے دائر ہوتے ہین اون مقدمات
مین حسب ذیل ہدایت جاری کیجاتی ہے —

اول یہ کہ مجوز مقدمہ خود موقع کا ملاحظہ کرے اور اراضی متشابہ
کو اراضی متدعویہ کے ساتھ میلان کرے —

دوم یہ کہ یہ دیکہے کہ شرح لگان مقرر سابق پہلے سے تو سخت
نہین ہے اگر پہلے ہی سے شرح سخت ہے تو اضافہ نہین دیا جائیگا

سوم یہ کہ یہ تحقیق کرے کہ اراضی متدعویہ مین کس قسم کی جنس
پیدا ہوتی ہے —

چوتہے یہ کہ اس قسم کی اراضی کے عموماً اور رواجاً اوس گانون مین
جسمین کہ زمین متدعویہ واقع ہے شرح کیا ہے اور عموماً گانونکی
اعلیٰ اور اوسط اور ادنیٰ شرح کیا ہے اضافہ مین یہ خیال
ضرور ہونا چاہیئے کہ گانونکی عام شرح کے خلاف اضافہ نہو
ان سب امور کے تحقیق کرنیکے بعد اور اونکی تنقیحات کرنیکے
بعد فیصلہ صادر کرے —

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بطور سرکلر کے جملہ حاکمان ماتحت کے پاس
مرسل ہو اور نیز ایک نقل اسکی گزٹ مین بہی شائع کیجائے
اور صاحب جج بہادر کی خدمت مین ایک نقل بہیجدیجائے

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۵ نومبر لغایت یکم دسمبر ۱۸۹۵ء عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل موتے: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	بخار	متفرق	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
حوالی شہر	۰	۰	۱	۳	۴	۱	۳	۱	۰	۰	۱	۷	۹	۸	۱۰	۹	۹	۰	۰	۱۷	۱	۱۸	۰
عظیم نگر	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	؍؍
شاہ آباد	۱	۵	۰	۴	۱۰	۱	۹	۶	۵	۱	۰	۶	۷	۱۴	۱۲	۹	۱۷	۰	۰	۲۵	۱	۲۶	۰
پٹوائی	۱۵	۵۶	۱۰	۳۸	۱۱۹	۲۵	۹۴	۱۳	۱۱	۰	۲	۳۵	۲۰	۴۸	۳۳	۱۲	۶۹	۰	۰	۴۰	۴۱	۸۱	۰
بلاسپور	۰	۲	۰	۲	۴	۰	۴	۰	۰	۱	۱	۳	۲	۴	۳	۴	۳	۰	۰	۷	۰	۷	۰
کیمری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا۔
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	؍؍
ملک خانم	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	-	۰	۱	۲	۴	۲	۵	۶	۱	۰	۰	۴	۳	۷	۰
ٹانڈہ	۵	۳	۲	۱	۱۳	۸	۵	۶	۴	۲	۲	۹	۱	۱۷	۷	۱۶	۸	۰	۰	۰	۲۴	۲۴	۰
میزان	۲۱	۶۷	۱۴	۴۸	۱۵۰	۳۵	۱۱۵	۲۶	۲۰	۴	۷	۶۳	۴۳	۹۳	۷۰	۵۶	۱۰۷	۰	۰	۹۳	۷۰	۱۶۳	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۵ نومبر لغایت یکم دسمبر ۱۸۹۵ء ع

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۰	۱۰؍۱۰ر	۱۰؍۱۰ر	۱۰؍۱۰ر	۱۱؍ر	۰	حضور تحصیل ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۲؍ر	۱۴؍ر	۱۴؍ر	۱۵؍ر	۰	
نخود کستہ آمیز	۰	۰	۰	۱۶؍ر	۱۷؍۱۰ر	۰	
جو	۰	۰	۰	۱۰؍ر	۰	۰	
ماش	۰	۱۳؍ر	۱۲؍۱۰ر	۱۱؍ر	۱۲؍ر	۰	
مونگ	۰	۱۵؍ر	۱۴؍ر	۰	۰	۰	
مکا	۰	۱۷؍۱۰ر	۱۷؍۱۰ر	۱۸؍ر	۱۷؍۱۰ر	۰	
چنے	۰	۰	۰	۰	۱۵؍ر	۰	
گوچنے	۰	۰	۰	۰	۱۵؍ر	۰	
عدس	۰	۰	۰	۲۰؍۱۰ر	۱۶؍۱۰ر	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۲۰؍ر	۰	۰	
برنج	۰	۱۰؍۱۰ر	۱۲؍۱۰ر	۱۰؍۱۰ر	۱۱؍ر	۰	
روغن زرد	۰	۱؍۱ر	۱؍۱ر	۱؍۱ر	۱؍۱ر	۰	
روغن سیاہ	۰	۲؍۱ر	۲؍ر	۲؍۱ر	۲؍۱ر	۰	
روغن کنجد	۰	۲؍۱ر	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸؍۱ر	۹؍ر	۸؍ر	۸؍۱ر	۰	
نمک لاہوری	۰	۱۰؍ر	۵؍ر	۷؍ر	۰	۰	
قند سفید	۰	۱۰؍ر	۱۱؍ر	۹؍ر	۱۰؍۱ر	۰	

حکم اجلاس کامل واقع ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ع

چونکہ مولوی فرخی صاحب میر منشی و پرشین ٹیوٹر ہز ہائنس
نوابصاحب بہادر کے تعلقات معتبر اس ریاست کے ساتھہ
ایسے ہین کہ اونکو حق حاصل ہونا چاہئیے کہ تاثیر قانون سلحہ سے
مستثنے رہین لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ مولوی فرخی صاحب کو
حصول لیسنس سلحہ سے مستثنے کیا جاوے - نقل روئداد ہذا
باجلاس صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو کہ سر رشتہ
پولیس کو حسب ضابطہ اطلاع دیجاوے اور ایک نقل حکم ہذا
میر منشی صاحب کو دیجاوے -

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم   دستخط صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر   دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل عالیہ حکم سر رشتہ پولیس مین بھیجا جاوے
اور نقل اس حکم کی میر منشی صاحب کو دیجاوے اور ایک نقل
روئداد برائے درج گزٹ مرسل ہو - ۲۱ نومبر ۱۸۹۴ع

حکم صاحب وایس پریزیڈنٹ بہادر

دربارہ ترقی حکیم دیبی داس باضافہ چار روپیہ ماہوار
واخراج نام تھان سنگھ کہال متوفے -

حکیم دیبی داس کی باضافہ چار روپیہ ماہوار دس روپیہ تنخواہ
مقرر کیجاوے احکام ترقی دیبی داس واخراج نام تھان سنگھ
جاری ہون اور درج گزٹ ہو - حکیم صاحب کو لکہا جاوے

کہ دوسرے شخص کے تقرر کی ضرورت نہین ہے -

۱۷ نومبر ۱۸۹۴ع

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۰ نومبر ۱۸۹۴ع

صیغہ اوقاف مین دو قسم کے تنخواہ دار ہین ایک وہ کہ جنکے متعلق
کچھہ خدمات بہی ہین اور ایک وہ جو بلا خدمت تنخواہ پاتے ہین
اور یہ تنخواہین اوقاف کی حین حیات ہین قسم اول کے مشاہرہ دار
جب مرتے ہین تو اونکے انتظام اسامی کی رپورٹ آتی ہی یا امیدواران کی
عرضیان پیش ہوتی ہین قسم دوم کے مشاہرہ داران کی حیات و ممات کی
کوئی اطلاع نہین آتی ماہ ہای گذشتہ مین رامپور مین بیماری کی
بہت کثرت رہی جسمین صدہا آدمی مر گئے ہمارے سامنے
کوئی اطلاع کسی مشاہرہ دار بلا خدمت کی وفات کی نہین آئی لہذا
حسب ذیل حکم ہوتا ہے -

(۱) صاحبزادہ میا نجہان خان صاحب جملہ تنخواہ داران کی حیات
ممات کا حال تحقیق کر کے ۳۰ نومبر تک رپورٹ بھیجین -

(۲) آئندہ جب برابر تنخواہ وقف صاحبزادہ میا نجہان خان صاحب
مرتب کر کے بھیجا کرین اوسکے ساتھہ ایک رپورٹ تصدیقی اس
امر کی شامل کیا کرین کہ جملہ تنخواہ داران وقف حیات ہین بعد
ملاحظہ اس تصدیق کے روپیہ کی تجاوزی کا حکم ہوا کریگا -

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا پاس صاحبزادہ میا نجہان خان صاحب اور
ایک نقل پاس بخشی فوج مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر دارد ۹ نومبر ۱۸۹۴ء

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو

روئداد کمیٹی منیسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۸ نومبر ۱۸۹۴ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب سشن جج بہادر صدر نشین کمیٹی

منشی محمد ہادی حسن خان صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع نائب صدر نشین کمیٹی

صاحبزادہ محمد اشفاق حسین خانصاحب انچارج سکریٹری بورڈ

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱۔ محمد علی رضا خانصاحب تحصیلدار حضور تحصیل

۲۔ حکیم احمد رضا صاحب منصرم صدر شفاخانہ یونانی

غیر ملازمین

۱۔ مولوی محمد عبدالصمد صاحب — وکیل

۲۔ منشی محمد ابراہیم صاحب — "

۳۔ مولوی محمد یعقوب صاحب — "

۴۔ میر بہادر علی صاحب — "

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) رپورٹ کردہ آورصاحب حفظان صحت دربارہ علیحدگی دکانات قصابان فروشندہ اوجھڑی وغیرہ از وسط بازار۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ کوئی خاص مقام واسطے ان دکانات کے تجویز کرنیکی ضرورت نہیں ہے اہلکاران صفائی اوجھڑی وغیرہ شہری اور متعفن پاویں تو حسب ضابطہ مقدمہ قائم کریں۔
(۲) عرضی وزیر ٹھیکہ دار مسلخ بدرخواست تیاری فرش پتھر مع تخمینہ تعدادی ... ۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ عام غرض وعام فائدہ تیاری فرش مسلخ سے متعلق نہیں ہے خاص ٹھیکہ دار کا نفع ہے لہذا وہ خود بنا دے کمیٹی امداد یا تعمیر کی سفارش نہیں کرسکتی۔

حاشیہ: پیشی ۱۶ رجب ۱۳۱۲ھ — جناب صاحب ... مطابق ۹ نومبر ۱۸۹۴ء — اصیسوی

حکم اجلاس کامل واقعہ

چونکہ مولوی فرحی صاحب میں شکایت گوشت کاٹ کر مہوجا فی داغی نوابصاحب بہادر کے تعلق ایسے ہین کہ اونکو حق حاصل مستثنے رہین لہذا بالاتفاق	بالاتفاق تجویز ہوا کہ نائب گرد آور کو سخت تنبیہ کیجاوے کہ آیندہ لاغر راسون پر داغ نہ لگایا جاوے ڈاکٹر صاحب نے لکہا ہے کہ گوشت زیادہ ناقص نہین ہے اسلئے اسمرتبہ درگذر کیاجاوے آیندہ تدارک کیا جاوے گا۔
حصول لیسنس سلمہ کلاداغی بازارہاے مفصلات۔ باجلاس صاحب پولیس کو ہے میر منشی صاحب دستخط دستخط دستخط	بالاتفاق تجویز ہوا کہ صرف تحصیل سوار کے دیہات کی بابت درخواست چہہ سو روپیہ سالانہ کی گذری ہے اور درخواست مین نرخ محصول کلاداغی کی تصریح نہین ہے لہذا معرفت تحصیلدار صاحب درخواست دہندہ سے دریافت کیاجاوے کہ اس ٹہیکہ مین کس نرخ سے محصول کلاداغی لیاجاویگا۔ آیا ۲ ار یا ۱ ار فی راس اور اگر ۵ ار فی راس لینے کی یہ درخواست چہہ سو روپیہ سالانہ کی ہے تو ۲ ار یا ۱ ار فی راس لینے کی صورت مین کسقدر رقم پر ٹہیکہ لینا منظور ہے اور دیگر تحصیلات سے بہی دریافت کیا جاوے کہ کس کس قدر رقم پر ٹہیکہ کلاداغی ہوجاویگا۔

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ جمادی الاخری سنہ ۱۳۱۳ ہجری مطابق ۱۶ دسمبر ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	روبکارات حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	
۱	ہفتہ مین دو مرتبہ اجلاس کامل ہوا کرے	۱ و ۲
۲	ہر صیغہ کا حساب ہر ماہ کی دسوین داخل ہو جایا کرے	۲
	احکام اجلاس کامل	
۳ و ۴	پنشن نیاز احمد خان صوبہ دار ـ و پنشن محمد نبی خان سپاہی ـ	۲ و ۳
۵ و ۶ و ۷	پنشن کلیان سنگھ سپاہی ـ و پنشن عبد المجید خان سپاہی پنشن نظام علیخان	۳
	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۸	تصحیح غلطی ایکٹ نمبر ۲۱ بابت ۱۸۷۹ء	۴
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۹	متعلق سروے ٹکٹ	۴ و ۵
۱۰	تبادلہ الفت رائے نائب محافظ دفتر و کلکٹری دیال و علی حسین ـ	۵
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۱۱	بابت بھیجنے تکمیل وارنٹ کے جیل مین	۵ و ۶
۱۲	منظوری رخصت حاکم عدالت خفیفہ	۶
۱۳	منظوری رخصت کیشونا تھ جوڈیشل ہیڈ کلرک	۶
	حکم صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولس	
۱۴	ترقی و تنزل و برخاستگی ملازمان پولس	۶
۱۵ و ۱۶	قانون ٹیکہ و نقشہ وجات و ممات و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم

واقع ۲ دسمبر ۱۸۹۵ء

چونکہ بعض ضرورتین اس امر کی مقتضی ہین کہ اجلاس کونسل کی میعاد جو دو اجلاسون کے بیچ مین واقع ہوتی ہے کسی قدر کم کردی جائے ـ لہذا

حکم ہوا کہ

آیندہ ـ بجائے اسکے کہ کونسل کا اجلاس ایک ہفتہ مین ایک دفعہ ہوتا ہے چوتھے روز یعنی ہفتہ مین دو مرتبہ ہوا کرے

حکم اجلاس نواب ریونیو ممبر بہادر

موافق تجویز کونسل عالیہ احکام ضابطہ جاری ہوون — ۱۱ر نومبر ۱۸۹۵ع

حکم ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم

باجلاس کونسل — واقع ۱۸ر نومبر ۱۸۹۵ع

مثل درخواست پنشن کلیان سنگہ سپاہی پلٹن کمپنی ۱۲ پیش ہوئی حضور نواب صاحب بہادر باجلاس کونسل منظور فرماتی ہین کہ کلیان سنگہ کو تین روپیہ ماہوار پنشن ملا کرے مثل بغرض کارروائی ضابطہ صاحب ریونیو ممبر بہادر کے اجلاس مین مرسل ہو —

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر —

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوون — المرقوم ۲۵ر نومبر ۱۸۹۵ع

حکم ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم

باجلاس کونسل — واقع ۱۸ر نومبر ۱۸۹۵ع

آج یہ مثل پیش ہوئی ہز ہائنس نواب صاحب بہادر باجلاس کونسل منظور فرماتی ہین کہ عبدالمجید خان سپاہی رسالہ کلن خان کو دو روپیہ آٹھ آنہ ماہوار بصیغہ پنشن ملا کرین مثل بغرض تعمیل ضابطہ صاحب ریونیو ممبر بہادر کے اجلاس مین بھیجی جاوے —

دستخط حضور پر نور نواب صاحب دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر —

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوون — ۲۵ر نومبر ۱۸۹۵ عیسوی

حکم ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم

باجلاس کونسل — واقع ۱۸ر نومبر ۱۸۹۵ع

مثل درخواست پنشن نظام علیخان نائک حوالدار توپخانہ پیش ہوئی ہز ہائنس نواب صاحب بہادر باجلاس کونسل منظور فرماتے ہین کہ نامبردہ کو چار روپیہ ماہوار پنشن ملا کرے مثل بغرض کارروائی ضابطہ صاحب ریونیو ممبر بہادر کے اجلاس مین بھیجی جاوے —

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر —

حکم نواب ریونیو ممبر صاحب بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوون — المرقوم ۲۵ر نومبر ۱۸۹۵ع

حکم اجلاس کا صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر

چونکہ مولوی نصر علم نوابصاحب درباره تصحیح غلطی ایکٹ نمبر ۲۱ بابت سنہ ۱۸۷۹ء ایسے ہین کہ مطبوعہ ریاست جو الگی مجرمان کے صفحہ ۱۲ سطر ۱۶ مین بجائے مستثنے بجائے سنہ ۳۲۹ کے ۳۶۶ طبع ہوگیا ہے اسکی صحت کردیجاوے اور درج گزٹ بہی کردیا جاوے کاغذات متعلقہ سررشتہ پولس کو واپس ہون اور نقل بغرض تعمیل صاحب معتمد قانون کے پاس مرسل ہو۔ ۱۱ دسمبر سنہ ۹۵ء

حکم صاحب ہوم ممبر بہادر مثبتہ رپورٹ دیوان صدر

حکم ہوا

منظور ہے رپورٹ دیوان صدر مع حکم منظوری بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ ۱۸ نومبر سنہ ۹۵ء

رپورٹ دیوان صدر

جناب عالی دام اقبالہ

بموجب ارشاد عالی تعمیل ہوگی اور دو سو قطعہ رسیدات چہپا تیار ہوکر آگئے ہین چونکہ اس حکم کے اجرا کی اطلاع اہلکاران صرف کنندہ سروس کو ضرور ہے لہذا اگر مناسب رائے عالی ہووے تو رپورٹ فدوی مع حکم منظوری گزٹ مین شائع کرادیجاوے تاکہ اوسکی اطلاع اہلکاران متعلق کو ہوجاوے دولت اقبال زیادہ زیادہ ہو —

حکم صاحب ہوم ممبر بہادر

ہمکو بھی اس رائے سے اتفاق ہے دو سو قطعہ رسیدات موافق نمونہ منسلکہ مطبع سرکاری مین طبع کرادئے جاوین اور سال آئندہ اسی موافق عملدرآمد دیوان صدر کے پاس تعمیلاً و اطلاعاً یہ کاغذ مرسل ہو اور واسطے چہاپہ ہونے رسیدات کے پروانہ بنام منصرم مطبع جاری ہو۔ ۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ء

حکم صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر مثبتہ رپورٹ دیوان صدر

ہمارے نزدیک رائے دیوان صدر درست ہے اگر صاحبان ممبران بہادر اتفاق کرین تو شروع سال سے بموجب رپورٹ دیوان صدر کارروائی کیجاوے۔ مرقومہ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۹۵ء

رپورٹ دیوان صدر

باجلاس صاحب والس پریزیڈنٹ بہادر

غریب پرور سلامت جناب عالی ریاست ہذا مین جو ٹکٹ سروس صرف ہوتے ہین ونکے صرف کا قاعدہ ایک طور پر مقرر نہین ہے نہ یہ جمع خرچ سے معلوم ہوسکتا ہے کہ خزانہ سے ہر ایک اہلکار نے کس قدر روپیہ کے ٹکٹ خریدے انگریزی علاقہ مین اسکی بابت یہ قاعدہ جاری ہے کہ جو اہلکار جسکو ٹکٹ سروس صرف کرنیکی اجازت ہے خزانہ سے روپیہ نقد داخل کرکے ٹکٹ سروس خرید کرتا ہے اور جسقدر روپیہ کے ٹکٹ خرید کرتا ہے اوسکی رسید خزانہ سے اوس اہلکار کو دیجاتی ہے وہ اوس رسید کو حساب مین شامل کرکے مجرائی روپیہ کی لیتا ہے کوئی حساب تفصیلی جمع خرچ شامل نہین کیا جاتا ہے سوائے رسید خزانہ کے اور اپنے سررشتہ مین تفصیل مصارف کی علیحدہ کتاب مین رکہتا ہے اور یہی قاعدہ ٹہیک طور پر بہی معلوم ہوتا ہے لہذا درخواست ہے کہ

عالی گزرانکر عرض رساہوں کہ اگر یہ قاعدہ منظور والا ہو تو دونوں قطعہ رسیدات بموجب منسلکہ کے طبع کرادئے جائیں اور بنام اہلکاران متعلق جنکے معرفت ٹکٹ سروس صرف ہوتے ہیں اسبارہ میں احکام اجرا فرمائے جاویں آیندہ جیسا ارشاد ہو تعمیل کیجاوے دولت اقبال زیادہ ہو

عرضی محمد ... بہادر دیوان صدر ... ۹۵

خزانہ صدر

ٹکٹ حسب ذیل بدست

مبلغ	وصول پائے	تعداد	قیمت
ٹکٹ	۲ر		
ٹکٹ	ار		
ٹکٹ	۶ پائی		
پوسٹ کارڈ	—ر		

میزان

دستخط خزانچی　　دستخط دیوانصدر

ملخص روبکار اجلاس نواب یونیو ممبر صاحب بہادر واقع ۲۵ر نومبر ۱۸۹۵ء

باتفاق رای صاحب جوڈیشل ممبر بہادر حسب درخواست تحصیلدار حضور تحصیل تبادلہ الفت رائے نائب محافظ دفتر سابق فوجداری بجای گلکشر یال اہلمد حضور تحصیل و گلکشر یال بجائے علی حسین محرر سب تحصیل ٹانڈہ و علی حسین بجای الفت رائے نائب محافظ دفتر فوجداری عمل میں آیا —

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — واقع ۱۰ر دسمبر ۱۸۹۵ء

مشتمہ رپورٹ جیلر رامپور بدرخواست صدور حکم بنام عدالتہا فوجداری نسبت بھیجنے مکمل وارنٹ کے جیل میں

احکام حوالات یعنی وارنٹ حوالات بہت احتیاط سے جاری ہونا چاہئے دستخط حاکم عدالت و مہر عدالت ضرور ہونا چاہیے اور وارنٹ کی خانہ پری بہت احتیاط سے ہوا کرے وارنٹ بالکل مطابق حکم کے ہونا چاہیے حکام عدالتہاے فوجداری بہت احتیاط فرماوین نقل رپورٹ جیلر مع نقل حکم ہذا بنابر اطلاع و ہدایت عام درج گزٹ ہو وارنٹ ہاے شمولہ رپورٹ ہذا مع نقل حکم پاس جیلر واپس ہون —

رپورٹ جیلر

جناب عالی دام اقبالہم

ہنگام ملاحظہ جیل و زتشریف آوری صاحب کمشنر بہادر حضور نے بابت ملاحظہ وارنٹ حراست نظام الدین ملزم اعتراض فرمایا تھا کہ یہ وارنٹ بلا مہر و بلا تعیین تاریخ طلبی ہے مثل رودی کے ہی اس قسم کے احکام کی تعمیل نہونا چاہیے ورنہ ملزم کو لینا چاہیے چونکہ وہ حکم زبانی تھا اگر تحریری ہوتا تو عدالتہاے ماتحت کو اطلاع ہو کر اوسکی تعمیل کی طرف توجہ ہوتی علاوہ اوس وارنٹ ملاحظہ شدہ کے اکثر عدالت ہاے شہر و بیرونجات سے وارنٹ حراست جو آتے ہیں غیر مطبوعہ کہ جنمیں نہ ولدیت اور نہ قومیت نہ سکونت نہ تاریخ طلبی اور نیز وارنٹ قید سادہ کاغذ پہ کہ جسمیں تاریخ رہائی کی بھی درج نہیں ہوتی جاتی ہو کر جیل میں پہونچتے ہیں اور عدالت ہاے

بلحاظ ذکر ہی نہیں بالکل احکام بلامہری جاری ہوتے ہیں کہ جو سراسر خلاف قاعدہ و خلاف منشاے حکم حضور کے ہے واسطے انتظام آیندہ ایک حکم عام گزٹ میں مشتہر فرمایا جاے کہ آیندہ کسی قسم کا احکام حراست و قید جاری نہوں و قطعہ وارنٹ بلامہری اور بلا تعین تاریخ پیشی مسمیان جواہر و کہاتی ملزمان بغرض ملاحظہ ارسال ہیں بعد ملاحظہ واسطے تعمیل کے واپس فرمائی جاویں

معروضہ ۸ ر دسمبر ۱۸۹۵ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثل یادداشت حاکم عدالت خفیفہ باشندہ عامی

رخصت دس روز من ابتداے ۵ ر دسمبر ۱۸۹۵ء

رخصت دس روز منظور ہے مفتی صاحب دیوانی عدالت خفیفہ و سینیر منصفی کا کام بطور قائم مقام کرین ایام رخصت مین جو مقدمات خفیفہ و سینیر منصفی کے ہون انکو مفتی صاحب دیوانی فیصل بھی کرسکتے ہیں

احکام ضابطہ جاری ہون - ۱۴ ر دسمبر ۱۸۹۵ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثل عرضی پنڈت کیشو ناتھ جوڈیشل ہیڈ کلرک بدرخواست رخصت ایک ماہ بوضع تنخواہ بوجہ پیش آنے چند امور ضروری من ابتداے ۱۶ ر دسمبر سنہ حال

رخصت ایک ماہ بوضع تنخواہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہون

۱۴ ر دسمبر ۱۸۹۵ء

بحکم صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس

واقع ۱۹ ر نومبر ۱۸۹۵ء

فہرست ملازمان پولیس جنکی ترقی کی گئی اور تنزل و برخاستگی ہوئی

اضافہ و تقرر

اضافہ سید منظور حسین سب انسپکٹر مشاہرہ دار [illegible] از یکم اکتوبر ۱۸۹۵ء

اضافہ سید مرتضیٰ حسین کورٹ انسپکٹر پیشی مشاہرہ دار [illegible] از یکم اکتوبر ۱۸۹۵ء

تقرر سید بشیر احمد امیدوار بعہدہ انسپکٹری از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ سید تفضل حسین سب انسپکٹر شاہ آباد مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ تفضل حسین خان سب انسپکٹر ... مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ محمد حسین خان سب انسپکٹر عظیم نگر مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ غلام صمدانی خان سب انسپکٹر سوار مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ سید رضا علی مہتمم اسٹیشن ... مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

اضافہ سید صغر علی سب انسپکٹر گیری مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

تنزل و برخاستگی

تنزل غلام قادر خان ہیڈ کنسٹبل مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

تنزل سید عاشق علی ہیڈ کنسٹبل کوتوالی مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

برخاستگی محمد عطا اللہ خان ہیڈ کنسٹبل مشاہرہ دار [illegible] از یکم نومبر ۱۸۹۵ء

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا۔

حکم اجلاس کونسل دربارہ مسودۂ قانون ٹیکہ واقع سہ نومبر ۱۸۹۵ء

آج مسودۂ قانون ٹیکہ باجلاس کونسل ملاحظہ ہوا تجویز ہوا کہ گزٹ مین شائع کیا جاوے ۱۵ دسمبر ۱۸۹۵ء سے اسکا نفاذ [illegible]
احکام ضابطہ باجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم — دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب [illegible]

حکم صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل عالیہ نقل مسودۂ قانون ٹیکہ بہت جلد برای درج گزٹ مرسل ہوا و حکم کونسل عالیہ بھی درج گزٹ کیا جائے
پندرہ دسمبر ۱۸۹۵ء کو بھی [illegible] پیش ہو — ۱۰ نومبر ۱۸۹۵ء

قانون ٹیکہ

قانون بغرض عطای اختیار ممانعت لگانے ٹیکہ کے مواد سیتلا سے اور مجبور کرنے باشندگان بعض میونسپلٹیون اور بعض قصبات کو اس بات پر کہ وہ اپنے اطفال کو ٹیکہ گؤتھن سیتلا کا لگوا دین —

بالفعل یہ قانون میونسپل بورڈ رامپور سے متعلق ہوگا اور نفاذ اوسکا ۱۵ نومبر ۱۸۹۵ء سے ہوگا —

دفعہ ۱ اس قانون مین اگر مضمون یا سیاق عبارت اسکے خلاف نہو —

(۱) لفظ میونسپل ممبران سے ایسی جماعت میونسپل بورڈ کے ممبران کی مراد ہے جو خاص شہر رامپور [illegible] اور قصبات متعلقہ ریاست کے صفائی و حفظان صحت وغیرہ کی غرض سے موضوع ہوئے ہین —

(۲) لفظ باپ مان سے باپ کسی طفل ولد الحلال اور مان کسی طفل ولد الحرام کی مراد ہے —

(۳) لفظ ولی مین ایسا ہر شخص شامل ہے جسنے کسی طفل کی خبرگیری قبول کی یا اپنے ذمہ لی ہو —

(۴) لفظ طفل غیر محفوظ سے وہ طفل مراد ہے جسکو مرض سیتلا سے اس طور پر محفوظی حاصل نہوئی ہو کہ اوسکو خود اپنی طبیعت سے یا بذریعہ لگانے مواد سیتلا کے مرض مذکور لاحق ہوا ہو یا جسکو گؤتھن سیتلا کا ٹیکہ لگانے سے نتیجہ کامل حاصل نہوا ہو — اور جسکی نسبت قانون ہذا کے شرائط کے مطابق سارٹفکٹ اس مضمون کا تحریر نہوا ہو کہ اوسمین گؤتھن سیتلا [illegible] اثر نہین کرتا ہے —

(۵) لفظ سیتلا کے ٹیکہ لگانے سے کسی شخص کے جسم مین مرض سیتلا پیدا کرنے کے لیے کسی طرح کا مواد سیتلا داخل کرنا مراد ہے —

(۶) ٹیکہ کے حلقے سے اون اجزا مین سے ایک جزو مراد ہے جسمین کسی میونسپلٹی یا قصبات کی تقسیم اس ایکٹ کے مطابق گؤتھن سیتلا کا

ٹیکہ لگانے کے لیے کی گئی ہو۔
(۷) لفظ ٹیکہ لگانے والے کا ہر شخص پر دلالت کرتا ہے جو حسب مدعا قانون ہذا کو تھن سیتلا کے ٹیکہ کا کام کرنے کے لیے مقرر ہوا ہو
اور اوسمین ٹیکہ کا سپرنٹنڈنٹ بھی شامل ہے۔
(۸) ٹیکہ لگانے کا موسم اون ایام کو کہتے ہین جو بالخصوص اس کام کے واسطے مقرر کیے گئے ہین۔ یعنی پندرہ اکتوبر سے
پندرہ مارچ تک۔
دفعہ ۲۔ جائز ہے کہ اشخاص غالب التعداد منجملہ کسی حاضرین جلسہ میونسپل ممبران بورڈ کے جو خاص اس غرض سے طلب اور منعقد ہوا ہو
اور اونکو منظور رہو۔ ریاست مین اس امر کی درخواست کرین کہ قانون ہذا کو کسی میونسپلٹی خواہ اور قصبہ کے کل یا جزو مین نافذ کرے
اوسپر ریاست کو اختیار ہوگا کہ اگر مناسب سمجھے بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ سرکاری اپنا ارادہ بابت متعلق کرنے اس قانون کے
حسب طریقہ مجوزہ ظاہر فرمائے ایسی میونسپل بورڈ یا اوسکے کسی جزو کا ہر باشندہ جو اس قانون کے بطور مذکور متعلق ہونے سے
ناراض ہو مجاز ہے کہ تاریخ مشتہری اشتہار سے چھ ہفتہ کے اندر اپنا عذر تحریری بحضور والی ملک یا کارپردازان مجاز کے
جو بتجویز ریاست ایسے امور کے انصرام پر مقرر ہو مرسل کرے۔ اس عذر پر حکام لحاظ کرینگے اور جب تاریخ مشتہری اشتہار سے
چھ ہفتہ گذر جائین اور قسم مذکور کا کوئی عذر پیش نکیا جاوے یا اگر عذرات قسم مذکور پیش ہوکر بدنہاد گورنمنٹ موصوف غیر کافی پائے جاوین
تو حکام موصوف مجاز ہونگے کہ بذریعہ اجراے اوسی قسم کے اشتہار کے قانون کو مقام مقصود سے متعلق کردین۔
دفعہ ۳۔ والی ملک و کارپردازان مجاز کو اختیار ہے کہ بذریعہ اشتہار مندرجہ گزٹ سرکاری کسی میونسپل بورڈ کے کسی قدر رقبہ
اراضی کو اس ایکٹ کے تاثیر سے بری کرے۔
دفعہ ۴۔ کسی رقبہ اراضی مین جہان شرائط اس قانون کے نافذ کیے گئے ہون۔ مواد سیتلا سے ٹیکہ لگانا ممنوع ہے اور کوئی شخص
جسکو مواد سیتلا سے ٹیکہ لگایا گیا ہو اوس قبہ کے اندر جانے کا مجاز نہوگا تاوقتیکہ ایسا ٹیکہ لگنے کی تاریخ سے چالیس روز کا عرصہ
نہ گذر جاوے الا اس صورت مین کہ اوسکو اس درجہ کے عہدہ دار صیغہ ڈاکٹری کی طرف سے جسکو کسی وقت یا اور کارپردازان مجاز
وقتاً فوقتاً بذریعہ حکم تحریری کے سارٹیفکٹ دینے کا اختیار بخشین اس مضمون کا سارٹیفکٹ حاصل ہوا ہو۔ کہ اندیشہ اس امر کا باقی
نہین رہا۔ کہ شخص مذکور کے چھونے یا قریب جانے سے کسی کو مرض سیتلا پیدا ہوجاے گا۔
دفعہ ۵۔ ہر قبہ اراضی جس سے یہ قانون متعلق کیا جاے گو تھن سیتلا سے ٹیکہ لگانے کا حلقہ سمجھا جاویگا یا حسب طریقہ متذکرہ آیندہ
چند حلقون مین منقسم کیا جاویگا ایک یا چند ٹیکہ لگانے والے حسب طریقہ متذکرہ آیندہ پہلے سے ہر حلقہ کے لیے مقرر ہین۔ اور ایسے ہر قبہ اراضی
کے لیے۔ ایک یا چند اشخاص کو تھن سیتلا کے ٹیکہ کے سپرنٹنڈنٹ مقرر ہین۔

دفعہ ۶ جب کوئی طفل غیر محفوظ جو چھ مہینے کی عمر کو پہونچگیا ہو کسی رقبہ ارضی مین جس سے اس قانون کے شرائط متعلق کیے گئے ہون گوتھن سیتلا کے ٹیکہ لگانے کے موسم مین پورے ایک ہفتہ تک مقیم رہا ہو - اور اگر طفل مذکور خود کہ بہ وکر ایام مذکور کے انقضا تک ۱۴ برس کی عمر کو نہ پہونچا ہو - یا اناث ہو کر آٹھ برس کی عمر کو نہ پہونچی ہو - تو ایسے طفل کے باپ ماں یا ولی کو لازم ہے کہ ٹیکہ لگنے کے لیے اوسکو کسی ٹیکہ لگانے والے کے پاس لیجاوے یا پونہچا دے یا کسی ٹیکہ لگانے والے کو اوسکے ٹیکہ لگانے کے لیے طلب کرے تو ایسے ٹیکہ لگانے والے کو لازم ہے کہ طفل کو گوتھن سیتلا کا ٹیکہ لگائے اور طفل کے باپ ماں یا ولی کو ایک یاد داشت حوالہ کرے جسمین تاریخ ٹیکہ لگانے کی مندرج ہو اور وہ تاریخ بھی درج ہو جس تاریخ کو طفل کا معائنہ اس امر کے دریافت کے لیے کیا جاویگا کہ ٹیکہ سے کیا نتیجہ پیدا ہوا یا اگر طفل اوس حالت مین پایا جاوے کہ ٹیکہ لگائے جانے کے لائق نہو - تو باپ ماں یا ولی کو سارٹیفکٹ دستخطی اپنا اس مضمون سے لکھدے کہ طفل مذکور ایسی حالت مین ہے - کہ ٹیکہ کے کل یا جزو موسم رواں تک ٹیکہ لگنے کے لائق نہوگا -

دفعہ ۷ اس طفل کے باپ ماں یا ولی کو جسکو دفعہ ۶ کے بموجب گوتھن سیتلا کا ٹیکہ لگا ہو لازم ہے کہ جو تاریخ معائنہ یاد داشت مین مندرج ہو اوسی روز طفل کو کسی ٹیکہ دہندہ کے پاس معائنہ کے لیے لیجاوے یا پونہچا دے یا اپنے گھر پر کسی ٹیکہ دہندہ کی معرفت معائنہ کرائے اور اوسکے بعد ایسا ٹیکہ دہندہ یاد داشت کے ذیل مین ایک سارٹیفکٹ اس مضمون کا چسپان کریگا کہ طفل کا معائنہ کیا گیا اور اس معائنہ سے فلان نتیجہ مرتب ہوا -

دفعہ ۸ اگر عند المعائنہ ایسے طفل کے جو دفعہ ۷ کے بموجب معائنہ کیا جاوے یہ دریافت ہو کہ نتیجہ گوتھن سیتلا کے ٹیکہ لگانے کا حسب مراد ہوا ہے تو قطعہ سارٹیفکٹ ٹیکہ دہندہ کی طرف سے اس مضمون کا طفل باپ ماں یا ولی کو دیا جاوے گا اور اوس وقت سے طفل مذکور بطور طفل محفوظ کے قرار پائیگا -

دفعہ ۹ جب معائنہ مذکور سے دریافت ہو کہ ٹیکہ لگانے سے نتیجہ مقصود حاصل نہین ہوا تو اوسکے باپ ماں یا ولی کو لازم ہے کہ اگر ٹیکہ دہندہ ہدایت کرے - تو اوسی وقت طفل مذکور کو گوتھن سیتلا کا ٹیکہ پھر لگوائے اور پیچھے سے اوسکا معائنہ حسب مجوزہ صدر کرائے -

دفعہ ۱۰ وہ سارٹیفکٹ جو دفعہ ۶ کے مطابق دیا جاوے اور جسمین طفل کی گوتھن سیتلا کے لائق نہونے کا ذکر ہو اوس میعاد تک نافذ و برقرار رہیگا - جو اوسمین مندرج ہو اور اوس میعاد کے منقضی ہونے پر یا اگر وہ میعاد بعد ختم ہونے موسم گوتھن سیتلا کا ٹیکہ لگنے کی منقضی ہو - تو بر وقت شروع ہونے موسم ٹیکہ دہانی آیندہ کے طفل کے باپ ماں یا ولی کو لازم ہوگا کہ طفل مذکور کو کسی ٹیکہ دہندہ کے پاس گوتھن سیتلا کا ٹیکہ لگائے جانے کی غرض سے لیجاوے یا پونہچا دے - یا خود اپنے گھر پر کسی ٹیکہ دہندہ کی معرفت ٹیکہ گوتھن سیتلا کا لگوادے مگر شرط یہ ہے کہ اگر طفل مذکور پھر بھی اس حال مین پایا جاوے کہ وہ گوتھن سیتلا کے ٹیکہ لگنے کے لائق نہو تو سارٹیفکٹ مذکور بجنسہٖ کی تجدید کیجاوے گی -

دفعہ ۱۱ - اگر سپرنٹنڈنٹ ٹیکہ گوٹھن سیتلا کے یہ رائے ہو کہ کوئی طفل جسکو تین مرتبہ گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ لگانے سے فائدہ مقصود حاصل
نہوا - گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ لگواکر کامیاب ہونے کے لائق نہین ہے تو وہ مجاز ہوگا کہ طفل مذکور کے ماں باپ یا ولی کو اس مضمون کا
سارٹیفکیٹ لکھکر حوالہ کرے - اسکے بعد طفل کے ماں باپ یا ولی کو ضرور نہوگا کہ اوسکو گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ لگوائے -

دفعہ ۱۲ - بالعموم طفل کو گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ بذریعہ لگانے ایسے پنچھا کے دیا جاوے گا جو مطابق اون قواعد کے مقرر کیا جائے
جو اس قانون کے مطابق مرتب ہون مگر شرط یہ ہے کہ اولاً اگر قواعد مین پنچھا حیوانی مقرر ہو اور کسی طفل ماں باپ یا اوسکا
یہ خواہش کرے کہ طفل کو پنچھا انسانی سے ٹیکہ لگایا جاوے تو طفل کو اوسی طور سے گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ لگایا جائیگا اور -
ثانیاً اگر کسی رقبہ ارضی مین جسکے اندر پنچھا حیوانی دستیاب ہوسکتا ہو قواعد مین پنچھا انسانی مقرر ہوا ہو اور باپ ماں یا ولی
طفل کا خواہشمند ہو کہ طفل مذکور کو ٹیکہ حیوانی پنچھا سے لگایا جاوے تو ایسے طفل کو اوسی پنچھا سے ٹیکہ لگایا جائیگا -

دفعہ ۱۳ - کسی ٹیکہ دہندہ کو اختیار نہوگا کہ کسی طفل باپ ماں یا ولی سے بغرض تعمیل کسی خدمت کی جو اس قانون کے شرائط کے مطابق [illegible]
متعلق کی گئی ہو کسی طرح کا رسوم یا اجرت لے -

دفعہ ۱۴ - سپرنٹنڈنٹ ٹیکہ گوٹھن سیتلا کو لازم ہو کہ علاوہ اور خدمات کے جو اس قانون یا اسکے شرائط کے رو سے اوس سے متعلق [illegible]
یہ دریافت کرے کہ آیا تمام اطفال ذکور غیر محفوظ اگر عمر مین ۱۴ برس سے کم ہون اور اطفال اناث غیر محفوظ ۸ برس سے کم عمر [illegible]
اوسکے علاقہ نگرانی کے رقبہ ارضی کے اندر رہون گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ پا چکے ہین یا نہین اور اگر اسکو کسی وجہ سے یقین [illegible]
کہ ایسے کسی طفل کا باپ ماں یا اوسکا ولی اس قانون کے شرائط مندرجہ صدر کی رو سے اس بات کا پابند ہے کہ طفل مذکور کو گوٹھن
سیتلا کا ٹیکہ لگوائے یا اوسکو معائنہ کے لیے پیش کرے اور اوسنے ایسا نہین کیا تو سپرنٹنڈنٹ کو لازم ہو کہ اوسکی رپورٹ [illegible]
افسر اعلیٰ کے پاس بھیجے افسر اعلیٰ ایسی رپورٹ کی نسبت تحقیقات کرینگے اور اگر ایسے باپ ماں یا ولی کی نسبت ثابت [illegible]
کہ اونہون نے حسب مندرجہ صدر اپنے فرض کو ادا نہین کیا تو فوراً ایسے باپ ماں یا ولی کے نام ایک اطلاعنامہ [illegible]
کیا جائیگا یا اوسکے مکان پر آویزان کیا جاویگا جسمین یہ حکم ہوگا کہ طفل کو گوٹھن سیتلا کا ٹیکہ لگایا جاوے یا کہ جیسی [illegible]
وہ معائنہ کے لیے ایسے وقت اور مقام پر پیش کیا جاوے جو اطلاعنامہ مین مندرج ہو -

دفعہ ۱۵ - اگر اطلاعنامہ کی تعمیل نہ کیجاوے تو سپرنٹنڈنٹ ٹیکہ کو لازم ہے کہ اس عدم تعمیل کی رپورٹ ضلع کے مجسٹریٹ یا کسی مجسٹریٹ [illegible]
پاس بھیجے جسکو رئیس وقت نے ایسے کام کے لیے مقرر کیا ہو اور جس مجسٹریٹ کے پاس رپورٹ بھیجے اوسکو لازم ہے کہ طفل کے باپ ماں یا [illegible]
طلب کرکے کیفیت وجہ عدم تعمیل کی اوس سے طلب کرے اور اگر وجہ ظاہرہ اوسکی غیر قابل اطمینان ہو تو حکم تحریری اس [illegible]
صادر کرے کہ طفل کا باپ ماں یا ولی [illegible]

حکم کی تعمیل نہو تو مجسٹریٹ مذکور کو چاہیے کہ باپ یا ولی کو اپنے روبرو طلب کرکے بجز اوس صورت کے کہ کوئی وجہ یا عذر معقول ظاہر کیا جاوے
نابہرہ کی عدول حکمی کی نسبت وہ بچا اظہار کرے یا جرم ثابت کردہ دفعہ ۱۰ کی مقرر ہی مناسب ہے کہ مجسٹریٹ لوگ جو اس دفعہ کے مطابق مقرر ہوں
جہانتک آرام کے ساتھ ممکن ہو متوطن علاقہ ریاست کے ہوں نہ ملازمان تنخواہ دار سرکار کے۔

دفعہ ۱۶ جب یہ قانون کسی علاقہ میونسپلٹی خواہ دیگر قصبہ یا اوسکے کسی جزو سے متعلق کیا جاوے تو میونسپل یا ایریا بورڈ کو اختیار ہے کہ وقتاً فوقتاً قواعد مناسب جو اس قانون کے نقیض نہوں واسطے حسن تعمیل قانون مذکور اندر حدود میونسپلٹی کے جس میں یہ نافذ ہوں مرتب کریں قواعد مذکور میونسپلٹی انہیں ضوابط کے اور بہ اتباع قانون مجاریہ وقت مرتب کیے جاوینگے جنکے بموجب اشخاص مجبور واسطے انتظام کے مراتب متعلقہ میونسپلٹی اندر حدود میونسپلٹی کے قواعد بنانے یا صادر کرتے ہیں اور قواعد مذکور بعد اتفاق رائے صاحب اسسٹنٹ سرجن کے جب ریاست سے منظور ہو کر گزٹ سرکاری میں مشتہر ہو لیں حکم قانون کا رکھیں گے مگر شرط یہ ہے کہ ریاست مجاز ہوگی کہ جس وقت چاہے ایسے کسی قاعدہ کو تبدیل یا منسوخ کرے۔

دفعہ ۱۷ ٹیکہ کا انتظام متعلق صاحب سول سرجن ریاست کے ہوگا اور ٹیکہ لگانے والوں و سپرنٹنڈنٹوں کی تقرر و معطلی و موقوفی صاحب سول سرجن ریاست کی تجویز سے بمنظوری ریاست یا منظوری اوس حاکم کے جسکو ریاست اس قسم کا اختیار عطا کرے ہوا کرے گی۔

دفعہ ۱۸ وہ قواعد جو اس قانون کی دفعات ۱۶ کے مطابق کسی علاقہ اراضی کے مرتب کیے جائیں منجملہ اور امورات کے امور مفصلہ ذیل پر محتوی ہوں گے۔

(الف) تقسیم و تبدیل ہونا ایسے رقبہ اراضی کا حلقوں میں بغرض تعمیل کار لگانے ٹیکہ گؤ تھن سیتلا کے۔
(ب) ٹیکہ گؤ تھن سیتلا کے ایسے ہر حلقہ میں ایسے مقام کا مقرر و تبدیل کرنا جو ایک عام اسٹیشن ٹیکہ کا سمجھا جاوے اور اسٹیشن ٹیکہ کے قریب کسی نظرگاہ عام پر شناخت کے لیے کوئی علامت مناسب آویزان کرانا۔
(ج) تفصیل لیاقت کی جو عام ٹیکہ گؤ تھن سیتلا کے لگانیوالوں اور سپرنٹنڈنٹوں کو حاصل ہونی ہے ضرور ہے۔
(د) بابت وقت حاضر رہنے ٹیکہ لگانے والوں کے ٹیکہ کے اسٹیشنوں پر اور بود و باش اونکی اندر حدود حلقہائے ٹیکہ کے۔
(ہ) بابت نشان یا علامت یا چپراس کے جو ایسے ٹیکہ لگانے والے شناخت کے لیے پہنینگے۔
(و) بابت اعلام و ہدایت جو رعایا کو اس بات کے لیے دی جاوے گی کہ وہ اپنے اطفال کا ٹیکہ گؤ تھن سیتلا کا ٹیکہ لگوایا کریں۔
(ز) بابت عطا سارٹیفکیٹ اور اوسکے نمونہ و اندراج کے متعلق کامیابی یا ناکامیابی ٹیکہ اور بابت سارٹیفکیٹ ناقابلیت ٹیکہ لگوانے کے۔
(ح) بابت قسم پیپ کے جو استعمال کیا جاویگا اور بغرض نگہداشت پیپ مذکور کے بمقدار کافی۔
(ط) بابت تیاری رجسٹروں کے جن میں مندرج ہوا کرینگے نام اطفال کے جو اس قانون کے

متعلق ہون گے تاریخ پر یا اوسکے بعد ایسے رقبہ ارضی مین پیدا ہوئے ہون تاہم ایسے اطفال غیر محفوظ کے جو قبل متعلق ہونے اس
قانون کے ایسے رقبہ ارضی مین پیدا ہوئے ہون اور جو بروقت متعلق ہونے اس قانون کے درصورت مذکور ہونے کے
۱۴ برس سے کم عمر کے یا بحالت ہونے اناث کے ۸ برس سے کم عمر کے ہون تاہم اطفال مذکور و اناث محفوظ کے جنکی عمر
حدود مذکورہ صدر سے کم ہون جو بعد نفاذ اس قانون کے کسی وقت ایسے رقبہ ارضی کے اندر آگئے ہون اور
ایک مہینے تک مقیم رہے ہون —

نتیجہ ہر مرتبہ گودنے سیتلا کے ٹیکہ لگانے کا یا اوسکے التوا کا اور سارٹیفکٹون کو حوالہ کرنیکا جو حوالہ ہوئے ہون —

(ی) بابت امداد کیجاوان رجسٹرون کی ترتیب و صحت اور دوسرے ترتیب مین ملازمان میونسپلٹی کی طرف سے دیے جائینگے۔

(ک) بابت تیاری نقشہ جات و رجسٹر متعلقہ ٹیکہ کے —

دفعہ ۱۹ جو شخص جرائم مفصلہ ذیل سے کسی جرم کا مرتکب ہو یعنی —

(الف) دفعہ ۱۳ کے شرائط کے خلاف عمل کرے یا —

(ب) بلا وجہ جائز کے حکم کے تعمیل مین غفلت کرے جو دفعہ ۱۵ کے بموجب صادر ہوا ہو یا —

(ج) کسی قواعد سے انحراف کرے جو دفعات ۱۶ کے مطابق مرتب ہوئے ہون یا —

(د) بلا وجہ جائز کسی حکم کی تعمیل مین غفلت کرے جو دفعہ ۱۹ کے بموجب صادر ہوا ہو — اوس صورت مین کہ جب اوسی طفل کا بابت
اوسی قسم کا حکم پہلے صادر ہوا تھا اور اوسکی تعمیل مین قصور کرنا اوسکے پہلے ثابت ہوا تھا ایسے شخص کو حسب مفصلہ ذیل سزا دیجائیگی — درصورت
وقوع جرم مذکورہ ضمن (الف) کے قید جسکی کسی میعاد تک جو ایک مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ سو روپیہ تک ہو سکتا ہے
یا دونون سزائین درصورت وقوع جرائم مذکورہ ضمن (ب) و (ج) کے جرمانہ جسکی تعداد پچیس روپیہ تک ہو سکتی ہے
اور درصورت وقوع جرم مذکورہ ضمن (د) کے قید سادہ جسکی میعاد تین مہینے تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ دو سو روپیہ تک
ہو سکتا ہے یا دونون سزائین —

دفعہ ۲۰ تعداد جرمانون کی جو اس قانون کے مطابق کسی میونسپلٹی کے علاقہ مین وصول کیجاوے سرا
میونسپل فنڈ مین جمع کی جائیگی

تمت

بھیڑیئے ـــ یا بھیڑیا ـ یا بچہ بھیڑیا کا مار کر لاوے اوسکو انعام
مطابق شرح مذکور دیا جاوے اشتہارات بقدر ضرورت طبع
ہوکر تحصیلات کو بھیجے جاویں اور نیز گذرگاہ خاص و عام پر
شہر میں بھی چسپاں کیے جاویں گزٹ میں بھی شائع ہو مثل
بنابر کارروائی ضابطہ اجلاس صاحب ایجنٹ ریزیڈنٹ میں مرسل ہو
دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم ـ دستخط صاحب ایجنٹ ریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب ریونیو ممبر بہادر ـ دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر ـــ

حکم صاحب ایجنٹ ریزیڈنٹ بہادر

بھیڑیا مارنے کا انعام تحصیل سے جس طرح کہ سانپوں کا ملتا ہے
ملیگا صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے پاس نقل تجویز کونسل واسطے
بھیجی جاوے جو ذریعہ تھانہ جات اطلاع عام کرادیں جو شخص
بھیڑیا مارے اوسکو چاہیے کہ تحصیل میں لاکر پیش کرے اور ایک
نقل اسکی برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو اور صاحب سپرنٹنڈنٹ
بہادر ایک اشتہار اس انعام کا بتعداد کافی طبع کرالیں تاکہ سفر
تھانہ جات و پٹواریان و دیہ عام اطلاع اوسکے ذریعے سے
جلد ہوسکے اور جا بجا شہر و مضافات میں منظر عام پر بھی لگا دی جاویں
۱۸ دسمبر ۱۸۹۵ء [دستخط]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۷ دسمبر ۱۸۹۵ء

اضافہ

حسب انشای حکم کونسل مورخہ ۸ دسمبر ۱۸۹۵ء بموجب سفارش
صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم بابو پرتاپ سنگہ ہیڈ ماسٹر
اسکول انگریزی کی تنخواہ مقررہ پر ۵ روپیہ ماہوار اضافہ ہوکر تنخواہ
نامبردہ ماہ ۲۵ ماہوار مقرر کی گئی ـ [دستخط]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واقع ۱۷ دسمبر ۱۸۹۵ء

سررشتہ دیوانی و خفیفہ میں جو نالشات اصل مدیون و ضامن و غیرہ پر
کیجاتی ہیں اور بعد ثبوت عدالت سے ڈگری یا ڈسمس ہوتی ہیں اوسکی الفاظ
نہیں ہوتے اور حکم بالکل مجمل ہوتا ہے بعض فیصلہ جات میں دیکھا گیا
صرف یہ حکم ہوتا ہے کہ ڈگری بحق مدعا علیہم اصل و ضامن کیجاوے
بعض فیصلہ جات ایسے دیکھے گئے کہ ڈگری اصل مدیون و ضامن
دونوں پر صادر کی گئی مگر یہ نہیں لکھا گیا کہ ڈگری بنام ضامن زر ڈگری
ضامن اصل مدیون سے ادا کرا دے یا خود ادا کرے ایسے احکام سے
اجرائے ڈگری میں بہت وقت پیش آتی ہے اور اکثر ڈگری دار
اصل مدیون کو چھوڑ کر ضامن کی ذات و جائداد سے وصول
کرتے ہیں ـ لہذا مناسب و قرین انصاف ہے کہ آیندہ ایسے
مقدمات میں جن میں کوئی عدالت دیوانی یا خفیفہ ڈگری اصل
مدیون و ضامن پر صادر کرے تو صاف لکھنا چاہیے کہ ڈگری دار
اول اصل مدیون سے بذریعہ تعمیل وصول زر ڈگری کرے اگر اصل
مدیون سے وصول نہو تب ضامن سے وصول کر سکیگا ـ

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا بنام جملہ سررشتہ دیوانی و خفیفہ بغرض تعمیل مرسل ہو کہ
صراحت مذکورہ بالا ایسے مقدمات میں حکم ہوا کرے ایک نقل
بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ـ [دستخط]

نام پرگنہ	نام موضع	نام مشتریان	آخر بولی نیلام	افزون	میعاد بندوبست	کیفیت
ملک	مہدی نگر	رام چندر داس و سرام غلام اقبال ان سکنہ کہاتہ	الـــ ۱۲۸/		من ابتدا [illegible] لغایت [illegible]	جلسہ بست ہشتم نومبر سنہ ۱۸۹۵ء
〃	نگلا اوردی	منالال برہمن و چندر سین	للعہ ۱۲۸		〃	〃
شاہ آباد	بیگم گنج	ڈوریلال ولد کشن لعل سکنہ محلہ محل کمیدان	حاصہ		〃	〃
〃	تیلی پورہ	محمد مبارک علیخان سکنہ شاہ آباد	ما /		〃	〃
〃	جید دلی	ایضاً	الـــ ۱۲		〃	〃
〃	چکپھیرے	ایضاً	الـــ ۱۲ /		〃	〃
〃	جیتو ئے	تصدق حسین ولد تفضل حسین سکنہ شاہ آباد	الـــ ساصہ		〃	〃
〃	دہرم پور	محمد مبارک علیخان	الـــ سا /		〃	〃
〃	رائے پور	بندرابن	سم ساصہ		〃	〃
〃	سونہا	یوسف علی خان ولد نیاز علیخان کمندان سکنہ و علی حسن خان	الـــ سا /		〃	〃
〃	سعدت نگر	فضل احمد و محمد ولد محمد عنایت اللہ سکنہ محلہ متصل مسجد چرخ والے	ولـــ ۱۲		〃	〃
〃	کہرنیوہ	محمد مبارک علیخان	الـــ /		〃	〃
〃	کشنپور	ہدایت اللہ خان ولد عنایت اللہ خان سکنہ ستون سنگ	ما /		من ابتدا [illegible] لغایت [illegible]	〃

نمبر شمار	نام پرگنہ	نام موضع	اسمائے مشتریان	آخر بولی نیلام	افزون	میعاد بندوبست	کیفیت
۳۸	شاہ آباد	کھرکا	یوسف علیخان ولد نیاز علیخان و علی حسن خان	اسمے		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۰۸ء	جلسہ نیلام یکم دسمبر ۹۵ء
۳۹	״	کیسرپور	بلدیو سنگھ ولد شیورام سنگھ جوالپور	اسماصہ		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۱۳ء	״
۴۰	״	للوارہ	یوسف علیخان ولد نیاز علیخان و علی حسن خان	سمے		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۰۸ء	״
۴۱	״	محمد نگر مزرعہ رائے پور	مجو پدہان بیرو و عباس خان و تہور علیخان	ماصہ		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۱۳ء	״
۴۲	״	نواب گنج	نندکشور و بنارسی داس	الماے		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۰۸ء	״
۴۳	״	نانکار	ایضاً	السماے		״	״
۴۴	سوار	ٹانڈہ کلان	بندرابن	السماے		من ابتدای ۱۳۰۴ف لغایت ۱۳۱۳ء	جلسہ یکم دسمبر ۱۸۹۵ء
۴۵	״	حسنپور ملحق ٹانڈہ	بندرابن	لاے		״	״
۴۶	״	سعد اللہ نگر	بندرابن	السماے		״	״
۴۷	״	سہورا	بندرابن	ماصہ		من ابتدای ۱۳۰۴ء لغایت ۱۳۰۸ء	״
۴۸	سوار	سہریا لکھا	مہدی علیخان سکنہ اخون خیلان	لاے		من ابتدای ۱۳۰۴ف لغایت ۱۳۰۹ء	״
۴۹	״	سکت پورہ	معرفت احمد حسن خان کوچوان ولد محمد حسن خان بنام لکھی لال ولد بوران سکنہ الہ آباد	الماصہ		من ابتدای ۱۳۰۴ف لغایت ۱۳۱۳ء	״
۵۰	״	سید نگر ملحق ٹڈیا	شمس الدین خان ولد مستقیم خان سکنہ مدرسہ	ساصہ		״	״

نمبر شمار	نام پرگنہ	نام موضع	اسمائے مشتریان	آخری بولی نیلام	افزون	میعاد بندوبست	کیفیت
۶۴	بلاسپور	ستورہ معہ مزرعہ نظام نگر	تفضل حسین خان ولد دیدار شاہ خان سکنہ قصبہ	[illegible]		من ابتدائی ۱۳۰۴ف لغایت ۱۳۱۳ف	جلسۂ نیلام یکم دسمبر ۹۵
۶۵	”	سنگرا معہ چک	ضامن شاہ خان ولد دائم خان معہ ضامن شاہ خان کارندہ	[illegible]		”	”
۶۶	”	سنگدپور	حیدر خان ولد محو خان سکنہ بلاسپور	[illegible]		”	”
۶۷	”	مونڈیا متصل سنگرا	بندرابن	[illegible]		”	”

RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۵۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رجب ۱۳۱۳ھ ہجری مطابق ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

ملخص حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۱۸ دسمبر ۱۸۹۵ء

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر رخصت یک ہفتہ بلدیو سہاے نائب و اصلباقی نویس صدر بوجہ شگاف اونگلی کے منظور کی گئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۸ دسمبر ۱۸۹۵ء

حسب منشائے حکم کونسل سرکلر مرتب کرایا گیا ہے منظوری اس سرکلر کی اجلاس عالیہ کونسل سے ہو چکی ہے۔ سرکلر ملاحظہ ہوا اسکے موافق عملدرآمد ہونا چاہیئے ایک نقل بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

سرکلر مجریہ اجلاس خانبہادر صاحب جوڈیشل ممبر کونسل
بنام
جملہ حکام عدالتہائے دیوانی و فوجداری متعلقہ ریاست ہذا

جو کہ اس ریاست کے محکمجات مین تحویل ناظران اور امینان عدالت کے اکثر زر نقد اور مال سرکاری اور اہل معاملہ کا رہتا ہے اور عہدہ دارونکی کوئی ضمانت نہین لیجاتی حالانکہ اس قسم کے ہر اہلکار سے ضمانت لینی چاہیئے لہذا یہ سرکلر جاری کیا جاتا ہے —

دفعہ ۱ ہر چند کہ تعداد ضمانت حسب قواعد گورنمنٹ انگریزی او مقدار ہونی چاہیئے جو عموماً کسیوقت اہلکار مذکور کے پاس زیادہ سے زیادہ رہتی ہو چونکہ اسکا اندازہ جو ہمیشہ کے لئے کفایت کرے نہایت دشوار ہے لہذا بنظر حالات موجودہ وقت حسب تفصیل ذیل ضمانت کا لینا ضروری متصور ہوتا ہے —

ناظران عدالت

عدالت دیوانی	عدالت ججی	عدالت خفیفہ	عدالت مجسٹریٹی
ما/	ما/	عا/	عا/

عدالت دیوانی مفتی صاحب	امینان ججی دیوانی	تحصیلدار اوس اہلکار جسکی پاس عدالت کا روپیہ آتا جاتا ہو فی تحصیل
۱۰۰۰	عا/	ما/

دفعہ ۲ اگر کسیوقت مین تعداد معینہ ضمانت سے اہلکاران مذکور کے پاس روپیہ کی آمد برآمد زیادہ دیکھی جاوے تو اوس عدالت کے حاکم کا فرض ہوگا کہ اہلکار مذکور کی تحویل مین مندرجہ ضمانت سے زیادہ روپیہ نہ رہنے پاوے —

دفعہ ۳ ضمانت مین اگر زر نقد داخل ہو تو سب سے بہتر ہے ورنہ بکفالت جائداد غیر منقولہ ضمانت مصدق برجسٹری داخل ہو کر حسب سرکلر عدالت ہذا مجریہ یکم دسمبر ۱۸۹۵ء ملکیت اور قیمت و کفالت سابق جائداد مکفولہ کی تصدیق و تحقیق قابل اطمینان کر لیجاوے اور کوئی دستاویز کفالتی بالعوض زر ضمانت کے نہ لیجائیگی —

دفعہ ۴ عہدہ داران کی ضمانتین چھ مہینے تک بعد اسکے کہ عہدہ دار مذکور اپنے عہدہ کو خالی کرے بحفاظت رکھی جاتین گی تاکہ اوس مدت تک جو کوئی غبن اوسکی حالت ماموری کا دریافت ہو تو اوسکا تحفظ ہو سکے اور اگر زر نقد بابت ضمانت کے داخل ہوا ہوگا تو وہ بھی روز علحدگی عہدہ دار سے چھ مہینے کے بعد واپس کیا جاویگا —

دفعہ ۵ ہر سال شروع جنوری مین حکام عدالت کو تصدیق ضمانت کی مقرر سے اور حال بدستور ہونے جائداد مکفولہ کا تحقیق کرنا چاہیئے اگر ضامن کیطرف سے کوئی انکار یا جائداد مکفولہ کا انتقال وغیرہ پایا جاوے تو عہدہ دار سے بشرائط بالا دوسری ضمانت لینا چاہیئے

دفعہ ۶ ایسے ضمانت نامجات محافظ خانہ مین نہ رہین گے بلکہ کمرہ خزانہ اسٹامپ کے وہم مین زیر دو قفل رکھے جاوینگے —

دفعہ ۷ ایک رجسٹر بہ نمونہ ذیل رکھا جاویگا —

نام عدالت	عہدہ اہلکار جسکی ضمانت لیگئی ہو	نام عہدہ دار مع تعداد تنخواہ	تعداد ضمانت مطلوبہ	تاریخ ضمانت نامہ مع نام ضامن	نوعیت ضمانت	تاریخ و نمبر تصدیق سالانہ

خانہ اخیر مین وقتاً فوقتاً وہ سال درج ہوتا رہیگا جسمین تصدیق کیگئی

نمونہ ضمانت یہ ہوگا —

[illegible] ضامن اقرار کرتا ہون کہ فلان عہدہ دار باعتبار اپنے عہدہ کے
خدمات کے اس امر کا نگران اور ذمہ دار رہیگا کہ جو روپیہ یا مال
[illegible] خواہ کسی فریق معاملہ کا حکم کے رو سے اوسکے سپرد یا اوسکی
[illegible] جمع کیا جاوے ~~اوسکو حفظ و سلامتی سے رکھے~~ اور جب کبھی اوسکا
[illegible] حکم ہوے تو اوسکو مال مذکور ہمیشہ بحالت اصلی صحیح و سالم رکھا ہوا
[illegible] اور مال مذکور کا حساب راست اور درست رکھے لہذا
تعداد روپیہ کے اوسکا ضامن ہوتا ہون کہ عہدہ دار
عہدہ کے خدمات متعلقہ اور مذکورہ بالا کو باضابطہ اور
[illegible] دیگا اور جو نامبردہ کی غیر حاضری مین یا بوجہ دیگر اور کوئی
[illegible] کے عہدہ پر بحال ہووے اوسکے بذمہ داری اوسکے قائم مقام
[illegible] گا وہ بھی حسب شرائط بالا کاربند رہیگا اگر کوئی روپیہ یا مال
[illegible] جز ضائع کردے یا غبن کرے یا چرا لے یا بیجا طور سے
[illegible] یا گم کردے یا بطور دیگر براہ بددیانتی یا غفلت اوڑا دے
[illegible] تو مین ضامن اپنی ذات اور فلان جایداد مستغرقہ سے
روپیہ کے ریاست کو ادا کرونگا اور مجھکو اپنی ضمانت ساقط
[illegible] ہوگا اور جب ساقط کرانا چاہونگا تو چھ مہینے پیشتر اطلاع
[illegible] مین پیش کرونگا اور یہ ضمانت عہدہ دار کے عہدہ
[illegible] مہینے بعد تک بحال اور برقرار رہیگی تاکہ عہدہ دار
[illegible] کوئی نقصان بوجہ غفلت یا قصور کے اپنے زمانہ ماموری
[illegible] ہوا اوسکا تحفظ ہوسکے —

[illegible] ۱۵؍ دسمبر ۱۸۹۵ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثبتہ یادداشت صاحب سشن جج بہادر بابت عطای
رخصت ایک ماہ عایتی من ابتدای ۲۸؍ دسمبر ۱۸۹۵ء
احکام منظوری رخصت جاری ہون صاحب مجسٹریٹ ضلع بطور
انچارج سشن ججی کا کام کرین اور مفتی صاحب دیوانی بطور انچارج
ڈسٹرکٹ ججی کا کام انجام دین — ۲۳؍ دسمبر ۱۸۹۵ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثبتہ یادداشت رجسٹرار صدر بابت عطای رخصت من ابتدای
۲۸؍ دسمبر ۱۸۹۵ء لغایت ۶؍ جنوری ۱۸۹۶ء علاوہ تعطیل یوم الان
رخصت مطلوبہ منظور ہے مفتی صاحب دیوانی رجسٹری کا کام کرینگے
اور میر حشمت علی مطلع کا — احکام ضابطہ جاری ہون —
۲۳؍ دسمبر ۱۸۹۵ء

[illegible]